SALMAN's CHOICE

اسم اعظم کا روحانی دن 25 فروری 2024ء اتوار بعد نماز فجر تسبیح خانہ لاہور میں ہوگا

مسلسل شکایات کی وجہ سے الاخوت یونانی دواخانہ بس اڈا گلگت اتکنی منسوخ کردی گئی ہے گلگت میں عبقری کی فرنچائز ایک ہی اتکنی ہے کسی اور پر اعتماد نہ کریں مخلص شاپ 0344-9115511

قیمت فی شمارہ 50/- روپے

رسالہ تقسیم کریں اور خیر پھیلائیں

مقدر جگانے نصیب چمکانے اور بھاگ بھری رات

شب برات 15 شعبان

کی رات تسبیح خانہ میں گزاریئے مرادیں پایئے!

تفصیلات صفحہ 43 پر

لاجواب روحانی پیکیجز

لنگر کا وسیع اور بہترین انتظام

باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

213

ماہنامہ عبقری® لاہور

فروری 2024ء رجب/شعبان 1445 ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

ہر مراد پوری! مستجاب الدعوات بننے کا آزمودہ نقش آپ بھی لیجئے

سونے کے کنگن سے کھیلنے والے بچے کوڑی کوڑی کے محتاج

ستائیس سال پرانا جادو ایک رات کے عمل سے نیست و نابود!

60 سال کی عمر میں جوانی، طاقت اور شباب! آزمودہ نسخہ

کامیاب ازدواجی زندگی گزارنے کے دس قیمتی اصول

شکر قندی! صحت کے لئے بے شمار فوائد کا خزانہ

جنگلی درویش نے قلندرِ وقت کا راز فاش کر دیا!

ذہین اور فطین بچوں کے خواہشمند ضرور پڑھیں!

پانچ منٹ کے ٹوٹکے سے پُرکشش حسین آنکھیں

تین دانے ایک قہوہ طاقت اور انرجی کا سمندر!

پیدل سفر کرتی تھی آج چار ذاتی گاڑیاں ہیں

قابل رشک موت اور جنتی خاتون کا جنازہ!

جنات کا پیدائشی دوست

جناتی دنیا کا صدیوں سے آزمودہ

گیارہواں 11 لاہوتی نقش

مارچ 2024ء کے شمارہ میں ملاحظہ فرمائیں

عبقری®

خالص دیسی گھی

گھر بیٹھے منگوانے کے لئے رابطہ کریں۔

0332-7552382, 0309-6893384

عبقری گروپ آف میڈیا | ★ ماہنامہ عبقری ★ عبقری ویب چینل ★ اخبار کرائم پوسٹ | +92 332 755 2382, +92 321 434 3500

ubqari ubqariofficial1 ubqari /ubqari.org

UbqariTasbeehKhana www.ubqari.org ubqari

پڑھ لیں ورنہ پچھتائیں گے

شیخ الوظائف کے نام پر رقم لینے والوں سے محفوظ رہیں، اطلاع کریں۔ بے شمار کے ساتھ دھوکہ ہو چکا اگر کسی نے آپکے ساتھ رابطہ کیا ہے تو ہمیں فوراً اس نمبر پر واٹس ایپ یا ایس ایم ایس کیجئے 0343-8710009

یوٹیوب چینل سبسکرائب کرنے کیلئے یوٹیوب QR Code اسکین کریں YouTube

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم عَبۡقَرِیٍّ حِسَانٍ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ القرآن

بیاد حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوبؒ، جناب حکیم محمد رمضان چغتائیؒ

(ایڈیٹر) شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی (دامت برکاتہم العالیہ) (فی ایچ ڈی (امریکہ))

صاحبزادے: پیر رومی عبقری۔ پیر شبلی عبقری۔ پیر غزالی عبقری

مرکز روحانیت وامن کا ترجمان ☆ فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور

فروری 2024ء

شمارہ نمبر 8 | جلد نمبر 18 | فروری 2024ء رجب/شعبان 1445 ہجری

قیمت فی شمارہ 50/- روپے | سالانہ ممبرشپ فیس 1440 روپے بیرون ملک سالانہ $64US

فہرست مضامین

صفحہ نمبر	عنوان	صفحہ نمبر	عنوان
3	بدزبان بیوی کے احسانات (حال دل)	36	خشک پھٹے اور بدنما ہونٹ کھل اٹھے! آزمودہ نسخہ
4	جنگلی درویش نے قلندر وقت کا راز فاش کردیا!	39	جنات کا پیدائشی دوست (سلسلہ وار)
5	پیدل سفر کرتی تھی آج چار ذاتی گاڑیاں ہیں	41	سونے کے کنگن سے کھیلنے والے لاڈلی کوڑی کے محتاج
6	ذہین اور فطین بچوں کے خواہشمند ضرور پڑھیں!	42	آپ کی عادتوں کا اثر بچوں کی صحت پر! انوکھی تحقیق
7	شفائیہ مٹی جس نے اجڑی دنیا آباد کردی!	43	ماہ فروری کا صدقہ
8	60 سال کی عمر میں جوانی طاقت اور شباب!	44	بیمار جسم کانٹوں بھری زندگی اور شفا بخش پھول
9	خواتین کی سردیاں اور عبقری کے فدائی چمکے	45	خوبصورت، چمکدار اور مضبوط بالوں کا آزمودہ عمل
10	ماہ شعبان! مصائب ٹلوانے اور حاجات پانے کا سنہری موقع	46	ستائیس سال پرانا ماہ و ایک رات میں نیست و نابود!
11	حضرت ابوتراب بخشیؒ کے مستند روحانی وظائف	47	عاملین کو چیلنج! الٹا پڑ گیا! روحانی چولہ سے بندشیں ختم
12	زیتون! عربوں کی صحت اور تندرستی کا راز	48	بیٹیاں بھی میری طرح برباد نہ ہو جائیں! ہمارا لیجئے
13	جادو سے تڑپتے سلگتے خط اور علاج	50	تمہیں برباد کرنا تھا لیکن اس ظالم نے ہمیں برباد کردیا
14	پانچ منٹ کے ٹوٹکے سے پرکشش حسین آنکھیں	52	اس وظیفہ نے نوکرانی سے رانی بنا دیا!
15	انتقام حسد اور نفرت کی آگ! دشمنی دوستی میں بدل گئی	53	فولادی روٹی کھائیں! جسم ہمیشہ جوان اور توانا
17	قابل رشک موت اور جنتی خاتون کا جنازہ!	54	ایک مٹھی چاول سے الجھی ہوئی زندگی سلجھ گئی
19	شوگر کی بیماری سے نجات کا آزمودہ عرق!	55	آپ کا خواب اور روشن تعبیر
20	حکیم لقمان کی حکمت کا سبق آموز واقعہ	58	فضاء میں ناپید ہونے والا جہاز 37 سال بعد واپس آیا!
21	سولیتوں اور صالحیت والی نسلیں چاہتے ہیں تو یہ عمل کرلیں!	59	بقیہ
22	کعبہ بڑی انکی نظر میں نے کیا مانگا! اول گدا زیادہ	60	ترقی اور عروج پانے کیلئے روحانی حروف کا خاص عمل
24	تین دانے ایک قہوہ طاقت اور ارنجی کا سمندر!	62	قارئین کے سوال قارئین کے جواب
28	کفن میں لپٹے کالے جسم لال آنکھیں! یہ کونسی مخلوق ہے؟	63	مردانہ پوشیدہ امراض کا لاجواب نسخہ
29	ایک تسبیح پڑھیں دل کا حال اور حقیقت جان لیں!	65	نقش در یائے نیل کا طاقتور عمل
32	لمبی شاہکار! جو زرگ پل نہ سکیں وہ دوڑنے لگیں		ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

عبقری خدمت خلق فاؤنڈیشن (عبقری ٹرسٹ)

ہمارا عزم! کوئی بھوکا نہ رہے

حدیث شریف کا مفہوم ہے "ساری مخلوق اللہ کا کنبہ ہے، اللہ کے نزدیک سب سے پسندیدہ بندہ وہ ہے جو اس کی عیال کے لیے سب سے زیادہ نافع ہو۔" (المعجم الکبیر)

غریب مستحقین کی بے لوث خدمت

عبقری خدمت خلق فاؤنڈیشن نبی کریم ﷺ کے مذکورہ بالا فرمان کی روشنی میں زندگی کے مختلف شعبہ جات میں غریب، مستحق اور سفید پوش لوگوں کی ایسے احسن انداز میں مدد کررہی ہے جس سے ان کی ضروریات زندگی بھی پوری ہوجائیں اور ان کی عزت نفس بھی مجروح نہ ہو۔

زخمی دلوں پر عبقری مرہم

گزشتہ ماہ عبقری کی طرف سے گلگت، منسہرہ، راولپنڈی اور ملک کے مختلف شہروں میں عبقری رسالے مفت تقسیم کیے گئے تاکہ بیماریوں اور مشکلات میں الجھے لوگ گھر بیٹھے اپنے مسائل کا حل پاسکیں۔

روزانہ مفت کھانے کی تقسیم

قرطبہ چوک لاہور میں روزانہ کی بنیاد پر مفت کھانا اور گرین ٹی کی فراہمی بلاتعطل جاری ہے۔

آئیں آپ بھی بے سہاروں کا سہارا بنیں!

عبقری خدمت خلق فاؤنڈیشن نے درج ذیل شعبہ جات میں جس طریقے سے بلاتفریق رنگ ونسل دکھی انسانیت کی خدمت کی وہ اپنی مثال آپ ہے۔

زلزلہ زدگان	سیلاب متاثرین	ماہانہ راشن تقسیم	واٹر فلٹر پلانٹ
صحت میڈیکل کی سہولیات		غریب بچیوں کیلئے جہیز کا سامان	

نوٹ: آئندہ سال عبقری خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام عیدالاضحیٰ پر اجتماعی قربانی کیلئے بکنگ کا آغاز عیدالفطر کے فوراً بعد ہوگا۔

برائے رابطہ صرف میسج کیجئے 0343-8710009

MEEZAN BANK
Account Title: Ubqari Trust
Account Number: 0219-0101089043
IBAN: PK30MEZN0002190101089043

رجسٹریشن نمبر: RP/6237/L/S/10/1534

شیخ الوظائف سے ملاقات کے ٹوکن کیلئے 0322-4688313

تجاویز وشکایات کے لیے [redacted] 0343-8710009

گھر بیٹھے عبقری کتب وادویات منگوانے کیلئے 0332-4091206 0332-7552382

عبقری آفیشل واٹس ایپ گروپ جوائن کرنے کیلئے +92-332-7552382 +92-321-4343500

شیخ الوظائف کے اسسٹنٹ سے طبی وروحانی مشاورت کیلئے

042-37597605-37552384-37425801-3

فون کے اوقات: پاکستانی وقت کے مطابق صبح 9 بجے سے شام 6 بجے تک

اکابر پر اعتماد (عبقری وظائف کے مستند حوالہ جات جانیے) واٹس ایپ گروپ جوائن کریں +92-332-7552382 +92-321-4343500

خط وکتابت کا پتہ: دفتر ماہنامہ عبقری قرطبہ چوک عبقری اسٹریٹ مزنگ چونگی لاہور۔ خانہ بروز اتوار

گوگل میپ پر Ubqari Dawakhana لکھیں

محمد طارق محمود ناشر نے اظہار سنز ریٹی گن روڈ لاہور سے چھپوا کر مزنگ لاہور سے شائع کیا

ایسے خوش نصیب صحابیؓ جن کا نام اللہ تعالیٰ نے رکھا

حضرت اُم ہانی رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صبح سویرے میرے گھر تشریف لائے جب کہ ابھی اندھیرا چھایا ہوا تھا اور میں اپنے بستر پر تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ آج رات میں مسجد حرام میں سو رہا تھا (پھر آگے پورا واقعہ معراج بیان فرمایا) اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بیٹھے تھے کہنے لگے آپ نے سچ فرمایا! آپ نے سچ فرمایا! حضرت نبعہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس دن ارشاد فرماتے ہوئے سنا: ''اے ابوبکر! بے شک اللہ رب العزت نے تیرا نام ''صدیق'' رکھا ہے۔'' (حوالہ جات: 1: ابویعلی، المعجم، 10:45، رقم: 9-2: دیلمی، الفردوس بماٴثور الخطاب، 5:307، رقم: 8271-3: عسقلانی، الاصابہ، 8: 137، رقم: 118004-4: مقدسی، فضائل بیت المقدس: 82، رقم: 52)

''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''اگر میں اپنی امت میں سے کسی کو خلیل بناتا تو ابوبکر رضی اللہ عنہ کو بناتا لیکن وہ میرے بھائی اور میرے ساتھی ہیں۔'' (بخاری، الصحیح، 3:1338، کتاب المناقب، رقم: 3456)

ایسی مبارک ہستی جن کے قدم پڑتے ہی جنت چمک اٹھے گی

''حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک دفعہ ہم حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مہاجرین کے ایک گروہ میں ایک گھر میں تھے اور اس گروہ میں حضرت ابوبکر صدیق، حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت طلحہ، حضرت زبیر، حضرت عبدالرحمن بن عوف اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنھم بھی تھے تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کہ ہر آدمی اپنے کفو (ہمسر، دوست) کی طرف کھڑا ہو جائے اور خود حضور نبی اکرم ﷺ حضرت عثمانؓ کی طرف کھڑے ہو گئے اور انہیں اپنے گلے لگایا اور فرمایا: اے عثمانؓ تو دنیا و آخرت میں میرا دوست ہے۔'' الحدیث رقم 13: أخرجہ الحاکم فی المستدرک علی الصحیحین، 3/104، الحدیث رقم: 4536، وأبویعلی فی المسند، 4/44، الحدیث رقم: 2051)

حضرت سہل بن سعد ساعدیؓ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے حضور نبی اکرم ﷺ سے پوچھا: کیا جنت میں بجلی ہوگی آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے بے شک عثمانؓ جب جنت میں منتقل ہوگا تو پوری جنت اس کی وجہ سے چمک اٹھے گی۔'' (الحدیث رقم 14: أخرجہ الحاکم فی المستدرک علی الصحیحین، 3/105)

حال دل

ایڈیٹر کے قلم سے

بدزبان بیوی کے احسانات

جو میں نے دیکھا، سنا اور سوچا

کھٹیا لہجہ، زمانہ تنگ، اولاد پریشان

ایک شخص ڈبڈباتی آنکھوں، لرزتے لہجوں اور کانپتے جسم کے ساتھ اپنے غم کی داستان سنا رہے تھے اور سناتے سناتے بار بار ایک سچی بات کہہ رہے تھے۔

کہنے لگے: ''میری بیوی بہت سخت مزاج، سخت زبان بلکہ بدزبان ہے، نہ میری رعایت، نہ میری اولاد کی رعایت، نہ محلے پڑوسیوں کی رعایت، اس کے حلق میں زبان نہیں سپیکر ہے، بہت اونچا بولتی ہے، رعایت نام کی چیز اس نے سیکھی ہی نہیں، لہجہ میں تلخی، ہر وقت تنز، ہر وقت ذہن الجھا ہوا، تعریف، شکر گزاری، تحسین اس سے صدیوں دور۔ آج تک اس سے کبھی حوصلہ، شکر گزاری، کا لفظ نہ دیکھا، نہ سنا۔ وہ ہر وقت کڑھتی ہے، بولتی ہے، تھوڑی سی بات پر بددعائیں، گالیاں، گھٹیا لہجہ، چھوٹے سے لفظ پر جھڑک دیتی ہے، زمانہ تنگ ہے، اولاد پریشان ہے۔

اپنے بیگانے اور بہت دور ہو گئے

میں پریشان، مایوس، الجھا ہوا، میرا اندر دن میں کئی بار ٹوٹتا ہے اور اس ٹوٹے اندر کو کئی بار میں سنبھالتا ہوں، دنیا کی ہر نعمت اس کے پاس، ہر عطا اس کے اوپر، ہر شفقت اور مہربانی ہے لیکن وہ ہر وقت کی ناشکری، ایک چیز اس پر غالب رہتی ہے۔ ہر فرد میری بے عزتی کر رہا ہے، شوہر میری بے عزتی کر رہا، اولاد اور لوگوں کی سرپرستی کر رہا ہے مگر اس کو ہر وقت اپنی عزت کا شکوہ کہ میری بے اکرامی ہو گئی، میرا احترام نہیں، میں نے اس گھر کے لیے شوہر اولاد کے لیے کیا کیا قربانیاں دیں، پھر ان قربانیوں کے لیے لمبی داستان اور ایک لمبا لیکچر ہوتا ہے جو دن میں کئی بار چلتا ہے اور چلتے چلتے دن ڈوب جاتا ہے اور ڈوبتے ڈوبتے پھر ابھرتا ہے، زمانہ نالاں ہے، بہت چھوڑ گئے اور بہت زیادہ دور ہو گئے ہیں۔ بھابیاں جو ساتھ رہتی ہیں وہ بھی خاموش رہتیں، اس کی صبح کو صبح اور اس کی شام کو شام، اس کے دن کو دن اور اس کی رات کو رات کہہ دیتیں، اس لئے گھر کا ماحول کچھ سنبھلا ہوا تھا، ورنہ گھر ایک طوفان بن جاتا۔ اس کی وجہ سے میں خود ہر وقت بیمار، خون کی کمی، جسم ٹوٹا، طرح طرح کی بیماریوں میں مبتلا، روگ لگے ہوئے ہیں چونکہ ہر وقت ڈانٹ ڈپٹ ہے، ڈانٹ ڈپٹ کی وجہ سے اولاد میں نفسیاتی دباؤ ہے۔ پھر وہ اپنی بیماریوں کا شکوہ کرتی ہے، کسی نے میرا خیال نہ کیا ہر بندہ اپنا خیال کرتا ہے۔''

چالیس سال کا طویل عرصہ اور غمزدہ واقعات

یہ انوکھا قصہ ہے جو وہ شخص مجھے سنا رہے تھے اور یہ ایک شخص نہیں اس طرح کی بے شمار زندگی کی داستانیں میں نے 1984ء سے 2024ء چالیس سال کے اس سفر میں سنی ہیں اور سن رہا ہوں جب وہ شخص اپنی کہانی سنا کر چپ ہو گیا جبکہ میں محسوس کر رہا تھا کہ اس کی سچی داستان ابھی موجود ہے، اس کے غم کا قصہ طویل ہے تو میں نے ان سے پوچھا اب آپ کیا چاہتے ہیں؟ غمزدہ لہجہ میں کہنے لگا: بس آپ سے دعا چاہتا ہوں اور میں اسے چھوڑ اس لیے نہیں سکتا کہ اس بیوی نے میرے ماں باپ کی خدمت کی ہے، مجھے میرے رشتہ داروں سے ملوایا ہے اور میرے رشتہ داروں کا احترام کیا ہے۔ اس کا اتنا بڑا احسان ہے کہ اسے چھوڑ نہیں سکتا اور فیصلہ کیا ہے کہ اس لہجہ اور اس انداز کو سہتا رہوں گا، اولاد کو تلقین کرتا رہوں گا۔ اس کا یہ احسان مجھ پر بہت بڑا ہے جو اس نے میری وہ خدمات کیں جو میں نے اوپر بیان کی ہیں۔

کڑوا مگر لاجواب سبق

قارئین! ایک بہترین سبق جو میرے اور آپ کے لئے کرنے کے قابل ہے، کچھ کڑوا ضرور لیکن سبق لاجواب ہے، ہم بھی اسی طرح محبتیں بانٹیں اور سختیوں کے جواب نرمیوں سے دینے کا مزاج بنائیں۔

جب آپ مشکل حالات میں بالکل مایوس ہو جائیں خودکشی کرنے کیلئے تدابیر اختیار کریں، زندگی کا ہر دروازہ تنگ ہو جائے، تو آیئے! اس کتاب کا مطالعہ کریں، راحت، چین اور خوشحال زندگی کے راز پالیں۔

عبقری بدترین پریشانیوں کیلئے لاجواب وظائف

☆ سال بھر کے فیصلے: شب برات میں اللہ جل شانہ تمام انسانوں کے سارے سال کے فیصلے فرماتے ہیں۔ اس رات تسبیح خانہ کی مقبول دعاؤں میں شامل ہوں۔ مجمع کے لئے لنگر کا وسیع انتظام ہوگا ☆

میرے خاندانی حالات

قسط نمبر 15

جنگلی درویش نے قلندرِ وقت کا راز فاش کر دیا!

میرٹھ کے ایک گاؤں راٹھی میں ایک درویش تھے جو ہمیشہ جنگلات میں رہتے تھے۔ ان کا نام ''جنگلی شاہ'' تھا۔ 26 جنوری 1934ء میں ان کا انتقال ہوا۔ اس دور کے اخبارات' رسائل اور جرائد میں ان کے انتقال کے بعد ان کے کشف' کرامات' کمالات اور پیشن گوئیوں کو بہت لکھا گیا۔ زبانوں پر اس کے تذکرے' چوپالوں پر ان کی داستانیاں بہت مشہور ہوئیں۔

اعلیٰ درجہ کے مہمان نواز

ان کے بارے میں ایک واقعہ مجھے میر زاہد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے سنایا۔ ان کی کشمیر کالونی صادق آباد رحیم یار خان میں بہت بڑی لائبریری ہے۔ ان کے بیٹے میر فضلی میاں ماشاء اللہ اب اپنے والد کے نقش قدم پر ہیں۔ میری ان سے 1998ء میں ملاقات ہوئی' گرمیوں کا دن تھا' سنت نبویؐ اور جدید سائنس جلد اول میرے ہاتھ میں تھی۔ (ان سے ملاقات کے بعد میں سنجر پور پیر والا گوٹھ میں سید انیس احمد جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے پاس گیا تھا۔) دوران ملاقات میر صاحبؒ نے جب میرے شہر' میرے خاندان کے احوال سنائے ان دنوں گرمی کا موسم تھا' وہ قیلولہ کر رہے تھے' خاندانی رئیس اعظم' نہایت شریف' مخلص' رئیس انسان' اعلیٰ درجہ کے مہمان نواز' اپنے خادم سے میرے لیے ٹھنڈا مشروب اور کچھ پھل منگوائے۔

عبقری کی خوشیوں بھری اپیل! آج 7 جولائی 2024ء کو ادارہ عبقری کے تمام خوشحال کر دینے والے روحانی موتیوں کے علاوہ سفید پوش لوگوں میں بھی تقسیم کریں گے

مجذوب درویش کی پانچ دعائیں

وہ بہت بڑے درویشوں اور مجاذیب کے تذکرے بھی کرتے تھے اور خود بھی درویش تھے۔ بہت سنجیدہ لہجہ میں فرمانے لگے: جوان تمہیں معلوم ہے یہ سب میں تیرے لیے کر رہا ہوں؟ میں نے جواب دیا: نہیں! فرمانے لگے کہ میرا تعلق میرٹھ سے ہے' میں نے اپنے والد اور بڑوں سے ایک درویش کا تذکرہ سنا جن کو ''جنگلی شاہ'' کہتے تھے۔

میر زاہد صاحبؒ مجھے فرمانے لگے: آپ کا خاندان وہ خاندان ہے جس کے تذکرے' کشف و کرامات بخارا سے موجودہ ریاست تک ہیں' نسل در نسل میں نہیں جانتا تو کون جانتا ہے؟ انہوں نے مجھ سے اتنی محبت کی اور میرا اتنا احترام کیا کہ مجھے شرمندگی محسوس ہونے لگی' وہ مجھ سے ہر لحاظ سے بڑے' میں بہت چھوٹا۔ فرمانے لگے: آپ کے خاندان کے لیے تو ''جنگلی شاہ'' نے پانچ دعائیں کی تھیں اور ان میں سے ایک دعا یہ تھی کہ اس خاندان کا ایک فرد مجھے ملے یا میں اس سے ملوں۔ آخر کار جنگلی شاہ نے اپنے کچھ خدام کے ساتھ آپ کے پڑدادا رحمۃ اللہ علیہ سے ملنے کا رخت سفر باندھا اور وہ ملے' چند دن آپ کے پڑدادا حاجی فتح محمد رحمۃ اللہ علیہ کے مہمان رہے۔ آپس میں راز و نیاز کیا' روحانی کیفیات ایک دوسرے کو دیں اور لیں۔ ایک دوسرے کے ساتھ محبتوں کے عہد و پیمان' کشف' کرامات' کمالات اور کیفیات کو تقسیم کیا۔

آل رسول ﷺ کی سچی نسبت

میر زاہد صاحب فرمانے لگے جب وہ آپ کے پڑدادا رحمۃ اللہ علیہ سے ملاقات کر کے واپس جا رہے تھے تو روتے ہوئے رخصت ہو رہے تھے کہ وقت کے قلندر سے جدا ہو رہا ہوں جس کو بہت کم لوگوں نے پہچانا' اس وقت کے قلندر نے اپنے آپ کو تہہ در تہہ چھپایا اور اتنا چھپایا کہ اپنی پہچان کو ختم کر دیا۔ میر صاحبؒ نے اور بہت باتیں بتائیں جس میں ایک بات یہ بھی ہے کہ آپؒ کے پڑدادا کو حضرت امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ کا چوغہ ملا تھا' یہ مبارک تحفہ ملا تھا اور آپ کے بڑے انہی کے خاندان میں سے تھے۔ اس چوغہ کی وجہ سے دو لفظ مشہور ہوئے پہلے ایک لفظ ''چوغہ آئی'' پھر دوسرا ''چوغہ زائی'' اور زور سے اونچا بول کر کہنے لگے کس نے کہا تم چغتائی ہو؟ یہ تمہارے بڑوں نے اپنے آپ کو چھپایا ہے' کب تک چھپاؤ گے؟

پیشانی پر بزرگوں کا فیض

پھر مجھ سے ایک بات عجیب کہنے لگے: میں ولی' بزرگ نہیں ہوں لیکن میرا تجربہ بہت وسیع ہے' میں دیکھ رہا ہوں ایک وقت آئے گا' لوگوں کی بہت بڑی تعداد تجھ سے فیض پائے گی۔ کیوں؟ بزرگوں کا فیض آخر نسلوں میں کہیں نہ کہیں نکلتا ضرور ہے اور وہ میں تیری پیشانی پر دیکھ رہا ہوں۔

بہت باتیں بتائیں' چند باتیں میں لکھ رہا ہوں کہ بڑوں کے پاس ولایت تھی' علم تھا' لائبریری تھی' سخاوت' غنا تھا' خوشحالی مالداری تھی۔ پھر میر صاحب میرے والد رحمۃ اللہ علیہ اور بڑوں کے حالات پوچھنے لگے: جب میں نے بتایا کہ میرے والد رحمۃ اللہ علیہ 1997 میں وفات پا گئے تو آنکھوں میں آنسو بھر آئے اور اٹھ کر گلے لگایا' روتے رہے میرا ماتھا چوما مجھے شرمندگی ہو رہی تھی۔ وہ بہت بڑے تھے اور علم و عظمت کے اعتبار سے مجھ سے بہت زیادہ بڑے تھے لیکن میرے ساتھ محبت اور احترام میرے بڑوں کی وجہ سے تھا۔ نہ ابھی حیثیت ہے نہ پہلے تھی۔ کہنے لگے: علم پھیلاؤ روشنی دو' لوگ تمہیں جو طعنے دیں' کبھی جواب نہ دینا' جو خطابات دیں سب چیزیں اپنے دل میں لے لینا' تمہارا خاندان وہ خاندان ہے جس نے اس ریاست کو حلال ذبیحہ کی پہچان دی۔ پھر مجھے وہ نواب کا سلسلہ میں جانے کا سارا واقعہ سنایا'' قصائی کا ذبیحہ غلط ہونا اور پھر بڑے خاندان کے بڑوں کی وجہ سے ریاست کے ہر مذبحہ خانہ میں ذبح کے لیے ایک باوضو دیندار صاحب قرآن کا مقرر ہونا حتیٰ کہ لوگوں نے خاندان کو بھی قصائی کہنا شروع کر دیا۔ یہ سارا واقعہ مجھے سنایا' بات کرتے ہوئے ان کی آنکھیں بھر آئیں وہ اس وقت بیمار تھے تھوڑے عرصہ بعد ان کا وصال ہو گیا۔

یہ سب نسبتوں کا کمال ہے

آج 26 سال کے بعد ان کا تذکرہ کر رہا ہوں' میر زاہد صاحبؒ بہت نیک' عظیم اور درویش انسان اور علم دوست تھے۔ مجھ سے فرمانے لگے: میری کھڑکی توڑ کر پولیس کی وردی میں لوگ میری کتابیں چوری کر گئے ہیں' پوری گاڑی بھر کر لے گئے ہیں' پھر شفقت فرمائی اور مجھے اپنی لائبریری کا پورا نظارا کروایا۔ ان کی یادیں میرے پاس محفوظ ہیں۔ شفقت اور محبتوں کے ساتھ میں نے ان کی ملاقات کا تذکرہ اپنے استاد پروفیسر مظہر مسعود صاحب جو تادم تحریر الحمدللہ حیات ہیں۔ نہایت عظیم اور مخلص انسان' مجھ سے پروفیسر صاحب فرمانے لگے: عجیب بات ہے وہ تو بہت جلال اور جذبے والے رئیس اعظم ہیں مگر تمہارے ساتھ اتنی شفقت اور محبت۔ میں دل ہی دل میں سوچ رہا تھا: یہ صرف انہی کی عظمت ہے انہی کا کمال ہے اور میرے بڑوں کی نسبتوں کی وجہ سے ہے!

عبقری روحانی پھکی اسم اعظم کے خصوصی دم اور برکت سے مزین
ہمارے ایک عزیز کی بہو کو کینسر ہو گیا تھا۔ میں نے انہیں ڈاکٹری علاج کے ساتھ عبقری کی روحانی پھکی استعمال کرنے کا مشورہ دیا' انہوں نے استعمال کی آج وہ مریضہ صحت یاب ہو چکی ہے (محمد ہارون)
بے خوابی' مرگی کے دورے' جادو' آسیب' نظر بد اور بھی بہت سے امراض کا حل

نسبت کا کمال! پیدل سفر کرتی تھی آج چار ذاتی گاڑیاں ہیں

سعدیہ، لاہور

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو سدا خوش اور آباد رکھے۔ میں بہت مشکل حالات میں زندگی بسر کر رہی تھی، ہر طرف سے مشکلات اور مسائل نے گھیر رکھا تھا۔ حالات کی تنگی اور دیگر ایسے مسائل بھی تھے جنہوں نے جینا محال کر رکھا تھا۔ آخر اللہ تعالیٰ کو ہماری اس حالتِ زار پر ترس آیا اور پھر آپ سے نسبت ہوگئی۔ اب دعائیں کرتے تھے کہ کسی طرح آپ سے ملاقات ہو جائے تاکہ ہماری محرومیاں اور مسائل ختم ہو جائیں۔ اللہ نے کرم کیا کہ کچھ ہی عرصہ بعد خوش قسمتی سے آپ سے ٹوکن کے ذریعے کلینک میں ملاقات ہوگئی۔ پھر آہستہ آہستہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے حالات بہتر نہیں بلکہ بہترین کر دیئے۔ آپ نے ملاقات کے وقت بہت زیادہ دعاؤں سے نوازا تھا، جن کی برکت سے آج اللہ تعالیٰ نے اتنی وسعت و برکت دی ہے کہ جس کا کبھی گمان بھی نہیں تھا۔ ہمارے گھر میں ہر وقت بے چینی، پریشانی چھائی اور مایوسی سی چھاتی رہتی تھی مگر الحمدللہ اب پوری طرح چین و سکون نصیب ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اولاد کو نیک بنا دیا ہے جو ہر دکھ سکھ میں ساتھ دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ رزق میں حیران کن طور پر بے بہا برکت ملی ہے۔ پہلے جب کوئی مہمان آتا تو فکر ہوتی تھی مگر اب الحمدللہ اتنی وسعت ہے کہ جتنے بھی مہمان آجائیں ان کی خوب ضیافت اور مہمان نوازی کرتے ہیں۔ جب آپ سے نسبت ہوئی اس وقت خالی ہاتھ تھی مگر کچھ ہی عرصہ بعد اللہ تعالیٰ نے حالات بدل دیئے اور جھولیاں بھر بھر کر ہمیں عطا کیا۔ پہلے اس قدر حالات کی تنگی تھی کہ تسبیح خانہ میں پیدل چل کر آتی تھی، آج اللہ تعالیٰ نے اتنی تونگری اور نعمتیں دی ہیں کہ اب چار ذاتی گاڑیاں ہیں۔ بچوں کی تعلیم کے حوالے سے بہت پریشان تھی کہ ان کی تعلیم کے اخراجات کہاں سے اور کیسے پورے ہوں گے۔ مگر الحمدللہ آج میرے بچے ملک کے نامور تعلیمی اداروں میں اعلیٰ تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ یہ سب آپ کی دعاؤں کا نتیجہ ہے ورنہ اتنی برکت اور وسعت کا ہم نے کبھی تصور بھی نہیں کیا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے عزیز و اقارب میں بھی بہت زیادہ عزت سے نوازا ہے۔ کوئی بھی مسئلہ ہو جائے تو آپ کی نسبت کی وجہ سے جلد ہی مشکل سے مشکل حالات سے نکل آتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا کرتی ہوں کہ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے اور ہمیں آپ کی سدا قدر عطا فرمائے۔

گھر مسائل کی آماجگاہ تھی آج امن کا گہوارہ!

روبینہ، سرگودھا

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! ہم سب گھر والے آپ کو ڈھیروں دعائیں دیتے ہیں، اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی نسلوں کو جزائے خیر عطا فرمائے، آمین! جس طرح آپ لوگوں کے لئے آسانی اور خیر کا ذریعہ بنے ہوئے ہیں اس کی مثال کہیں اور نظر نہیں آتی۔ تسبیح خانہ اور آپ سے جڑنے کے بعد غموں سے نجات ملی ہے اور خوشیاں نصیب ہوئی ہیں۔

آپ کے تعارف اور نسبت سے پہلے گھر کا ہر فرد کسی نہ کسی مسئلے اور بیماری میں مبتلا تھا۔ ایک بیماری ختم ہونے کا نام نہیں لیتی تھی کہ دوسرے آجاتی تھی۔ ان بیماریوں کی وجہ سے آئے دن ہسپتالوں کے چکر کاٹتے رہتے تھے۔ اللہ سے مانگتے تھے کہ کسی طرح ہماری یہ پریشانیاں اور بیماریاں ختم ہو جائیں۔ میری ایک بیٹی کو کافی عرصہ سے تھائی رائیڈ کا مسئلہ تھا جو کسی بھی دوا سے ٹھیک نہیں ہو رہا تھا اور ڈاکٹر اس کا حل آپریشن ہی بتاتے تھے، مگر میری بیٹی آپریشن کے لئے راضی نہ تھی۔ ایک مخلص کے ذریعے آپ سے اور عبقری سے تعارف ہوا۔ عبقری رسالہ پڑھنے کے بعد احساس ہوا کہ کس طرح مخلوق آپ سے فیض پا رہی ہے، اپنے دکھ درد اور مشکلات ٹلوا رہی ہے۔ اس کے بعد بس یہی تمنا تھی کہ کسی طرح آپ سے ملاقات ہو جائے مگر بارہا کوشش کی ملاقات کے لئے ٹوکن نہ مل سکا۔ ہم مایوسی کا شکار ہونا شروع ہو گئے تھے۔ آخر اللہ تعالیٰ نے ہماری یہ مشکل بھی آسان کر دی اور آپ سے ملاقات کے لئے ٹوکن بھی مل گیا۔ آپ سے مسائل اور بیماریوں کا ذکر کیا تو آپ نے روحانی اعمال دیئے اور پھر بیٹی کو دم بھی کیا۔ الحمدللہ آپ سے ملاقات کا ایسا فیضان ملا کہ ہمارے دکھ درد ختم شروع ہو گئے۔ گھر سے بیماریاں اور مسائل ختم ہونے لگے۔ جب بیٹی کو تھائی رائیڈ کا مسئلہ تھا تھوڑے ہی عرصہ میں اس کی حالت بہتر ہونے لگی اور آخر بغیر کسی آپریشن کے اسے مرض سے نجات مل گئی اور آج وہ صحت مند زندگی گزار رہی ہے۔ ہم اللہ کا جتنا شکر ادا کرے کم ہے کہ آپ جیسی نیک ہستی کا ساتھ نصیب ہوا اور ہمیں اللہ تعالیٰ کے قریب کرنے کا ذریعہ بنے۔

شب جمعہ کا مشکل کشا اور حاجت روا عمل

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ سات سال سے باقاعدگی کے ساتھ تسبیح خانہ لاہور میں ہونے والی روحانی محفل میں شریک ہو رہا ہوں۔ زندگی میں کوئی بھی مصیبت آجائے تو اس سے نجات کے لئے شب جمعہ کی روحانی محفل میں شریک ہوتا ہوں الحمدللہ نجات مل جاتی ہے۔ انہیں روحانی محافل کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے تین قیمتی پلاٹ دیئے ہیں۔ کچھ عرصہ پہلے کی بات ہے کہ کمپنی والوں نے مجھے نوکری سے نکال دیا تھا، اس مسئلہ کی نیت سے روحانی محفل میں حاضری دیتا رہا اور الحمدللہ کمپنی والوں نے خود کال کر دوبارہ بلایا۔ بیٹی کو کیلشیم کی کمی تھی، اکثر بیمار رہتی تھی، تسبیح خانہ سے ملنے والے روحانی اعمال کرتا رہا اور شب جمعہ کی روحانی محفل کے آخر میں ہونے والی دعا میں رب سے فریاد کرتا رہا، الحمدللہ آج میری بیٹی صحت مند ہے، ذہنی پریشانیاں ختم ہوئیں اور سکون ملا ہے۔ (عارف بشیر)

خوشیوں، کامیابیوں اور کامرانی کے موتی پائیے!
خطباتِ عبقری کتب کا مطالعہ کیجئے

جھگڑے اور طلاق جیسے مسائل ختم
طلاق، جھگڑے، فاقے نہ ہوں گے، فیملیاں اور نئے شادی شدہ جوڑے 21 جمعراتیں روحانی محفل تسبیح خانہ لاہور حاضری کی **منت مانیں**، مرادیں پائیں! مغرب سے پہلے آئیں، دعا کے بعد جائیں! غیبی مدد اپنی آنکھوں سے دیکھیں۔ جادو، جنات، بندش، رزق کی تنگی اور تمام مسائل کے حل کیلئے اپنے مقام پر رہتے ہوئے روحانی محافل روزانہ سنیں۔

- ہڈیوں کی تھکاوٹ دور
- چہرہ شاداب، صحت لاجواب
- کولیسٹرول سے محفوظ رکھے

نہانے کے بعد جسم پر تیل کی ہلکی مالش کرنے کے حیرت انگیز فوائد جان کر میں نے بھی نہانے کے بعد عبقری کے روغن زیتون سے جسم کی مالش کی، جسم میں انقلابی طاقت اور چستی آگئی (جواد رؤف، لاہور)

عبقری
روغن زیتون

نسلوں میں معذوری نہ ہو: جو شخص شب برات کی خاص ساعتوں کے اعمال میں شامل ہوگا اس کی نسلوں میں کبھی معذور بچے نہیں ہوں گے (آنے والے احباب کو لنگر میں بہترین کھانے پیش کیے جائیں گے)

ذہین اور فطین بچوں کے خواہشمند ضرور پڑھیں!

محمد شہزاد شیخ، کراچی

کیا آپ کا بچہ چیزیں رکھ کر بھول جاتا ہے۔ بار بار بھولتا ہے کہ اسے کیا کرنا ہے؟ کیا وہ کلاس میں بیٹھ کر اونگھتا رہتا ہے؟۔ جیسے جیسے بچے بڑے ہوتے ہیں ان کی یادداشت بہتر ہوتی ہے۔ لہٰذا اگر آپ کا بچہ پوری توجہ اور دھیان نہیں دے پاتا تو اس کے رویے میں یہ کسی قسم کی خرابی کا نتیجہ ہوسکتا ہے جسے درست کیا جاسکتا ہے۔ ابتدائی مرحلے میں ایک بچہ اپنی پانچ حسوں (Senses) کے ذریعے معلومات جمع کرتا ہے' وہ سن کر' دیکھ کر' سونگھ کر' چھو کر اور حرکت کر کے یہ کام کرتا ہے۔ دوسرے مرحلے میں جسے ہم پروسیسنگ کہتے ہیں وہ سننے اور دیکھنے والی چیزوں کو محسوس کر کے ان کا جائزہ لے کر معلومات کے نتائج اخذ کرتا ہے۔ آخری مرحلہ میں بچے سے امید کی جاتی ہے کہ وہ حاصل کردہ معلومات کا تجزیہ کر کے اپنا ردعمل ظاہر کرے۔ مثال کے طور پر الفاظ یادداشت کے بینک سے نکالے جاتے ہیں اور ان سے جملے ترتیب دیے جاتے ہیں یا بچہ ذہن پر زور دے کر یاد کرتا ہے کہ انسانی ڈھانچہ دیکھنے میں کیسا لگتا ہے اور پھر سائنس ٹیسٹ میں ڈائی گرام بناتا ہے۔ اس پوری سلسلہ میں اگر کوئی ایک کڑی بھی کمزور ہو تو اس کی یادداشت کمزور پڑ جاتی ہے اور بچہ بھول جاتا ہے اور یادداشت کی کمزوری کا شکار ہوجاتا ہے۔

ذہنی طور پر زیادہ بوجھ نہ ڈالیں

آخر کچھ بچوں کی یادداشت دوسروں سے بہتر کیوں ہوتی ہے اس میں بہت کچھ بچے کے اپنے شوق کی سطح' ماضی کے تجربے اور اس اہلیت پر ہوتا ہے کہ وہ معلومات کو کتنی اچھی طرح سنتا اور محفوظ کرتا ہے۔ جیسے جیسے بچے بڑے ہوتے ہیں ان کی یادداشت بہتر ہوتی جاتی ہے کیوں کہ ان کو اردگرد کی دنیا کے بارے میں زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل ہوتی ہیں اور وہ پس منظر میسر آتا ہے جس میں وہ اپنا تجربہ فٹ کر سکتے ہیں۔ زیادہ عمر کے بچے کسی صورت حال کے بارے میں زیادہ تفصیلات زیادہ عرصے تک یاد رکھتے ہیں۔ اس سلسلے میں ایک ممتاز عالمی بچوں کے ماہر ڈاکٹر مشورہ دیتے ہیں کہ آپ اپنے بچوں کو اتنے ہی اعداد و شمار اور حقائق یاد کرنے کے لیے دیں جن کو وہ اپنی عمر کے اعتبار سے یاد رکھ سکیں۔ پانچ سال کی عمر تک کے بچے ناخوشگوار واقعات زیادہ یاد رکھتے ہیں مثلاً کسی بلی کی موت اور ڈاکٹر کے پاس جانا ان کی یادداشت میں زیادہ عرصے تک محفوظ رہتا ہے کیوں کہ ذہنی طور پر ایسا دباؤ دھیان میں اضافہ کرتا ہے اور یادداشت میں زیادہ آسانی سے راستہ بناتا ہے۔ اسکول بھی یادداشت کو بڑھانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

ناقابل برداشت تعلیمی دباؤ

چنانچہ ماہرین کا کہنا ہے کہ کسی بھی کام کی مشق آدمی کو اس شعبے میں کامیاب بناتی ہے اور بچوں کو اسکول میں بہت زیادہ ذہنی مشقوں کے مواقع ملتے ہیں۔ مگر بدقسمتی سے اس کے الٹ بھی ہوسکتا ہے بعض بچے تعلیمی دباؤ برداشت نہیں کر پاتے اور اس قسم کے جملوں سے بالآخر گھبرا جاتے ہیں کہ فلاں بچے کو کسی جملے کے حروف یاد نہیں ہوتے' فلاں کو ریاضی کے فارمولے یاد نہیں رہتے۔ دھیان دینا در حقیقت اپنی توجہ کو کنٹرول کرنے کی اہلیت ہے۔ ذیل میں ایسے اسباب بیان کیے جارہے ہیں جن سے دھیان برقرار رکھنے میں دشواری ہوتی ہے۔

دھیان بانٹنے والی آوازیں۔ آپ کے جسم کی کیفیت' دن کو خواب دیکھنا۔ بھوک' فکر و پریشانی' کسی موضوع کی ناپسندیدگی یا عدم دلچسپی' ٹیلی ویژن پروگرام (باقی صفحہ 59)

موبائل کے غلط استعمال نے تباہ کردیا! بندش لگادیں

کاشی ناتھ' آکاش بنگالی' کوکا پنڈت جیسے نام نہاد عاملوں کی چھٹی' گھر بیٹھے اپنا مقصد بالکل مفت حاصل کیجیے!

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! گزشتہ کچھ عرصہ سے موبائل کا غلط استعمال بہت زیادہ بڑھ گیا ہے جس وجہ سے اپنے کام کو بھی پوری طرح وقت نہیں دے پارہا اور نقصان در نقصان ہورہا ہے۔ موبائل کا استعمال بڑھتا چلا جارہا ہے جس کی وجہ سے نماز' تسبیح اور اعمال والی زندگی سے دور ہوچکا ہوں اور میرے دل کی دنیا ویران ہوگئی ہے۔ اب چاہتا ہوں کہ موبائل سے کسی طرح نجات مل جائے یا پھر پہلے کی طرح صرف ضرورت کے مطابق ہی استعمال کروں۔ آپ سے گزارش ہے براہ کرم موبائل کے ناجائز استعمال کرنے پر بندش لگادیں تاکہ اس علت سے میری خلاصی ہوجائے' آپ کا سدا مشکور اور ممنون رہوں گا۔ (ک' اسلام آباد)

عمل: آپ کو چاہیے کہ صبح و شام اول و آخر ایک بار درود پاک کے ساتھ 313 مرتبہ یَا قَاهِرًا غَيْرَ مَقْهُوْرٍ کا ورد کریں حتیٰ کے موبائل استعمال کرتے وقت بھی ورد کرتے رہیں۔ اس کے علاوہ موبائل کو عبقری روحانی عطر لگائیں۔ ان شاء اللہ جلد ہی موبائل کے غلط استعمال پر بندش لگ جائے گی۔

قارئین! اگر آپ بھی ایسے مسائل کا شکار ہیں تو اس عمل کی اجازت ہے۔ یہ عمل بندش کا سرتاج عمل ہے' جو کہ آپ کے مسائل کو سامنے رکھتے ہوئے ہر ماہ نیا شائع کیا جائے گا۔ ہر ماہ اس عمل میں شامل ہوں اور مختصر عمل کر کے اپنے پیاروں کی برائیوں پر بندشیں لگا کر انہیں آفات' بلیات اور مصائب سے محفوظ رکھیں۔ بندش سے مراد کسی چیز کو باندھنے کے ہیں۔ یہ عمل خیر اور شر دونوں میں چلتا ہے۔ یہ انتہائی طاقتور اور باکمال عمل ہے' آپ پریشان ہیں' کسی مسئلے کا شکار یا آپ کا مسئلہ ایسا ہے جو یہاں نہیں لکھا جاسکتا تو آج ہی خط لکھیے اور اپنا مسئلہ تفصیل سے' اپنا' اپنی والدہ کا نام اور تاریخ پیدائش' مہینہ اور سال کے ساتھ لکھیں۔ اگر آپ اپنے مسئلے سے متعلق عمل رسالہ کی بجائے بذریعہ خطوط چاہتے ہیں تو اپنے خط کے ساتھ جوابی لفافہ ڈاک ٹکٹ لگا کر بھیجیں۔ قارئین! اس عمل کے عامل حضرات منہ مانگی رقم موصول کرتے ہیں مگر الحمدللہ! عبقری آپ کو بالکل مفت دے گا۔

آئیں بندش لگوائیں! نیا سلسلہ (قسط نمبر 7)

نشئی بیٹا آنکھوں کی ٹھنڈک بن گیا

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! آپ کے انتہائی مشکور ہیں کہ آپ نے بندش والا سلسلہ شروع کیا۔ ہمارے پڑوس میں ایک بیوہ تھی جس کے بیٹے کو نشے کی لت لگ گئی تھی' وہ سخت مغموم اور بے حال تھی۔ عبقری میں نشہ پر بندش لگانے والا عمل شائع ہوا۔ ہم نے اسے اس عمل کے بارے میں بتایا۔ اس دکھیاری ماں نے وہ عمل کیا' الحمدللہ چند ہفتوں میں اس کا بیٹا نشہ سے باز آگیا۔ (عبدالحمید' مظفرگڑھ)

عبقری ہر موسم میں یکساں مفید
معجون شفایابی
گھٹنوں میں درد اور پٹھوں میں کھچاؤ کی وجہ سے عبقری دواخانہ کی معجون شفایابی استعمال کی اور ساتھ کراماتی تیل سے مالش کی' کچھ ہی عرصے میں گھٹنے مضبوط اور درد غائب ہوگیا۔ (انور محمود، کبیر والا)
معذور' اپاہج' بوڑھے اور کمزور لوگوں کیلئے نئی زندگی

ایسی شفائیہ مٹی جس نے اجڑی دنیا آباد کردی! انوکھا واقعہ

عاقب جاوید، سرگودھا

قرآن پاک اللہ تعالیٰ کی ایسی عظیم کتاب ہے جو دنیا و آخرت دونوں میں کامیابی کا ذریعہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کتاب کو صرف اس لئے نازل نہیں فرمایا تھا کہ اس کے ذریعے سے محلات کی دیواروں کو مزین کیا جائے، نہ ہی اس لئے کہ اسے صرف مرحومین کے ایصال ثواب کی نیت سے اس کی تلاوت کی جائے۔ ان مذکورہ معاملات میں بھی بلاشبہ قرآن پاک کی برکات اور کمالات موجود ہیں مگر اس کتاب کے نزول کا مقصد اس سے بھی زیادہ عظیم ہے اور وہ یہ ہے کہ انسان کی اخروی زندگی کے ساتھ ساتھ دنیاوی زندگی کے تمام معاملات میں بھی یہ ازل سے کامیابی، عافیت، رحمت اور شفاء کا ذریعہ ہے اور ابد تک رہے گا۔ اس بات کا عملی مشاہدہ چند سال پہلے ہوا۔

بے اولادی کا صدمہ

ہمارے علاقے میں ایک مسجد ہے جہاں میں نماز کی ادائیگی کے لئے جاتا ہوں۔ وہاں ایک صاحب جن کا گھر بھی مسجد کے قریب تھا وہ بھی اسی مسجد میں نماز کے لئے آتے اور کچھ دیر نہایت ادب اور سوز کے ساتھ قرآن پاک کی تلاوت کرتے۔ میرے ان کے ساتھ دیرینہ تعلقات ہیں۔ وہ صاحب اولاد کی نعمت سے محروم تھے، علاج کی غرض سے مختلف معالجوں سے رجوع کیا۔ ڈاکٹروں نے بھی اپنی طرف سے کوشش کی مگر دونوں میاں بیوی کی ٹیسٹ رپورٹس آنے کے بعد بتایا گیا کہ انہیں اولاد نہیں ہوسکتی۔ انہیں اس بات کا کافی صدمہ ہوا مگر انہوں نے مایوس ہونے کی بجائے خود کو اور بیوی کو سنبھالا اور تسلی دی۔ اسی مسجد میں ایک مدرسہ بھی تھا جہاں چھوٹے چھوٹے بچے قرآن پاک پڑھنے کے لئے آتے تھے۔ وہ صاحب ان بچوں سے انتہائی محبت، شفقت اور ادب کے ساتھ پیش آتے تھے اور مختلف طریقوں سے ان کی حوصلہ افزائی بھی کرتے۔ اکثر اوقات دن اور رات کے وقت انہیں دیکھا کہ وہ قرآن کو ہاتھوں میں لے کر اور بعض اوقات سینے سے لگا کر خاموش بیٹھے رہتے یا قرآن کی طرف دیکھتے رہتے اور دل ہی دل میں نہ جانے کیا باتیں کرتے تھے، آج تک انہوں نے کبھی اس بارے میں نہیں بتایا۔ بس اتنا جانتا ہوں کہ میں نے زندگی میں کبھی کسی کو قرآن سے اتنی محبت، اس کا اور اس کے پڑھنے والوں کا ادب کرتے نہیں دیکھا۔ کیونکہ جب بچے مسجد میں قرآن پڑھ رہے ہوتے تو قریب بیٹھ کر وہ خاموشی کے ساتھ سنتے رہتے۔

قرآن پڑھنے والوں سے محبت

ایک دن میں نے انہیں انوکھا کام کرتے دیکھا جسے دیکھ کر حیران رہ گیا۔ نماز مغرب کے بعد جب بچے قرآن پاک پڑھنے کے لئے مسجد میں آئے تو انہوں نے بچوں کے جوتوں کے نیچے سے کچھ مٹی اکٹھی کی، شاپر میں ڈالی اور چلے گئے۔ اگلے دن جب ملاقات ہوئی تو ان سے اس متعلق استفسار کیا مگر انہوں نے بات کو پلٹ دیا۔ تقریباً ایک سال بعد دیکھا کہ وہ صاحب مسجد میں مٹھائی تقسیم کر رہے تھے، معلوم ہوا اللہ تعالیٰ نے انہیں اولاد نرینہ کی نعمت سے نوازا ہے۔ بہت زیادہ خوشی ہوئی مگر اس کے ساتھ ہی ایک جھٹکا بھی لگا کہ انہوں نے تو خود بتایا تھا کہ ڈاکٹروں نے لاعلاج قرار دیا ہے۔ اس دن ان کی خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہ تھا۔

پاک مٹی کی کرامت

وہ میرے چہرے پر خوشی کے ساتھ حیرانی کے تاثرات بھی دیکھ رہے تھے۔ پھر خود بتانے لگے کہ گزشتہ سال جب آپ نے یہاں سے مٹی اکٹھی کرتے دیکھا تھا یہ سب اسی کی کرامت ہے۔ میں نے یہ سنا تھا کہ قرآن میں شفاء ہے، اسی لئے قرآن کے ذریعے ہی تنہائی میں بیٹھ کر اللہ سے شفاء مانگتا تھا تاکہ جو بھی ہم میاں بیوی میں کمیاں ہیں وہ ختم ہوجائے اور اولاد کی نعمت مل جائے۔ ایک دن اللہ نے دل میں بات ڈالی کہ جب قرآن میں شفاء ہے تو جو معصوم بچے قرآن سیکھنے اور تلاوت کرنے کے لئے آتے ہیں یقیناً ان کے قدموں میں بھی شفاء موجود ہے۔ میں نے اور میری بیوی نے اسی نیت سے ان کے جوتوں کی مٹی کھائی اور قرآن کو سفارشی بنا کر اللہ سے التجا کی کہ یا اللہ تو، تیرے حبیب ﷺ اور قرآن سچا ہے، بس اس کلام پاک کو سیکھنے اور تلاوت کرنے والے بچوں کے قدموں کی خاک کے صدقے ہمیں بھی شفاء اور اولاد عطا فرمائے۔ رب کو ہماری یہ ادا پسند آئی اور اس کی شان کریمی نے چند ہفتوں بعد ہی اولاد کی امید لگا دی اور آج صاحب اولاد بنا دیا۔

اسلام اور رواداری

ابن زیب بھکاری

186

اسلام کا غیر مسلموں سے رواداری کا پیغام

بحیثیت مسلمان ہم جس با اخلاق نبی ﷺ کے پیروکار ہیں ان کا غیر مسلموں سے کیا مثالی سلوک تھا، آپ نے سابق اقساط میں پڑھا، آج اس ضمن میں ان کی بیٹی سیدہ فاطمہؓ کی روشن زندگی کو پڑھیں۔ سوچیں! فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے۔

سیدہ فاطمۃ الزہراؓ کی سخاوت اور یہودی کے آنسو

ایک شخص رسول اللہ ﷺ کے پاس حاضر ہوا اور عرض کی (قبیلہ) بنی سلیم میں مجھ سے زیادہ غریب کوئی نہیں ہے۔ حضور نبی کریم ﷺ نے صحابہ کرامؓ سے فرمایا۔ ”تم میں سے کون اسے اونٹ خرید کر دے گا؟ جو اسے اونٹ دے گا اللہ اسے بہترین جزا عطا فرمائیں گے۔“ حضرت سعد بن عبادہؓ نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ میرے پاس ایک اونٹنی ہے وہ میں اسے دیتا ہوں۔ پھر حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ ”کون ہے جو اس کا سر ڈھانپے گا؟“ حضرت سیدنا علی المرتضیٰؓ نے اپنی دستار مبارک اتار کر اس کے سر پر رکھ دی۔ پھر حضور نبی کریم ﷺ نے حضرت سلمان فارسیؓ سے فرمایا کہ اس کے لئے کھانے کا انتظام کرو۔ حضرت سلمان فارسیؓ اٹھے اور مسجد نبوی ﷺ کے اطراف میں موجود چند گھروں سے کھانے کے بارے میں دریافت کیا لیکن کچھ نہ ملا۔ آپ حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراؓ کے مکان پر تشریف لے گئے اور تمام واقعہ حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراؓ کے گوش گزار کیا۔ حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراؓ تمام واقعہ سن کر آبدیدہ ہوگئیں اور فرمایا۔ ”اے سلمانؓ! اس رب کی قسم جس نے میرے والد کو نبی برحق بنا کر بھیجا، ہمارے گھر میں کئی روز سے فاقہ ہے لیکن چونکہ اب تم میرے در پر آئے ہو اس لئے میں تمہیں واپس نہیں بھیجوں گی، تم میری یہ چادر لے جاؤ اور شمعون یہودی کے پاس جا کر کہو کہ یہ فاطمہ بنت محمد ﷺ کی چادر ہے اسے رکھ لے اور کچھ (باقی صفحہ 59)

یہ کتابیں پڑھنا نہ بھولیں

1. پیغمبر اسلامؐ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک۔
2. امن اور عبقری۔ 3. اسلام اور رواداری۔
4. غیر مسلموں کی عبادت گاہیں اور ان کے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں۔

کتب اردو اور انگلش میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیں

عبقری ستر شفائیں
فوڈ الرجی، کھٹے ڈکار، اپھارہ، بدہضمی، الٹی، ابکائیاں اور موسمی اثرات سے حفاظت
میرے جوڑوں میں درد رہتی تھی میں نے عبقری کی ستر شفائیں استعمال کرنا شروع کی، جوڑوں کا درد تو ٹھیک ہوا ساتھ بے شمار فائدے ملے، معدہ، جگر کا نظام بہتر ہوا صحت باکمال ہوگئی (محمد شہباز)

بامقصد مصروف رہنے کی عادت! کامیاب زندگی کی ضمانت

پروفیسر شمشاد نذیر لاہور

ذہنی پریشانیاں آج کے جدید دور کا ایک عام مسئلہ بن چکا ہے۔ ماہرین کہتے ہیں کہ تعلیمی اداروں میں نتائج حاصل کرنے اور کامیابی حاصل کرنے کا دباؤ، خاندانی مسائل اور بہت سی وجوہات ہیں جن کی وجہ سے انسان تنہائی کی زندگی اختیار کر لیتا ہے اور مزید مسائل کا شکار ہو جاتا ہے جس سے اس کی ذہنی صلاحیتیں ختم ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔ اگر آپ روزانہ ایک ہی جگہ پر مقید رہتے ہیں' تنہائی کا شکار ہیں تو آپ کی تخلیقی توانائی ماند پڑنے لگتی ہے۔ اس سے بچنے کے لئے آپ تصویروں، پودوں، کتابوں حتی کہ بچوں کے کھلونوں سے بھی آپ کچھ ایسا سیکھ سکتے ہیں جس سے آپ کی تخلیقی توانائی میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ ہم صرف ایسی معلومات میں دلچسپی لیتے ہیں جو ہمارے پہلے سے موجود نظریات سے مطابقت رکھتی ہوں۔ اگر آپ ایک ہی طرح کے اخبارات اور کتابیں پڑھتے ہیں تو کبھی معمول سے ہٹ کر کسی مختلف اخبار یا کتاب کو پڑھنا شروع کریں، باغبانی پر لکھی گئی کتاب' پکوان کی ریسپی' کھیلوں پر لکھی گئی کوئی کتاب اٹھالی جائے تو کوئی مضائقہ نہیں۔ آپ کسی کلاس میں داخلہ لے سکتے ہیں جیسے کوکنگ یا تعمیر شخصیت پر کوئی لیکچر سننے جا سکتے ہیں۔ آن لائن سرچ انجن کے ذریعے کوئی نئی ویب سائٹ ڈھونڈ کر وزٹ کر سکتے ہیں۔ اپنے علاقے یا شہر کے کسی نئے حصے کو دیکھنے کا پروگرام بنائیں اور اس کے بارے میں معلومات اکٹھی کیجیے۔

خود کلامی کا انداز

ایک معروف مصنف اپنی ذہنی رکاوٹ دور کرنے کے بارے میں لکھتا ہے کہ اکثر اوقات لکھتے ہوئے مجھے ذہنی رکاوٹ کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ سب کچھ اچھا چل رہا ہوتا ہے کہ اچانک میں کسی پیراگراف پر رک جاتا ہوں اور اس سے آگے نہیں جا سکتا۔ میں اسے لکھتا ہوں لیکن مجھے وہ اچھا نہیں لگتا لیکن میں اس سے بہتر لکھ نہیں پاتا۔ میں اسے دوبارہ لکھتا ہوں مگر یہ تقریباً پہلے جیسا ہی لکھا جاتا ہے۔ اس وقت میری سوچ رک جاتی ہے اور میں سوچ کے اس پیٹرن سے نکل نہیں پاتا۔ اس کا ایک عام علاج تو یہ ہے کہ کچھ وقفہ کیا جائے کسی اور چیز پر کام کیا جائے۔ تھوڑا وقت گزرنے کے بعد آپ اس مسئلے کی طرف واپس آئیں گے تو کچھ مختلف لکھ سکیں گے۔ میں اس مسئلے کو ایک اور طریقے سے حل کرتا ہوں۔ میں اس کے بارے میں بلند آواز سے خود کلامی کرتا ہوں۔ میں اپنے آفس کا دروازہ بند کر لیتا ہوں۔ میں نہیں چاہتا کہ کوئی مجھے اس طرح خود کلامی کرتے ہوئے دیکھے۔ میں ادھر اُدھر گھومتا اور خود سے اس پر بات کرتا ہوں۔ میں اس پر غور کرتا ہوں کہ اس پیراگراف کا بنیادی نکتہ کیا ہے۔ میں اس میں دراصل کیا کہنا چاہتا ہوں۔ میں خود کو اس بات کا جواب اتنی بلند آواز سے دیتا ہوں جیسے کسی دوسرے کو بتایا جاتا ہے اور پھر میرا وہ مسئلہ جلد ہی حل ہو جاتا ہے۔

مضبوط قوت ارادی کا کردار

بلند آواز سے بولنا اس رکاوٹ کو دور کر دیتا ہے اور الفاظ مختلف انداز میں سامنے آنے لگتے ہیں۔ حالیہ تحقیق نے وضاحت کر دی کہ ایسا کیوں ہوتا ہے۔ سائنسدانوں نے یہ جان لیا ہے کہ لکھی ہوئی زبان اور بولی گئی زبان پر دماغ مختلف طریقوں سے کام کرتا ہے۔ یہ دونوں مختلف ذہنی قوتوں کو متحرک کرتی ہیں۔ مثبت خود کلامی تخلیقی سوچ کے لیے بڑی اہم ہے۔ خود کو یقین دلائیں کہ یہ کام' یہ مسئلہ آپ حل کر سکتے ہیں تو یقیناً آپ اس کا حل ڈھونڈنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ اگر آپ مضبوط ارادے کے ساتھ ساتھ تخلیقی صلاحیت میں اضافے کے لیے تیار ہو جائیں تو ہر رکاوٹ عبور کی جا سکتی ہے۔

60 سال کی عمر میں جوانی' طاقت اور شباب! آزمودہ نسخہ

مسافر خان' چارسدہ

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! گزشتہ سال فیملی سمیت رمضان گزارنے تسبیح خانے آئے تھے۔ زندگی کا ایک انمول رمضان تھا' اللہ کرے زندگی میں ہر سال رمضان تسبیح خانہ میں ہی نصیب ہو۔ تسبیح خانہ سے گھر واپسی کے بعد الحمدللہ آپ کے دیئے گئے روحانی وظائف اور اعمال پابندی سے کر رہا ہوں۔ نمازوں کی پابندی نصیب ہوئی ہے۔ تسبیح خانہ سے جڑنے کے بعد جہاں بے شمار روحانی فوائد ہوئے ہیں وہیں طبی طور پر بھی بہت نفع ملا ہے۔ آپ کے بتائے ہوئے ٹوٹکے صحت و تندرستی کا خزانہ ہے۔ آج ایک طبی نسخے کا مشاہدہ بیان کر رہا ہوں۔

میری عمر ساٹھ سال ہے، تینتالیس سال سے جریان، سرعتِ انزال کا مسئلہ تھا۔ میں نے ان بیماریوں کا بہت علاج کروایا مگر کہیں سے بھی مستقل آرام نہ مل سکا بلکہ کمزوری کی وجہ سے اور مسلسل ادویات کے استعمال سے گزشتہ سات سال سے دماغی کمزوری کی شکایت بھی شروع ہو چکی تھی جو دن بدن بڑھتی چلی جا رہی تھی۔ ناامیدی اور مایوسی چھا چکی تھی۔ ایک دن آپ کی روحانی محفل میں جسمانی کمزوری اور پوشیدہ امراض سے نجات کے لئے چھوٹی الائچی اور میتھی دانہ کے بیجوں کا نسخہ سنا۔ پھر کئی لوگوں سے اس نسخے سے متعلق مشاہدات بھی سنے۔ میں نے فیصلہ کیا کہ جہاں اتنے علاج کروا کے دیکھ لئے ہیں یہ نسخہ بھی آزمالوں۔ چنانچہ میں پنسار کی دکان سے اموزن چھوٹی الائچی اور میتھی دانہ (میتھرے) کے بیج خرید لایا' انہیں پیس کر ایک ڈبیا میں محفوظ کر لیا۔ ایک چمچ صبح و شام ہمراہ دودھ کے استعمال کرنا شروع کر دیا۔

تقریباً دو ماہ سے یہ نسخہ جاری ہے۔ الحمدللہ تینتالیس سال پرانی بیماریاں اور مسائل صرف دو ماہ میں ساٹھ فیصد تک ختم ہو چکی ہیں' جس تیزی کے ساتھ صحت یاب ہو رہا ہوں امید ہے ان شاء اللہ اگلے چند ہفتوں میں ان بیماریوں کا نام و نشان بھی باقی نہیں رہے گا۔ قوت باہ کی کمزوری میں حیران کن فائدہ ہوا ہے 60 سال کی عمر میں اب 35 سال کے جوان جتنی طاقت ملی ہے۔ اس کے علاوہ دماغی کمزور میں بھی خاطر خواہ حد تک اضافہ ہوا ہے۔ پہلے اکثر باتیں بھول جاتا تھا یاد نہیں رہتی تھیں مگر اب الحمدللہ قوت حافظہ بہت زیادہ مضبوط ہو گیا ہے۔ یہ سب آپ کے بتائے ہوئے اس نسخے کی وجہ سے ہی ممکن ہوا ہے۔ کاش تسبیح خانہ اور عبقری کا ساتھ جوانی میں ہی مل جاتا تو زندگی کے اتنے سال خوار نہ ہوتا' لیکن اللہ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ اس عمر میں بھی منزل مل گئی۔ قارئین سے درخواست ہے جو بھی ان مسائل کا شکار ہو وہ یہ نسخہ ضرور استعمال کریں اور فائدہ ہونے پر لازمی لکھیں' حضرت جی اور عبقری کو دعائیں دیں۔

جسمانی پٹھے' اعصابی کمزوری معدہ' جگر' دماغی امراض کیلئے
انوکھا نبوی ٹانک
عبقری
شاہی ناشتہ
جسم میں سستی اور کمزوری رہتی تھی' شاہی ناشتہ کھانا شروع کیا تو کمزوری دور ہو گئی۔ جسم کو مکمل غذائیت کی ضرورت ہوتی ہے اور شاہی ناشتہ غذائیت سے بھرپور ہے۔ (معیز الرحمٰن' ساہیوال)

ذہن کی گرہیں کھل جائیں گی: آپ کند ذہن ہیں' ذہین فطین ہونا چاہتے ہیں۔ شب برات میں تسبیح خانہ کے روحانی اعمال کے ذریعے ذہن کی گرہیں کھل جائیں گی (لذیذ اور پرتکلف کھانوں کا کشادہ انتظام ہوگا)

خواتین کی سردیاں اور عبقری کے غذائی چسکے

نسرین شاہین، اسلام آباد

سردی کے موسم میں قدرتی طور پر بھوک زیادہ لگتی ہے۔ اس موسم میں مقوی غذائیں بڑی اہمیت رکھتی ہیں کیونکہ ان غذاؤں کی ہمارے جسم کو ضرورت بھی پڑتی ہے۔ اس موسم میں توانائی اور غذائیت سے بھرپور سوپ، موسم کی سبزیاں، پھلوں کے علاوہ ڈرائی فروٹ، انڈا، دلیہ، حلوہ جات اور اس قسم کی دیگر چیزوں کا استعمال بڑھ جاتا ہے اور یہ چیزیں ہضم بھی جلد ہی ہو جاتی ہیں اور یہ اشیاء جسم کے درجہ حرارت کو متوازن رکھنے کے لئے بے حد ضروری ہیں۔

خشک میوے اور نظام انہضام

خصوصاً سردیوں کی راتوں میں خشک میوے ایک بہترین تفریح کا مزہ دیتے ہیں۔ گو کہ یہ میوے پیٹ بھرنے کے لئے نہیں ہوتے بلکہ ان میں پروٹین اور کاربوہائیڈریٹ کا خزانہ بھی پوشیدہ ہوتا ہے جو سردیوں میں جسم کیلئے ایندھن کے کام آتا ہے۔ ماہرین غذا کے مطابق سردیاں جسم میں تازہ خون بنانے کا بہترین موقع فراہم کرتی ہیں اور سردیوں میں کھائے جانے والے خشک میوے اپنے اندر وہ تمام ضروری غذائیت رکھتے ہیں جو کہ جسم میں توانائی اور تازہ خون بنانے کیلئے ضروری ہیں۔ یہ معدنیات اور حیاتین سے بھرپور ہوتے ہیں اور اسی غذائیت کے پیش نظر ماہرین صحت انہیں قدرت کے کیپسول بھی کہتے ہیں۔ یعنی خشک میوہ جات کی غذائی اہمیت کو تسلیم کرتے ہیں اور اکثر کو مغزیات کا درجہ دیتے ہیں۔ اطباء کا کہنا ہے کہ سردیوں میں جو کچھ کھاؤ وہ جسم کو لگتا ہے کیونکہ اس موسم میں نظام ہضم کی کارکردگی بھی بہت تیز ہو جاتی ہے اور گرمیوں کے مقابلے میں زیادہ کام کرنے کو دل چاہتا ہے۔

جسم کے لئے معدنیات کا خزانہ

سردیوں میں چونکہ دن چھوٹے اور راتیں بڑی ہو جاتی ہیں لہٰذا ان لمبی راتوں کو گزارنے کے لئے اہل وعیال کے ساتھ باتیں اور خشک میوے بہترین معاون ثابت ہوتے ہیں۔ خشک میوے سرد راتوں میں باتوں کے دوران کھانے کا مزہ ہی کچھ اور ہے لیکن کبھی آپ نے یہ بھی سوچا ہے کہ یونہی سرد موسم میں بطور شوق کھائے جانے والے خشک میوے اپنے اندر کیا کیا غذائی اجزاء رکھتے ہیں جو ہمیں اس موسم میں صحت مند رکھتے ہیں؟ چلغوزے، مونگ پھلی، اخروٹ، پستہ، بادام، کھوپرا، کشمش، خوبانی، تل کے لڈو، کا جو، انجیر، چھوہارے وغیرہ قدرتی غذائی اجزاء سے بھرے ہوتے ہیں۔ ان کے کھانے سے جسم صحت مند ہوتا ہے، تازہ خون بنتا ہے اور جسم کو حرارت ملتی ہے جو ہماری صحت کے لئے انمول خزانے ہیں۔

یہ خشک میوے اپنے اندر فولاد، کیلشیم، فاسفورس، پوٹاشیم، روغن، نشاستہ، پروٹین، معدنیات کا خزانہ رکھتے ہیں۔

بیسن کا مزیدار حلوہ

موسم سرما کھانے پینے کا موسم ہے، اس موسم میں سب کچھ کھائیں لیکن اعتدال کے ساتھ کھائیں، حتیٰ کہ مذکورہ غذاؤں کا استعمال بھی احتیاط اور اعتدال کے ساتھ کریں کیونکہ بے اعتدالی صحت کیلئے سخت نقصان دہ ثابت ہوتی ہے اور یہ بات ہمیشہ یاد رکھنی چاہئے کہ صحت سب سے بڑی دولت ہے۔ سردیوں میں بیسن سے بنی ہوئی اشیاء بھی صحت کیلئے مفید ثابت ہوتی ہیں۔ بیسن کا گرم حلوہ سردیوں میں نہ صرف سردی کی شدت کو گھٹاتا ہے بلکہ نزلہ وزکام میں بھی بہت مفید ثابت ہوتا ہیں۔ اس کے علاوہ بیسن کے لڈو اور بیسن کے پکوڑے سردی کی وجہ سے جوڑوں کے درد میں بھی مفید ہے۔ بیسن کی روٹی بھی مفید ہے اگر بیسن کی روٹی روز کھائی جائے تو پورے دن کی جسمانی ٹوٹ پھوٹ کی مرمت اور بدن میں طاقت پیدا ہوتی ہے۔ لہٰذا سردیوں میں خاص طور پر بیسن کا استعمال نہایت مفید ہے۔ کوشش کریں کہ بیسن کی اشیاء سردیوں میں زیادہ سے زیادہ استعمال کریں اس کے علاوہ بھنے ہوئے چنے بھی سردیوں کیلئے بہترین ہیں۔ خاص طور پر جب سردی سے نزلہ زکام یا کھانسی ہو جائے تو بھنے ہوئے چنے کھانے سے فائدہ ہوتا ہے اور اس سے طاقت بھی ملتی ہے۔ کیونکہ چنے بھی اپنے اندر طاقت کا خاص خزانہ رکھتے ہیں۔

مرگی ہو یا دل کی تکلیف، باکمال پھکی آزمائیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے سینے میں دل کے مقام پر اچانک سے ایک درد کی لہر محسوس ہوتی تھی۔ میں نے عبقری دواخانہ کی روحانی پھکی کا استعمال شروع کر دیا۔ میں نے اپنے ایک رشتہ دار سے سنا تھا کہ عبقری کی روحانی پھکی جس مسئلے میں استعمال کریں اس کا فائدہ ہوتا ہے۔ جب مجھے یہ تکلیف شروع ہوئی تو میں نے روحانی پھکی کھانا شروع کر دی۔ میری تکلیف ختم ہو گئی۔ اب بھی وقتاً فوقتاً یہ دوا استعمال کرتا رہتا ہوں۔ دوبارہ کبھی درد نہیں ہوئی۔ میرے بھائی کے گردوں میں پتھری کی تکلیف ہو گئی، چند دن روحانی پھکی استعمال کی اس سے پتھری پیشاب کے ذریعے ریزہ ریزہ ہو کر نکل گئی۔ میں نے جس مسئلے کے لئے بھی روحانی پھکی آزمائی ہے اس میں ہی فائدہ ہوا ہے۔ بلاشبہ روحانی پھکی میں بہت شفاء ہے۔ (علی رضوان، لاہور)

رسولیوں اور بریسٹ کینسر سے نجات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! روحانی پھکی کے استعمال سے میری اہلیہ کو بریسٹ کینسر اور سینے میں رسولی ٹھیک ہوئی ہے۔ اہلیہ کو سینے میں درد ہونا شروع ہوا اس کے بعد سینے میں رسولیاں نمودار ہو گئیں، حالت بگڑنا شروع ہو گئی معائنہ کروانے پر معلوم ہوا کہ بریسٹ کینسر ہے۔ بہت پریشانی ہوئی، اہلیہ کو عبقری دواخانہ کی روحانی پھکی استعمال کروائی اور اس کے ساتھ ہی ڈاکٹری علاج بھی جاری رکھا۔ الحمد للہ کچھ ہی عرصے میں اہلیہ کی طبیعت بہتر ہونے لگی۔ رسولیاں کم ہو گئیں اور ان میں سے گند اور پیپ بہنے لگی اور درد بھی ختم ہو گئی۔ روحانی پھکی کا استعمال مسلسل جاری رکھنے سے بریسٹ کینسر ختم ہو چکا ہے۔ روحانی پھکی بظاہر سستی ہے لیکن اس کی قدر دانی نے ہماری زندگی کی سب سے بڑی پریشانی کو دور کر دیا۔ (اسحاق احمد، کراچی)

مرگی کے دورے کا علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بیٹے کی عمر نو سال ہے۔ اسے مرگی کے دورے پڑتے تھے۔ کئی علاج معالجے کروانے کے بعد اسے عبقری کی روحانی پھکی کھلانی شروع کی، اس پھکی سے اسے شفاء نصیب ہوئی اور دورے پڑنے کا سلسلہ بند ہو گیا۔ اب بھی کبھی کبھار اسے روحانی پھکی استعمال کروا دیتے ہیں۔ ہمیں اس کی بہت فکر تھی۔ اللہ کا شکر ہے اب وہ ٹھیک ہو گیا ہے۔ اتنی زبردست دوا بنانے پر آپ کا شکریہ۔ (محمد ذوالقرنین، میانوالی)

عبقری خالص شہد کے متلاشی متوجہ ہوں!
باغات کا خالص شہد
اب آسان استعمال محفوظ اور خوبصورت پیکنگ میں
مجھے قبض کا مسئلہ تھا، میں نے صبح اٹھ کر نہار منہ عبقری کا شہد کھانا شروع کیا اس سے مجھے بہت فائدہ ہوا ہے، جسم کی رنگت نکھر گئی ہے اور قبض کا مسئلہ بھی حل ہو گیا ہے۔ عبقری کا شہد بالکل خالص ہے (مبشر حسن)
> قوت مدافعت بڑھاتا ہے۔
> جسمانی تھکن دور کرتا ہے۔
> کھانسی سے نجات دلاتا ہے۔

ڈپریشن کا خاتمہ: مسائل کی وجہ سے ڈپریشن کا شکار ہیں تو شب برات تسبیح خانہ میں گزاریں آپ کی پریشانیاں ختم اور ڈپریشن سے نجات ملے گی۔ (آنے والے مہمانوں کی صحت مند کھانوں سے تواضع کی جائے گی)

ماہِ شعبان! مصائب ٹلوانے اور حاجات پانے کا سنہری موقع

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو تسبیح اور مصلے کے ساتھ غیر شرعی اعمال کے بجائے نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے۔

شب جمعہ کا خاص عمل

ماہ شعبان کے پہلے جمعہ کی شب بعد نماز عشاء آٹھ رکعت نماز ایک سلام سے یعنی اکھٹے پڑھے اور ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ اخلاص گیارہ گیارہ دفعہ پڑھے اور اس کا ثواب خاتون جنت حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی روح مبارک کو ہدیہ کرے تو بفضلِ خدا اسے جنت میں جگہ عطا ہوگی۔ ماہ شعبان کے پہلے جمعہ کی شب چار رکعت نماز ایک سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ سورۂ اخلاص تین تین بار پڑھنی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اسے عمرے کا ثواب عطا ہوگا۔

گناہوں کی بخشش

وظیفہ: شعبان المعظم کی چودہ تاریخ کو بعد نماز عصر آفتاب غروب ہونے کے وقت جو شخص باوضو چالیس مرتبہ یہ کلمات پڑھے: لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ تو اللہ تعالیٰ اس دعا کے پڑھنے والے کے چالیس سال کے گناہ معاف فرمادیں گے ان شاء اللہ تعالیٰ!

تمام مصیبتوں سے چھٹکارا

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جب شعبان کی پندرھویں شب آئے تو تم رات کو قیام کیا کرو یعنی نوافل پڑھو اور دن کو روزہ رکھو۔ اس رات اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ہے کوئی بخشش چاہنے والا کہ میں اسے بخش دوں' کوئی رزق مانگنے والا ہے کہ میں اس کو رزق عطا کروں' کوئی مصیبت میں مبتلا ہے کہ میں اس کو عافیت دوں۔

ستر حاجات منوانے کا عمل

شب برأت: حضرت خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں مجھ سے نبی کریم ﷺ کے تیس صحابیوںؓ نے بیان کیا ہے کہ اس رات (15 شعبان المعظم) جو شخص یہ نماز پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی طرف ستر بار (نظر رحمت سے) دیکھتے ہیں اور ہر نگاہ میں ستر حاجتیں پوری کرتے ہیں جن میں سب سے ادنیٰ حاجت گناہوں کی مغفرت ہے۔ اس نماز کا طریقہ یہ ہے کہ دو، دو نفل کی نیت سے سو رکعتیں پڑھیں اور ہر رکعت میں دس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے بعد نماز دعا کرلے۔

شب برات کے خاص اعمال

شب برأت میں دو رکعت نماز اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی ایک بار' سورۂ اخلاص پندرہ پندرہ مرتبہ بعد سلام کے درود شریف ایک سو دفعہ پڑھ کر ترقی رزق کی دعا کریں۔ انشاء اللہ اس نماز کے باعث رزق میں ترقی ہوجائیگی۔ جو شخص شب برأت کو آٹھ رکعت نماز دو سلام سے پڑھے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص دس دس مرتبہ پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کیلئے بے شمار فرشتے مقرر کردینگے جو اسے عذاب قبر سے نجات اور جنت میں داخل ہونے کی خوشخبری دیں گے۔

گھر بیٹھے حج اور عمرہ کا ثواب ماہ شعبان میں ہر جمعہ کی رات چار رکعت نفل پڑھیں۔ ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۂ اخلاص تین مرتبہ پڑھیں تو ان نوافل کے پڑھنے والے کو مقبول حج اور عمرہ کا ثواب نصیب ہوگا۔ شب برأت کی عظمت واہمیت اور فضیلت کے پیش نظر اس میں (باقی صفحہ 59)

حضرت خضرؑ کا خاص تحفہ مبارک ہو

شب برات تسبیح خانہ لاہور میں دعائے حضرت خضرؑ کا مجرب عمل کروایا جائے گا' جس نے بھی کیا مقدر کا سکندر' تونگر اور روحانیت کا قلندر بن گیا۔ لنگر کا بہترین انتظام ہوگا۔

110 روپے میں ہر بیماری اور مسئلہ کا سستا حل

آپ کسی سخت مشکل میں ہیں؟ پریشان ہیں' سالہا سال سے بیمار ہیں' یا آپ کا کوئی عزیز زندگی سے عاجز اور خودکشی کرنے پر مجبور ہے! کاروبار کی بندش ہے یا گھریلو الجھنیں' جھگڑے' بات طلاق تک پہنچ چکی ہے۔ گھبرایئے مت! اس ماہ کی یہ مقبول گھڑیاں آپ کیلئے خوشیوں' خوشحالیوں اور برکتوں کا پیغام لائی ہیں:۔

پریشانیوں' بیماریوں سے عاجز متوجہ ہوں!

اپنا روحانی علاج خود کیجئے!

ماہانہ روحانی محفل

اس ماہ کی روحانی محفل

14 فروری بروز بدھ شام 6 بجکر 15 منٹ سے لیکر 9 بجکر 5 منٹ تک کسی بھی وقت صرف ایک تسبیح آنکھیں بند کر کے اول و آخر پانچ بار درود پاک پڑھ کر اپنے سامنے رکھ لیں۔ پھر یَا حَبِیْبُ یَا طَبِیْبُ کی پڑھ کر اپنے چاروں طرف پھونک ماریں اور پھر ہاتھوں پر دم کر کے سارے جسم پر مل لیں۔

یہ عمل اس یقین کے ساتھ کریں کہ اللہ تعالیٰ میری فریاد کو سن رہا اور سو فیصد قبول کر رہا ہے۔ اس تصور کے ساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپ کے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے' دل کو سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا' اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔

عمل کا ہدیہ اس ماہ کسی بھی دن 110 روپے 210 یا 510 روپے کسی غریب مستحق کو ہدیہ کردیں اور پھر اس تمام عمل کا ثواب حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی روح مبارکہ کو ہدیہ کردیں۔ ان شاء اللہ سارا مہینہ خیر و برکت' بیماریوں میں شفاء' معاملات میں آسانی اور عافیت ہوگی۔

ہر مہینے کا ورد مختلف خاص ساعتوں کے مطابق ہوتا ہے۔ بے شمار لوگ ماہانہ روحانی محفل کی برکت سے اپنے دکھ درد اور مشکلات ٹلوا رہے ہیں' آپ بھی اپنے مقام پر رہتے ہوئے یہ عمل کر کے بامراد ہو جائیں اور بذریعہ خط اپنے مشاہدات لازمی لکھیں۔ (ایڈیٹر)

روحانی محفل تسبیح خانہ لاہور میں اجتماعی نہیں ہوتی

ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

عبقری
کالی کڑوی شفاء
کالے سفلی جادو کی لاعلاج بیماریوں سے یقینی شفاء
ہمارے خاندان پر جادو کے کئی وار ہو چکے تھے سب گھر والے بیمار رہتے تھے' عبقری کے وظائف اور کالی کڑوی شفاءؓ نے ہمیں نئی زندگی بخشی اور جادو کے ہر وار سے محفوظ کردیا۔ (لاریب، سکھر)

بڑا کشادہ گھر آپ کا مقدر: آپ کشادہ گھر چاہتے ہیں' یہ خواہش تسبیح خانہ میں شب برات کے اعمال کی برکت سے پوری ہوگی' عافیت والا ذاتی گھر ہوگا (تسبیح خانہ کی طرف سے مجمع کے لئے بہترین لنگر ہوگا)

حضرت ابوتراب بخشیؒ کے مستند روحانی وظائف

بینائی کے لئے

اگر کسی کی نگاہ کمزور ہوگئی اور کم دکھائی دیتا ہوتو اس کے لئے ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ یہ آیت پڑھ کر انگلیوں کے پوروں پر دم کرکے آنکھوں پر لگالے' ان شاءاللہ تعالیٰ بینائی تیز ہوجائے گی۔ آیت درج ذیل ہے۔

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ○

علم میں ترقی اور کامیابی

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ علم میں بڑی ڈگریاں حاصل کرے اور علم میں ترقی و اضافہ ہو اور ہر قسم کی رکاوٹیں چاہے مالی یا دماغی ہوں ختم ہوجائیں تو ایسے شخص کو چاہیے کہ مندرجہ ذیل عمل کرے' ان شاءاللہ تعالیٰ علم میں ترقی ہوگی اور جملہ رکاوٹیں بھی ختم ہوں گی۔ عمل یہ ہے کہ ہر فرض نماز کے بعد اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ تین مرتبہ یہ آیت پڑھے۔

سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ۭ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ○

دشمن سے نجات

اگر دشمن ہر وقت ستاتا ہو یا کسی نے ناجائز مکان' دکان یا مال پر قبضہ کر رکھا ہو اور کسی طرح قبضہ واپس نہ دیتا ہو یا بلاوجہ مختلف طریقوں سے تنگ کرتا ہے۔ ایسے دشمن سے نجات کے لئے سورۃ العصر (پارہ 30) اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر نمک کی ایک ڈلی پر دم کرے' اسی طرح نمک سات ڈلی لے اور سورۃ العصر اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر ہر ڈلی پر دم کرے اور آگ میں ڈالے' ان شاءاللہ تعالیٰ دشمن اپنی حرکتوں سے باز آجائے گا۔

چوری شدہ مال کی واپسی

اگر کوئی شخص بھاگ جائے یا غائب ہوجائے یا مال چوری ہو جائے تو اس کی واپسی کے لئے یہ سارا دن لاتعداد پڑھے اور اللہ سے اپنے مقصد کے حصول کے لئے دعا کرلے مثلاً مال کی بازیابی کی دعا یا کھوئے ہوئے آدمی یا غائب ہونے والے جانور کے دوبارہ آنے کے لئے دعا کرے' ان شاءاللہ مقصد حاصل ہو جائے گا۔ آیت یہ ہے۔ رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ○

غموں سے نجات

اگر کوئی شخص کسی دکھ یا ذہنی تکلیف میں مبتلا ہو اور غم کی شدت کی وجہ سے ذہنی پریشان ہوتو اس کے لئے اول و آخر گیارہ بار درود شریف کے ساتھ 41 مرتبہ سورۃ نصر (پارہ 30) پڑھے' ان شاءاللہ تمام دکھ اور ذہنی پریشانیاں ختم ہوجائیں گی۔

مال و دولت کی فراوانی

اگر کوئی شخص تنگدستی کا شکار ہو' غربت اور فاقہ کشی کا عالم ہو اور ہر طرح سے حالات نے جکڑ رکھا ہو' نجات کی کوئی راہ نہ نظر آرہی ہوتو ایسے مشکل اور کٹھن حالات سے نکلنے کے لئے اسے چاہیے کہ روزانہ صبح و شام تین تسبیح اول و آخر درود پاک کے ساتھ اس آیت مبارکہ کی پڑھیں' ان شاءاللہ غیبی طور پر مدد ہوگی' رزق' دولت اور مال میں بے بہا برکت اور فراوانی ہوگی۔ آیت یہ ہے۔ رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ○

مرادوں کا حصول

اگر کسی کی کوئی مراد پوری نہ ہوتی ہوتو ایسے شخص کے لئے بہت ہی مجرب عمل ہے۔ روزانہ ایک وقت مقرر کرکے 786 مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھ لے' اس عمل کی بدولت ان شاءاللہ چند دنوں میں ہی مراد مل جائے گی۔ بس یقین کامل اور توجہ کے ساتھ اس عمل کو کچھ عرصہ مسلسل کرنا ہے یعنی ناغہ نہیں کرنا۔

جسمانی امراض کے لئے قدرتی فرسٹ ایڈ

رباحہ محمود' لاہور

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اپنے چند مشاہدات عبقری قارئین کی خدمت میں پیش کررہی ہوں۔

ہر درد اور تکلیف میں مفید

ایک بار آپ سے ہلدی کے بہت سے فوائد سنے تو انہیں مختلف امراض کی صورت میں آزمایا اور واقعی سو فیصد مجرب پایا۔ اب گھر میں ہر وقت خصوصاً سردی کے موسم خالص ہلدی پسوا کر گھر میں رکھ لیتے ہیں۔ سرد موسم میں روزانہ دودھ میں ایک چمچ ہلدی ڈال کر پیتے ہیں اس وجہ سے گھر کے تمام افراد بڑے ہو یا بچے سب بیماریوں سے محفوظ رہتے ہیں' حتیٰ کہ خواتین ٹھنڈے پانی میں کام یعنی کپڑے وغیرہ دھونے کے باوجود بھی انہیں سردی نہیں لگتی اور نہ ہی بیمار ہوتی ہیں۔ پہلے تھوڑا سا کام کرنے سے بہت زیادہ تھکاوٹ محسوس ہوتی تھی مگر اب الحمدللہ سارا دن کام کرنے کے باوجود بھی تھکاوٹ کا احساس تک نہیں ہوتا۔ اگر کوئی موچ وغیرہ بھی آجائے یا چوٹ لگ جائے تو درد کا زیادہ احساس نہیں ہوتا۔ جب سے ہلدی کا استعمال کرنا شروع کیا ہے سستی اور کاہلی کا خاتمہ ہوگیا ہے۔ چہرے کی رنگت ایسی نکھری ہے کہ سب حیران ہیں حالانکہ بعض خواتین چہرے کی رنگت کو نکھارنے کے لئے مختلف بازاری بیوٹی کریموں کا استعمال کرتی ہیں مگر ہلدی کے استعمال سے کبھی ان چیزوں کی ضرورت محسوس نہیں ہوئی۔ اس کے علاوہ اگر کسی خاتون کو ماہانہ ایام میں بہت زیادہ تکلیف ہوتی ہو یا ایام کی بے قاعدگی کی شکایت ہوتو ایسے مسائل سے نجات کے لئے اگر وہ ہلدی کا ایک چمچ دودھ میں ڈال کر استعمال کرنا شروع کردیں تو یہ مسائل بھی ختم ہوجاتے ہیں۔

خاندانی شفائی نسخہ

میرے دادا ابو کو کسی نے یہ عمل بتایا تھا کہ اگر تیز بخار ہو اور کسی بھی دوائی سے افاقہ نہ ہورہا ہوتو مریض کے سرہانے باوضو کوئی شخص یا چند افراد مل بیٹھ کر دس تسبیح سورۃ انبیاء کی آیت يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ○ کی پڑھ کر مریض پر دم کریں اور پانی پر دم کرکے وہ پانی مریض کو پلاتے رہیں تو جلد ہی مریض اللہ کے فضل سے شفاء پاتا ہے اور مکمل صحت یاب ہوجاتا ہے۔ یہ عمل سالہا سال سے ہمارے خاندان کا آزمودہ ہے حتیٰ کہ ڈینگی بخار' موسمی اور ہر طرح کے بخار کی صورت میں اس عمل کا تجربہ کیا ہے' اللہ تعالیٰ نے شفائے کاملہ عطا فرمائی ہے۔

میرے ناک کی ہڈی بڑھی ہوئی تھی اور ناک کے اندر کارش بھی ہوتی تھی۔ میں نے عبقری کا ناک شفاء ڈراپر نیم گرم پانی میں رکھ کر استعمال شروع کیا' ہڈی اور خارش کا مسئلہ حل ہوگیا۔ (محمد سعود)

عبقری ناک شفاء

دائمی نزلہ | چھینکیں | سردرد

الرجی | ناک کی ہڈی کا بڑھ

نظر بد کی تباہی: کئی لوگوں کو دیکھا کہ وہ نظر بد کا شکار ہوکر بیمار ہوگئے' کاروبار ختم ہوگیا' تسبیح خانہ کی شب برات کی محفل میں شامل ہونے سے نظر بد ختم ہوجائے گا۔ ان شاءاللہ (مجمع کیلئے لنگر کا وسیع انتظام ہوگا)

زیتون! عربوں کی صحت اور تندرستی کا راز

جمیل احمد نسیم

طبی ماہرین کے مطابق زیتون کا تیل انسانی صحت کے لئے بے حد مفید ہے اور اس کے علاوہ بے شمار بیماریوں سے حفاظت اور نجات کا ذریعہ بھی ہے۔ آنتوں میں موجود اگر مفید خلیات کو نقصان پہنچے تو کینسر جیسی خطرناک بیماری کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ کینسر سے بچاؤ کے لیے زیتون کے تیل کو اگر خالی پیٹ استعمال کیا جائے تو آنتوں کے خلیات کو نقصان نہیں پہنچتا جس سے کینسر کے خطرات میں کمی آتی ہے۔ اس کے علاوہ آنتوں کی صحت بہتر ہونے سے قبض جیسی علامات کا بھی سامنا نہیں کرنا پڑتا۔ زیتون کا تیل قبض کے علاج میں مفید سمجھا جاتا ہے۔

کینسر کے مرض میں مفید

دائمی سوزش کی وجہ سے کینسر، دل کے مسائل، میٹابولک سینڈروم، موٹاپا اور ذیابیطس کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، جبکہ زیتون کے تیل کے استعمال سے سوزش کی شدت میں کمی آتی ہے۔ اس مقصد کے لئے ہر صبح زیتون کا تیل اور لیموں کا رس آدھا آدھا چائے کا چمچ لیں اور آپس میں مکس کر کے پینا شروع کر دیں۔ یہ ٹوٹکہ آپ کو حیرت انگیز فوائد فراہم کرے گا جس سے آپ مختلف لاعلاج بیماریوں سے محفوظ رہیں گے، اس کے علاوہ اس مرکب میں موجود آنتوں کی سوزش اور ہڈیوں کے درد کو رفع کرنے کی خصوصیات بھی موجود ہیں۔

جوڑوں اور ہڈیوں کیلئے بہترین

آگ میں جلنے سے کوئی زخم رہ جائے تو زیتون کا تیل چند بار لگانے سے ٹھیک ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ فالج اور جوڑوں کے مرض میں بھی اس تیل کی مالش مفید ثابت ہوتی ہے۔ ٹوٹی ہوئی ہڈی بھی اس تیل کی مالش سے جڑ جاتی ہے۔ اس کے علاوہ پٹھوں کا درد انسان کو بے تاب کر دیتا ہے جبکہ زیتون کے تیل کی روزانہ مالش کرنے سے جسم کے اعضاء مضبوط ہو جاتے ہیں اور درد کی شکایت دور ہو جاتی ہے۔ عرق النساء کی تکلیف میں بھی یہ تیل مفید ثابت ہوتا ہے۔

ناخنوں کے مسائل کا حل

اگر ناخنوں میں تکلیف ہو یا رنگت پیلی ہو گئی ہو تو زیتون کے اس نسخے سے با آسانی ناخنوں کو خوبصورت بنایا جا سکتا ہے۔ اس کیلئے 1 چمچ زیتون کے تیل کو لیموں کے چند قطروں کے ساتھ ملا کر ایک مکسچر تیار کر لیں، اسے سونے سے قبل ناخنوں پر 10 منٹ کیلئے لگائیں اور اگلی صبح دھو لیں۔ چند ہی دنوں میں ناخن چمکدار سفید اور خوبصورت ہو جائیں گے۔

دل کی بیماریوں سے بچاؤ

ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے مطابق لوگوں کو سب سے زیادہ دل کی بیماریوں کی وجہ سے موت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ایک تحقیق کے مطابق مشرقِ وسطیٰ کے لوگوں کو دل کی بیماریوں کا سامنا کم کرنا پڑتا ہے، جب اس کی وجوہات جاننے کی کوشش کی گئی تو یہ بات سامنے آئی زیتون کے تیل کے استعمال کی وجہ سے عرب کے لوگ دل کی بیماریوں کا شکار نہیں ہوتے۔ کیونکہ ان کے کھانوں میں بناسپتی گھی کی بجائے زیتون کا تیل موجود ہوتا ہے۔ اسی وجہ سے ان کی صحت عام لوگوں کی نسبت زیادہ بہتر ہوتی ہے۔ جو لوگ باقاعدگی کے ساتھ زیتون کا تیل پیتے ہیں انہیں سانس کی کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔

بالوں کے لئے

روغنِ زیتون کو اگر پابندی کے ساتھ سر پر لگاتے رہیں تو نہ صرف بال گرنا بند ہوتے ہیں بلکہ بالوں کا (باقی صفحہ 59 پر)

موت کا دردناک خوف! راتوں کی نیند اڑ گئی

تابندہ ندیم

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! چند سال پہلے آپ نے روحانی محفل میں فرمایا تھا کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک فرشتہ ''ریبائیل'' کے نام سے مقرر ہے جس کا کام لوگوں کے دلوں میں سکون ڈالنا ہے۔ اس لئے جو کوئی بھی ذہنی پریشانیوں، خوف گھبراہٹ یا پریشانیوں کا شکار ہو تو اسے چاہیے کہ اَللّٰھُمَّ بِحُرْمَتِ رِیْبَائِیْل کا ورد کرنے کا معمول بنا لے ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے دل کو چین، سکون نصیب ہوتا ہے اور پریشانیاں ختم ہوتی ہیں۔ ہماری ایک جاننے والی خاتون تھی وہ شدید ذہنی کوفت کا شکار تھی۔ ایک بار انہوں نے خود بتایا کہ ان کو لگتا ہے کہ وہ بس اب مرنے والی ہے ان کے ذہن پر ہر وقت موت کا خوف رہتا تھا۔ اتنا کہ وہ کہتی تھیں کہ میں اس کے بارے میں سوچ سوچ کر ذہنی مریضہ بن گئی ہوں۔ ان کو اس پریشانی کی وجہ سے بہت سے مسائل ہونے شروع ہو گئے تھے اور سانس بھی مشکل سے آتا تھا۔ سانس لینے میں تکلیف تھی اور رات کو اکثر سوتے ہوئے ڈر کر ایک دم اٹھ جاتی تھیں۔ میں نے ان سے عرض کیا کہ وہ سارا دن اَللّٰھُمَّ بِحُرْمَتِ رِیْبَائِیْل بہت زیادہ پڑھیں اور ہزاروں کی تعداد میں پڑھیں۔ میں نے انہیں بتایا کہ اگر وہ یقین اور توجہ کے ساتھ اس عمل کو کر لیں تو ان شاء اللہ تین دن میں ہی اس کا نتیجہ مل جائے گا۔ انہوں نے اسی ترتیب سے پڑھنا شروع کیا اور تین دن بعد مجھے ان کا میسج آیا۔ بہت دعائیں دے رہی تھیں اور بہت زیادہ خوش تھیں۔ تین دن میں ہی ان کا خوف کافی حد تک ختم ہو گیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ میرا دل اب پُرسکون ہو چکا ہے اور سانس کی دشواری بھی ختم ہو چکی ہے۔ وہ اب بھی یہ وظیفہ مسلسل پڑھتی ہیں جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے انہیں اس اذیت سے نکال دیا ہے جس نے ان کا جینا محال کر رکھا تھا، جبکہ اس سے پہلے وہ پاگل پن کی حد تک خوف میں مبتلا تھی لیکن اب اللہ کی رحمت سے سکون میں ہے۔ یہ آپ کے بتائے ہوئے اس عمل کی وجہ سے ہی ممکن ہوا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس کی جزائے خیر عطا فرمائے، آمین۔

یہ عمل آپ کی نسلوں کو چار چاند لگا دے گا

تمام مخلصین شیخ الوظائف، ان کی نسلوں اور تمام نظام کی کفایت، کفالت، برکت، عافیت اور فتنوں سے حفاظت کا تصور کر کے دو رکعات نفل نماز حاجت اور تین مرتبہ سورۃ یٰسین والے عمل کا اہتمام کریں اور شیخ الوظائف کی خاص توجہات اور دعائیں لیں! اس عمل کا فیض اور برکتیں آپ کی نسلوں کو رنگ دے گا۔ ان شاء اللہ۔

عبقری معجون مراد
سستی لاغری | اعصابی کمزوری | جسمانی کمزوری، قوت خاص کی کمی اور ہڈیوں جوڑوں کے درد نے مجھے گھیر لیا تھا، عبقری کی معجون مراد
جوڑوں کے درد | جلد بڑھاپا | کے چند دن کے استعمال نے کھوئی ہوئی جسمانی طاقتوں کو پھر سے بیدار کر دیا۔ (مطلوب، سمندری)

ساس بہو کے جھگڑے ختم: اگر ساس آپ پر ظلم کرتی ہے یا بہو میں ادب نہیں 15 شعبان تسبیح خانہ آئیے دل بدلتے دیکھیں، محبت، ادب اور احترام پیدا ہوگا۔ (تسبیح خانہ میں بہترین اور صحت مند کھانوں کا انتظام ہوگا)

قدم قدم پر ناکامی! قسمت یا جادو؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اپنے بیٹے کی وجہ سے بہت پریشان ہوں میرا بیٹا بہت نیک اور فرمانبردار ہے لیکن چند سالوں سے ناکامیوں کی زد میں ہے۔ پتہ نہیں انسان کی نظر بد ہے یا جنات کی شرارت ہے یا حاسدوں کا حسد ہے یا کسی جادو کا وار ہے یا کوئی بندش ہے' اس سے پہلے ساری نمازیں پڑھتا تھا روزے رکھتا تھا' اب وہ جمعہ کی نماز کے سوا کوئی نماز نہیں پڑھتا۔ نہ کوئی کام ہے نہ کوئی کاروبار ہے، گھر کا نظام مکان بیچ کر چل رہا ہے۔ پچھلے مہینے کتنی ہی جگہوں پر انٹرویو دیا تھا' آخری مرحلے میں پہنچ کر کام رک جاتا ہے۔ آپ سے گذارش ہے کہ ہمیں کوئی وظیفہ بتا دیجئے تاکہ ان مسائل سے نجات مل جائے اور وہ ایک اچھا اور کامیاب انسان بن جائے۔ (خدیجہ)

جواب: زندگی کی ناکامیوں' آزمائشوں سے اور حاسدین کے حسد سے بچنے کے لئے انتہائی باکمال اور بے مثال عمل ہے' اگر آپ اور آپ کا بیٹا کر لیں تو سو فیصد کامیابی ملے گی' روزانہ 41 مرتبہ صبح و شام یہ دعا بھکاری بن کر خوب دھیان توجہ سے پڑھیں۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ جَھْدِ الْبَلَاءِ وَدَرَکِ الشَّقَاءِ وَسُوْءِ الْقَضَاءِ وَشَمَاتَۃِ الْاَعْدَاءِ۔

نیند میں ڈر اور بیمار جسم کا روحانی علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے گھر میں چند مسائل ہیں جن کی وجہ سے میں بہت پریشان ہوں۔ میری بیوی ہر وقت بیمار رہتی ہے' کبھی سر میں درد کبھی آنکھ میں درد، کبھی جسم کے ہر حصے میں درد رہتا ہے' رات کو سوتے ہوئے ڈر بھی جاتی ہے۔ براہ مہربانی استخارہ کر کے مسئلے کا حل فرما دیجئے۔ (محمد اسماعیل، ڈیرہ غازی خان)

جواب: استخارے سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کی اہلیہ پر سفلی عمل کے ذریعے بیماری مسلط کی گئی ہے۔ کم از کم 313 بار اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَدَنِیْ پڑھ کر پانی پر دم کر کے اہلیہ کو پلائیں۔ اہلیہ کو تلقین کریں کہ یہی کلمات سارا دن پڑھتی رہیں۔

بیرون ملک من پسند نوکری کی تلاش

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں نے کنسٹرکشن مینجمنٹ میں ماسٹرز کیا ہے۔ بیرون ملک ایک اچھی کمپنی میں اسی شعبے کی نوکری کے لئے آسامی خالی ہے' میں چاہتا ہوں وہاں میری نوکری ہو جائے۔ اس کے لئے میں پوری کوشش کر رہا ہوں' مجھے وظیفہ بھی بتا دیجئے جس سے میرا کام بن جائے۔ (تبریز خان، پشاور)

جواب: کسی بھی نماز کے بعد پانچ منٹ اللہ سے دعا کریں اور اپنی مراد مانگیں' آخر میں چالیس مرتبہ "رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ" پڑھیں۔ عمل مختصر اور آسان ہے لیکن مقبولیت میں بہت بڑا عمل ہے' ان شاء اللہ مراد پوری ہو جائے گی۔

نشے کی لعنت سے ہمیں بچا لیجئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا خاوند نشہ کرتا ہے اور اس کی وجہ سے گھر کا ماحول خراب رہتا ہے وہ ہر وقت گالی گلوچ کرتا رہتا ہے' خدارا ہمیں کوئی عمل بتائیں تاکہ ہماری تکلیفیں' پریشانیاں دور ہوں اور میرا شوہر نشہ چھوڑ دے۔ ہم نے بہت علاج کروایا لیکن یہ ایک بار نشہ چھوڑ دیتے ہیں لیکن پھر اسی کام پر لگ جاتے ہیں۔ اب تو ہم علاج سے بھی تھک چکے ہیں' کیا کریں کچھ سمجھ نہیں آتا' گھر کا نظام درہم برہم ہو چکا ہے۔ آپ ہماری راہنمائی فرمائیں۔ آپ کا سایہ تا دیر ہم جیسے گناہ گاروں اور مصیبت زدہ لوگوں پر قائم رہے۔ (ف۔ب، فیصل آباد)

جواب: محترمہ آپ سورہ النازعات کی آیت "وَاَھْدِیَکَ اِلٰی رَبِّکَ فَتَخْشٰی" کو 101 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے شوہر کو پلائیں۔ ان شاء اللہ نشے کی علت سے چھٹکارا ملے گا۔ انہیں روزگار کے سلسلے میں کسی مصروفیت پر بھی آمادہ کریں۔

تبادلہ سے پریشان

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے شوہر سرکاری افسر ہیں۔ جو کہ نیک نیت سے اپنا کام کرتے ہیں اور ساری زندگی حلال کمائی کھائی ہے کبھی حرام ہمارے گھر میں نہیں آیا۔ اللہ کا شکر ہے اللہ نے سب دیا ہے کسی چیز کی کمی نہیں ہے۔ ہمارا مسئلہ یہ ہے کہ میرے شوہر کی پوسٹنگ ایک جگہ سے دوسری جگہ کر دی جاتی ہے جس کی وجہ سے ہمارے لئے بہت مسائل پیدا ہو جاتے ہیں۔ براہ کرم آپ میری مدد کریں۔ (اہلیہ محمد عمران، لاہور)

جواب: آپ اور آپ کے خاوند سارا دن یہ دعا پڑھتے رہیں۔ اللہ اپنی طاقت کا مظہر دکھائیں گے' آپ کو دنیا کی کوئی طاقت' کوئی عہدہ نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ یَا عَزِیْزُ اَعِزَّنِیْ بِعِزَّتِکَ یَا عَزِیْزُ

کاروبار ٹھپ! حالت بد سے بدتر

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے معاشی حالات بہت خراب ہیں' میرے شوہر کا پولٹری کا کاروبار تھا مگر ہمارے فارم کا کام دن بدن زوال پذیر ہو گیا ہے۔ تین چار سال سے قرض اٹھا کر گزارا کر رہے اور قریباً تیس لاکھ کا قرضہ ہو چکا ہے۔ میرے شوہر اپنے بھائیوں میں بڑے ہیں' ساری ذمہ داری ان کے سر پر ہے' میرے سسر کاروباری پریشانی کی وجہ سے بلڈ پریشر کے مریض بن گئے ہیں اور بستر سے لگ چکے ہیں۔ ان معاملات کا کئی جگہ سے روحانی علاج کروایا' کوئی جادو' کوئی بندش بتاتا ہے۔ ہم بہت پریشان ہیں مہربانی فرما کر میرے لئے کوئی عمل عنایت کیجئے کہ مسائل حل ہو جائیں۔ (ثناخرم، راولپنڈی)

جواب: آپ تمام گھر والے مل کر چالیس دن میں درج ذیل آیت کو ستر ہزار یا سوا لاکھ پڑھیں' کاروبار پر لگی بندش کھل جائے گی۔ اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّۃِ الْمَتِیْنُ ○

عبقری
ہاضم خاص
بدہضمی' اسہال' سینے کی جلن' مروڑ' قے' ہچکی' پیٹ پر چربی بڑھ جانا
کھانا کھانے کے بعد پیٹ پر بوجھ' سینے میں جلن' کھٹے ڈکار آتے رہتے تھے۔ عبقری کے ہاضم خاص چورن کے استعمال سے کھانا جلد ہضم ہوتا ہے' جسم میں چستی اور طبیعت میں فرحت آگئی ہے۔ (عبدالمتین، جہلم)

رزق کی بارش: جو شخص اخلاص، ادب اور سچی طلب کے ساتھ شب برات تسبیح خانہ میں گزارے گا اس پر رزق کی بارش ہو جائے گی۔ (تسبیح خانہ میں طرح طرح کے لذیذ کھانوں کا بھرپور انتظام ہوگا)

پانچ منٹ کے ٹوٹکے سے پُرکشش حسین آنکھیں

آنکھیں صرف روح میں جھانکنے اور آپ کے وجود کی کھڑکیاں ہی نہیں ہیں بلکہ یہ آپ کی صحت کے اچھے یا خراب ہونے کی نشاندہی بھی کرتی ہیں۔صاف اور چمکتی ہوئی آنکھیں اس بات کا مظہر ہیں کہ آپ کی صحت اچھی ہے۔اس طرح دھندلی ہوئی، بجھی ہوئی یا سرخ آنکھیں اس بات کا غماز ہیں کہ آپ کی صحت خراب ہے یا پھر آپ کے طرز حیات میں کوئی گڑبڑ ہے۔

آنکھوں کا خشک پن اور کمزوری

ہماری آنکھوں میں نمی بھی ہوتی ہے اور جب ہم پلکیں جھپکاتے ہیں تو یہ عمل اس نمی کے ذریعے آنکھوں کو بار بار دھویا کرتا ہے۔یہ آنسو ہماری آنکھوں کی صفائی کے لئے بہت ضروری ہیں جو آنکھوں کو خشک ہونے سے بچانے کے ساتھ ساتھ مختلف قسم کے انفیکشن کے لئے بھی ایک حفاظت کا کام کرتے ہیں۔خراب غذا اور غیر صحت مند مشاغل آنکھوں کو خشک کر کے مرجھا دیتے ہیں۔مثال کے طور پر راتوں کو دیر تک جاگنا، کمپیوٹر یا ٹی وی کے سامنے بیٹھے رہنا، دھواں، گندگی، ماحول کی کثافت، یہ سارے عوامل آنکھوں کے لئے نقصان ہیں۔اس سے آنکھیں بھی خشک ہو جاتی ہیں، ان میں چبھن اور تکلیف بھی ہونے لگتی ہے۔بہت سی غذائیں آنکھوں کے لئے مفید ہوتی ہیں اور ان کے استعمال سے آنکھوں روشن اور صحت مند رہتی ہیں۔جیسے وٹامن اے والی غذائیں جن میں گاجر، پالک، ٹماٹر، خربوزہ اور آم وغیرہ شامل ہیں۔رات کے وقت کم نظر آنے کی صورت میں بلیو بیری ایک سو بیس ملی گرام سے ایک سو چالیس ملی گرام دن میں روزانہ استعمال کرنی چاہیے۔

آنکھوں کی سرخی اور جلن

آنکھوں کے سرخ ہونے کی کئی وجوہات ہیں۔بے خوابی، تھکان، الرجی گرد آلود یا دھواں آلود ماحول وغیرہ۔اگر ان کی طرف توجہ دی جائے تو آنکھوں کی اس خرابی کا ازالہ ہو سکتا ہے۔صحت مند آنکھوں کو مناسب مقدار میں آئرن کے ساتھ خون کی سپلائی کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ آنکھوں کو آکسیجن ملتا رہے، اس لئے روزانہ اپنی خوراک میں ایسی غذائیں ضرور شامل کرنی چاہیں جن میں آئرن موجود ہو جیسا کہ جگر، مچھلی، گاجر وغیرہ۔آنکھوں کے امراض سے حفاظت کے لئے ضروری ہے کہ ہر اس چیز سے پرہیز کریں جو آنکھوں میں خون کی روانی کو سست یا کم کرنے کا سبب بنتی ہو جیسا کہ الکوحل اور کیفین وغیرہ۔اسی طرح سگریٹ نوشی بھی آنکھوں کے لئے بہت مضر ہے کیونکہ اس کا دھواں آنکھوں میں تکلیف پیدا کرنے کا سبب بنتا ہے۔اگر آپ سگریٹ نوشی کے عادی ہیں تو کم از کم آنکھوں کی بھلائی کے لئے ہی اسے ترک کر دیں۔تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ انگوروں سے کشید کیے ہوئے عرق میں ایک ایسا جز پایا جاتا ہے جو پورے جسم میں خون کی شریانوں میں مناسب مقدار میں خون کی روانی کو بحال اور تیز رکھتا ہے۔جس سے آنکھیں سرخ بھی نہیں ہوتیں۔آنکھیں جل رہی ہیں یا سرخ ہو رہی ہیں۔آپ پانچ منٹ کی توجہ سے اپنی آنکھوں کو اس کی خوبصورتی اور توانائی واپس دلا سکتی ہیں۔اس کے لئے آپ روئی اور گرم پانی استعمال کریں گی۔اس کے بعد دونوں آنکھوں پر کھیرے کے ٹکڑے رکھ کر کسی تاریک کمرے میں پانچ منٹ کے لئے لیٹ جائیں اور گہری سانسیں لیتے رہیں۔پھر اٹھ کر ہلکے گرم پانی سے آنکھوں اور چہرے کو دھو لیں۔

آنکھوں اور گردوں کا تعلق

آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے عموماً اس بات کی علامت ہیں کہ آپ بے خوابی کا شکار ہیں، آپ سوئے نہیں ہیں آکیو پریشر طریقہ علاج کے ماہرین کا یہ خیال ہے کہ جب آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے پڑنے لگیں تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ گردوں میں خرابی پیدا ہوگئی ہے۔ایسی صورت میں زیادہ سے زیادہ پانی کا استعمال گردوں سے ٹاکسن کو دھو ڈالتا ہے اور آپ کے نظام ہاضمہ پر پڑنے والا دباؤ کم ہوتا چلا جاتا ہے۔اگر آپ بے خوابی کی مریض ہیں تو نیند (باقی صفحہ 59)

بیس سال پرانی تکلیف ختم

زندگیوں کو آسان، پرسکون اور خوشحال بنانے میں عبقری رسالہ اور عبقری دواخانہ اپنی مثال آپ ہے۔ایک آدمی نے اپنی اہلیہ کے بارے میں بتایا کہ عبقری دواخانہ کی روشن دماغ سے میری اہلیہ کا بیس سال کا سر درد ٹھیک ہوگیا ہے۔روشن دماغ کے بہت اچھے رزلٹ ہیں خاص طور پر سر درد میں۔ہمارے ہاں ایک ڈاکٹر صاحب عبقری سے منسلک ہیں۔ان کے پاس ایک مریض آیا اس کے سر میں شدید درد ہوتا تھا۔پین کلر کا انجیکشن لگوانا پڑتا تھا، ڈاکٹر نے کہا تم یہ انجیکشن لگوا کر ختم ہو جاؤ گے۔اس کو روشن دماغ کی پانچ ڈبیاں استعمال کرنے کا بتایا۔اس مریض نے ایک ڈبی استعمال کی تو دعائیں دیتا ہوا ڈاکٹر کا شکریہ ادا کرنے آیا اور روشن دماغ کا دیوانہ ہوگیا۔(یٰسین، سکھر)

صحت کے دشمن پیٹ کے کیڑوں کا علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بیٹے کے ساتھ پیٹ میں کیڑوں کا مسئلہ تھا۔صحت بہت کمزور تھی۔کچھ بھی کھا لیتا لیکن جسم پر اس کا اثر نظر نہیں آتا، 17 سال کا ہو چکا تھا لیکن اپنی عمر سے پانچ سال چھوٹا لگتا تھا۔میں نے عبقری دواخانہ میں آپ کے اسسٹنٹ صاحب کو بیٹے کا معائنہ کروایا۔انہوں نے بھی پیٹ میں کیڑوں کا بتایا اور عبقری دواخانہ کی ''تریاق'' لکھ کر دی۔میں نے وہیں دواخانہ سے ''تریاق'' خرید لی۔بیٹے کو استعمال کروانا شروع کی، بیٹے کو پہلے ٹھیک سے بھوک نہیں لگتی تھی لیکن تریاق کے استعمال سے اس کو بھوک لگنے لگی۔کھانا اچھی طرح ہضم ہونا شروع ہوا اور پیٹ میں کیڑے ختم ہوگئے۔تریاق کے استعمال سے چند دنوں میں ہی بچے کی صحت کو چار چاند لگ گئے۔اس سے پہلے یہ کھانا سامنے رکھ کر ادھر ادھر دیکھتا رہتا اور کھانے کو اس کا دل ہی نہیں چاہتا تھا۔لیکن جب سے اسے تریاق استعمال کروائی ہے یہ اچھی طرح کھاتا ہے اور ہر کھانا اس کے لئے صحت اور تندرستی میں بدل رہا ہے۔جو غذا کھاتا ہے جزو بدن بنتی ہے اور اس کی جسامت عمر کے مطابق ہوگئی ہے۔بچے کی شخصیت نکھر رہی ہے اور جسم جاذب نظر بن گیا ہے۔عبقری کی تریاق کبھی کبھار میں خود بھی استعمال کرتا ہوں۔یہ بچوں اور بڑوں کے پیٹ کے مسائل کے لئے بہت مفید ہے۔اس سے پیٹ صاف ہوتا ہے اور پیٹ کے کیڑوں سے نجات ملتی ہے۔(کامران حامد، لاہور)

غذا کو جزو بدن بناتا ہے
عبقری دواخانہ کی تریاق پیٹ کے کیڑوں کیلئے بہت زبردست دوا ہے۔میرے بیٹے کے پیٹ میں کیڑے تھے، وہ کمزور ہوگیا تھا۔عبقری کی تریاق سے پیٹ کے کیڑے ختم اور صحت بحال ہوگئی (زبیر)
عبقری تریاق
بچوں اور بڑوں کے پیٹ کے کیڑوں کا یقینی خاتمہ

مقدمات میں پھنسے: جو لوگ مقدمات میں پھنسے ہیں، بے قصور ہیں۔وہ خود یا ان کے عزیز تسبیح خانہ شب برات کی دعا میں شامل ہوں اور کرشمہ دیکھیں (تسبیح خانہ میں مہمانوں کے لئے بہترین لنگر کا انتظام ہوگا)

زندگی کیسے بدلی

انتقام حسد اور نفرت کی آگ دشمنی دوستی میں بدل گئی

پوشیدہ

قارئین! شیخ الوظائف کی محافل سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں گھر بلا الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہو جاتی ہیں آپ بھی سنیں خواہ تھوڑی نہیں لیکن روزنیں۔

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔ تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی کر دیئے گئے ہیں' کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی۔

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو صحت و عافیت اور برکت والی لمبی عمر عطا فرمائے' آمین!۔ آپ کی وجہ سے صرف میری ہی نہیں بلکہ ہمارے کئی خاندانوں کی زندگیاں بدل چکی ہیں۔

خاندانی دشمنی اور لڑائی جھگڑے

جب سے ہوش سنبھالا والد' والدہ کے خاندانوں کے آپس میں لڑائی جھگڑے اور نفرتیں ہی دیکھنے کو ملیں۔ اس کے علاوہ والد صاحب کی اپنے بھائی کے ساتھ بھی کافی عرصہ سے دشمنی چلی آ رہی تھی۔ آئے روز کسی نہ کسی بات پر جھگڑا ہو جاتا جو بہت زیادہ شدت اختیار کر جاتا پھر علاقہ کے کچھ لوگ مداخلت کر کے انہیں روکتے۔ ان نفرتوں کو دیکھ کر ہی میں جوان ہوئی اور میرے اندر بھی باقی خاندان کے افراد کی طرح ان کے لئے نفرتوں کی آگ تھی۔ ایک بار خاندان میں بہت زیادہ جھگڑا ہوا اس وقت ڈر تھا کہ کوئی جانی نقصان نہ ہو جائے کیونکہ دونوں طرف سے بہت زیادہ جارحانہ رویہ اختیار کیا جا رہا تھا مگر اللہ نے کچھ ایسا نظام بنایا کہ معاملہ وقتی طور پر ٹل گیا۔ اس دوران میرا عبقری سے تعارف ہوا۔ عبقری کو پڑھنا شروع کیا تو اس میں ہر ماہ آپ کے شائع ہونے والا کالم ''حال دل'' میں رشتہ داروں کے ساتھ حسن سلوک اور صلہ رحمی کے بارے میں پڑھا۔ پھر آپ کی روحانی محافل کو سننا شروع کیا تو اس میں بھی بارہا آپ سے اس متعلق تذکرہ سنا اور میں نے فیصلہ کیا کہ اللہ کی رضا کے لئے ان نفرتوں اور لڑائی جھگڑوں کو ختم کر دینا چاہیے۔ سب سے پہلے اپنے دل سے خاندان کے دوسرے افراد کے لئے اپنے اندر سے نفرتوں کی آگ تھی اسے ختم کیا اور فیصلہ کیا کہ آپ نے صلہ رحمی کا جو سبق اور عملی طور پر اس کا نمونہ اپنے رشتہ داروں کے ساتھ پیش کیا ہے میں بھی اس پر عمل کی کوشش کروں گی اور برسوں پرانے رشتہ داروں کی دشمنی کو صلح کے ذریعے پیار اور محبت میں بدلوں گی۔ میں نے آپ کی اس سوچ کو سب سے پہلے اپنے گھر کے افراد میں منتقل کرنے کی کوشش کی مگر لڑائی جھگڑے اور نفرتیں دلوں میں اس قدر رچ بس چکی تھی کہ کوئی بھی میری ماننے اور سننے کو تیار نہ ہوا۔

انتقام سے برداشت کا سفر

میں نے ہمت نہ ہاری اور کوشش جاری رکھی' اس دوران رشتہ داروں اور گھر والوں کی طرف سے بھی باتیں سننا پڑیں۔ اس سے پہلے میں وہ تھی کہ کسی کی کوئی بھی بات برداشت نہ کرتی تھی مگر عبقری نے میرے اندر ایسا ظرف اور حوصلہ پیدا کر دیا تھا کہ میں ان تمام حالات میں ثابت قدم رہی اور صبر کے ساتھ کام لیا۔ اپنی طرف سے بھرپور کوشش جاری رکھی' خاندان اور علاقہ کے بڑوں سے رابطہ کر کے انہیں صلح کروانے پر آمادہ ہونے کی کوشش کی۔ یہ کوششیں بھی فوری طور پر سودمند ثابت نہ ہوئیں۔ اس دوران میں نے آپ کو خط میں اپنے تمام تر حالات لکھے۔ جواب میں آپ نے تسلی کے بول دیئے اور ساتھ ہی خاندانی دشمنی کو دوستی میں بدلنے کے لئے ایک وظیفہ بھی دیا۔ میں نے دن رات پاگلوں کی طرح وہ وظیفہ پڑھا اور اللہ سے گڑگڑا کر مانگتی رہی۔

نفرتیں محبتوں میں تبدیل

بعض اوقات میں خود حیران ہوتی تھی کہ میں یہ سب کچھ کیوں کر رہی ہوں' پھر احساس ہوتا کہ اللہ تعالیٰ نے اب دل بدل دیا' زندگی بدل دی ہے' نفرتوں کو ختم کر کے محبت کو ڈال دیا۔ چنانچہ میں نے وظیفہ جاری رکھا اور ساتھ کوشش بھی کرتی رہی۔ اس کے علاوہ صلح کی نیت سے حسب توفیق عبقری کے رسالے بھی تقسیم کرتی رہی۔ اللہ کے نام کی برکت اور طاقت سے ایسی تاثیر ملی کہ نفرتیں کم ہونا شروع ہو گئیں' جھگڑے ختم ہونے لگے اور ایک دن ہمارے علاقے کے ایک بڑے بزرگ نے جن کا تمام خاندان اور علاقہ والے بہت احترام کرتے تھے انہوں نے خاندان والوں کو بلایا اور کوشش کر کے ان کی آپس میں صلح کروادی جبکہ اس سے پہلے بھی کافی لوگ کوشش کر چکے تھے مگر وہ کبھی بھی صلح کے لئے آمادہ نہیں ہوئے تھے۔ لیکن اس بار اللہ کا شکر ہے وہ (باقی صفحہ 59)

خبیث جنات نے جسم نوچ ڈالا

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! دو سال پہلے میرا رشتہ ہوا' اس دن سے عجیب مسائل کا شکار ہونا شروع ہو گئی۔ جب میں چل رہی ہوتی تو اپنے پیچھے کسی کا سایہ محسوس ہوتا اور سوتے ہوئے بعض اوقات ایسے محسوس ہوتا جیسے کانوں میں کوئی سرگوشی کر رہا ہو۔ میں بہت زیادہ ڈر گئی مگر ہمت کر کے گھر والوں کو بتایا تو انہوں نے کہیں سے دم وغیرہ کروایا جس سے کچھ افاقہ ہوا۔

شوہر پر بھی حقیقت آشکار ہو گئی

چند ماہ بعد میری شادی ہو گئی' اس دن کے بعد کوئی بھی دن سکون سے نہیں گزرا۔ رات کو اکثر شیطانی جنات میرے ساتھ خباثت بھری حرکتیں کرتے' جس کے بعد شدید سر درد شروع ہوتی' جسم ایسے ساقط ہوتا ہے جیسے کسی نے جکڑ لیا ہو۔ اپنے گھر والوں کو اس متعلق بتایا تو انہوں نے دوبارہ دم وغیرہ کروایا مگر معاملہ ختم ہونے کی بجائے مزید شدت اختیار کر گیا۔ ان خبیث جنات نے میرا جسم نوچ ڈالا' میں نے حتیٰ الامکان کوشش کی کہ اپنے شوہر کو اس متعلق نہ بتاؤں مگر حالات اس قدر خراب ہو چکے کہ انہیں ان تمام معاملات کے بارے میں بتانا پڑا۔ کیونکہ میں بہت سے پوشیدہ مسائل کا شکار ہو چکی تھی' ایک بیماری ختم ہونے سے پہلے ہی دوسری شروع ہو جاتی تھی۔ اپنی طرف سے تمام تر کوششیں کر کے دیکھ لیں مگر ان سے کسی بھی طرح چھٹکارا نہ مل سکا۔

راکھ کے عمل سے شیطانی طاقتیں راکھ بن گئیں

کسی مخلص نے عبقری رسالہ دیا' وہاں دیکھ کر سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ۝ کا ورد شروع کیا تو ان شیطانی جنات نے اس ورد سے منع کیا اور جان سے مار دینے کی دھمکی دی مگر میں نے عمل جاری رکھا۔ اس دوران چند بار میری حالت بھی کافی خراب ہو گئی۔ اس کا حل بھی عبقری سے ہی ملا' میں نے نومبر 2023ء کے شمارہ میں شائع ہونے والے کالم ''ماہانہ تحفظ جان کا عمل'' سے دیکھ کر راکھ (عبقری کی تیار کردہ ''چمک'') والا عمل کیا اور ساتھ ساتھ مذکورہ بالا وظیفہ بھی جاری رکھا۔ اس کے بعد الحمدللہ ایسا حفاظتی حصار ملا کہ وہ خبیث جنات جیسے ہی میرے قریب آنے کی کوشش کرتے تو کوئی قوت انہیں پیچھے دھکیل دیتی۔ تھوڑے ہی عرصہ میں الحمدللہ ان شیطانی اور خبیث جنات سے نجات مل گئی۔

عبقری کی ہر دوا باکمال اور پُرتاثیر ہے۔ میں نے عبقری دواخانہ کا قد دراز کورس استعمال کیا اس سے میرا قد بڑھ گیا۔ میری ایک دوست نے بھی استعمال کیا اس کا قد بھی بڑھ گیا۔ (رمشاء یاسر، سیالکوٹ)

عبقری قد دراز کورس
قدیک دم بڑھتے بڑھتے رک گیا ہو
ہڈیاں کمزور ہو گئی ہوں' کیلشیم کی کمی ہو

بندشیں اور رکاوٹیں ختم: اگر آپ سخت بندش کی وجہ سے پریشان ہیں اور نکلنے کی کوئی راہ نظر نہیں آ رہی تو شب برات تسبیح خانہ میں گزاریں! (تسبیح خانہ کے لنگر کے نوری لقمے ضرور کھا کر جائیں)

مایوس کن مشکل حالات! جھولی پھیلائی خوشیوں سے دامن بھر گیا

محمد قاسم لاہور

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! دعا جہاں تمام عبادات کا خلاصہ ہے وہیں یہ ایک ایسا عمل بھی ہے جسے کرنے والا کبھی نامراد نہیں ہوتا۔ عبقری سے تعارف کے بعد دعاؤں کی طاقت کا اندازہ ہوا کہ یہ کس طرح مشکل، ناگوار حالات اور پریشانیوں سے نجات کا ذریعہ بنتی ہے۔ یہ ایک ایسا عمل ہے جس کے ذریعے بندہ اپنے رب کے حضور آہ وزاری، اپنی بے بسی کا اعتراف، رب کی رحمت کا اقرار کرتا ہے اور پھر اس کے جواب میں اللہ جل شانہ کی شان کریمی اور ذات رحیمی متوجہ ہوتی ہے۔ عبقری میں بارہا دعاؤں کے معجزانہ اثرات کے واقعات پڑھے، اس سے پہلے بھی اللہ تعالیٰ سے دعائیں تو مانگتا تھا مگر وہ درد اور وجدان نہیں تھا جو عبقری سے جڑنے کے بعد ہوا۔ زندگی میں کئی بار ایسا ہوا کہ جب حالات نے پوری طرح بے بس کر دیا اور مشکلات سے نکلنے کی کوئی راہ نظر نہ آئی ان حالات میں دعا ہی ایک ایسا ہتھیار ثابت ہوئی جس نے ہر بار سرخرو کیا۔ اس متعلق اپنا ایک واقعہ تحریر کر رہا ہوں۔

حالات نے بے بس اور مجبور کر دیا

چند سال قبل میں نے پنجاب کی ایک معروف یونیورسٹی سے گریجویشن کی تعلیم مکمل کی۔ میری خواہش تھی کہ مزید اعلیٰ تعلیم حاصل کی جائے، چنانچہ اس مقصد کے لئے میں نے ایم فل کا داخلہ فارم جمع کروا دیا۔ الحمدللہ میرٹ لسٹ میں میرا نام بھی آ گیا، جب فیس جمع کروانے کا وقت آیا تو اس وقت حالات اس قدر خراب ہو چکے تھے کہ فیس کا انتظام نہ ہو سکا۔ گھر والوں کی طرف سے بھی شدید مخالفت کا سامنا تھا۔ میرے پاس جو پیسے تھے وہ آدھی فیس کے برابر تھے۔ میں چاہتا تھا کہ کسی سے ادھار نہ لینا پڑے تاکہ عزت نفس بھی مجروح نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ کوئی غیب سے ہی اس کا سبب بنا دے۔

بندوں کی بجائے رب کے آگے جھولی پھیلائی

میں نے فیصلہ کیا کہ مخلوق سے مانگنے کی بجائے اللہ سے مانگوں گا اور اسی کے آگے اپنی جھولی پھیلاؤں گا۔ رات کو روزانہ تنہائی میں اللہ تعالیٰ سے گڑگڑا کر مانگنا شروع کر دیا کہ یا اللہ کسی کا محتاج نہ کرنا اور فیس کے پیسوں کے لئے غیب سے اسباب بنا دے۔ فیس جمع کروانے کی آخری تاریخ بھی قریب آ چکی تھی مگر کسی بھی طرح سے پیسوں کا انتظام نہ ہو سکا اور دوسری طرف یہ بھی فکر تھی کہ اگر کسی طرح فیس کا انتظام ہو بھی گیا تو کتابیں اور باقی اخراجات کیسے پورے ہوں گے۔ میں نے اللہ سے مانگنا نہ چھوڑا، مجھے یقین تھا میرا رب کوئی نہ کوئی راستہ کھول دے گا۔ اللہ نے دل میں بات ڈالی اور میں نے اپنے شعبہ کے ہیڈ پرسن کو درخواست لکھی اور انہیں اپنی مجبوری سے متعلق بتاتے ہوئے عرض کی کہ میری آدھی فیس معاف کر دی جائے۔

یہ بات سن کر چونک گیا

انہوں نے درخواست پڑھنے کے بعد مجھے واپس کر دی، میں مایوس ہو کر جانے لگا تو انہوں نے بتایا کہ میری فیس پہلے ہی جمع ہو چکی ہے۔ ان کی بات سن کر میں چونک گیا، ان کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور ساتھ آدھی فیس بھی دی کہ یہ رکھ لیں مگر انہوں نے وہ پیسے یہ کہہ کر واپس لوٹا دیئے کہ میں نے آپ کی فیس جمع نہیں کروائی بلکہ اللہ تعالیٰ نے ہی غیب سے کوئی مدد کی ہے۔ میرے پاس جو رقم تھی ان سے کتابیں خرید لیں۔ رب کا لاکھ لاکھ شکر ادا کیا۔ پھر جیب خرچ کی پریشانی تھی وہ بھی دعاؤں کی برکت سے ہی حل ہو گئی۔ میں نے ٹیوشن پڑھانا شروع کر دیا، الحمدللہ اتنے پیسے ملنے شروع ہو گئے جس سے آسانی کے ساتھ میرا گزر بسر ہوتا رہا اور آخر کار میں نے اپنی ڈگری بھی آسانی کے ساتھ مکمل کر لی۔

انسان کا خصوصی امتیاز حق اور باطل کی پہچان

مولانا وحید الدین خان (مرحوم)

انسان کی آنکھ کیسی عجیب چیز ہے کہ اگر آپ آنکھ بند کر لیں تو آپ کو کچھ دکھائی نہیں دے گا۔ ساری دنیا آپ کے لئے ایک نامعلوم اندھیرا بن کر رہ جائے گی۔ دنیا ہوگی مگر آپ اس کو دیکھ نہیں سکیں گے، چیزیں ہوں گی مگر آپ ان کو محسوس نہیں کر سکیں گے۔ مگر جب آپ اپنی آنکھ کو کھولتے ہیں تو حیرت انگیز طور پر آپ تمام چیزوں کو دیکھنے لگتے ہیں۔ اب کالی چیز آپ کو سفید چیز سے الگ دکھائی دینے لگتی ہے۔ اب متحرک چیز آپ کو متحرک دکھائی دیتی ہے اور جامد چیز جامد حالت میں نظر آتی ہے۔ آپ انسان کو انسان کے روپ میں دیکھتے ہیں اور جانور کو جانور کے روپ میں۔ یہی انسان کا خصوصی امتیاز ہے، وہ چیزوں کو ایک دوسرے سے الگ کر کے پہچانتا ہے۔ وہ خیر اور شر کا فرق کرنا جانتا ہے۔ وہ روشنی کو تاریکی سے اور تاریکی کو روشنی سے جدا کر کے دیکھتا ہے۔ وہ یہ صلاحیت رکھتا ہے کہ حق کو حق کے روپ میں دیکھے اور باطل کو باطل کے روپ میں پہچان لے۔ وہ اس فرق سے آشنا ہے کہ کون سی چیز دلیل سے ثابت ہوئی اور کون سی چیز دلیل سے ثابت نہیں ہوئی۔

انسان کی یہی خصوصیت اس کے لئے امتحان کا پرچہ ہے۔ یہی وہ خاص مقام ہے جہاں خدا اس کا امتحان لے رہا ہے۔ انسان کو اس دنیا میں یہ ثبوت دینا ہے کہ اس نے خیر کو شر سے الگ دیکھا۔ اس نے ظلم اور انصاف کے فرق کو پہنچانا۔ اس کے سامنے جب کوئی بات آئی تو اس نے اسے دلیل کی سطح پر جانچا۔ اگر وہ دلیل سے ثابت ہو رہی تھی تو اس نے کھلے طور پر اس کا اعتراف کر لیا۔ یہ امتحان بظاہر بہت آسان ہے مگر اس کی ایک قیمت دینی پڑتی ہے۔ یہ قیمت اپنی نفی ہے۔ حق کسی آدمی کو اپنی ذات کی نفی پر ملتا ہے مگر آدمی یہ قیمت نہیں دے پاتا اس لئے اکثر ایسے ہوتا ہے کہ وہ امتحان میں ناکام ہو جاتا ہے۔

آدمی کے سامنے حق ظاہر ہوتا ہے مگر وہ اس کو دیکھ نہیں پاتا۔ اس کے پاس حق کی آواز گونجتی ہے مگر وہ اس کو سن نہیں پاتا۔ حق خود چل کر اس کے پاس آتا ہے مگر اس کی ملاقات نہیں ہو پاتی۔ آہ، وہ انسان جو عین اس مقام پر سب سے زیادہ ناکام ہو جاتا ہے جہاں اس کو سب سے زیادہ کامیاب ہونا چاہیے۔

جادو، کینسر، فالج اور لاعلاج روگوں کا خاتمہ

کینسر، شوگر، فالج، جادو جنات آپ کسی بھی لاعلاج روحانی یا جسمانی بیماری میں مبتلا ہیں تو شب برات تسبیح خانہ میں گزار کر صحت اور خوشحالی پائیں (آنے والے مہمانوں کے لئے تسبیح خانہ کی طرف سے لنگر کا وسیع اور بہترین انتظام ہوگا)

عبقری — بدہضمی، گیس، تبخیر (قبض) — معدے میں تیزابیت، جلن اور جسم پر الرجی تھی، بادی اشیاء نہیں کھا سکتا تھا، گیس بننا شروع ہو جاتی تھی۔ میں نے عبقری کا بدہضمی، گیس تبخیر کورس استعمال کیا، اب بہت افاقہ ہے۔ (محمد وسیم، گوجرہ)

منہ سے بو، کھٹے ڈکار، قبض، گیس، معدے کی خرابی اور بدہضمی کیلئے بے حد مفید ہے۔

جادو، نظر بد کے ہر وار سے محفوظ: خواتین نیلے رنگ کی شمیز اور مرد حضرات نیلے رنگ کی بنیان تسبیح خانہ لائیں، شب برات میں شیخ الوظائف اس پر دم فرمائیں گے۔ (مہمانوں کیلئے لنگر کا بھرپور انتظام ہوگا)

کامیاب ازدواجی زندگی گزارنے کے دس قیمتی اصول

صائمہ راحت کراچی

شادی نہ صرف دو انسانوں بلکہ یہ دو روحوں دو خون، دو جسموں اور دو ذہنوں کے باہمی ملاپ کا نام بھی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ صرف وہی شادی شدہ افراد کامیاب زندگی گزارتے ہیں جن کے درمیان باہمی الفت و محبت اور ہم آہنگی ہو۔ اچھے اور مشکل حالات میں شادی شدہ جوڑے کسی طرح اپنی محبت برقرار رکھتے ہیں؟ اس کا جواب زیادہ تر افراد یہ دیتے ہیں کہ یہ قسمت پہ منحصر ہوتا ہے، لیکن مختلف تحقیقات اور تجزیے کے بعد ماہرین نے خوشگوار اور محبت سے بھرپور ازدواجی زندگی گزارنے کیلئے دس سنہری اصول اور قیمتی اصول بتائے ہیں جو درج ذیل ہیں۔

جیون ساتھی کو کبھی بھی تنہا نہ چھوڑیں تعلقات میں بہتری اور مضبوطی لانے کے لئے ضروری ہے کہ آپ حقیقت پسند ہیں، اپنے شریک حیات سے بہت محبت کریں، کیونکہ زندگی بھر کے طویل ساتھ میں اتار چڑھاؤ آتے رہتے ہیں اور انسان کو اچھے اور برے حالات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس لئے ضروری ہے کہ ہر طرح کے حالات میں ایک دوسرے کا ساتھ دیں اور کبھی بھی کسی مشکل وقت میں فریق ثانی کو تنہا مت چھوڑیں۔

ایک دوسرے کو سمجھیں اگر کسی باغ کی دیکھ بھال نہ کی جائے تو اس میں خودرو پودے اور گھاس پھوس نکل آتے ہیں جس کی وجہ سے بڑے سے بڑا پودا بھی خراب ہو جاتا ہے۔ بالکل اسی طرح انسانی تعلقات بھی ہوتے ہیں کہ اگر ان پر توجہ نہ کی جائے تو وہ خراب ہو جاتے ہیں یا ٹوٹ کر ختم ہو جاتے ہیں۔ اگر آپس میں کسی بات پر غلط فہمی پیدا ہو جائے تو اسے فوری طور پر دور کریں تاکہ تعلقات میں بہتری لائی جا سکے۔ کچھ لوگ اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ اچھے تعلقات قدرتی طور پر پروان چڑھتے ہیں لیکن حقیقت اور سچائی یہ ہے کہ تعلقات کو بہتر بنانے کے لئے ان کی مستقل دیکھ بھال کرنا ضروری ہوتا ہے۔ اگر ہم تعلقات کو نظر انداز کرنا شروع کر دیں تو بہت جلد تعلقات خراب ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔

ساتھ وقت گزاریں اس احساس کا کوئی متبادل نہیں ہے کہ اپنے دن کا بہترین وقت اپنے شریک حیات کے ساتھ گزاریں، اس کے لئے ضروری ہے کہ ایک وقت طے کر لیں جس میں صرف دونوں ایک دوسرے کے ساتھ ہوں۔ اس طرح سے دونوں فریقین کے درمیان ایسی محبت پروان چڑھتی ہے جو زندگی کی کٹھن راہوں کے سفر کو بھی آسان بنا دیتی ہے۔ ایک دوسرے کے ساتھ وقت گزارنے کا مطلب صرف یہ نہیں ہے کہ آپ مل کر ٹی وی دیکھیں بلکہ دوسرے کئی کام کئے جا سکتے ہیں مثلاً کہیں سیر و تفریح کے لئے چلے جانا، کوئی گیم کھیلنا، یا ہوٹل میں کھانا کھانا وغیرہ۔

ایک دوسرے کو احساس دلائیں شریک حیات کے ساتھ زندگی کے مختلف تجربات شیئر کریں، مختلف امور کے متعلق منصوبہ بندی کریں دونوں کے ذوق کو مدنظر رکھتے ہوئے کمرے کی سجاوٹ کریں اور ایک دوسرے کو احساس دلائیں کہ وہ اسکے لئے کتنا اہم ہے؟ اور اس کی زندگی فریق ثانی کے بغیر ناممکن اور ادھوری ہے۔

اختلافات کو نظر انداز کریں ایک دوسرے کے درمیان ہونے والے اختلافات کو نظر انداز کریں، ہر معاملے کے مثبت پہلو پر غور کریں اور اس پر ایک دوسرے کی حوصلہ افزائی کریں۔ اس طرح آپ کے تعلقات مضبوط ہوں گے۔

تبدیلی کی توقع مت رکھیں اگر آپ اور آپ کا شریک حیات اس بات کی کوششیں کرنا ختم کر دیں کہ وہ ایک دوسرے کو تبدیل کر دیں گے تو زندگی میں بحث مباحثے کا ایک سب سے بڑا موضوع ختم ہو جائے گا بلکہ اس کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ آپ فریق ثانی کو بتائیں کہ آپ اسے کیسا دیکھنا چاہتے ہیں؟ گھریلو کام کاج میں جہاں تک ممکن ہو ہاتھ بٹائیں۔ اس طرح آپ اس کا دل جیتنے میں کامیاب ہو جائیں گے اور وہ بھی گھریلو امور خوش دلی کے ساتھ انجام دینے لگے گی۔

متنازع اُمور میں نہ اُلجھیں کچھ اُمور ایسے ہوتے ہیں جن پر میاں بیوی کے درمیان فرق نہیں پایا جاتا تو (باقی صفحہ 59)

قابل رشک موت اور جنتی خاتون کا جنازہ!

نازیہ خالد

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ سے امید ہے کہ آپ خیریت سے ہوں گے۔ اللہ آپ کا دستِ شفقت ہمارے سروں پر سلامت رکھے' آمین!

حضرت جی میں نے نومبر 2023 ہجویری محل سوا ارب درود پاک کے چلہ میں شرکت کی۔ وہاں وہ عجب واقعہ اپنی آنکھوں سے دیکھا' نمازِ جمعہ کے بعد وضو کرنے کے لیے جاتی ہوں تو کیا دیکھتی ہوں کہ ایک عورت بے ہوش ہوگئی ہے' میں وہاں جاتی ہوں۔ اس عورت کی ساتھ والی عورتوں سے پوچھتی ہوں کہ انہیں کیا ہوا تو وہ بتاتی ہیں کہ یہ اماں بے ہوش ہوگئی ہیں۔ انہیں اب ہسپتال لے کر جانا ہے' میں ان سے کہتی ہوں کہ یہاں پر بھی عبقری کی طرف سے ڈاکٹروں کی ایک ٹیم موجود ہے۔ میں فوراً بھاگ کر ڈاکٹروں کے کیمپ میں جاتی ہوں۔ میں ڈاکٹر سے کہتی ہوں کہ مہربانی کر کے آپ میرے ساتھ چلیں۔ وہاں موجود خدمت والے بھی تعاون کرتے ہیں۔ میں چند ہی منٹ میں ڈاکٹر کو لے کر پنڈال میں پہنچتی ہوں۔ وہ معائنہ کرنے کے بعد بتاتے ہیں اماں جان اللہ کو پیاری ہو چکی ہیں۔ ان کے انتقال کا بہت دکھ ہوا مگر ساتھ یہ بھی خیال آیا کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں کیسی قابل رشک موت دی ہے کیونکہ درود پاک کے چلہ میں ان کی موت واقع ہوئی۔

اس دن جب رات کو سوتی ہوں تو میں خواب میں کیا دیکھتی ہوں کہ ایک بہت ہی خوبصورت مسجد ہے مگر اُس کا کوئی دروازہ نہیں ہے۔ اس اماں کی میت وہاں پر ہے۔ میت کے ساتھ میں کچھ خدمت والی خواتین بھی ہوتی ہیں۔ مگر اماں کی میت کو جو خواتین غسل دے رہی ہوتی ہیں انہوں نے سفید رنگ کے نورانی لباس پہنے ہوتے ہیں۔ وہ ہمیں کہتی ہیں کہ اللہ والیوں کھڑی کیوں ہو۔ آؤ ہمارے ساتھ اس نیک جنتی خاتون کو غسل دو۔ میں اور خدمت والی خواتین ان کے ساتھ مل کر اس جنتی خاتون کو غسل دیتے ہیں۔ مجھے یہ نہیں پتہ کہ وہ کونسی جگہ تھی اور وہ کونسی مخلوق تھی۔ مگر جب میری آنکھ کھلتی ہے تو اس مبارک خواب پر اس اماں کے بارے میں سوچتی ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے سوا ارب درود پاک کے چلہ کی برکت سے کیسے ان کا خاتمہ بالخیر فرمایا ہے۔ ایک دن ہم سب نے اس دنیا سے جانا ہے' اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ مجھے بھی ایسی ہی موت دے جیسی موت اس اماں کو نصیب ہوئی۔ اللہ ہم سب کو عطا فرمائیں' آمین۔

عبقری لال قلعہ شاہی ٹانک
باسٹھ سال عمر ہے اور میری صحت اب بھی قابل رشک ہے اور اس کا راز عبقری دواخانہ کا لال قلعہ شاہی ٹانک ہے' سر کے بالوں سے پاؤں کے ناخن تک طاقت اور شباب کا خزانہ ہے (امجد کمال)
وقت سے پہلے بڑھاپا اور قوت خاص کی کمی کا مؤثر علاج
لاعلاج مریض صحت یاب: اگر کوئی لاعلاج بیماری میں مبتلا ہے' جادو یا نظر بد کے اثرات ہیں۔ شب برات تسبیح خانہ میں گزاریں ان اثرات سے نجات پائیں (مہمانوں کے لئے بہترین اور کشادہ لنگر کا انتظام ہوگا)

ذہنی صلاحیت کی کمی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا بیٹا شادی کے تین سال بعد پیدا ہوا تھا، اس کی نظر کمزور ہے۔ ہم نے شہر کا کوئی ڈاکٹر نہیں چھوڑا جسے بیٹے کی نظر نہ دکھائی ہو۔ بچے کو ذہنی طور پر باتوں اور معاملات کی عقل ہے، شرارتیں بھی کرتا ہے لیکن خود سے کچھ نہیں کھاتا جب تک میں اسے خود نہ کھلاؤں، اسے راستے یاد رہتے ہیں اور سب رشتوں کی بھی پہچان ہے لیکن پڑھائی میں ذہن بالکل کام نہیں کرتا۔ اس کو حاجت کی ضرورت ہو تو کہیں بھی بیٹھ کر کر لیتا ہے۔ میرے اس بچے کے لئے کوئی علاج تجویز فرمادیں۔ (ثناخرم، راولپنڈی)

مشورہ: زرشک شیریں ایک بڑا چمچ ایک گلاس دودھ میں ڈال کر رات کو رکھ دیں اور صبح ناشتے میں نیم گرم کر کے بچے کو زرشک کھلا کر دودھ پلا دیں۔ گرمیوں میں دودھ کی جگہ آدھا کپ خالص عرق گلاب میں رات بھر زرشک بھگو کر صبح استعمال کروائیں۔ نظر، دماغی قوت، حافظے اور بچوں کی نشوونما کے لئے بے حد مفید نسخہ ہے۔

ریڑھ کی ہڈی کا درد

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بیوی کو ریڑھ کی ہڈی کا مسئلہ ہے، ہڈی میں درد ہوتی ہے، کمزوری بہت زیادہ ہے، سر میں درد رہتا ہے۔ میں اہلیہ کی وجہ سے بہت پریشان ہوں۔ مہربانی فرما کر کوئی علاج تجویز فرمائیں۔ بڑی امید سے آپ کو اپنا مسئلہ لکھ رہا ہوں۔ (عبدالخالق، بہاولپور)

مشورہ: آپ انہیں عبقری دواخانہ کا کمر، جوڑوں اور پٹھوں کا درد کورس استعمال کروائیں۔ قدرت کی انمول جڑی بوٹیوں سے تیار کردہ یہ کورس آپ کو مایوس نہیں کرے گا۔ اس کے ساتھ کراماتی تیل کی مالش کریں۔

مردوں کے پوشیدہ امراض

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری شادی کو دو سال ہو گئے ہیں، شادی سے قبل قطروں کا مسئلہ تھا، یہ مسئلہ اب مزید بڑھ گیا ہے۔ پانچ سال سے اس مرض نے مجھے بے چین کر رکھا ہے۔ پیشاب کے ساتھ قطرے بھی آجاتے ہیں۔ میرے پاؤں کی ایڑھیوں میں درد ہوتا ہے کمر میں بھی درد ہوتا ہے۔ علاج کروا کروا کر میں تھک گیا ہوں۔ جب تک دوا کھاتا ہوں فائدہ ہوتا ہے دوا چھوڑتا ہوں تو پھر مسئلہ شروع ہو جاتا ہے۔ آج کل شوگر کا بھی مسئلہ شروع ہو چکا ہے۔ تھکاوٹ بہت ہوتی ہے اور جسم میں خون کی بھی کمی ہے۔ اس مسئلے کا حل تجویز فرما دیجئے۔ (محمد ایاز، میرپور خاص)

مشورہ: سونف، زیرہ سفید، اندرجو شیریں، کباب چینی اور چھلکا اسپغول ہموزن کوٹ پیس کر محفوظ کر لیں۔ آدھا چمچ دن میں چار بار پانی کے ہمراہ مستقل استعمال کریں۔ مردوں کے پوشیدہ امراض کیلئے بہت مفید ہے۔ تقویٰ، طہارت اختیار کریں اور نماز کی پابندی کریں۔ ہر وقت باوضو رہنے کی کوشش کریں۔

تیز نظر اور دماغی طاقت کا صدری راز

سر میں خشکی اور بالوں کے مسائل کا حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری چھوٹی بہن کے سر میں بہت عرصے سے خشکی ہے بہت دوائی اور ٹوٹکے استعمال کر چکے ہیں لیکن فرق نہیں اور بڑی بہن کے بازو پر چنبل ہے۔ یہ بچپن سے ہے اب اس کی عمر بیس سال ہے اور وہ بھی دوائیاں استعمال کرتی ہے لیکن وقتی فائدہ ہوتا ہے برائے مہربانی کوئی ٹوٹکہ یا دوائی تجویز فرمایئے۔ (عابدہ)

مشورہ: سر کی خشکی کے لئے عبقری دواخانہ کا طب نبوی ہیئر آئل اور انمول ہربل پاؤڈر ملا کر رات سوتے وقت اچھی طرح سر پر لگائیں۔ بالوں کے مسائل اور سر کی خشکی میں فائدہ ہوگا۔ چنبل کے لئے عبقری دواخانہ کی سکونی مرہم استعمال کروائیں۔ سکونی مرہم چنبل کے علاوہ بھی بے شمار جلدی بیماریوں کا بہترین علاج ہے۔

گلٹی کی تکلیف

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بائیں چھاتی میں گلٹی بنی ہوئی ہے۔ گلٹی میں درد بھی ہے چند دن پہلے ہی یہ گلٹی نمودار ہوئی ہے۔ (ہما کلثوم، گوجرانوالہ)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کا گلٹیوں اور رسولیوں سے نجات کورس استعمال کریں۔ بہت سی خواتین جنہیں گلٹیوں اور رسولیوں کے مرض نے ناامید کر دیا تھا ان کیلئے یہ کورس نئی زندگی ثابت ہوا ہے۔ جسم میں کسی بھی جگہ گلٹیاں رسولیاں ہوں، جسم میں کسی بھی جگہ ہوں، اس کا کچھ عرصہ استعمال آپ کو مکمل شفاء دلائے گا۔

بستر مرگ پر پڑے سسکتے تڑپتے آہ وبکا کرتے مریضوں کے خلوط
آسان غذائی و ادویاتی علاج
براہ راست شیخ الوظائف سے جانیئے
فوری رابطہ کریں

معدہ، جگر اور آنتوں کے مسائل کا علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گذارش ہے کہ میں بیس بائیس سال سے بیمار ہوں جس وجہ سے گھر کا نظام بھی خراب ہے۔ میں بخار، معدہ، جگر، بڑی آنت اور چھوٹی آنت کے عارضہ میں مبتلا ہوں۔ بیماری دن بدن بڑھتی جا رہی ہے۔ آنتوں میں اور جسم میں سوزش بھی ہے۔ (نذر حسین، سیالکوٹ)

مشورہ: معدہ، جگر اور آنتوں کے لئے چار مغز لے کر روزانہ صبح ایک چائے کا چمچ پانی کے ساتھ لیں۔ شام کو شربت بنفشہ کو دو اونس پانی میں حل کر کے پئیں۔ مرچ مسالے سے پرہیز کریں۔ ساگودانہ، دلیہ، سوجی کا حلوہ، گاجر کا حلوہ، کدو، لوکی، شلجم، گاجر بغیر مرچ مصالحے کے پکا کر روٹی یا کھچڑی سے کھائیں، ان شاء اللہ افاقہ ہوگا

دماغ میں پانی، جسم مفلوج

میری بھتیجی کی عمر چار سال ہے، جب وہ پیدا ہوئی تو بالکل ٹھیک تھی لیکن تین ماہ بعد بخار ہوا، پھر اس کے ساتھ جھٹکے لگے اور ساتھ ہی دماغ کا مسئلہ بھی ہوا، معائنہ کروانے سے معلوم ہوا کہ دماغ میں پانی ہے، آپریشن بھی کروائے لیکن مسئلہ حل نہ ہو سکا۔ بچی نہ اٹھ سکتی ہے نہ بیٹھ سکتی ہے، بس لیٹی رہتی ہے، اس کی دائیں طرف کا حصہ کام نہیں کرتا۔ (نایاب فاطمہ، شکر گڑھ)

مشورہ: آپ بچی کو عبقری دواخانہ کی تیار کردہ روحانی پھکی کی چند ڈبیا استعمال کروائیں، اس کے استعمال سے بے شمار لاعلاج مریض صحت یاب ہو چکے ہیں، ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

صرف وہ مریض لکھیں جو زندگی سے مایوس، ناامید ہو گئے!

اس صفحہ پر امراض کا علاج اور مشورہ ملے گا توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں کھولتے ہوئے خط پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ روحانی مسائل کے لئے علیحدہ خط لکھیں۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام، موبائل نمبر اور شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔ نوجوانوں کے خطوط احتیاط سے شائع کیے جاتے ہیں ایسے خطوط کے لئے جوابی لفافہ لازم ہے کیونکہ اکثر خطوط اشاعت کے قابل نہیں ہوتے۔

عبقری نورتن شفاء
الرجی، اٹھڑا، خون کی خرابی، گیس اور دائمی قبض کیلئے انوکھی دوا / میری ہمشیرہ کو اٹھڑا کا مرض تھا، اولاد پیدا ہوتی لیکن انتقال ہو جاتا، مجھے کسی نے عبقری کی نورتن شفاء کا بتایا ہم نے ہمشیرہ کو استعمال کروائی۔ اللہ نے صحت مند اولاد سے نوازا ہے۔ (امیر حمزہ، خانیوال)

طاقتور ترین سفلی جادو کا توڑ: تسبیح خانہ میں شب برات کی خاص نورانی گھڑی میں عمل کروایا جائے گا، اس میں جادو کے ڈسے اور بیماری سے لاچار صحت یاب ہوں گے (لذت اور صحت سے بھرپور کھانوں سے مہمانوں کی تواضع کی جائے گی)

محمد سالم سہیل' عارفوالہ

جادو جنات کا شرطیہ خاتمہ اور حاجت پوری! آزما لیں

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! گزشتہ سال رمضان تسبیح خانہ میں گزارنے کی سعادت نصیب ہوئی۔ یہ میری زندگی کا بہترین رمضان تھا جس میں رب کی برکتیں' رحمتیں اور عطائیں پانے کا سنہری موقع ملا۔ میں حافظ قرآن تھا' اس لئے تسبیح خانہ کی ایک بلڈنگ میں تراویح سنانے کی سعادت بھی نصیب ہوئی۔ ایسا روحانی ماحول نصیب ہوا کہ سارا دن ذکر' تسبیح اور تلاوت میں مشغول رہتا۔ اللہ کے نام کی ایسی لذت کبھی حاصل نہ ہوئی تھی جو تسبیح خانہ میں رمضان گزارنے سے نصیب ہوئی۔

دراصل زندگی میں بہت زیادہ رکاوٹیں' مشکلات اور مصائب تھے جو ختم ہونے کا نام نہیں لے رہے تھے۔ انہی مسائل کی گٹھڑی اٹھائے رمضان گزارنے کے لئے تسبیح خانہ میں آیا تھا۔ صبح وشام کی روحانی محفل اور ان میں ہونے والے طاقتور روحانی اعمال میں بھی انہیں مشکلات' رکاوٹوں اور مسائل کے حل کی نیت سے اس یقین کے ساتھ شریک ہوا کہ یہ اعمال میری زندگی کے تمام مسائل کا آخری حل ہے اور ان شاء اللہ انہی کے ذریعے اللہ سے اپنی حاجات منوا کر یہاں سے واپس جاؤں گا۔ فجر کی نماز کے بعد بندش توڑ لاہوتی عمل اور تراویح کے بعد مجرمانہ حاضری کے ساتھ ساتھ آپ نے حروف تہجی کے نقش کا جو عمل کروایا اور اس کے علاوہ جتنے بھی اعمال خصوصاً جو آخری عشرہ میں کروائے گئے تھے' وہ تمام یقین' توجہ اور دھیان کے ساتھ کیے۔

بندشیں' رکاوٹیں اور پریشان زندگی

اس دوران اللہ تعالیٰ نے ایک بات دل میں ڈال دی کہ اس پروردگار کی شان کریمی کے صدقے ان شاء اللہ تمام رکاوٹیں ختم ہو گئی ہیں۔ پہلے دل میں بے چینی' بے سکونی اور ناامیدی کی کیفیات تھیں لیکن تسبیح خانہ میں رمضان گزارنے کے بعد دل پُرسکون ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنا خاص کرم کیا' رمضان المبارک کا بابرکت مہینہ گزارنے کے بعد جب گھر واپس آیا تو معاملات میں بہتری دکھائی دینے لگی۔ ہمارے گھر میں جادو جنات' بندشوں اور رکاوٹوں کے جو مسائل تھے وہ کم ہونا شروع ہو گئے۔ کافی عرصہ کے بعد گھر میں سکھ اور چین کے لمحات نصیب ہوئے۔ آہستہ آہستہ گھر سے بیماریاں' پریشانیاں اور مصائب کا خاتمہ ہونے لگا اور پھر چند ماہ بعد ہی اللہ تعالیٰ نے فتوحات کا ایسا دروازہ کھولا کہ رزق میں ریل پیل ہو گئی۔ جادو جنات' آسیب اور بندشوں جیسے مسائل سے مکمل چھٹکارا مل گیا۔ میرے پڑھائی کے معاملات میں کافی رکاوٹیں تھی الحمدللہ وہ بھی ختم ہو گئیں۔ اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کرتا ہوں اور شیخ الوظائف کو دن رات دعائیں دیتا ہوں کہ ان کی نگرانی میں کیے گئے روحانی اعمال اور دعاؤں کی برکت سے میری دکھوں اور مشکلات میں ڈوبی ہوئی زندگی خوشحال اور آباد ہو گئی۔ قارئین سے بھی یہی گزارش کروں گا کہ اگر آپ کسی بھی الجھن' مشکل یا مصیبت میں گرفتار ہیں یا جادو جنات کے ستائے ہیں تو ابھی سے رمضان المبارک کا مہینہ تسبیح خانہ میں گزارنے کی نیت سے کر لیں۔ ان شاء اللہ حالات بہتر سے بہترین ہو جائیں گے۔

چند لمحات کے عمل سے برسوں پرانا جادو ختم

جادو جنات کے ستائے رمضان المبارک تسبیح خانہ میں گزاریں' چند لمحات کا طاقتور عمل کروایا جائے گا' برسوں پرانا جادو اور اس کے کالے اثرات کا خاتمہ ہو جائے گا۔ بے شمار نے اس عمل سے فیض پایا' آپ بھی ابھی سے تیاری کریں۔

شوگر کی بیماری سے نجات کا آزمودہ عرق!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے بیس سال سے شوگر کا عارضہ تھا۔ مسلسل احتیاط اور علاج کے ساتھ زندگی گزار رہا تھا۔ لیکن اس کے باوجود بھی اس مرض کی وجہ سے میری زندگی اجیرن ہو چکی تھی' زندگی سے ہر ذائقہ اور ہر لذت ختم ہو چکی تھی' جسم ناکارہ ہوتا جا رہا تھا۔ عبقری سے تعارف ہوا تو یہاں علاج کی غرض سے آنا ہوا تو مجھے عرق شوگر شفاء اور نورتن شفاء کی چند ڈبیاں استعمال کرنے کی تاکید کی گئی۔ میں نے عبقری دواخانہ سے یہ ادویات خرید استعمال کرنا شروع کی تو ان کی پہلی خوراک نے ہی اپنا اثر دکھایا' جسم میں تبدیلی محسوس ہوئی جیسے کوئی بہت طاقتور ٹانک استعمال کیا ہو۔ میں نے چند ڈبیاں ان ادویات کی استعمال کیں اس سے مجھے جو شوگر کی وجہ سے جن عوارضات کا سامنا تھا وہ سب ٹھیک ہو گئے اور میری ساری پریشانی بھی ختم ہو گئی۔ شوگر بھی اب نارمل لیول پر رہتی ہے' پہلے کھانے پینے میں تھوڑی بھی بے احتیاطی ہو جاتی تو شوگر لیول بہت بڑھ جاتا اور میری حالت غیر ہو جاتی لیکن اب عبقری دواخانہ کی تیار کردہ نورتن شفاء اور عرق شوگر شفاء کے استعمال سے مجھے اتنا فائدہ ہوا ہے کہ اگر کبھی میٹھا کھا لوں اور کھانے پینے میں کبھی کبھار بے احتیاطی ہو جائے تو کوئی مسئلہ نہیں ہوتا۔ عبقری کی ان ادویات نے میری زندگی کی رونقیں دوبارہ بحال کر دی ہیں۔ میں عبقری دواخانہ کا انتہائی مشکور ہوں کہ اتنی خوبیوں سے بھرپور ادویات تیار کر کے مریضوں کو نئی زندگی دی ہے۔ میری اللہ سے دعا ہے کہ عبقری کو سدا شاد و آباد رکھے تاکہ لوگوں کو خالص دیسی غذائیں اور ادویات میسر ہوں جس سے ان کی صحت برقرار رہے اور شفاء کا ذریعہ بنے' آمین۔ (وحید اختر' لاہور)

ڈیپریشن' چند گھونٹ سے ختم

میں نے عبقری سوشل میڈیا سے عنابی قہوہ کے بارے میں پڑھا' مجھے دائمی نزلے کا مسئلہ تھا۔ میں نے استعمال کیا اس کے ایک ایک گھونٹ نے مجھے وہ تسکین پہنچائی جو بڑے مہنگے علاج سے بھی نہیں ملی تھی۔ پھر میں نے کئی دوست احباب کو اس کے بارے میں بتایا' ایک بندے کو غصہ چڑچڑا پن، ٹینشن اینگزائٹی بہت زیادہ تھی۔ وہ دماغی بیماریوں میں جکڑا ہوا تھا' اس کو دی تو اس نے کہا کہ بہت ہی کمال چیز ہے اور اس کا رزلٹ بہت اچھا ہے۔ اس کے بقول میں نے اپنی زندگی میں اس سے اچھا رزلٹ کسی دوا میں نہیں دیکھا۔ عنابی قہوہ کی ترکیب: عناب، سپستان اور بہی دانہ ہم وزن لے کر ہلکا کوٹ کر رکھ لیں۔ ڈیڑھ کپ پانی میں آدھا چمچ یہ قہوہ ڈال کر ابالیں' جب ایک کپ رہ جائے تو حسب ضرورت میٹھا ڈال کر چسکی چسکی پئیں۔ اس کا ایک ایک گھونٹ دماغ کو تسکین اور طاقت دیتا ہے۔ یہ خیال رہے عناب اور سپستان کو کیڑا نہ لگا ہوا ہو اور بہی دانہ اصل ہو۔ (یٰسین، سکھر)

سردیوں میں خشکی' پھٹے ہوئے ہاتھوں اور پاؤں کیلئے بہترین
عبقری ویزلین
سردی کے موسم میں جسم پر خشکی اور ہاتھ پاؤں بھی پھٹ جاتے' کسی نے ویزلین لگانے کا مشورہ دیا۔ میں نے مسلسل ناف اور ناک میں ویزلین لگانا شروع کی جسم کی خشکی اور ہاتھ' پاؤں کا پھٹنا ٹھیک ہو گیا۔ (عمیر سہیل، فیصل آباد)

نسلوں کے نصیب سنواریں: جو 15 شعبان کی رات تسبیح خانہ کے اعمال میں شامل ہوگا' اس کی نسلوں کے نصیب' مقدر سنور جائیں گے کبھی ذلت' علت نہیں آئیگی (تسبیح خانہ کی طرف سے بہترین لنگر کا انتظام ہوگا)

شیخ محمد عمیر ٹوبہ ٹیک سنگھ

مرادیں پانے کیلئے سالہا سال کے آزمودہ تجربات

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! مخلوق خدا میں جو آپ خیریں اور برکتیں پھیلانے کا ذریعہ بن رہے ہیں' اللہ تعالیٰ سے دعا ہے آپ کے اس کار خیر میں دن دگنی اور رات چگنی ترقی عطا فرمائے۔ آج اپنے کچھ مجرب وظائف عبقری رسالہ کے لئے تحریر کر رہا ہوں جو بچپن سے آزمودہ ہیں' ان شاء اللہ قارئین کو اس سے بہت نفع ہوگا۔

گمشدہ چیز کی تلاش

اگر کسی شخص کی کوئی چیز گم ہو جائے اور تلاش کرنے کے باوجود بھی نہ مل رہی ہو تو اسے چاہیے کہ مسلسل لاتعداد اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ۝ کا ورد کرتا رہے۔ ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے جلد ہی گمشدہ چیز واپس مل جائے گی۔

مشکلات سے نجات

اگر کوئی سخت مشکل آن پڑے یا کسی کام میں کوئی رکاوٹ پیش آجائے یا پھر کوئی شخص جان بوجھ کر آپ کے کام میں بلا وجہ دخل اندازی یا پریشانی کا سبب بن رہا ہو تو اس سے چھٹکارے کے لئے سارا دن درج ذیل درود پاک کثرت سے پڑھیں' ان شاء اللہ مشکلات ختم ہو جائیں گی۔

درود پاک: صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ یَا مُحَمَّدُ نُوْرٌ مِّنْ نُّوْرِ اللّٰہِ

حاجات منوانے کا مجرب عمل

عبقری سے ملنے والا عمل دو انمول خزانے جو کتابچہ کی صورت میں عبقری دواخانہ لاہور عبقری ایجنسی ہولڈر سے بھی مل جاتا ہے اسے زندگی کے مختلف معاملات میں آزمایا اور مجرب پایا۔ شادی میں رکاوٹ ختم ہوئی۔ بہت سی پریشانیاں ختم ہوئیں۔ دل سے نفرتوں کا بوجھ ختم ہوا۔ امت کے لئے مانگنے کا جذبہ پیدا ہوا اور حاجات پوری ہوئیں۔ جھوٹ' غصہ' غیبت سے چھٹکارا ملا۔ دو انمول خزانہ پڑھنے سے انوکھی حفاظت ہوتی ہے' اگر کوئی بہت زیادہ خطرناک حادثہ پیش آبھی جائے تو معمولی سی چوٹ آتی ہے۔

چوری شدہ مال بازیاب

اگر کسی گھر میں جنات چوریاں کرتے ہوں' اچانک سامان غائب ہو جاتا ہو ایسے حالات میں گھر کے چند افراد مل کر ایک ہی نشست میں 29 مرتبہ سورۂ طٰہٰ (پارہ 16) اول آخر گیارہ بار درود شریف کے ساتھ پڑھ لیں تو ان شاء اللہ چوری شدہ سامان واپس مل جاتا ہے۔ ہمارے گھر سے قیمتی سامان چوری ہو گیا تھا جو جنات نے چرایا تھا۔ اسی عمل کی وجہ سے الحمدللہ سامان واپس مل گیا۔

برے اور ڈراؤنے خوابوں کا خاتمہ

اگر کسی کو برے اور ڈراؤنے خواب آتے ہوں تو اسے چاہیے کہ ہر نماز کے بعد سات مرتبہ یَا لَطِیْفُ یَا خَبِیْرُ پڑھنا شروع کر دے۔ اس عمل کی بدولت نیک اور اچھے خواب آنا شروع ہو جاتے ہیں۔ میں خود کئی سال سے یہ عمل کر رہا ہوں۔ اس عمل کی وجہ سے نیک درویش اللہ کے ولیوں سے خواب میں ملاقات نصیب ہوئی۔ ان سے باتیں اور عنایتیں نصیب ہوئیں' بہت ہی مجرب عمل ہے۔

شیخ الوظائف سے براہ راست سوال و جواب کا موقع

اس سال رمضان المبارک تسبیح خانہ میں گزاریں اور روزانہ نماز تراویح کے بعد محفل میں شیخ الوظائف سے براہ راست اپنے طبی و روحانی مسائل کا حل پوچھیں۔

حکیم لقمان کی حکمت و دانائی کا سبق آموز واقعہ

زمانہ جنگ میں ایک مرتبہ حکیم لقمان گرفتار ہو گئے' ایک امیر تاجر نے آپ کو خرید لیا۔ آپ بظاہر شکل وصورت کے سادے اور سیاہ فام تھے۔ جبکہ تاجر کے دوسرے غلام اچھی شکل وصورت والے تھے۔ اس لئے وہ سب لقمان حکیم کا بہت مذاق اڑایا کرتے تھے اور مالک سے بھی بے جا ان کی شکایتیں کرتے رہتے' حتیٰ کہ اپنے حصے کا کام بھی ان پر لاد دیتے۔ حکمت کا خزانہ رکھنے والے حکیم لقمان کبھی بھی شکایت کا ایک لفظ زبان پر نہ لاتے تھے۔ اگرچہ سر سے پاؤں تک جسم کا رنگ سیاہ تھا مگر باطن کے انتہائی روشن' دانا اور عقلمند تھے۔ آپ دانائی کی ایسی باتیں کرتے کہ جو بھی سنتا وہ دانوں تلے انگلیاں دبا لیتا۔

جس شخص نے آپ کو خریدا تھا اس کے پھلوں کے کئی باغات تھے۔ جب درختوں پر پھل پک جاتے تھے تو وہ غلاموں کو پھل توڑنے کے لیے بھیجتا۔ بعض اوقات غلام جتنے پھل جمع کرتے ان میں سے اکثر خود کھا جاتے تھے۔ ایک دفعہ مالک کو اس بات کی خبر ہو گئی کہ غلام اکثر مال ہڑپ کر جاتے ہیں۔ مالک نے جب غلاموں سے تفتیش کی تو انہوں نے اپنی جان بچانے کی خاطر سارا الزام لقمان حکیم پر ڈال دیا۔ مالک بھی ان کی باتوں میں آکر لقمان سے بے جا ناراض ہو گیا اور پہلے سے بھی زیادہ سختی کرنے لگا اور خوب ڈانٹا۔ آخر حکمت کدہ مجبور ہو کر بول اٹھا ''اے آقا! یہ سب جھوٹ بولتے ہیں میں نے آج تک کبھی بھی آپ کے مال اور امانت میں خیانت نہیں کی۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کے حضور بے ایمان شخص کی بخشش ہی نہیں۔ اب مناسب یہی ہے کہ آپ ہم سب کا امتحان لیں۔ ہم سب غلاموں کو پیٹ بھر کر گرم پانی پلائیں اور خود گھوڑے پر سوار ہوں اور غلاموں کو حکم دیں کہ سب گھوڑے کے ساتھ ساتھ دوڑیں' خدا نے چاہا تو سارا بھید کھل جائے گا کہ میں سچ کہہ رہا ہوں یا جھوٹ۔ مالک کو لقمان کی یہ تجویز بہت پسند آئی' چنانچہ اس نے تمام غلاموں کو اپنی نگرانی میں گرم پانی پلایا جسے لقمان نے بھی پیا۔ مالک نے اپنے گھوڑا دوڑایا اور ساتھ ساتھ غلاموں کو بھی دوڑنے کو کہا۔ تھوڑی ہی دیر بعد غلاموں کو جی متلانے لگا۔ سب نے قے کر کے جو کھایا تھا سب اُگل دیا۔ جبکہ لقمان نے جو قے کی وہ بالکل صاف تھی۔ یہ دیکھ کر مالک کو لقمان کی سچائی اور حکمت پر یقین آ گیا۔ مالک نے دوسرے غلاموں کو سخت سزا دی اور لقمان سے معذرت کر کے کہنے لگا کہ میں نے آپ کو نہ پہچانا یہ میری خطا تھی۔ آئندہ سے میرے تمام کام آپ کے سپرد ہیں' آپ ہی سیاہ وسفید کے مالک ہوں گے۔ مالک نے حضرت لقمان کو تمام غلاموں کا سردار بنا دیا۔

حضرت لقمان کی حکمت یہ حیرت انگیز کرشمہ دکھا سکتی ہے تو وہ فاعل حقیقی جس نے لقمان کو پیدا کیا' وہ کھرے اور کھوٹے کو الگ الگ کرنے میں کس کا محتاج ہو سکتا ہے۔ اس لئے ہمیں خود ہی اپنی اصلاح کر لینی چاہیے تاکہ کہیں ان غلاموں کی طرح ہمارا بھی بھرم نہ کھل جائے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے عنایت کردہ حکمت و دانائی سے ایک شخص کو جھوٹ اور سچ کو ظاہر کرنے کا کام لے سکتا ہے تو وہ مالک حقیقی تمام انسانوں کے جھوٹ اور سچ کے فریب کو ظاہر بھی کر سکتا ہے جو کہ سراسر حکمت کا مالک ومختار ہے۔ (حوالہ: حکایات رومی ص 172' 173)

14 صدیوں سے آزمودہ عبقری تلبینہ
غذا بھی
دوا بھی
شفاء بھی
جب سے عبقری نے ہمیں تلبینہ سے متعارف کروایا ہے' میں روزانہ عبقری دواخانہ کا تلبینہ بنا کر گھر میں بچوں بڑوں سب کو کھلاتی ہوں' ہر کسی کی صحت میں واضح تبدیلی آئی' بیماریوں سے نجات ملی ہے (آمنہ)

ہر مراد پوری: 15 شعبان کی رات اولیاء' صالحین کے ایسے خاص قبولیت اور محبوبیت والے اعمال کرائے جائیں گے جو مراد دل میں رکھیں گے وہ پوری ہو جائے گی۔ اب آپ کی کوئی مراد ادھوری نہ رہے گی۔

صلاحیتوں اور صالحیت والی نسلیں چاہتے ہیں تو یہ کام کرلیں!

فروری میں پیدا ہونیوالے بچوں کے نصیب، مقدر اور روشن مستقبل کیلئے!

شیخ الوظائف نے پہلی مرتبہ اس علم سے پردہ اٹھادیا، علم العداد اور علم النجوم کے حساب سے پورا مہینہ ہر دن کے حساب سے بچے کی فطرت، احتیاطیں، علم اور وظیفہ

نوٹ: والدین کو بچے کیلئے دیا گیا وظیفہ بچہ خود بھی پڑھ سکتا ہے۔ یہ وظیفہ زندگی بھر کے لئے ہے، مزید دیگر اعمال وظائف کے ساتھ اگر اس وظیفے کو بھی جاری رکھا جائے تو عمر بھر مسائل، مشکلات، مصائب و بیماری سے حفاظت رہے گی۔

1 اس دن پیدا ہونیوالے بچے کسی قدر سخت اور مشکل زندگی گزاریں گے، انہیں کفایت شعاری سکھائیں، تعلیمی معاملات میں ان کی رہنمائی کریں اور دھاتوں کو زمین سے نکالنے اور ان کی صفائی سے متعلق کوئی پیشہ اختیار کرنے کی تلقین کریں۔ صبح و شام **27** بار یَامُجِیْبُ یَارَافِعُ پڑھ کر دم کریں۔ ایک نیا جھاڑو مسجد میں صفائی کیلئے رکھ دیں۔

2 اس دن پیدا ہونے والے بچوں کی آخری عمر اچھے حالات کے تحت نہیں گزرے گی۔ اس لیے ان میں کفایت شعاری پیدا کریں اور تعلیمی معاملات میں ان کی رہنمائی کریں اور تعلیم ایسی دلائیں کہ آئندہ وہ کسی کے محتاج نہ رہیں۔ ایسے بچوں کے والدین صبح و شام ایک مرتبہ ''سورۂ واقعہ'' پڑھ کر دم کریں۔ حسب توفیق بڑا گوشت صدقہ کردیں۔

3 اس دن پیدا ہونے والے بچے زراعت یا سول انجینئرنگ سے متعلق کسی پیشے کو اختیار کرکے کامیاب زندگی گزاریں گے، تعلیم کا شوق ان کے دل میں پیدا کریں۔ صبح و شام گیارہ مرتبہ سورۂ فیل پڑھ کر بچے پر دم کریں۔ حسب توفیق گندم صدقہ کردیں۔

4 اس دن پیدا ہونے والے بچے مہذب اور شائستہ اطوار کے مالک ہوں گے، انہیں عالم دین بنائیے، خوشحال زندگی گزاریں گے۔ تعلیمی معاملات میں ان کی حوصلہ افزائی کریں اور سکول کی رپورٹ اچھی آنے پر تعریف کریں۔ صبح و شام ایک تسبیح یٰسٓ مُبِیْن پڑھ کر دم کریں۔ صدقہ، کسی بھوکے کو کھانا کھلادیں۔

5 اس دن پیدا ہونے والے بچوں کو خطرہ والی جگہ پر انویسٹمنٹ کرنے کے نقصان اور بچت کے فوائد سے ضرور آگاہ کریں۔ کنسٹرکشن کا پیشہ ان کیلئے بہتر رہے گا۔ والدین بچے پر روزانہ ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دم کریں اور دم شدہ پانی پلائیں۔ 7 چاکلیٹ بچوں میں بانٹ دیں۔

6 اس دن پیدا ہونیوالے بچوں کو اخراجات پر کنٹرول رکھنے کی ہدایت کریں۔ اس کے علاوہ دکانداروں کی باتوں میں ہرگز نہ آنے کی ہدایت بھی کریں۔ صبح و شام ''یَابَاسِطُ'' **41** مرتبہ پڑھ کر بچے پر دم کریں۔ پیلے رنگ کی مٹھائی حسب توفیق بانٹ دیں۔

7 اس دن پیدا ہونیوالے بچے کچھ آرٹسٹک صلاحیتوں کے مالک ہوں گے۔ بچوں سے متعلق کسی پیشے کو اختیار کرکے کامیاب زندگی گزاریں گے۔ اول آخر تین بار درود پاک کے ساتھ **1** بار سورۃ فاتحہ تین بار سورۃ اخلاص پڑھیں، یہ عمل اسی ترتیب کے ساتھ صبح و شام **7** بار پڑھ کر بچے پر دم کریں۔ حسب توفیق کبوتروں کو دانہ ڈال دیں۔

8 اس دن پیدا ہونیوالے بچوں کو مالی مشکلات میں محتاط رہنا سکھائیں، تعلیمی معاملات میں ان کی رہنمائی اور حوصلہ افزائی کریں اور الیکٹرک انجینئرنگ میں مستقبل بنانے کی تلقین کریں۔ صبح و شام **21** مرتبہ سورۂ شمس پڑھ کر بچے پر دم کریں۔ ایک کپ چائے کسی کو پلا دیجئے۔

9 اس دن پیدا ہونیوالے بچے بہ حیثیت ادیب یا صحافی اچھا مستقبل بنا سکیں گے۔ تاریخ اور اردو ادب کے مطالعے کی ترغیب دیں۔ صبح و شام **41** مرتبہ یَاعَزِیْزُ یَافَتَّاحُ پڑھ کر بچے پر دم کریں۔ بھنے ہوئے چنے کم از کم چار مٹھیاں زیادہ سے زیادہ ایک کلو بانٹ دیں۔

10 اس دن پیدا ہونیوالے بچے زندگی میں بے شمار اتار چڑھاؤ دیکھیں گے۔ انہیں کفایت شعاری کی تعلیم دیں۔ تعلیمی معاملات میں رہنمائی کریں اور کسی ہنر یا پیشے کی تعلیم ضرور دلائیں تاکہ کسی کے محتاج نہ رہیں۔ صبح و شام گیارہ مرتبہ سورۂ فلق و ناس پڑھ کر بچے پر دم کریں۔ اس ماہ ایک فرد کو کھانا کھلا دیں۔

11 اس دن پیدا ہونیوالے بچوں کو روپے پیسے کے معاملات میں محتاط رہنے کی تعلیم ضرور دیں اور تجارتی مضامین یا کامرس کی تعلیم حاصل کرنے کی ہدایت کریں۔ والدین صبح و شام **19** مرتبہ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ پڑھ کر دم کریں۔ **41** روپے صدقہ کردیں۔

12 اس دن پیدا ہونیوالے بچے بے خوف اور ہم جو ہوں گے۔ فوج میں شمولیت اختیار کرکے اچھا مستقبل بنا سکیں گے۔ ریاضی اور جغرافیہ کی تعلیم حاصل کرنے کی ترغیب دیں۔ نظر بد اتارتے رہیں، صبح و شام گیارہ مرتبہ سورۂ قلم (پارہ **29**) کی آخری دو آیات پڑھ کر دم کریں۔ ایک کلو سیب کسی سفید پوش کو ہدیہ دے دیں۔

13 اس دن پیدا ہونیوالے بچے سرگرم، قوت متخیلہ کے مالک اور آرٹسٹک ہوں گے۔ انہیں تاریخ اور ادب کے مطالعے کی ترغیب دیں۔ صبح و شام **29** مرتبہ سورۂ کوثر پڑھ کر دم کریں۔ بچے کی نیت سے کہیں پھل دار درخت لگا دیجئے۔

14 اس دن پیدا ہونیوالے بچے کسی قدر مشکل زندگی گزاریں گے۔ چنانچہ انہیں کفایت شعاری اور دور اندیشی اور موقع محل دیکھ کر بات کرنے کی ہدایت کریں۔ تعلیمی معاملات میں رہنمائی کریں اور کسی ہنر یا پیشے کی تعلیم ضرور دلائیں تاکہ کسی کے محتاج نہ رہیں۔ بچے پر والدین صبح و شام اکیس مرتبہ یَاحَلِیْمُ یَاعَلِیْمُ یَاعَلِیُّ یَاعَظِیْمُ پڑھ کر دم کریں۔ ایک روٹی ہمراہ سالن کسی فقیر کو کھلا دیں۔

15 اس دن پیدا ہونیوالے بچے بے چین اور سفر کے شوقین ہوں گے، انہیں کفایت شعاری کی تعلیم دیں اور تجارتی مضامین پڑھنے کی ترغیب دیں۔ والدین صبح و شام **21** بار ''یَامُصَوِّرُ'' پڑھ کر دم کریں۔ ایک پاؤ کشمش بانٹ دیں۔

16 اس دن پیدا ہونے والے بچے بری یا بحری فوج میں شمولیت اختیار کرکے اچھا مستقبل بنا سکیں گے۔ ریاضی اور جغرافیہ کی تعلیم حاصل کرنے کی ترغیب دیں۔ صبح و شام **11** بار سورۂ الم نشرح (پارہ **30**) پڑھ کر دم کریں۔ بلی کو دودھ پلا دیں۔ (باقی صفحہ 64 پر)

نوٹ: عبقری ہر عمل مستند دیتا ہے، غیر شرعی نہیں، حوالہ جاننے کیلئے Akabirparaitmad قسط نمبر 613 ملاحظہ فرمائیں۔

روشن دماغ عبقری

حافظہ مضبوط، دماغی خشکی دور، سردرد میں بھی مفید ہے

کام کی نوعیت ایسی ہے کہ ذہن پر بوجھ رہتا ہے، نظر پر بھی اس کا اثر پڑ رہا تھا۔ میں نے عبقری کی روشن دماغ استعمال کرنا شروع کردی، اس نے ذہن کو روشن اور نظر کو تیز کردیا ہے (محمد یحییٰ، لاہور)

سال بھر کے فیصلے: شب برات ایک رات اللہ کو دے دیں، ساری زندگی راحت اور سکون سے گزاریں، آیئے شب برات تسبیح خانہ میں گزاریں (تسبیح خانہ کے لنگر میں پرتکلف بہترین کھانوں کا بھرپور انتظام ہوگا)

تجربات روحی قسط نمبر 48

رومی احمد پوری

کعبہ پر پڑی پہلی نظر میں نے کیا دعا مانگی! دل گداز یادیں

قارئین السلام علیکم! راقم کی جتنی بھی زندگی بسر ہوئی ہے۔ اس میں سے ایک مختصر حصہ اپنے گھر سے باہر' پردیس میں گزرا ہے یعنی سفر میں! میرے سفروں کا آغاز تب ہی ہوگیا تھا جب میں صرف چند روز کا تھا۔ والدین کی محبت اور شفقت کہ وہ راقم کو اول روز سے سفروں میں لے کر چلتے رہے۔ اللہ تعالیٰ نے سائیکل سے لے کر ہوائی جہاز پر سفر کرنے کا موقع دیا' سمندر کے چھوٹے بڑے بحری جہاز تفصیل سے دیکھنے کا بھی موقع دیا۔ جتنے بھی سفر کیے والد محترم مدظلہ کی چھاؤں اور نگرانی میں کیے۔ 2015 کے آخری دن اپنی آنکھوں سے پہلی مرتبہ کعبۃ اللہ شریف دیکھنے کی سعادت ملی۔ میں نے سن رکھا تھا کہ کعبہ کو پہلی مرتبہ دیکھ کر جو دعا مانگو اللہ کی بارگاہ میں قبول ہوتی ہے۔ راقم کی زندگی کے اس عظیم ترین موقع پر بے ساختہ زبان پہ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ اور رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّیّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْیُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا یہ دعائیں آگئیں۔ مجھے اللہ کے وعدے پر یقین ہے کہ یہ دعا قبول ہوگی۔ ان شاء اللہ۔ اس وقت میری عمر کم تھی لیکن والد صاحب کی تربیت کی برکت سے اللہ نے یہ دعائیں جن میں خیر ہی خیر ہے' زبان پر جاری کر دیں۔ مجھے شیخ الوظائف کے ہمراہ طواف کرنا بھی یاد ہے۔ وہ عمرہ کبھی نہ بھول سکوں گا۔ صفا و مروہ کی سعی کے دوران اپنے سب سے چھوٹے بھائی کو اٹھایا ہوا تھا' کبھی والد صاحب اٹھالیتے کبھی میں۔ شیخ الوظائف (میرے والد محترم) نے میرا ہاتھ پکڑ کر کعبہ کا طواف کروایا۔

حرم مدنی مسجد نبوی شریف میں فجر سے اشراق تک شیخ الوظائف کے ساتھ بیٹھا رہتا تھا۔ والد صاحب اعمال نوافل میں مصروف رہتے جبکہ راقم چند اعمال کے بعد بچپنے کی وجہ سے آسمان کو دیکھتا کہ آسمان کالے سے نیلا ہو رہا۔ اللہ کی اس قدرت پر حیرت زدہ ہوتا اور بار بار والد صاحب کو مخاطب کر کے یہ دکھاتا۔

ایک مرتبہ رات کو ہوٹل میں سوئے ہوئے تھے کہ اذان کی آواز آئی' شرمندگی ہوئی کہ فجر کی اذان سے پہلے مسجد نبوی شریف کیوں نہ پہنچ سکے لیکن جب وضو کر لیا اور وقت دیکھا تو حیرانگی ہوئی کہ ابھی فجر کا وقت تو تھا ہی نہیں! عرب ممالک میں تہجد کی اذان بھی ہوتی ہے وہ تہجد کی اذان تھی۔ پچھلی کئی اقساط میں بھی اپنے اسفار کا تذکرہ کیا ہے۔ بزرگ فرماتے ہیں "سفر وہ کچھ سکھاتے ہیں جو مطالعہ نہیں سکھاتا"۔ میرے پہلے عمرے کے اس سفر میں میری اور پورے کنبے کی NEW YEAR NIGHT (سال کی پہلی رات) الحمدللہ حرم میں گزری' جس سے اللہ نے ہماری آنے والی زندگی کے مثبت فیصلے فرمائے۔ سال کی آخری رات جب مصلے پر اللہ سے معافی مانگتے گزرے گی تو گزشتہ سال اور آنے والے سال کے گناہ معاف ہوں گے' جب گناہوں کی ظلمت ختم ہوتی ہے تو اللہ نے ان گناہوں کی وجہ سے جو پریشانیاں مصیبتیں نصیب میں لکھی ہوتی ہیں وہ بھی مٹ جاتی ہیں۔

محمد ارشاد' راولپنڈی

برسوں کا آزمودہ نسخہ! دو دن میں بیمار جانور صحت یاب

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں کافی عرصہ سے عبقری کے ساتھ منسلک ہوں' ہر ماہ عبقری کا رسالہ باقاعدگی کے ساتھ پڑھتا ہوں۔ الحمدللہ تمام باقی گھر والے بھی اس رسالہ میں شائع ہونے والے وظائف اور ٹوٹکوں سے مستفید ہوتے ہیں۔ میرا تعلق راولپنڈی کے قریب ایک گاؤں سے ہے۔ ہم نے گھر میں کافی زیادہ مویشی پال رکھے ہیں۔ آج عبقری سے جڑے مویشی پال حضرات کے لئے اپنا آزمودہ تجربہ لے کر حاضر ہوا ہوں۔

بعض اوقات کسی حادثہ کی صورت میں بھینس کی کھیری (تھن والی جگہ) پر چوٹ لگ جاتی ہے جس سے خون آنا بھی شروع ہو جاتا ہے۔ اس تکلیف دہ صورت سے نجات کے لئے مختلف ادویات اور ٹوٹکے استعمال کیے جاتے ہیں مگر اس کے باوجود اس مسئلے کو حل ہونے میں کافی دن لگ جاتے ہیں۔ خون نکلنے کی وجہ سے بھینس بھی کمزوری کا شکار ہونے لگتی ہے اور دودھ دینے میں بھی کافی تکلیف اور پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ایسی تکلیف دہ صورت سے نجات کے لئے میرے پاس نہایت مجرب نسخہ ہے جو میں نے کئی بار آزمایا ہے۔ اس نسخے کو استعمال کرنے سے صرف دو دن میں بھینس کی کھیری سے خون آنا بند ہو جاتا ہے اور تکلیف بھی ختم ہو جاتی ہیں۔ یہ نسخہ نہایت آسان ہے۔ آدھا کلو دودھ لیں' اسے اچھی طرح ابال لیں۔ جب دودھ ٹھنڈا ہو جائے تو آدھی چھٹانک ہلدی لے کر دودھ میں مکس کر کے بھینس کو کھلا دیں۔ یہ ٹوٹکہ دن میں دو مرتبہ استعمال کروائیں' ان شاء اللہ دو دن کے اندر خون آنا بند ہو جائے گا اور شفا مل جائے گی۔

اس کے علاوہ ایک اور مجرب نسخہ بھی قارئین کی خدمت پیش کرنا چاہوں گا جو ہر مویشی پال گھرانے کی ضرورت ہے۔ اکثر اوقات بھینس یا گائے کا تھن کمزور ہونے لگتا ہے یا کسی اور وجہ سے دودھ دینا کم کر دیتی ہے۔ حتیٰ کے چارہ بھی پورا کھاتی ہو مگر پھر بھی دودھ میں اضافہ کی بجائے کمی واقع ہونا شروع ہو جاتی ہے۔ اس مرض سے نجات کے لئے بھی بارہا کا آزمودہ نسخہ ہے۔ اس نسخے سے بے شمار لوگ مستفید ہو چکے ہیں۔ ان شاء اللہ جو بھی استعمال کرے گا اسے نفع ہوگا۔ بھینس میں دودھ کی کمی ختم کرنے کے لئے آدھا کلو دیسی لہسن لیں' اسے صاف کر کے ہاون دستے میں کوٹ لیں۔ پھر ایک کلو دودھ لے کر اس میں ڈال دیں اور آگ پر پکا کر کھیر بنالیں۔ رات کو بھینس کو کھلا دیں۔ ان شاء اللہ ایک دن یہ نسخہ استعمال کروانے سے بھینس میں دودھ کی کمی ختم ہو جائے گی۔ اگر ایک دن میں فائدہ نہ ہو تو دو دن مزید یہی نسخہ استعمال کروائیں۔

کسان بھائیوں کے لئے خوشحالی کا پیغام

قارئین! کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی' جانوروں یا فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو' یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھے ہیں تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا جو آپ کے لئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ بنے گا اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

بیمار جانوروں کا آزمودہ حل!

جانوروں میں موثن، چارہ نہ کھانا، جگالی نہ کرنا اور سوکھا پن دور کرنے کے لیے "جانور شفاء" لاجواب ہے۔ جانور موٹا تازہ اور صحت مند ہوگا اس کا کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں۔ تمام گھریلو پالتو جانوروں کی تمام بیماریوں کا شافی علاج ہے۔

قیمت -/250 روپے / علاوہ ڈاک خرچ

جلد کی رنگت بجھی ہوئی اور بال سخت اور بے جان تھے۔ عبقری کا سدا بہار حسن و جمال خوبصورتی پیکیج استعمال کرنے سے جلد بھی خوبصورت چمکدار ہوگئی اور بال بھی نرم و ملائم ہو گئے۔ (کنزا شاہین)

عبقری

سدا بہار حسن و خوبصورتی پیکیج

داغ | دھبے | جھریاں | چھائیاں

اب چھوپانے کی ضرورت نہیں

قیمتی موتی لے جائیے: صدیوں سے دکھوں غموں کو ختم کرنے والے آزمودہ عمل شیخ الوظائف سے لے لیجئے اور قسمت کے سکندر بن جائیے شب برات تسبیح خانہ میں گزاریں۔ (لنگر کا بھرپور انتظام ہوگا)

30 سالہ پرانے اذیت ناک مرض کا مزیدار علاج!

سمیرا فیصل آباد

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! کچھ عرصہ پہلے آپ سے باجرے کے فوائد سنے تو مجھے اپنا 30 سال پرانا واقعہ یاد آگیا جو آج عبقری کے قارئین کے لئے لکھ رہی ہوں' مجھے یقین ہے اس سے بے شمار لوگوں کو نفع ہوگا۔

جسم سوکھ کر کانٹا ہوگیا

آج سے تیس سال پہلے کی بات ہے میں لیکوریا کے مرض کا شکار ہوگئی۔ اس بیماری نے میرا جینا محال کر دیا۔ سارا دن شدید کمر درد کی شکایت رہتی اور بہت زیادہ کمزوری ہو گئی۔ اس بیماری ہی کی وجہ سے میرا جسم سوکھ کر کانٹے کی طرح ہوگیا۔ میں شدید اذیت میں مبتلا تھی۔ اس وقت کم عمر تھی' شرم کی وجہ سے اپنی اس بیماری کا کسی سے تذکرہ بھی نہ کرسکی۔ ان دنوں میں نے کسی جگہ لیکوریا کے مرض سے نجات کے لئے باجرے کا ایک ٹوٹکا پڑھا۔ میں نے فیصلہ کیا کہ آسان سا ٹوٹکہ ہے اسے آزما کر دیکھ لوں' ممکن ہے اس سے شفاء مل جائے۔ وہ ٹوٹکہ باجرے کا دلیہ تھا جو میں نے بتائی گئی ترتیب کے مطابق بنایا اور استعمال کیا۔ چند بار یہ نسخہ استعمال کرنے سے مجھے افاقہ ہوا اور یقین ہوگیا کہ بہت جلد ان شاء اللہ مکمل نجات بھی مل جائے گی۔ میں نے یہ نسخہ مسلسل سات دن تک استعمال کیا جس سے لیکوریا کا مرض جڑ سے ختم ہوگیا۔ آج اس بات کو تیس سال گزر چکے ہیں الحمدللہ دوبارہ کبھی بھی اس مرض کی شکایت نہیں ہوئی۔ آج تک میں نے یہ نسخہ اور واقعہ چھپائے رکھا مگر آج عبقری قارئین کے لئے تحریر کر رہی ہوں تاکہ میری طرح دوسری خواتین بھی اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔ نسخہ کی ترتیب درج ذیل ہے۔

باجرہ ایک کپ' گندم کا دلیہ ایک کپ' دیسی گھی ایک کپ' اگر بوجہ مجبوری دیسی گھی موجود نہ ہو تو عام بناسپتی گھی بھی لے سکتے ہیں مگر دیسی گھی سے زیادہ فائدہ ہوگا' شکر یا چینی حسب ذائقہ اور پانی تین کپ لیں۔ گندم کا دلیہ گھی میں بھون لیں اور جب براؤن ہو جائے تو باجرہ شامل کر دیں' باجرے کو شامل کرتے ہی اس میں تین کپ پانی شامل کر دیں اور ساتھ شکر یا چینی بھی ملا لیں۔ جب پانی پوری طرح پک کر خشک ہو جائے تو اتار لیں۔ اب باجرے کے اس گرم گرم حلوے کو ناشتے میں کھائیں۔ صرف سات دن یہ نسخہ استعمال کرلیں' ان شاء اللہ لیکوریا کے مرض کا نام ونشان بھی باقی نہ رہے گا۔ اس کے علاوہ اگر مزید بھی کھاتے رہیں تو اور بہت سے فوائد ہیں جن کا شیخ الوظائف بھی تذکرہ کر چکے ہیں۔

سرد موسم میں لاجواب تحفہ

سردی کا موسم ہے اسی مناسبت سے باجرے کا ایک اور تحفہ یاد آیا وہ بھی تحریر کر رہی ہوں۔ اکثر کسی بیماری کی وجہ سے انسانی صحت بہت زیادہ کمزور ہو جاتی ہے یا اس کے علاوہ کسی بھی وجہ سے کسی بھی طرح کی کمزوری ہو تو یہ نسخہ آزمائیں۔ میں ہر سال سردیوں میں اپنے بچوں کو بھی باجرے کی پنجیری بنا کر دیتی ہوں جس سے الحمدللہ وہ بیماریوں سے بچے رہتے ہیں' صحت مند' توانا اور یادداشت بھی بہترین ہوتی ہے۔

آدھا کلو باجرہ' آدھا کلو کھویا' ایک پاؤ بادام' ناریل کش کیا ہوا ایک پاؤ' اخروٹ ایک پاؤ' پستہ ایک پاؤ اور دیسی گھی آدھا کلو۔ ترکیب: باجرے کو گرینڈر میں پیس لیں اور گھی میں بھون لیں۔ جب براؤن ہو جائے تو کھویا شامل کرلیں اور اچھی طرح بھون لیں۔ جب اچھی طرح بھن جائے تو پھر اس میں بادام' پستہ' اخروٹ کو کوٹ لیں اور انہیں بھنے ہوئے باجرے میں شامل کر دیں۔ اب انہیں اچھی طرح مکس کر لی۔ بس اب مزیدار طاقت کا خزانہ تیار ہے۔ ناشتے میں گرم گرم دودھ یا چائے کے ساتھ کھالیں۔

قارئین! اس بات کو ذہن نشین کرلیں کہ باجرہ صرف پرندوں کی نہیں بلکہ انسانوں کے لئے بھی بہت مفید اور شفاء بخش غذا ہے۔ مختلف بیماریوں اور جسمانی کمزوری میں اس کا استعمال بہت فائدہ مند ہے۔

نومولود بچے کا خطرناک مرض! دربدر ہوگئے مگر شفاء ملی

محمد فیصل' کراچی

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اپنا ایک آزمودہ نسخہ عبقری قارئین کے لئے تحریر کر رہا ہوں جس سے مجھے بہت زیادہ نفع ہوا اور بہت بڑی پریشانی اور مشکل سے نجات ملی۔ چند سال پہلے اللہ تعالیٰ نے بیٹے کی نعمت سے نوازا۔ پیدائش کے وقت اس کے خصیے بہت زیادہ سوجے ہوئے تھے' یہ بیماری کوئی خاندانی نہیں تھی بلکہ پہلی مرتبہ کسی بچے میں یہ مسئلہ ہوا تھا۔ ہم نے سوچا شاید چند دن بعد یہ مسئلہ خود ہی حل ہو جائے گا مگر ایسا نہ ہوسکا اس لئے پریشانی بڑھتی گئی۔ بچوں کے ماہر امراض کے ایک ڈاکٹر کو چیک اپ کروایا تو انہوں نے پوری طرح معائنہ کرنے کے بعد بتایا کہ اس بچے کے مرض کا آخری علاج آپریشن ہی ہے لیکن بچہ ابھی بہت چھوٹا ہے اس لئے جب اس کی عمر سے سات سے آٹھ سال ہوگی تب ہی آپریشن کیا جاسکے گا۔ ڈاکٹر نے ساتھ یہ بھی خبردار کر دیا کہ اس کی بہت زیادہ دیکھ بھال کرنا پڑے گی کیونکہ اگر اس کی اپنی ٹانگوں کی چوٹ سے یا نیچے گرنے سے مزید نقصان کا خدشہ ہے۔ ایک طرف بیٹا ہونے کی خوشی تھی مگر دوسری طرف اس مرض نے راتوں کی نیندیں اڑا دی۔ میں نے ہمت نہ ہاری اور ایک جاننے والے ڈاکٹر جو ایک بڑے ہسپتال میں اپنی خدمات سرانجام دے رہے تھے انہیں بچے کا معائنہ کروایا۔ انہوں نے بھی یہی بتایا کہ اس کا آپریشن کے علاوہ کوئی حل نہیں جو آٹھ سال کے بعد ہی کیا جاسکے گا۔

ان دنوں بہت زیادہ پریشانی اور مشکل میں دن گزر رہے تھے۔ چند دن بعد میری اہلیہ اپنے میکہ چلی گئی۔ وہاں اس کی اچانک طبیعت خراب ہوئی تو وہ اپنے قریب ہی ایک پرانے حکیم صاحب کے پاس علاج کی غرض سے گئی جن کی عمر تقریباً سو سال تھی۔ وہ حکیم صاحب یونانی علاج کے علاوہ' ایلوپیتھک اور ہومیو پیتھک علاج سے بھی اچھی طرح واقف تھے۔ ان کے پاس جو بھی مریض آتا تو اسے اس کے مرض کی نوعیت کے حساب سے ادویات اور علاج تجویز کرتے تھے۔ میری اہلیہ کو بھی انہوں نے کچھ ادویات دیں' بیٹا بھی ساتھ ہی تھا اس لئے اس کے مرض کے متعلق بھی بتایا۔ حکیم صاحب نے تسلی دی اور کہا کہ ان شاء اللہ آپریشن کی نوبت نہیں آئے گی بس یہ نسخہ آزمالیں۔ ہم نے بچے کو چند دن وہ نسخہ استعمال کروایا الحمدللہ حیران کن طور پر بغیر آپریشن کے چند ہی دن مین بچہ بالکل صحت مند اور تندرست ہوگیا۔ ٹوٹکہ یہ تھا کہ بیس روپے کی ماش کی دال لیں۔ اسے دو جگ پانی میں ڈال کر ابال لیں۔ جب پانی پک جائے تو دال کو علیحدہ کرلیں پانی چھوٹے پانی والے ٹب میں ڈال دیں۔ جب پانی نیم گرم ہو جائے تو اس میں دس منٹ کے لئے بچے کو بٹھا دیں۔ ہم نے صرف دو مرتبہ یہ ٹوٹکہ آزمایا اور الحمدللہ بچہ بالکل ٹھیک ہوگیا۔

عبقری دیسی اینٹی بائیوٹک شفاء

چہرے کی رنگت ماند پڑجانا
خارش، الرجی، خون کی خرابی
کیلئے لاجواب اینٹی بائیوٹک ہے

مجھے بخار ہو جائے یا گھر میں کسی کو بھی بخار ہو جائے تو میں عبقری دواخانہ کی دیسی اینٹی بائیوٹک شفاء استعمال کرتا ہوں' بخار ٹھیک ہو جاتا ہے اور اس دوا کا جسم پر کوئی نقصان بھی نہیں ہوتا (محمد آصف' لاہور)

شب برات کی خاص برکتیں: 15 شعبان کو اللہ کی خاص رحمتوں کا نزول ہوتا ہے' آیئے تسبیح خانہ میں اس رات کی رحمتیں اور برکتیں سمیٹ لیں۔ (لنگر میں بہترین کھانوں سے مجمع کی تواضع کی جائے گی)

ایڈیٹر کے قلم سے

تین دانے ایک قہوہ، طاقت اور انرجی کا سمندر!

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں، آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں۔

حیران کیوں ہیں؟ چند لفظ ہی تو پڑھنے ہیں اور فیصلہ آپ کے ہاتھ میں! آپ کو شکوہ ہے، آپ کا بیٹا ہر مرتبہ امتحان میں فیل ہوجاتا ہے؟ آپ پریشان ہیں؟ آپ کے گھر میں بچوں کا حافظہ مضبوط نہیں؟ ان کی یادداشت میں قوت اور طاقت نہیں؟ آپ روز غم لے کر بیٹھے ہیں، آپ کی نسلیں پھلتی پھولتی نہیں، ان کے چہرے پر رونق، خون، لالیاں، سرخیاں، گلابی ہونٹ، چمکدار آنکھیں، خوبصورت بھنویں، لہراتے بال، اٹھی ہوئی گردن، کھلتا ہوا چہرہ، چمکتے ہوئے دانت، پررونق جھلک یہ سب نہیں ہیں؟ آپ کو یہ غم کھا گیا ہے آپ کی اولاد تنہائیاں ڈھونڈتی ہے، پریشانیوں میں مبتلا رہتی ہے، حالات کی الجھنوں تکالیف اور مشکلات میں ڈوبی رہتی ہے، غم، دکھ، پریشانیاں اور ناکامیاں ان کے قریب رہتی ہیں۔

کمزور اور کند ذہن نسلیں

روز بیٹھ کر سوچتے ہیں کہ لوگوں کے بچے تو اتنی ترقیاں کر رہے اور میری اولاد اتنی ترقیاں نہیں کر رہی، لوگ تو کامیاب جا رہے اور میری اولاد آخر ناکام کیوں ہے؟ پھر اس کی کامیابی کے آپ سو راستے طریقے انداز سوچتے ہیں لیکن! پھر بھی آپ کو منزل نہیں ملتی، راستہ نہیں ملتا آخر کیوں؟

زندگی میں اولاد ہی سب کچھ ہوتی ہے، نسلیں ہی سب کچھ ہوتی ہیں اگر آپ کی نسلیں کمزور، کند ذہن، عقل کی کمی، یادداشت مضبوط نہیں، نظر طاقتور نہیں، ہڈیاں نکلی ہوئی ہیں یا سستی اور کاہلی ہے یا ان کے چہرے پر خون نہیں، آپ کی آنکھیں انہیں دیکھ کر ٹھنڈی نہیں ہوتی، روز بروز ناکام ہو رہے، امتحانات میں وہ ڈگریاں اور ترقیاں نہیں پا رہے جو ہونی چاہیے اور وہ ترقیاں نہیں پا رہے جو پانی چاہیے۔ ہر وقت بجھے بجھے، الجھے الجھے، کھچے کھچے رہتے ہیں تو پھر آیئے میں آپ کو ایک ٹوٹکہ بتاتا ہوں:۔

ہزاروں سال کے تجربات کا نچوڑ

وہ ٹوٹکہ کیا ہے حیرت کا سمندر، انمول موتی، فطرت کی پکار اور ہزاروں سال کے تجربات کا نچوڑ ہے۔ بے شمار سائنسدانوں، طبیبوں، حکیموں، داناؤں، دانشوروں اور مفکرین کو صرف اسی کی آواز سنتے اور اسی کا بول بولتے دیکھا۔ بس! یہی کامیابی اور یہی عروج ہے! آپ صرف ایسا کریں کہ تین عدد آملہ کا مربہ، اگر آپ کی جیب میں پیسے ہیں تو سونے کا ورق لگا کر، پیسے نہیں ہیں تو چاندی کا ورق لگا کر (ہر مربہ پر ایک ورق لگائیں) کھالیں۔ آپ میٹھا زیادہ پسند نہیں کرتے تو پہلے اس مربہ کو دھو کر پھر اس پر ورق لگائیں، آپ کے پاس ورق کے پیسے نہیں تو آپ صرف مربہ کھالیں۔ پھر سفید زیرہ اور خشک دھنیا ہلکا سا اتنا باریک کوٹیں جتنی باریک پتی ہوتی ہے۔ اب اس سفوف کو ابال کر میٹھا ڈالیں، میٹھا ضروری نہیں سمجھتے تو نہ ڈالیں، وہی قہوہ پی لیں۔

دولت کا راز اور اہرام مصر

اولاد کو اس کا عادی بنائیں، نسلوں کو اس کے فوائد اور اس کے کمالات بتائیں۔ اگر آپ نسلوں کو اس کے نفع، کمالات بتائیں گے تو آپ کی نسلیں حیرت انگیز طور پر صحت، دولت، تونگری یعنی عقل کی صحت، عقل کی دولت، صحت کی تونگری اور یادداشت کی طاقت سے مالا مال ہوں گی۔ صحت مند ہوں گے، باکمال ہوں گے اور بے مثال ہوں گے۔ آپ کو صحت وہ ملے گی جو آپ سوچ نہیں سکتے، طاقت وہ ملے گی جو گمان نہیں کر سکتے۔ پوری دنیا میں جتنی بھی طاقت کی ادویات بنتی ہیں ان میں زیادہ تر آملہ بطور دوا اور شفاء استعمال ہوتا ہے۔ آملہ مربہ صحت اور شفاء یابی میں آج بھی ایسے ہے جیسے آج سے پانچ ہزار سال پہلے تھا۔ اہرام مصر کو جب کھولا گیا تو وہاں جسم کے ساتھ آملہ بھی پڑا تھا۔ ان کا خیال تھا موت کے بعد یہی جسم پھر اٹھے گا، اگر اسے کمزوری ہوئی تو وہ شخص پھر آملہ کھائے گا۔

جذباتی نوجوان کو باباجی کی نصیحت

ایک صاحب کہنے لگے: میں کھیل کود کو بہت پسند کرتا تھا، میری جوانی کھیل کود میں گزری، گلیوں فٹ پاتھوں اور جیسے جذباتی نوجوان ہوتے ہیں ویسے میری زندگی گزری۔ ایک مرتبہ ایک باباجی نے کہا اگر تو چاہتا ہے کہ کھیل کود میں کبھی تھکے نہ اور کبھی تیری ٹانگوں میں درد، جسم میں درد، تیرا جسم ہمیشہ صحت مند رہے اور تو ہمیشہ باکمال رہے تو بس صبح تین عدد آملہ مربہ کھالیا کر۔ وہ صاحب کہنے لگے: میں نے تین آملہ مربہ کھانا شروع کر دیئے، بس! پھر کیا تھا، سب سے زیادہ صحت مند، طاقتور، خوبصورت، نیلی آنکھوں والا میں ہی تھا، وہ تین آملہ کا کمال تھا جس نے میری جوانی کو واپس لوٹا دیا۔

ہزاروں سال پرانا ٹوٹکہ

قارئین! آپ کو علم ہے کہ سفید زیرہ اور دھنیا جب آپس میں ملتے ہیں تو اس میں صحت کا کون سا راز نکلتا ہے اور طاقت کی کون سی چیز ابلتی ہے، صحت وطاقت کا کون سا صیغہ جوان اور زندہ ہوتا ہے۔ آپ کو آج وہ راز بتاتا ہوں دھنیا اور سفید زیرہ وہ فصلیں ہے جن پر کھاد، سپرے اور کیمیکل نہیں ہوتے۔ ان کے ساتھ صحت اور تندرستی کے راز وابستہ ہیں۔ ان کے ساتھ انسان کے ریشے ریشے سے بیماری نکالنے شفاء یابی ڈالنے اور ایک ایک سیل پر صحت کے اچھے اثرات مرتب کرنے کا سلسلہ ہے۔ آپ جب سفید زیرہ اور خشک دھنیا ملا لیتے ہیں تو ان کے ملانے سے جسم کے لیے وہ صحت مند قہوہ اور قطرے بنتے ہیں جو ہماری شاید ہماری سمجھ سے بالاتر ہے۔ یہ میرا ٹوٹکہ نہیں بلکہ ہزاروں سال پرانا ہے، نامعلوم کتنے سینکڑوں، ہزاروں، لاکھوں لوگوں نے آزمایا اور اس کا فائدہ پایا۔ آپ بھی فائدہ پائیں، صحت مند رہنے کے لئے آملہ مربہ، سفید زیرہ اور خشک پودینہ کبھی نہ بھولیں۔ چسکی چسکی پئیں۔ آج مجھ سے وعدہ کریں صبح نہار منہ سردی ہو یا گرمی بارش ہو یا خزاں اپنی صحت کا صبح سویرے اور اندھیرے سویرے راز لینا نہ بھولیں، صحت اور تندرستی کی طاقتوں کو اپنے اندر سے نہ نکالیں۔

پوری سائنس واپس فطرت کی طرف لوٹ رہی ہے فطرت ہی ہماری زندگی ہے۔ اگر ہم فطرت سے دور ہٹے تو ہمارا نظام بیماریوں، تکالیف مشکلات اور مسائل کی طرف پلٹ جائے گا اور پھر طرح طرح کی ادویات بھی کام کرنا چھوڑ دیں گی۔ ایک بات اور بتادوں آملہ قوت مدافعت کو مضبوط کرتا ہے جتنی بھی وبائی بیماریاں آئیں گی آپ کو نہیں چھوئیں گی جتنی بھی خطرناک وبائیں پھیلیں گی آپ کے قریب نہ آئیں گی۔

صحت مند بچپن، لاجواب جوانی اور شاندار بڑھاپا چاہتے ہیں
تو
ایڈیٹر کے تجربات سے فائدہ اٹھائیے!
یہ کتب ضرور پڑھیں!
(۱) میرے طبی رازوں کا خزانہ
(۲) طبی تجربات ومشاہدات
(۳) میرے طبی زندگی کے ثمرات

اس کتاب میں بے شمار ہر دلعزیز اور تیر بہدف عمل موجود ہیں مثلاً کسی افسر یا حاکم سے کوئی بات منوانی ہو، کشف القبور، رزق بارش کی طرح برسے، مقصد میں کامیابی اور بہت سے مجرب اعمال۔
عبقری کا ایک روحانی عامل کی خفیہ ڈائری

سوتے وقت موت کا ڈر اور خوف!

الجھے خطوط اور سلجھے جواب

گھر والوں کی تکلیف دہ باتیں

مسئلہ: گھر جو خاتون کپڑے دھونے آتی ہے وہ اور بھی کئی گھروں سے کام کر کے ہمارے گھر پہنچتی ہے۔ میں اپنے کپڑے اس سے اس لیے نہیں دھلواتی کہ دوسروں کے میلے کپڑوں کے جراثیم اس کے ہاتھوں میں ہوں گے اور میں اپنے کپڑے بہت زیادہ صفائی سے دھوتی ہوں۔ سب ٹوکتے ہیں کہ پانی زیادہ خرچ کرتی ہو، حالانکہ اپنا کام خود کرتی ہوں پھر بھی سب کی باتیں سننے کو ملتی ہیں۔ یہ باتیں سن کر بہت غصہ آتا ہے' کھانا بھی نہیں کھاتی۔ (نبیلہ' شکارپور)

مشورہ: آپ میں صفائی پسندی اور گندگی کا احساس معمول سے زیادہ ہے۔ اس وجہ سے گھر والے ٹوکتے ہیں۔ ایک دم غصہ آجانا اور کھانا نہ کھانا، مزاج خراب ہوجانا، یہ سب تکلیف دہ ہے۔ پرسکون ہوکر سوچیں گی تو احساس ہوگا' تب ہی اپنی اصلاح کر پائیں گی۔ کپڑے دھونے اور موڈ خراب کرنے میں جو وقت گزرتا ہے اسے کسی اور اچھے کام میں گزاریں۔

نصیحت آمیز حقیقت

مسئلہ: موت سے ڈر لگتا ہے۔ قریبی عزیزوں کے ہاں بھی کسی کی وفات پر نہیں جاتا۔ کئی خبریں تو میں نے گھر والوں سے بھی چھپالیں' بعد میں ڈانٹ پڑی۔ کسی مردہ شخص کا چہرہ نہیں دیکھ سکتا۔ اگر دیکھ لوں تو ہفتے گزر جاتے ہیں صورت دماغ سے نہیں نکلتی۔ دل عجیب سا ہوتا ہے۔ سوتے میں بھی وہی چہرہ آنکھوں کے سامنے آتا ہے۔ (محمد ذاکر' مالاکنڈ)

مشورہ: موت سے کسے ڈر نہیں لگتا۔ ایسا کئی لوگوں کے ساتھ ہوتا ہے کہ وہ مردہ شخص کا چہرہ دیکھ کر سہم جاتے ہیں۔ پھر وہ چہرہ اس وقت دماغ میں آتا ہے جب اس کو یاد کرتے ہیں۔ یعنی کئی بار آپ ارادے سے تکلیف دہ تصویر دماغ میں لائیں گے تو بعد میں ارادے کے بغیر دماغ میں آنے لگے گی لیکن اس سے پہلے خیال آئے گا۔ اب اس خیال کو روکنا ہے۔ اگر آپ کسی کے انتقال کے بعد چہرہ نہ دیکھیں تو کوئی حرج نہیں لیکن جنازے میں شرکت کریں۔ موت کی خبر نہ چھپائیں۔ موت ایک نصیحت آمیز حقیقت ہے۔

انگلش میڈیم سکول

مسئلہ: میرا بیٹا اردو میڈیم سکول میں پانچویں جماعت میں پڑھ رہا ہے۔ صرف ایک کتاب انگریزی کی شامل رہی ہے۔ اب سوچتی ہوں اسے انگلش میڈیم سکول میں داخل کروادوں۔ میری دوست کے بچے بھی اچھے سکول میں پڑھتے ہیں مگر میرا بیٹا زیادہ اچھے نمبر حاصل کرتا ہے۔ بڑے بڑے مضمون اردو میں لکھ لیتا ہے۔ اگر انگریزی سکول میں پڑھے گا تو انگریزی میں لکھے گا۔ سوچا مشورہ کرلوں۔ (رانی۔ ڈی جی خان)

مشورہ: آپ یہ دیکھیں کہ بچہ انگریزی آسانی سے سمجھتا ہے یا اردو، یقیناً اردو ہی سمجھتا ہوگا۔ کیونکہ اس نے ابتدائی تعلیم اسی زبان میں حاصل کی ہے۔ اب بڑے بڑے مضامین لکھ رہا ہے، یہ ذہانت کی علامت ہے۔ انگریزی کے مضمون میں مہارت کے لیے بھی زیادہ محنت کروائیں مگر انگریزی میڈیم سکول اب داخل کروانے سے وہ پریشان ہوگا۔

کسی جانور کا ڈر نہ ہو

مسئلہ: مجھے خطرناک جانوروں مثلاً سانپ، بچھو وغیرہ سے ڈر لگتا ہے۔ حتیٰ کہ چیلوں سے بھی ڈرتا ہوں۔ ایک بار دوست کے ماتھے پر چیل نے پنجہ مارا تھا۔ (محمد ندیم' مانسہرہ)

مشورہ: جس انسان کے پاس عقل وشعور ہو وہ ہر چیز سے بالکل بے خوف نہیں ہوسکتا۔ زہریلے خطرناک جانوروں کا خوف فطری بات ہے۔ فطری خوف میں جب شدت پیدا ہوتی ہے تو ہمت اور جرأت کی وہ طاقت سامنے آتی ہے جو عام حالات میں ممکن نہیں ہوتی۔ چیل نے کھانے وغیرہ کے دھوکے میں آپ کے دوست کو پنجہ مار دیا ہوگا، ورنہ یہ پرندے بڑے ہونے کے باوجود انسانوں سے ڈرتے ہیں اور ان کی پہنچ سے دور اپنے گھونسلے بناتے ہیں۔

پتہ کی پتھری کا ایک دن میں خاتمہ!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری اہلیہ کے پتہ میں پتھری تھی' جس کی وجہ سے وہ ہر وقت بے چین رہتی' کبھی تو تکلیف کی شدت بڑھ جاتی۔ کئی علاج ٹوٹکے کیے لیکن کوئی فائدہ نہ ہوا پھر مجھے کسی نے مشورہ دیا کہ عبقری دواخانہ کی پتہ پتھری شفاء کا استعمال کروائیں' اس سے سو فیصد پتھری کا علاج ہوجائے گا۔ میں نے پتہ پتھری شفاء لاکر اس میں موجود بروشر پر لکھی گئی خاص ترکیب کے ساتھ اہلیہ کو استعمال کروائی جس سے ایک دن بعد پتھری ٹوٹ کر جسم سے خارج ہوگئی اور اہلیہ کو سکون ہوگیا۔ میں اس دوا کا فوری اثر دیکھ کر حیران رہ گیا۔ عبقری دواخانہ کی پتہ پتھری شفاء کا واقعی سو فیصد اور زبردست نتیجہ ملتا ہے۔ اس دوا کو اور بھی بہت سے جاننے والے احباب کو استعمال کروایا' انہیں بھی پتے کی پتھری سے نجات ملی۔ (جواد فہیم، رحیم یار خان)

زندگی کی سرد مہری کو پُرلطف اور پُرمسرت بنائیں

ہر طرف سے مایوس اور لاچار ہو چکا تھا۔ میں نے اپنے ایک قریبی دوست سے اس بات کا ذکر کیا، اس نے مجھے عبقری دواخانہ سے علاج کروانے کی صلاح دی۔ میں نے عبقری دواخانہ آکر حضرت حکیم صاحب کے اسسٹنٹ صاحب سے مشورہ کیا۔ انہوں نے مجھے پرانی طاقتی تجویز کی۔ استعمال شروع کیا تو چند ہی دنوں میں جسم میں انقلابی تبدیلی پیدا ہوئی۔ میری ازدواجی زندگی ناکام ہوچکی تھی اور بہت بے بسی کی زندگی جی رہا تھا۔ میرے پاس اس کا کوئی حل نہیں تھا جہاں بھی علاج کی کوشش کرتا' ہر طرف سے ناامیدی اور بے بسی کا سامنا ہوتا تھا۔ میں زندگی سے مایوس تھا اور ہر وقت پریشانی کے عالم میں رہتا تھا۔ میں نے اپنے دوست سے بات کی' اللہ اسے جزائے خیر عطا فرمائے' اس نے مجھے عبقری دواخانہ کی پرانی طاقتی استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ یہ دوا استعمال کرنے سے مجھے نئی صحت' نیا ولولہ ملا اور جسم طاقت سے لبریز ہوگیا۔ میں عبقری کا ہمیشہ احسان مند رہوں گا جس کی وجہ سے مجھے طاقت اور شباب کی یہ نعمت دوبارہ مل گئی اور بھرپور جوانی میسر ہوئی۔ کیونکہ میری سابقہ حالت کی وجہ سے گھر میں سرد مہری کی فضا بن گئی تھی۔ میاں بیوی میں لڑائی جھگڑے بھی بڑھنے لگے تھے، بات بات پر تلخی اور اہلیہ کے ساتھ رویہ میں چڑچڑا پن آچکا تھا۔ جیسے ہی صحت بہتر ہوئی اس کے ساتھ گھر کے ماحول میں بھی تبدیلی آئی' ہمارے مسائل ختم ہوگئے اور میں نفسیاتی طور پر بہت مطمئن ہوگیا۔ زندگی سکون چین اطمینان سے بھر گئی ہے۔ (ع، ا۔ پشاور)

عبقری عرق موٹاپا شفاء
جسم کی چربی کو پگھلاتا ہے۔
سانس کا پھولنا ختم ہوجاتا ہے۔
دل پر بوجھ کم ہوجاتا ہے۔
جسم پر چربی' خاص طور پر کولہے اور پیٹ پر چربی بڑھ رہی تھی۔ میں نے وزن کنٹرول کرنے کے لئے عبقری کا عرق موٹاپا شفاء استعمال کرنا شروع کیا' موٹاپا کم ہونا شروع ہوگیا۔ (بشریٰ صفدر)

کالے دھاگے سے منحوس بیماری کا یقینی حل

تاج بی بی' لاہور

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ پر کروڑوں رحمتیں اور برکتیں نازل فرمائے۔ آپ کو دنیا و آخرت کی تمام بھلائیاں اور خیریں عطا فرمائے' آمین!

آج کے جدید دور میں خواتین کا جو مسئلہ بہت زیادہ شدت اختیار کر رہا ہے وہ بانجھ پن کا ہے۔ بے اولادی کا جب بھی ذکر آئے تو ہمارے ذہنوں میں یہ خیال آتا ہے کہ اس کی وجہ عورت ہی ہوگی۔ اس وجہ سے بہت سے گھرانے پریشان ہو جاتے ہیں خاص طور پر خواتین کا استحصال بھی ہوتا ہے۔ ایسی مایوس اور پریشان خواتین کے لئے ایک مجرب روحانی عمل لے کر حاضر ہوئی ہوں۔ ایسی خواتین جو بانجھ پن کی وجہ سے بے اولادی کے مسئلہ کا شکار ہوں اور طبی علاج کروانے کے باوجود بھی انہیں مراد نہ مل رہی ہو تو ایسی صورت حال میں میری درخواست ہے کہ یہ عمل ضرور آزمائیں بانجھ پن کا مرض ان شاء اللہ ختم ہو جائے گا اور اللہ تعالیٰ اولاد کی نعمت عطا فرمائیں گے۔ بس اس عمل کے لئے یقین شرط ہے۔ اس عمل کو اپنے مسئلے کا تصور کرتے ہوئے آزمائیں ان شاء اللہ مایوسیوں کے بادل چھٹ جائیں گے او شفاء نصیب ہو گی۔ عمل درج ذیل ہے۔

سیاہ دھاگے کے چودہ عدد تار لے کر عورت کے سر سے پاؤں تک ناپ لیں۔ اتوار کے دن باوضو حالت میں لوبان جلائیں' خوشبو سلگانے کے بعد اس دھاگے پر دس گرہیں اس طرح لگائے کہ ہر گرہ لگانے سے پہلے سات مرتبہ سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص پڑھ کر دم کرے اور پھر اس کے بعد حسب توفیق بچوں میں شیرینی تقسیم کریں۔ جب دھاگہ تیار ہو جائے تو پھر سات مرتبہ چاروں قل (سورۂ کافرون' سورۂ اخلاص' سورۂ فلق' سورۂ ناس) اول و آخر درود پاک پڑھ کر دھاگہ پر دم کرے اور اس کے بعد خود پر یعنی مریض پر بھی دم کرے۔ جب بانجھ پن سے متاثرہ خاتون غسل کرے تو اسے چاہیے کہ تھوڑی سی مصری لے کر آدھی خود کھائے اور آدھی کسی بھی بچے کو کھلا دے۔ پھر یہ دھاگہ خاتون اپنی کمر میں باندھ لے اس عمل کی بدولت ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی بانجھ پن کا مرض ختم ہو جائے گا اور جلد ہی اولاد کی نعمت بھی نصیب ہوگی۔ اگر آپ یا آپ کا کوئی عزیز اس مرض میں مبتلا ہے تو میرا مشورہ ہے اس عمل کو ضرور آزمائیں۔

صاف' شفاف اور خوبصورت چہرہ!

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میرے پاس چہرے کی رنگت کو نکھارنے' داغ دھبوں کو دور کرنے اور جلد کو صاف و شفاف بنانے کے لئے بہت آزمودہ ٹوٹکہ ہے۔ آج کل خواتین چہرے کی رنگت کو نکھارنے کے لئے بہت سی کریمیں وغیرہ استعمال کرتی ہیں مگر اکثر چہرہ خوبصورت ہونے کی بجائے مزید خراب ہو جاتا ہے۔ ایسی خواتین کو چاہیے کہ وہ چہرہ کے لئے کیمیکل زدہ کریموں کی بجائے روزانہ چہرہ اچھی طرح دھو کر اس پر روغن بادام' یا روغن ناریل کا تیل لگانا شروع کر دیں۔ اس ٹوٹکے کو مستقل اپنی زندگی کا حصہ بنا لیں۔ ان شاء اللہ کچھ ہی عرصہ میں چہرے سے داغ دھبوں کا صفایا ہو جائے گا۔ چہرہ بالکل تروتازہ' خوبصورت اور نکھر جائے گا۔ یہ میری والدہ کا آزمودہ ٹوٹکہ ہے وہ شروع سے چہرے پر مختلف کریموں کی بجائے تیل کا استعمال کرتی ہیں اور اسی وجہ سے عمر رسیدہ ہونے کے باوجود چہرے کے مطابق ہماری ہم عمر لگتی ہیں۔ میرے چہرے پر بھی بہت زیادہ داغ دھبے تھے میں نے بھی والدہ کے کہنے پر اس ٹوٹکے پر عمل کیا الحمدللہ اب تمام بازاری کریموں سے نجات مل گئی ہے اور چہرے کی جلد بالکل صاف اور چمکدار ہو گئی ہے۔ (ثمینہ' جہلم)

ستاروں کی گردش سے خوشحالی اور بربادی

کیا آپ کو ستاروں کی گردش نے تباہ کر دیا ہے؟ تو آیئے! کلام الٰہی کی برکت سے آنے والی مصیبتوں اور آزمائش سے محفوظ رہیے! ہر ماہ شائع ہونے والے وظائف مقررہ اوقات میں پڑھیے!

عمل کا طریقہ: درج ذیل زائچہ میں ماہ فروری/رجب' شعبان کے مخصوص دن' اوقات اور وظائف لکھے گئے ہیں۔ وظائف کو مقرر کردہ ساعتوں (اوقات) میں اپنے برج کے نیچے لکھی گئی تعداد کے مطابق پڑھیں اور جس دن صدقہ لکھا گیا ہے صدقہ دیں کیونکہ صدقہ بلاؤں' مصیبتوں اور آئے عذاب کو ٹلوا دیتا ہے۔ اگر بوجہ مجبوری کسی دن عمل رہ جائے تو اگلے دن اسی وقت میں قضا کر لیں۔

فروری	دن	وظیفہ	وظیفہ پڑھتے ہوئے کیفیت (کیفیت کا اثر ستارے کی گردش پر ہوتا ہے)	وظیفہ اس مبارک ساعت کے درمیان پڑھیں (ستاروں کی چال اور ساعتوں کے مطابق ہر برج کے نیچے وظیفہ پڑھنے کی تعداد لکھی گئی ہے!)	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت
5	پیر	یَامُؤْمِنُ	قبلہ رخ کھڑے ہو کر پڑھیں	صبح 7:05 تا 8:20	54	33	41	49	55	37	60	29	35	21	66	55
10	ہفتہ	سورۃ لہب	سر جھکا کر پڑھیں	رات 8:35 تا 9:50	2	4	7	3	6	8	1	5	4	3	1	5
16	جمعہ	یَابَارِءُ	سر پر دائیں ہاتھ رکھ کر پڑھیں	صبح 7:40 تا 9:10	21	40	33	21	66	37	49	27	19	11	47	28
21	بدھ	دن میں اتنے	روپے کا	صدقہ کریں	47	22	37	18	60	40	26	50	45	40	30	50
24	ہفتہ	یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ	دو زانوں بیٹھ کر پڑھیں	صبح 8:15 تا 9:55	40	35	21	37	30	27	41	55	40	60	41	38
28	بدھ	یَابَرُّ یَابَدِیْعُ	دائیں ہاتھ کی مٹھی بنا کر پڑھیں	صبح 7:40 تا 8:50	10	31	33	25	37	17	17	28	17	37	41	29

کیا یہ شرک ہے یا بدعت؟ شاہ ولی اللہؒ کی تحقیق

مکمل حوالہ جات جاننے کیلئے ابھی فیس بک پیج www.facebook.com/akabirparaitmad وزٹ کریں۔ پوسٹ نمبر 613 "قمر اور زہرہ ستارے کی شاہ ولی اللہؒ سے گفتگو" پڑھنا ہرگز نہ بھولیں۔ مزید تفصیلات کیلئے ماہنامہ عبقری دسمبر 2023ء کا صفحہ نمبر 26 ملاحظہ کیجئے!

نسلوں کے بخت' نصیب مقدر کے لئے: تسبیح خانہ میں شب برات کی محفل کے دوران ایک ایسا مقبول عمل کروایا جائے گا جو نسلوں کے نصیب مقدر بخت کو چمکا دے گا زندگی کی مجبوریاں ختم ہوں گی

گلے کی خراش، نزلہ، زکام کا آسان گھریلو ٹوٹکہ

محترم شیخ الوظائف صاحب اسلام علیکم! امید ہے آپ خیریت سے ہوں گے۔ اللہ پاک آپ کو صحت کاملہ عطا فرمائے اور آپ کا سایہ ہمارے سروں پر سلامت رکھے آمین۔

ہمارے خاندان میں ریشہ اور نزلہ وزکام کا مسئلہ بہت زیادہ ہے اور ہمیں جب فلو ہونے لگتا ہے تو بہت دن اور بہت زیادہ ہوتا ہے پھر ساتھ بخار بھی ہو جاتا ہے گلا بھی دکھتا ہے اور میرا تو یہ حال تھا کہ میں ذرا سی بھی ٹھنڈی یا ٹھنڈی تاثیر کی چیز نہیں کھا سکتی تھی۔ اگر کبھی دل بہت زیادہ للچا جاتا اور غلطی سے کھا لیتی تو اُسی دن میری طبیعت خراب ہو جاتی تھی۔ اس دوران ایک نسخہ ملا جسے میں نے چند بار استعمال کیا الحمدللہ اس نسخے کی وجہ سے خاندانی بیماری سے نجات مل گئی۔

ٹوٹکہ یہ ہے کہ ایک پیالی کالے چنے لے لیں اُن کو چند گھنٹوں کے لئے بھگو دیں۔ پھر اُن کو بالکل بغیر کچھ ڈالے پانی میں ابال لیں جب وہ گل جائیں تو نیم گرم کھا لیں، اس کے بعد دو سے تین گھنٹے کچھ نہ کھائیں۔ یہ بہت ہی آزمودہ اور لاجواب ٹوٹکہ ہے۔ اگر فلو ہو رہا ہے تو تھوڑی ہی دیر میں رک جائے گا اور کچھ دیر تک نزلہ، زکام، گلے میں درد خراش وغیرہ اور اُس کی وجہ سے ہونے والا بخار بھی ان شاء اللہ ختم ہو جائے ہوگا۔ اس نسخے کو میں نے مہینے میں 3 بار آزمایا ہے۔ الحمدللہ ان امراض سے نجات مل گئی۔ اس سے پہلے بہت سی ادویات استعمال کر کے تھک جاتی تھی مگر پھر جلد افاقہ نہ ہوتا تھا لیکن اس ٹوٹکے سے فوری نفع ہوتا ہے اور طبیعت ہشاش بشاش ہو جاتی ہے۔ اب جب بھی کبھی ان مذکورہ امراض میں کسی کا خطرہ ہو تو یہی ٹوٹکہ آزماتی ہوں جس سے شفا مل جاتی ہے اور ڈاکٹر کے پاس چکر بھی نہیں لگانے پڑتے۔ ابھی چند دن پہلے کی بات ہے کہ میری طبیعت خراب ہونے لگی تھی اللہ کی قدرت کا ایسا کمال ہوا کہ اس دن کالے چنوں کا سالن پکا ہوا تھا لیکن میں نے شوربے کی بجائے اُس میں سے صرف چنے نکالے اور نیم گرم کھا لیے اور الحمدللہ چند منٹ میں ہی اس کا مثبت اثر ملنا شروع ہو گیا۔ جب سے یہ ٹوٹکہ استعمال کرنا شروع کیا ہے مجھے بالکل کسی دوائی کی ضرورت نہیں پڑی۔ یہ تو صرف ایک پیالی ایک بار کھانے کا کمال ہے، اگر دن میں دو مرتبہ کھانے کے وقت استعمال کر لیں تو ان شاء اللہ اور زیادہ فائدہ ہو جائے گا۔ اگر کسی کا گلا خراب ہو یا نزلہ وزکام کی شکایت ہو تو وہ اس ٹوٹکے کو ضرور آزما کر دیکھ لے ان شاء اللہ ایک دن میں ہی واضح طور پر افاقہ محسوس ہوگا۔ (منال، سکھر)

ننھے سے بچے کا روحانی کمال

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! تسبیح خانہ نے ہمیں ہی نہیں بلکہ ہمارے سارے گھرانے کو رنگ دیا ہے۔ ہر فرد کو اعمال، تسبیح اور ذکر پر لگا دیا ہے۔ میرا بیٹا جس کی عمر تقریباً تین سال ہے وہ بہت شوق سے آپ کی روحانی محافل سنتا ہے۔ اس عمر میں ہی اس نے سونے کی مسنون دعا اور اس کے علاوہ مزید کئی دعائیں یاد کر لیں ہیں۔ جو کچھ بھی اسے یاد کروایا جائے بہت جلد ذہن نشین کر لیتا ہے۔ یہ سب آپ اور تسبیح خانہ کی نسبت سے ہے۔ اللہ سے دعا ہے ہماری نسلیں یوں ہی آپ سے خیریں سمیٹتی رہیں اور فیض پاتی رہیں اور آپ کو اس کا اجر عطا فرمائے آمین! (وجیہہ، لاہور)

قارئین! آپ نے پڑھا تسبیح خانہ کیسے نسلوں کی تربیت کر رہا ہر ماہ ایسے بچوں کی من کی باتیں پڑھنا ہرگز نہ بھولیں اگر آپ بھی اپنی نسلوں میں نیکی، تربیت، مسنون اعمال، ذکر مصلیٰ لانا چاہتے ہیں تو انہیں ہر جمعرات کی محفل میں تسبیح خانہ لانا ہرگز نہ بھولیں!

شازیہ خالق، چکوال

غربت، تنگدستی اور فقر سے بچنا چاہتے تو یہ چھ کام ہرگز نہ کریں

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! مجھے شروع سے مطالعہ کا شوق ہے، کچھ طبی و روحانی موتی عبقری رسالہ کے لئے تحریر کر رہی ہوں۔ ان شاء اللہ لوگوں کو اس سے بہت فائدہ ہوگا۔

پانی کا ہمارے جسم میں کردار

جدید تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ پانی ہمارے جسم کے پٹھوں کو مضبوط بناتا ہے، غذا کو توانائی میں تبدیل کرتا ہے۔ فاضل مادوں کو خارج کرتا ہے۔ خون میں وافر مقدار میں اضافہ کرتا ہے۔ سانس لینے کے لئے آکسیجن کو ٹھیک کرتا ہے، جسم کے درجہ حرارت کو معمول کی سطح پر لاتا ہے۔ دماغ کو طاقت پہنچاتا ہے اور خلیات کو آکسیجن، غذائی اجزاء فراہم کرتا ہے۔ پانی پینے سے ریڑھ کی ہڈی کمزور نہیں ہوتی اور خون نہیں جمتا، اس کے علاوہ گردے خراب نہیں ہوتے۔ جن لوگوں کا وزن بڑھ رہا ہو ان کو چاہیے کہ زیادہ سے زیادہ پانی پئیں۔ یہ بات بھی ذہن رکھیں کہ پانی اللہ تعالیٰ کی ایک بہت بڑی نعمت ہے اسے ضائع ہرگز نہ کریں۔ ایک حدیث کے مطابق افضل صدقہ پانی پلانا ہے۔

سنت کے مطابق پانی پینے کے فوائد

ایک گلاس پانی سنت کے مطابق پینے سے 50 نیکیاں ملتی ہیں۔ اس لئے دائیں ہاتھ میں گلاس پکڑیں۔ پانی پینے سے پہلے بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھیں۔ بیٹھ کر پانی پئیں۔ تین سانس میں پئیں۔ پینے کے بعد الحمدللہ کہیں۔ اللہ کا ارشاد ہے "جو شخص کوئی ایک نیکی لے کر آئے گا اس کیلئے اس جیسی دس نیکیوں کا اجر ہے۔ فرمان مصطفیٰ ﷺ کا مفہوم ہے کہ جو آدمی اپنی زوجہ کو پانی پلائے تو اسے اس کا اجر بھی ملتا ہے۔

محتاج کر دینے والی چھ چیزیں

امیر المومنین حضرت عمر فاروقؓ فرماتے ہیں چھ چیزوں سے محتاجی اور غریبی آتی ہے۔ 1) جلدی جلدی نماز پڑھنا۔ 2) کھڑے ہو کر پانی پینا۔ 3) منہ سے چراغ بجھانا۔ 4) دامن اور آستین سے چہرہ صاف کرنا۔ 5) دانتوں سے ناخن کترنا۔ 6) فجر کی نماز کے بعد بغیر کسی عذر کے سو جانا۔

زندگی الفاظ کے آئینے میں

زندگی پانچ الفاظ کا مجموعہ ہے۔ اس میں ہر لفظ اپنے اندر رنگ اور جذبہ لئے ہے۔ ذرا پڑھیے کہ زندگی کن الفاظ کا مجموعہ ہے۔ ز: زندہ دلی سے رہو۔ ن: نصیحتوں پر عمل کرو۔ د: دشمن کو معاف کرو۔ گ: گمراہی کی طرف نہ جاؤ۔ ی: یاد رکھو اپنے ماضی کو۔

میں دل کا مریض ہوں، کولیسٹرول کو کم کرنے کیلئے میں ایلوپیتھک کی جگہ عبقری کا کولیسٹرول سے نجات کورس استعمال کرتا ہوں، الحمدللہ کولیسٹرول معمول کے مطابق رہتا ہے۔ (رشید احسان، کراچی)

عبقری
کولیسٹرول سے نجات (کورس)

- جوڑوں کے دردوں میں نہایت مفید ہے
- جگر کی اصلاح کر کے صاف خون پیدا کرتا ہے
- کولیسٹرول کا ایلیج جسم کو جتنا کالا ہے وہ بہا کرتا ہے

جادو جنات کا انوکھا وار: میاں بیوی ایک دوسرے کو بدصورت لگنے لگیں یا دل میں نفرت پیدا ہو جائے یہ جادو جنات کا وار ہے اس کا حل تسبیح خانہ میں شب برات کی محفل میں حاضری ہے (لنگر کا کشادہ انتظام ہوگا)

کفن میں لپٹے کالے جسم لال آنکھیں! یہ کونسی مخلوق ہے؟

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میری بیٹی کی عمر 15 سال ہے۔ اس کے ساتھ بچپن سے عجیب معاملات پیش آ رہے ہیں۔ چار سال پہلے ایسا واقعہ ہوا جس سے میری بیٹی اپنے ہوش وحواس کھو بیٹھی۔ دسمبر کا مہینہ تھا' سخت سردی کی رات میں اس بچی کو کچن میں ایک کالی عورت نظر آئی' اس نے اس پر کچھ پھونکا' بچی کی حالت اتنی خراب ہوگئی کہ وہ پھر ایک سال سکول نہ جا سکی۔ ایک سال بعد سکول گئی وہاں اچانک اس کا دماغ سو گیا۔ اس کے بعد اس کا سی ٹی سکین کروایا ایم آر آئی بھی ہوئی' اور بھی ٹیسٹ ہوئے' سب ٹیسٹ ٹھیک ہیں لیکن بچی کی حالت سنبھل نہیں رہی۔ اس کو چکر بھی آتے ہیں۔ جب سر چکرانے لگتا ہے تو کسی دوائی سے آرام نہیں آتا پھر تو لیٹے ہوئے بھی سر چکراتا ہے۔

کالے رنگ کے چھلاوے

یہ بیمار تو اس دن ہوئی جب کچن میں کالی عورت نظر آئی تھی لیکن اس کو بچپن سے ہی جنات نظر آتے ہیں' بچپن میں کالا سایہ نظر آتا تھا۔ اب دو تین سال سے اس کو خوفناک عورتیں بال کھولے ہوئے کبھی بال باندھے ہوئے' کفن میں لپٹی ہوئی' کالے رنگ کے چھلاوے نظر آتے ہیں۔ ان کے گرد لال روشنی ہوتی ہے اور کبھی صرف لال آنکھیں نظر آتی ہیں۔ یہ جہاں جاتی ہے کالے رنگ کے لمبے لمبے مرد اس کے پیچھے پیچھے ہاتھ تانے رہتے ہیں جب یہ بیمار ہوتی ہے یہ چیزیں اس کو کہتی ہیں تم ہمیں کبھی ہرا نہ سکو گی۔ کبھی چیخوں کی آوازیں آتی ہیں' اس کے سامنے اچانک ڈراؤنی شکلیں آ جاتی ہیں۔ چلتی ہے تو اس کا ہاتھ پکڑ لیتی ہیں۔ ان واقعات سے اس کا سر چکرانے لگتا ہے اور شدید کمزوری ہو جاتی ہے۔ محسوس کرتی ہے یہ بے ہوش ہو رہی ہے۔

چیخوں کی آوازیں کہاں سے آتی ہیں

ہمیں کسی نے ایک عمل بتایا تھا ہم پندرہ دن سے یہ عمل کر رہے ہیں۔ گھر کے چاروں کونوں میں اذان کے کلمات پڑھتے ہیں' بچی کے کانوں میں پانچ وقت اذان اور اقامت پڑھ رہے ہیں۔ اس سے ان چیزوں کا اثر کم ہو گیا تھا۔ ان کا تنگ کرنا کافی کم ہو گیا تھا۔ دو دن پہلے ان چیزوں نے دوبارہ بہت زیادہ حملہ کیا۔ بال کھولے کفن میں لپٹی عورتیں، چھلاوے، کالے مرد بہت زیادہ تعداد میں تھے۔ میری بیٹی کو لگا کہ یہ اسے مارنے کے لئے آئے ہیں۔

قبرستان میں بیٹھا جادوگر

جس دن اذان کا عمل نہیں کرتے اس دن یہ پہلے سے بھی زیادہ تنگ کرتے ہیں۔ میری بیٹی اکثر خواب میں دیکھتی ہے کہ کوئی آدمی قبرستان میں بیٹھ کر اس پر عمل کر رہا ہے' جس کی وجہ سے یہ چیزیں اسے تکلیف دے رہی ہیں۔ میں بہت پریشان ہوں۔ میری بیٹی کی زندگی جہنم بن چکی ہے۔ ہم اذان کا عمل مسلسل کر رہے ہیں۔ ہمیں جس نے یہ عمل بتایا تھا وہ بھی یہی کہتے ہیں کہ کوئی آپ کا دشمن ہے جو مسلسل اس بچی پر جادو کروا رہا ہے اور اس کو جان سے مارنا چاہتا ہے۔ جنات کی بہت بڑی تعداد میری بیٹی پر مسلط ہے۔ جادوگر اپنی ہر ممکن کوشش کر رہا ہے کہ ہم یہ عمل چھوڑ دیں۔ آپ ہماری مدد کریں اور اپنے روحانی علم کے ذریعے ہمیں اس جہنم سے نجات دلوائیں۔ (عائشہ مصطفیٰ، راولپنڈی)

جس ادارے میں چاہتی تھی وہیں داخلہ ہوا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمیں اس دور میں بھی کتابوں سے شدید محبت ہے' نصابی کتب کے علاوہ بھی بہت سی کتب پڑھتی ہوں۔ ہمارے والد صاحب نے ہمیں بچپن سے کتابیں پڑھنے کی ترغیب دی اور ہمیں ٹی وی سے دور ہی رکھا۔ میں نے عبقری جیسا رسالہ پہلے کبھی نہیں پڑھا' اس میں زندگی کے ہر پہلو کی راہنمائی موجود ہے۔ ہر مسئلے کا حل انتہائی آسان اور ایسا ہے کہ ہر انسان با آسانی کر سکے۔ میں نے عبقری میں یہ اعلان پڑھا کہ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم العالیہ کو ہدیہ کی نیت سے کتابیں بھیجیں تو میں نے فوراً طبی روحانی مضامین پر مشتمل کتابیں عبقری کے دفتر بھجوا دیں۔ میرے اس عمل کے بعد میرا داخلہ میری پسندیدہ یونیورسٹی میں ہو گیا۔ یہ اسی عمل کی برکت ہے۔ (سمیرا احسان، لاہور)

کوڑھ، چنبل، خارش سے نجات کیلئے جادوئی نسخہ

مرید احمد، میانوالی

یہ نسخہ میں نے عبقری کے گزشتہ شمارے میں پڑھا' بنایا اور پھر اس کے اتنے تجربات ہوئے کہ میں خود دنگ رہ گیا' جو فائدے میں نے دیکھے ان میں سے چند ایک لکھ رہا ہوں۔ یہ نسخہ تقریباً ہر قسم کی جلدی بیماری میں زبردست تاثیر رکھتا ہے' جلدی امراض کے علاوہ گھٹنوں کے درد میں بھی فوری آرام پہنچاتا ہے۔ اس تیل کو خارش والے مقام پر لگانے سے فوراً راحت ملتی ہے اور ٹھنڈک کا احساس ہوتا ہے۔ خارش ختم ہو جاتی ہے۔ زخم پر لگانے سے زخم کی جلن اور درد ختم ہو جاتا ہے۔ یہ دوا جادو کی طرح اثر کرتی ہے۔

انسان اور حیوان دونوں کے لئے اکسیر

ہمارے گھر میں مویشی ہیں' ایک دن والد صاحب نے غصے میں گائے کو ڈنڈا مار دیا' اس کے سینگ کے پاس زخم ہو گیا۔ یہی مرہم لگانے سے زخم ٹھیک کیا۔

ایک مرتبہ میرے والد صاحب کے پاؤں میں کٹ لگ گیا' زخم پر سوجن بھی ہو گئی تھی۔ یہ تیل لگایا' زخم ٹھیک ہو گیا۔

ہمارے پڑوس میں ایک مستری رہتا ہے۔ پلستر کرتے ہوئے اس کے ہاتھ زخمی ہو گئے تھے' اس کو یہ دوائی دی اس کے ہاتھ بھی ٹھیک ہو گئے۔ اس مستری نے ایک اور بات بھی بتائی کہ اس کی بیوی کے گھٹنوں میں درد رہتا تھا' رات کے وقت درد مزید بڑھ جاتا تھا۔ اس کی بیوی نے رات سوتے وقت یہی دوا گھٹنوں پر لگائی' اس رات وہ بہت عرصے بعد سکون سے سو سکی۔ پھر اس نے یہ دوا اور مانگی ہم نے فی سبیل اللہ دے دی۔ اب وہ ہمیں دعائیں دیتے ہیں۔

جادوئی مرہم کا نسخہ نوٹ کر لیں

گھٹنوں کی تکلیف کے لئے ایک اور آدمی کو استعمال کروایا' اسے بھی فائدہ ہوا۔ نسخہ یہ ہے: سرسوں کا تیل ایک کلو، لونگ ایک چھٹانک، سبز الائچی ایک چھٹانک، کھانے والا نمک ایک چھٹانک۔ ان چیزوں کو تیل میں ڈال کر جلا لیں اور تیل چھان کر محفوظ کر لیں۔ یہ آپ کے پاس جادوئی مرہم تیار ہو چکا ہے۔ اس تیل کے بے شمار فوائد ہیں۔ مچھر بھگانے کے لئے یا مچھر' کیڑے مکوڑے کاٹ لیں تو ڈنک کی جگہ پر لگانے سے زہر اثر نہیں کرتا۔

میری عمر چالیس سال ہے' قوت خاص کی کمزوری محسوس کی تو عبقری دواخانہ کی قوتی گولیاں استعمال کرنے لگا۔ آج میں خود کو پچیس سال کا محسوس کرتا ہوں' یہ گولیاں طاقت کا راز ہیں۔ (م، ط)

جریان | سستی | لاغری | بے طاقتی | بے رغبتی

عبقری قوتی گولیاں

حقارت کی ایسی نظر جس نے نسلیں تباہ کردیں!

ع نارووال

اللہ کا یہ قانون ہے کہ انسان اس دنیا میں جو کچھ بھی کرتا ہے اس کا اسے صلہ ضرور ملتا ہے۔ اگر وہ کسی کے ساتھ کوئی بھلائی یا نیکی یا خیر کا کام کرے گا تو اسے اللہ پاک کی ذات اسے اس کا بہترین نعم البدل عطا فرماتے ہیں۔ اسی طرح اگر کوئی شخص کسی کے ساتھ کوئی ظلم، زیادتی یا کسی کی زندگی کے لئے دکھوں اور مشکلات کا سبب بنتا ہے تو متاثرہ شخص کی بددعائیں اور آہیں نسلوں کا تعاقب کرتی ہیں۔ آج اسی ضمن میں اپنے خاندان کا آنکھوں دیکھا عبرتناک واقعہ تحریر کررہا ہوں، ان شاءاللہ یہ ہم سب کے لئے نصیحت اور خیر کا باعث ہوگا۔

میری عمر تقریباً گیارہ سال تھی، ہمارا مشترکہ خاندانی نظام تھا۔ دادا، دادی، والدین اور ان کے بھائی یعنی تایا ابو سب اکھٹے رہتے تھے۔ کبھی کبھار کسی بات پر ہلکی پھلکی نوک جھوک ہوجاتی لیکن اس کے باوجود سب لوگ آپس میں اتفاق کے ساتھ رہتے تھے۔ میں، والد صاحب اور تایا زاد بھائی سب دادا کے ساتھ بہت زیادہ محبت کرتے تھے اور شام کو سب کی کوشش ہوتی کہ دادا جی کے پاس بیٹھ کر ان سے باتیں سنیں، وہ ہمیں بہت سی حکمت اور بھلائی کی باتیں سناتے تھے۔ اس کے بعد ہم دادا جی کی خدمت بھی کرتے، جب انہیں جسم میں کہیں درد ہوتی تو سب بچے ان کو دباتے اور تیل کے ساتھ مالش وغیرہ کرتے۔

کمزوری اور بیماری بڑھتی چلی گئی

زندگی کے شب و روز یوں ہی بسر ہورہے تھے مگر دادا جی کو آخری عمر میں دمہ کی بیماری لاحق ہوگئی۔ انہوں نے علاج معالجہ کروایا مگر صحت یاب نہ ہوسکے بلکہ جب سردی کا موسم آتا تو یہ مرض مزید شدت اختیار کرلیتا اور انہیں کئی مرتبہ ہسپتال بھی لے جانا پڑتا۔ اس دوران میں نے دیکھا کہ تایا ابو اور ان کی اولاد یعنی بچوں نے دادا جی کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا بہت کم کردیا۔ میں نے جب اپنے ایک تایا زاد بھائی سے اس کی وجہ پوچھی تو انہوں نے بتایا کہ ابا جی کا کہنا ہے کہ دادا جی کو دمہ کی بیماری لاحق ہوگئی ہے اس لئے سب ان سے دور رہیں اور انہیں مالش وغیرہ ہرگز نہ کریں اور نہ ہی قریب جاکر ان کی خدمت کریں کیونکہ ایسا کرنے سے خدشہ ہے کہ کہیں ہم بھی دمہ کے مرض کا شکار ہوجائیں۔ پھر چند دن بعد یہی بات خود تایا ابو سے بھی سنی۔ دادا جی کو بھی اس بات سے متعلق پتہ چل گیا مگر انہوں نے اس بات پر کسی شکایت یا غصہ کا اظہار نہ کیا۔ میں نے جب والد صاحب کو یہ تمام باتیں بتائیں تو انہوں نے ہمیں دادا جی کا مزید خیال رکھنے، وقت دینے اور خدمت کرنے کا حکم فرمایا۔ ہم سب بہن بھائیوں کو بھی دادا جی سے بے حد محبت تھی۔ ہم سب نے ان کی خوب خدمت کی انہیں اب روزانہ باقاعدگی سے مالش کرتے، دباتے اور ان کی خوب دعائیں سمیٹتے۔ وقت گزرتا گیا اور کچھ عرصہ کے بعد دادا جی کی طبیعت بھی عمر کے تقاضے کے مطابق نڈھال ہوتی گئی۔ وہ دن بدن کمزور اور بیمار ہوتے گئے مگر ہم نے ان کی خدمت میں کمی نہ آنے دی، والد صاحب بھی ان کا بہت خیال رکھتے مگر دوسری طرف تایا ابو اور ان کی اولاد دادا جی کے قریب نہ بھٹکتے۔

نومولود بچہ اور خاندانی روگ

آخر ایک دن دادا جی کی طبیعت زیادہ خراب ہوئی اور وہ اس دنیا فانی سے کوچ کرگئے۔ ان کی وفات کے چند سال بعد مکافات کا سلسلہ شروع ہوا۔ تایا ابو کے ایک بیٹے کو دمہ کی بیماری شروع ہوگئی پھر دوسرے کو اور چند ماہ بعد ان کے گھر کا ہر فرد اس بیماری کا شکار ہوگیا۔ یہ سلسلہ یہیں پر ختم نہ ہوا، بچوں کی شادی کے بعد یہ بیماری ان کی نسلوں میں منتقل ہوگئی۔ آج بھی ان کا جو بھی نومولود بچہ ہوتا ہے وہ پیدائشی طور پر دمہ کی بیماری کا شکار ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ ان کے گھر میں آپس میں لڑائی، جھگڑے، نفرتیں، پریشانیاں اور بہت سی بیماریاں ہیں۔ انہوں نے جو نفرت اور حقارت کا بیج بویا تھا آج وہی کاٹ رہے ہیں۔ ان کی اولاد بھی ان کی کوئی عزت نہیں کرتی۔ اس کے برعکس الحمدللہ ہم بہن بھائیوں کو ہماری نسلوں کو اللہ تعالیٰ نے ایسی بیماریوں سے محفوظ رکھا ہے۔ آپس میں پیار محبت و الفت ہے۔ والد نے جیسے دادا مرحوم کی خدمت کی آج ویسے ہی ان کی اولاد یعنی ہم سے اللہ یہ کام لے رہا ہے۔

ایک تسبیح پڑھیں، دل کا حال اور حقیقت جان لیں!

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو آپ کے اہل وعیال کو کامل عافیتیں، خیریں، برکتیں، دین و دنیا اور آخرت کی بھلائیاں عطا فرمائے اور آپ کی جان و مال، عزت آبرو اور اولاد کی حفاظت فرمائے، آمین!

عبقری دوسری روحانی کلاس جو 2012ء تسبیح خانہ لاہور میں ہوئی۔ اس میں آپ نے روحانی رموز، کشف کی دنیا، کائنات کے انوکھے راز اور بالخصوص استخارہ کے لئے ایک دعا بتائی۔ میں نے بارہا زندگی کے مختلف معاملات میں اس عمل کا مشاہدہ کیا اور واقعی مجرب پایا۔ اگر کوئی چیز گم ہوجائے تو اول آخر ایک بار کسی بھی درود پاک کے ساتھ تین، پانچ، سات یا گیارہ مرتبہ اس دعا کا توجہ و دھیان کے ساتھ ورد کرلیا جائے تو وہ چیز آسانی کے ساتھ مل جاتی ہے، جس جگہ بھی پڑی ہو اچانک خود بخود اس طرف نظر پڑ جاتی ہے۔

اس کے علاوہ میں نے کافی عرصہ سے اپنا یہ معمول بنایا ہوا ہے کہ روزانہ رات کو سوتے وقت اس دعا کی ایک تسبیح اول و آخر تین بار درود پاک کے ساتھ پڑھ لیتا ہوں۔ اس سے جہاں روحانی راز و رموز حاصل ہوتے ہیں وہیں اگر سوتے وقت اس کی ایک تسبیح بطور استخارہ پڑھ لی جائے تو چند دن میں ہی خواب کے ذریعے اللہ پاک کی طرف سے بڑا واضح اور اطمینان بخش جواب مل جاتا ہے۔ زندگی میں کئی مرتبہ ایسا ہوا کہ کوئی کام شروع کرنے سے پہلے یا کسی اہم امور میں فیصلہ لینے میں جب کسی کشمکش کا شکار ہوا تو میں نے آپ کی بتائی ہوئی اس دعا کے ذریعے استخارہ کیا تو الحمدللہ بہترین واضح پیغام ملا، فیصلہ کرنے میں آسانی ہوئی اور میں کئی مرتبہ بڑے نقصانات سے بچ گیا۔ وہ دعا یہ ہے۔

یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ یَا وَھَّابُ ھَبْ لِیْ مِنْ اَسْرَارِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ ○

رات سونے سے پہلے اپنے مقصد کا تصور کرتے ہوئے ایک تسبیح اول و آخر تین بار درود پاک کے ساتھ پڑھیں اور اس کے بعد کسی سے گفتگو سے پرہیز کریں۔ ان شاءاللہ خواب میں حقیقت واضح ہوجائے گی۔

اہم تبصرہ: اہم امور میں رب سے مشورہ کریں! استخارہ

قارئین اگر آپ کے پاس بھی استخارہ سے متعلق کوئی آزمودہ عمل ہے تو قلم اٹھائیں اور بذریعہ خط ہمیں ضرور لکھ کر بھیجیں۔

عبقری بے اولادی کیلئے
سچی دواء
اسم اعظم سے دم کی ہوئی دواء
بے اولادی کی وجہ سے ہر وقت پریشان رہتی تھی اوپر سے لوگوں کے طعنے سن کر تنگ آچکی تھی۔ عبقری کی سچی دواء نے مجھے نئی زندگی دی اس کے استعمال سے اولاد کے قابل ہوگئی (آ، ج)

کمزور اور تھکے ہوئے معدہ کیلئے میٹھی بھر شفا کا ٹوٹکہ



طب محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و آل محمد علیہم السلام

انتخاب
علامہ ابوعون حیدر نقوی المعروف کی احمد پوری

فرمانِ حضرت امام جعفر صادق سلام اللہ ورضوانہ علیہ

خالد بن بشیع نے حضرت امام جعفر صادقؑ کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنے پیٹ درد کی شکایت کی۔ امامؑ نے فرمایا: چاول دھو کر پیس لو اور ہر صبح ایک مٹھی پسے ہوئے چاول کھاؤ اس کے بعد فرمایا۔ دست کے مریضوں کو چاول کی روٹی دو۔ کیونکہ ضعیف و کمزور معدوں کیلئے چاول کی روٹی تمام غذاؤں میں سب سے زیادہ مفید و بہتر ہے۔ چاول معدے کو غذا ہضم کرنے کیلئے آمادہ کرتے ہیں اور درد کو ختم کرتے ہیں۔

جدید طبی تحقیق

طبی ماہرین کے مطابق بعض غذائیں جلد ہضم ہو جاتی ہیں، بعض کو دیر لگتی ہے۔ جن لوگوں کے معدے کمزور ہوں یا وہ بوڑھے ہوں، انہیں جلد ہضم ہونے والی غذا کھانی چاہیے۔ کیونکہ دیر ہضم غذاؤں کو ہضم کرنے کے لئے معدہ کو زیادہ وقت اور قوت درکار ہوتی ہے۔ قدیم اور جدید معلومات کے مطابق سب سے ہلکی غذا اُبلے ہوئے چاول ہیں' چاولوں کی کھچڑی بھی جلد ہضم ہونے والی غذا ہے۔ ڈائریا میں چاولوں کی یخ (چاولوں کا پانی) بھی بہت فائدہ مند ہوتی ہے۔ چاول کھانے کے بعد بھوک زیادہ لگتی ہے۔ اگر معدے میں جلن، تیزابیت یا منہ میں چھالے پڑ گئے ہوں تو اُبلے ہوئے چاول کھانے سے بھی بہت فائدہ ہوتا ہے۔ حکماء کا کہنا ہے کہ وہ افراد جنہیں کھانا ہضم کرنے میں دشواری کا سامنا رہتا ہو اگر یخ (چاول کا پانی) پی لیں تو نظام ہضم درست کام کرنے لگتا ہے۔ چاول کا پانی معدے کے زخم یعنی السر کا خاتمہ کرتا ہے جس سے سینے میں جلن اور تکلیف دور ہو جاتی ہے۔ اس کے علاوہ روزانہ صبح ایک چمچی کچے چاول کھانے سے جگر کو طاقت ملتی ہے، جگر مضبوط ہوتا ہے اور صحت اچھی رہتی ہے۔

چاول سے بنی ہوئی روٹی کے فوائد

چاول کا آٹا غذائی اجزاء سے بھرپور زمینی اناج سے بنایا جاتا ہے جو اندر سے ہمارے جسم کی دیکھ بھال کرتے ہیں۔ یہ چھوٹی آنت کی بیماری سے پریشان مریضوں کے لئے مفید ثابت ہوتی ہے۔ کیونکہ اس میں گلوٹین نہیں ہوتا جس وجہ معدے اور آنتوں کے لئے پریشانی کا باعث نہیں بنتا۔ جسم کو قبض جیسے مسائل چھٹکارا پانے کے لیے ناقابل حل فائبر کی ضرورت ہوتی ہے، اس لیے اگر قبض کا مسئلہ ہو تو چاول کا آٹا، خاص طور پر براؤن رائس کا استعمال بہت کار آمد ثابت ہوتا ہے۔ مزید برآں، اعلیٰ فائبر والی غذا نہ صرف جسم سے فضول مادوں کو ختم کرنے میں مدد دیتی ہے بلکہ کولیسٹرول کو کم کرنے اور خون میں شکر کی سطح کو کنٹرول میں رکھنے میں بھی مدد کرتی ہے۔ یہ بڑی آنت کی بیماری، ذیابیطس اور ہائی بلڈ پریشر کے خطرے کو کم کرنے میں بھی مدد کر سکتی ہے۔ اس کا ریشہ وزن کم کرنے کے لیے غذا کے لیے موزوں ہے۔ چاول کا آٹا کم چکنائی جذب کرتا ہے

جگر کے لئے مفید

ہیپاٹوسیلولر کارسنوما (HCC) کینسر کی ایک قسم ہے جو جگر کی دائمی بیماری سے شروع ہوتا ہے' اس کی شرح دنیا میں دن بدن بڑھ رہی ہے۔ چاول کے آٹے میں ایسے اجزاء پائے جاتے ہیں جو اس بیماری سے حفاظت اور جگر کو صحت مند حالت میں رکھنے کے لیے ایک بہترین کردار ادا کرتے ہیں۔

موٹاپے کو پچھاڑ دیا! دبلی پتلی جسامت کا خواب پورا

موٹاپا اپنے ساتھ کئی مسائل کو جنم دیتا ہے۔ موٹاپا خود اعتمادی کی دھجیاں بکھیر کر رکھ دیتا ہے۔ انسان خود کو ہمیشہ دوسروں سے الگ اور کم تر محسوس کرتا ہے' یہ احساس اندر ہی اندر اسے کھائے جاتا ہے۔ خواتین کیونکہ حساس ہوتی ہیں اس لئے وہ موٹاپے کو ذہن پر زیادہ سوار کر لیتی ہیں۔ میری حالت بھی کچھ ایسی ہی تھی۔ پہلی اولاد کی پیدائش کے بعد سے میرا جسم موٹاپے کا شکار ہونا شروع ہوا۔ مجھے نہیں پتہ تھا کہ اسے کس طرح کنٹرول کروں۔ جتنے منہ اتنے مشورے' کئی لوگوں نے مجھے گھریلو علاج اور ٹوٹکے تجویز کیے مگر کسی سے بھی تسلی بخش نفع نہ ہو سکا' جسم بہت بھدا لگنے لگا تھا' جسم پر چربی نے ڈیرے جما رکھے تھے' پیٹ لٹکنے لگا تھا۔ ہر وقت پریشان رہتی تھی کچھ سمجھ میں نہیں آتا تھا کیا کروں کس طرح اس عذاب سے نکلوں۔ ایک مخلص دوست جو عبقری کی پرانی قاری ہیں انہوں نے عبقری کے بارے میں بتایا اور مجھے عرقی موٹاپا شفاء استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے عبقری دواخانہ سے عرق موٹاپا شفاء منگوا کر استعمال کرنا شروع کیا۔ اس سے مجھے خاطر خواہ فائدہ نظر آیا۔ پھر میں نے چند بوتلیں مزید عرق موٹاپا شفاء کی استعمال کیں اس سے میرے جسم پر فالتو چربی کافی حد تک کم ہو گئی۔ اب میں ذہنی طور پر بے حد مطمئن ہوں۔ شادی سے پہلے جو جسامت تھی اس سے بھی زیادہ دبلی پتلی ہو گئی ہوں۔ شادی کے بعد تو وزن کنٹرول کرنا بہت مشکل ہو جاتا ہے لیکن میں نے اتنے کم وقت میں وزن کم کر لیا ہے کہ شوہر بھی حیران ہوتے ہیں۔ میری طرف حقارت سے اٹھنے والی نظریں اب بدل چکیں ہیں' ان نظروں میں اب رشک نظر آتا ہے۔ میں خود بھی اب احساس کمتری سے نکل چکی ہوں اور میری خود اعتمادی میں بے حد اضافہ ہوا ہے۔ میری اس تبدیلی کو دیکھ کر کئی جاننے والی خواتین جنہیں موٹاپے نے بدحال کر دیا تھا' انہوں نے بھی میرے مشورے پر عرق دواخانہ کا تیار کردہ موٹاپا شفاء سیرپ کا استعمال کیا اور سب نے اس کا حیرت انگیز نفع پایا۔ عبقری دواخانہ کی زبردست ادویات پر ہم سب کو مکمل اعتماد ہو گیا ہے۔ (قصیٰ شاکر، اسلام آباد)

بے شمار مرادیں پا گئے آپ کیوں محروم ہیں؟

تسبیح خانہ لاہور میں ہر سال بیماریوں' پریشانیوں' دکھوں اور جادو جنات کے ستائے لوگ رمضان گزارتے ہیں اور روحانی اعمال کی برکت سے مسائل کا حل اور مرادیں پا رہے ہیں۔ آپ بھی محروم نہ رہیں' ابھی سے تیاری کریں۔

معدہ کا السر | معدہ میں زخم | تیزابیت | معدہ کی جلن
عبقری کا معدہ کا السر کورس استعمال کرنے سے السر ٹھیک ہو گیا اور درد سے نجات مل گئی (حذیفہ' مری)
معدہ کا السر ورس عبقری

طب اصحابِ رسول ﷺ

صحابی رسول ﷺ کا بتایا جوشاندہ پئیں، دل کبھی بیمار نہ ہوگا

انتخاب: ابولبیب شاذلی

حضرت سعد بن ابی وقاصؓ جب مکہ مکرمہ میں بیمار ہوئے تو آپ ﷺ ان کی عیادت کے لئے تشریف لے گئے۔ دل کی بیماری کے مریض حضرت سعد بن ابی وقاص کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عجوہ کھجور گٹھلی سمیت تجویز کی اور آپ ﷺ نے حارث بن کلدہؓ کو بلایا تا کہ وہ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کا علاج کریں۔ حضرت حارث بن کلدہ ثقفیؓ وہ صحابی ہیں جو طبیب العرب سے مشہور تھے۔ فن طب میں آپ کو خصوصی مہارت تھی۔ حضرت حارثؓ نے بتایا کہ حلبہ (میتھی) اور عجوہ کی کھجوروں کا جوشاندہ بنا کر حضرت سعدؓ کو پلایا جائے' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عجوہ کے ساتھ اس اضافہ کو پسند فرمایا۔ چنانچہ اسی دوا سے ان کو صحت ہوگئی۔ پھر وہی سعد بن ابی وقاصؓ بعد میں جنگیں لڑتے رہے اور ہزاروں میل سفر گھوڑے کی پیٹھ پر کیا۔

یہ سونے کے بھاؤ تولنے کے قابل ہے

ایک اور جگہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ میتھی سے شفاء حاصل کرو اور فرمایا کہ میری امت اگر میتھی کے فوائد جان لے تو وہ اسے سونے کے بھاؤ خریدنے سے بھی دریغ نہ کرے۔ میتھی بیج ورم اور ریح کو تحلیل کرتے ہیں۔ پیشاب اور خاص ایام کے مسائل کو ختم کرتے ہیں۔ فالج لقوہ گھنٹیا میں مفید ہیں۔ اس کے پانی سے بال دھونے سے لمبے اور چمکدار ہوتے ہیں۔ پیٹ کی بیماریوں کا علاج ہے۔

ڈیلیوری کے تمام مسائل کا حل

آیورویدک کا ایک نسخہ ہے جو ہندوستان میں "لڈو میتھی" کے نام سے مشہور ہے اور بچے کی ولادت کے بعد عورتوں کے تمام مسائل دور کرتا ہے۔ اب پھر دل کی بات ہو جائے تجربات کے بعد ثابت ہو چکا ہے کہ میتھی دانہ کے استعمال سے خون کے اندر ٹرائی گلیسرائیڈ اور مضر کولیسٹرول ایل ڈی ایل میں کمی آجاتی ہے اس کی وجہ میتھی کے اندر موجود فائبر ہے جو کہ 48 فیصد ہوتا ہے اور دوسری چیز میتھی میں پایا جانے والا صابونی جز ہے یعنی SAPONINS۔ اس کی وجہ سے کولیسٹرول آنتوں میں جذب نہیں ہو پاتا۔ چنانچہ اپنی خاصیت کی وجہ سے میتھی شریانوں میں کولیسٹرول کو جمنے نہیں دیتی۔ اس طرح دل میں خون کی فراہمی نارمل رہتی ہے اور ہارٹ اٹیک کا خطرہ کم ہو جاتا ہے۔ اَمراض نزلہ، زکام اور بخار میں خالی پیٹ دن میں تین سے چار مرتبہ ایک کپ میتھی کا قہوہ پئیں۔ خشک میتھی کے پتے یا میتھی کے بیج ایک بڑا چمچ یا تازہ میتھی کے مٹھی بھر پتے لے کر ایک گلاس پانی میں اتنے ابالئے کہ پانی ایک کپ رہ جائے۔ ایک چمچ خالص شہد سے میٹھا کر لیں۔

تمام اعضا کے لئے قدرتی معالج

میتھی کے اس جوشاندے کے بہت سے فوائد ہیں۔ یہ جوشاندہ الرجی کی قسم جس کو پولن الرجی کہتے ہیں میں بہت مفید ہے۔ اس کے علاوہ سردیوں میں جو سانس کی تکلیف ہوتی ہیں۔ اس میں بھی مجرب ہے۔ کھانسی، حلق کی سوجن اس کی جلن اور درد میں فائدہ کرتا ہے۔ سانس کی گھٹن اور معدے کی جلن کیلئے مفید ہے۔ انتڑیوں کی گندگیاں صاف کرتا اور نظامِ ہضم سے اضافی اور نقصان دہ رطوبتیں خارج کرتا ہے۔ پسینہ لاتا ہے اور اگر خون میں کسی قسم کے جراثیم کی گندگی یا زہر ہو اور اس کے سبب بخار آرہا ہو تو اسے ختم کرتا ہے۔

کیل مہاسوں سے نجات

اگر آپ چہرے پر نکلنے والے کیل مہاسوں سے تنگ ہیں تو آپ کو چاہیے کہ میتھی دانہ استعمال کریں۔ چار کپ پانی میں چار کھانے کے چمچ میتھی دانہ رات بھر بھگو دیں۔ صبح پانی سے میتھی دانہ کو نکال کر دوسرے پانی میں شامل کر کے 15 منٹ تک ابالیں۔ اس کے بعد ابلے ہوئے پانی کو چھان لیں' چھنے ہوئے پانی میں روئی کو ڈبو کر دن میں دو مرتبہ جلد پر لگائیں۔ اس طرح آپ کو کیل مہاسوں سے نجات مل جائے گی۔ اس پانی کو قابلِ استعمال رکھنے کیلئے ریفریجریٹر میں محفوظ رکھیں۔

سخیوں کا ایسا در جہاں سے کوئی بھی خالی نہ لوٹا

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کو' آپ کی نسلوں اور عبقری کے سارے نظام کی غیب سے حفاظت' کفالت اور کفایت عطا فرمائے اور ہماری نسلوں کو تا قیامت تسبیح خانہ سے جوڑے رکھے۔ آمین

تسبیح خانہ اور آپ سے جڑنے کے بعد ہمیں زندگی کا مقصد اور اس کی حقیقت معلوم ہوئی۔ رہبر کیا ہوتا ہے اور اس زندگی میں اس کی کتنی ضرورت اور اہمیت ہوتی ہے پتہ چلا۔ میرے بھائی نے تسبیح خانہ میں رمضان گزارا' روحانی اعمال کیے جس کی برکت سے بیرون ملک جانے میں تمام رکاوٹیں ختم ہوئیں۔ وہاں جانے کے بعد کافی رکاوٹیں پیش آئیں۔ والد صاحب کا انتقال ہوگیا جس کے بعد تمام گھر والوں پر غموں کے پہاڑ ٹوٹ پڑے' اپنے بیگانے ہو گئے' رشتہ داروں نے ساتھ دینے کی بجائے غلط الزامات لگانے شروع کر دیے۔ ہم نے بہت مشکل وقت گزارا۔ اس دوران احمد پور شرقیہ آپ کی روحانی محفل ہوئی جہاں ہم نے حاضری دی اور اس کے بعد آپ کے والدین کے مزارات پر جا کر اعمال کا ہدیہ پیش کیا اور اللہ تعالیٰ سے اپنے مسائل سے متعلق دعا کی۔ اس کے بعد ہم نے اپنا معمول بنالیا کہ سارا دن جو کچھ بھی پڑھتے ہیں نبی کریم ﷺ کے وسیلے سے آپ کو' آپ کے مرشدؒ شجرے کے تمام اولیاء کرامؒ اور خصوصاً آپ کے والدین کو ضرور ہدیہ کرتے ہیں۔ اس عمل کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے بہت آسانیاں پیدا فرما دیں ہیں۔ بیرون ملک بھائی کو ایک ایسا مخلص ملا جس نے بھائی کا بہت زیادہ ساتھ دیا' اسے بہت سے مسائل سے نکالنے میں مدد کی۔ اللہ تعالیٰ نے ہماری غیب کے خزانوں سے خاص مدد فرمائی' آج تک بھوکے نہیں سوئے۔ گھر میں لڑائی جھگڑے' جادو جنات کے مسائل تھے جو کافی حد تک ختم ہو چکے ہیں۔ پہلے ہر کام میں رکاوٹ ہوتی تھی الحمدللہ اب خیر و برکت نصیب ہوئی ہے۔ بہت سے گناہوں' علتوں سے چھٹکارا ملا اور رب سے مانگنا' عبادت میں لذت' دل میں سکون اور راحت نصیب ہوئی ہے۔ الحمدللہ آپ کے والدین کو روحانی تحائف یعنی اعمال کا ہدیہ دینے کی برکت سے زندگی کی کڑواہٹیں ختم ہو رہی ہیں اور خوشیوں کی میٹھی لذتیں مل رہی ہیں۔ (لائبہ' رحیم یار خان)

دانتوں پر پیلے اور سیاہ نشانات تھے' ہر کسی کے سامنے شرمندگی اٹھانی پڑتی تھی۔ عبقری کا سچا منجن صبح و شام استعمال کرنا شروع کیا۔ دانت صاف شفاف اور مضبوط ہو گئے۔ (راحیل اکرم، وہاڑی)

عبقری سچا منجن

داڑھ درد، کیڑا لگنا، ٹھنڈا گرم لگنا مسوڑھوں سے خون آنا

جادو سے بیمار اور لاچار: سفلی جادو کی وجہ سے بستر سے لگ گئے' موت کا انتظار کر رہے تو نئی زندگی نئی صحت پانے کے لئے شب برات تسبیح خانہ میں گزاریں (لنگر میں بہترین کھانوں کا بھرپور انتظام ہوگا)

طبی شاہکار! جو بزرگ چل نہ سکیں وہ دوڑنے لگیں

مہوش الیاس، ملتان

خواتین میں گھٹنوں کی بیماری مردوں کی نسبت زیادہ ہوتی ہے۔ میری کمر میں بھی بہت درد رہتا تھا۔ میں نے عبقری رسالہ سے دیکھ کر ایک نسخہ استعمال کیا جس سے کچھ ہی عرصہ میں گھٹنوں اور کمر کا درد غائب ہو گیا اور جسم مضبوط ہو گیا۔ میں نے یہ نسخہ گزشتہ سال سردیوں کے موسم میں بنا کر استعمال کیا تھا' یقین جانیے سال گزر گیا ہے' اب پھر سردی آ گئی ہے' ابھی تک مجھے دوبارہ درد کی شکایت نہیں ہوئی۔ ان سردیوں میں بھی میں یہ نسخہ پھر استعمال کر رہی ہوں اس کے بے بہا فائدے ہیں۔ یہ جسم کے انگ انگ میں قوت طاقت اور چستی پیدا کرتا ہے' خاص طور پر ہڈیوں اور جوڑوں کے دردوں میں اس کے مثل کوئی ٹوٹکہ نہیں ہے۔ جس کسی کو بھی کمر یا جوڑوں میں درد ہوتا ہے اسے بھی بنا کر دے دیتی ہوں۔ سب اس ٹوٹکے کے مداح ہو گئے ہیں۔ میرا یقین ہے عبقری سے پڑھ کر ہزاروں لوگ یہ نسخہ استعمال کر رہے ہیں اور آپ کو میری طرح دعائیں دے رہے ہیں۔ انتہائی آزمودہ نسخہ ہے۔ میں نے دیکھا ہے کہ جو بزرگ جسمانی دردوں کی وجہ سے خود چل نہیں سکتے وہ دوڑتے ہیں۔ نسخہ نوٹ فرمالیں۔ ایک پاؤ گوند کیکر' ایک چھٹانک گوند کتیرہ لیں۔ دونوں کو گرینڈر میں باریک پیس لیں اور حسب ضرورت گھی میں صرف اتنا بھون لیں کہ صرف براؤن ہو جائے۔ خوراک: ایک چمچ گرم گرم دودھ میں تھوڑی تھوڑی ڈال کر خوب اچھی طرح حل کر لیں اور کھانے کے دو گھنٹے بعد لیں۔ اگر اس کے ساتھ الائچی اور میتھرے بھی ملا لئے جائیں تو سونے پر سہاگہ کا کام ہو جاتا ہے۔

تندرستی کے 6 سنہری اصول

وقت کے ایک بادشاہ نے اپنے دور کے ایک بہت بڑے طبیب سے فرمائش کی کہ مجھے صحت مندی اور تندرستی کے کچھ خاص راز بتاؤ' جس پر اس دانا حکیم نے انسانی صحت کو برقرار اور توانا رکھنے کے لئے درج ذیل سنہری اصول بیان فرمائے اور بادشاہ نے بھی انہیں خوب سراہا۔

1) گوشت صرف جوان جانور کا استعمال کرنا۔
2) دوپہر کا کھانا کھانے کے کچھ دیر بعد تھوڑی دیر آرام یعنی قیلولہ کر لو۔
3) شام کا کھانا کھانے کے بعد کچھ دیر چہل قدمی لازمی کرو چاہے تمہیں کانٹوں پر ہی کیوں نہ چلنا پڑے۔
4) پہلی غذا کے ہضم ہونے تک دوسری غذا ہرگز نہ کھاؤ۔
5) رات کو بیت الخلاء جائے بغیر ہرگز نہ سونا۔
6) کھانا کھا کر پانی پینے سے بہتر ہے کہ زہر پی لو۔

اسم اعظم کی انوکھی تاثیر جو مراد چاہیں پالیں

تسبیح خانہ دکھی انسانیت کے زخموں پر مرہم رکھ رہا ہے۔ ہر ماہ تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم سے مخلوق خدا گمان سے بڑھ کر فیضیاب ہو رہی ہے۔ میں ہر جمعرات تسبیح خانہ کی روحانی محفل میں شامل ہوتی ہوں۔ روحانی محفل کے بعد خواتین بتاتی ہیں کہ انہیں تسبیح خانہ سے کیا ملا۔ ایک درمیانی عمر کی مطلقہ خاتون سے میری ملاقات ہوئی انہوں نے اپنی بیٹی کی شادی کرنی تھی' اخراجات کا مسئلہ تھا' وہ خود سکول ٹیچر ہیں۔ انہوں نے سکول میں قرض کی درخواست دی لیکن سکول انتظامیہ نے قرضہ منظور کرنے کی شرط یہ رکھی کہ ہر ماہ تنخواہ سے آدھی رقم کی کٹوتی کی جائے گی۔ وہ خاتون بتانے لگیں چند دن بعد اسم اعظم کا دم تھا' میں دم میں شامل ہوئی اور دل میں نیت رکھی کہ اللہ میرے لئے آسانی فرمائے۔ اگلے دن جب سکول گئی تو سکول انتظامیہ نے کہا کہ آپ آسانی سے ہر ماہ جتنی چاہیں تنخواہ سے کٹوتی کروا لیں اور قرض کی ادائیگی کر لیں۔ اسم اعظم کے دم نے ان کی مشکل آسان کر دی۔ اسم اعظم کے دم کے 8 روحانی پیکیج ہیں اور سب کے انوکھے کمالات ہیں۔

روحانی پیکیج نمبر1 خوشبودار روحانی پھوار سے جسم میں ایک روحانی سکون محسوس ہوتا ہے۔ **روحانی پیکیج نمبر2** اسم اعظم کا دم شدہ شفائیہ نمک! یہ نمک جسم سے جادو اور بیماریاں نکال باہر کرتا ہے۔ **روحانی پیکیج نمبر3** جادو شکن ماچس! ایک خاتون بتانے لگیں کہ انہیں جادو جنات کا مسئلہ تھا۔ انہیں بھی اسم اعظم کا دم کروایا تو اسی رات جادو شکن ماچس کا عمل کیا تو رات خواب دیکھا کہ ان کے چہرے پر ایک تالا اور ستارہ ابھرا ہوا ہے انہوں نے چہرے پر ہاتھ مار کر وہ تالا اور ستارہ دور پھینک دیا اس کے بعد انہیں جادو جنات کا مسئلہ ہی ختم ہو گیا۔ **روحانی پیکیج نمبر4** حزب البحر کے چلہ کا دم شدہ شفائیہ پانی! یہ پانی شیطانی مخلوق کے لئے ایٹم بم ہے۔ **روحانی پیکیج نمبر5** نورانی عمل شدہ آٹا، چاول، چینی! جو چاہتا ہے رزق وافر ملے وہ یہ چیزیں گھر کے راشن میں ملانا شروع کر دے۔ **روحانی پیکیج نمبر6** بے اولادی اور پوشیدہ امراض کیلئے خاص عمل شدہ 16 چھوہارے! بے اولادی سے مایوس افراد کے لئے آخری علاج ثابت ہوتا ہے۔ **روحانی پیکیج نمبر7** چار رنگی بدنی تعویذ! یہ تعویذ جادو اور بیماری کو جسم سے کھینچ کر نکال دیتا ہے۔ **روحانی پیکیج نمبر8** اسم اعظم کی دم شدہ روحانی اگربتی! اس کی خوشبو گھر میں خوشحالی لاتی ہے۔ (مدیحہ فیصل)

طاقتور روحانی پیکیجز کا مجموعہ: اسم اعظم کے دم کی مکمل تاثیر پانے کے لئے دم والا ڈبہ پہلے سے لے کر رکھیں' گھر کا ہر فرد خوش بخت' خوشحال اور تمام بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔

اسم اعظم کا اگلا دم 25 فروری 2024ء اتوار بعد نماز فجر تسبیح خانہ لاہور میں ہوگا۔ اسم اعظم کے دم کے فوری بعد حلقہ کشف المحجوب' محفل' شفائیہ دعا' اور مراقبہ ہوگا۔

اسم اعظم کے دم میں آنیوالوں کیلئے خوشخبریاں

شیخ ابن عربیؒ کے شجرہ کے خاص عمل سے ہر دعا قبول۔ ☆ لنگر دل کھول کر لائیں۔ مسائل کے حل کیلئے یہ لنگر اسی مجمع میں تقسیم کر دیں ☆ دعا کے بعد شفائیہ نمک پر خاص دم' پھر یہ نمک ہر سعادت مند اور خوش قسمت اپنے ہمراہ لے جائیں' استعمال کریں اور دکھوں کو مٹتے دیکھیں۔ ☆ دایاں ہاتھ سر پر رکھوا کر چند لمحوں کا طاقتور ''ہجویری چلہ'' ہر مصیبت سے حفاظت۔ ☆ خاص عمل' بیماروں کی مغفرت، درجات کی بلندی اور آخری وقت میں کلمہ نصیب۔ یہ خاص الخاص عمل بھی ہوگا۔

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کر سکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہو سکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں' اجازت عام ہے۔ 7، 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنا لیں تو ساری زندگی ہر پریشانی' بیماری' گھریلو الجھن' کاروباری مسائل کا سو فیصد حل ہے۔

عبقری
خون صفاء پاؤڈر

چہرے پر داغ' دھبے' کیل مہاسے' جلد کی خرابی' پرانی خارش' جلن اور زخم کا خاتمہ ہو جاتا ہے

پورے جسم پر الرجی اور خارش کی وجہ سے سرخ نشان بنے ہوئے تھے' کسی دوا سے افاقہ نہ ہوتا تھا۔ عبقری کا خون صفاء پاؤڈر استعمال کرنے سے الرجی اور خارش ختم ہو گئی۔ (سعد حامد، قصور)

خطرناک بیماریوں کی کاحملہ: جادو کی وجہ سے چہرے پر سیاہی پھیل گئی ہو' پیچیدہ بیماریوں میں مبتلا ہو چکے ہیں یا کینسر نمودار ہو گیا ہو' اس کا علاج تسبیح خانہ میں شب برات کی خاص ساعت میں کیا جائے گا

خواتین کے مسائل کا آسان گھریلو علاج

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور مکمل لکھیں، چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں۔

بچے سنبھالنا آسان کام نہیں

میرے پانچ بچے ہیں، پہلے صحت ٹھیک رہتی تھی چند ماہ سے میں سہ پہر کے وقت بہت تھک جاتی ہوں۔ کام کرنے کو دل نہیں چاہتا، لیٹنے کو طبیعت چاہتی ہے۔ پتہ نہیں میرے ساتھ یہ کیا ہو رہا ہے۔ ڈاکٹر نے مجھے درد دور کرنے کی گولیاں دی ہیں لیکن خاص فائدہ نہیں ہوا۔ یہ بتایئے کہ اتنی زیادہ تھکن کیوں ہوتی ہے۔ (بشریٰ رضوان، فیصل آباد)

مشورہ: تھکن کی ایک وجہ یہ ہے کہ آپ ہمت سے زیادہ کام کر رہی ہیں۔ ماشاء اللہ پانچ بچے سنبھالنا آسان کام نہیں ہے۔ پھر آپ اپنی غذا پر بھی توجہ نہیں دیتیں۔ صبح ناشتہ اچھی طرح نہ کیا جائے تو بھی تھکن ہو جاتی ہے۔ بھرپور غذائیت کے لئے ناشتہ لازم کریں۔ دوپہر کو کوئی پھل ضرور لیں۔ کینو، مالٹا، چکوترہ میں حیاتین سی وافر ہوتا ہے۔ حیاتین سی کی کمی سے بھی انسانی جسم ٹوٹ پھوٹ اور تھکن کا شکار ہو جاتا ہے۔ دن میں ایک گلاس تازہ کینو کا رس آپ کو تر و تازہ رکھ سکتا ہے۔ اپنی غذا کا خاص خیال رکھیے۔ بڑی بوڑھی سمجھدار خواتین اب بھی سردی کے موسم میں پنجیری بنا کر کھاتی ہیں۔ گوند مکھانے، چاروں مغز، بادام، پستہ، چینی، سوجی میں ڈال کر پنجیری بنا کر کھایا کریں۔ ہر سال سردیوں میں یہ چیز خود پر لازم کر لیں، سو سال کی ہو جائیں گی تب بھی کمر نہیں جھکے گی۔ اپنی صحت کے لئے وقت نکالیں۔

چہرے پر دانے اور بالوں کی خشکی

میرے چہرے کی جلد بہت خشک ہے اور چہرے پر دانے بھی ہیں۔ اس کے علاوہ میرے سر میں خشکی بڑھ گئی ہے۔ جس کی وجہ سے بال بھی گرنا شروع ہو گئے ہیں۔ مجھے ان تمام مسائل کا آسان گھریلو علاج تجویز کر دیں۔ آپ کی شکر گزار رہوں گی۔ (عالیہ نذیر، پشاور)

مشورہ: سر کی خشکی دور کرنے کے لئے دو کھانے کے چمچ دہی لے کر اس میں ایک چائے کا چمچ میتھی دانہ پاؤڈر، چار قطرے ٹی ٹری آئل ملائیں اور ہلکے ہاتھوں سے بالوں کی جڑوں میں مساج کریں۔ ایک گھنٹے کے لئے لگا رہنے دیں پھر عبقری ہربل شیمپو سے بال دھو لیں۔ ہفتے میں تین بار ایسا کریں۔ چہرے کے لئے آپ ٹماٹر اور کارن فلور ملا کر گاڑھا سا پیسٹ بنا لیں۔ چہرے پر اس ماسک کا لیپ کریں سوکھنے پر سادے پانی سے دھو لیں۔ روزانہ یہ ماسک لگانے سے چہرے کے مسائل دور ہو جائیں گے۔

گردن کی سیاہی

میری ناک پر بہت زیادہ بلیک ہیڈز ہیں۔ ناک ان کی وجہ سے بہت بدنما لگ رہی ہے۔ دوسرا یہ کہ میری گردن باقی جسم کی نسبت کالی ہے، بہت سی کریمیں آزمائیں لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ لہٰذا آپ مجھے گھریلو علاج تجویز فرما دیں جس سے دونوں مسائل حل ہو جائیں۔ (ثانیہ مظہر، لاہور)

مشورہ: آپ ایک کھانے کا چمچ ٹماٹر پیوری لے کر اس میں ایک کھانے کا چمچ شہد اور لیموں کا رس ملا لیں۔ پھر اس میں جو کا آٹا ملائیں اور گاڑھا پیسٹ بنا لیں۔ اس پیسٹ کو گردن اور چہرے پر ماسک کی طرح لگائیں جب سوکھنے لگے تو ہلکے ہاتھ سے گول دائرے میں مساج کرتے ہوئے اتار دیں اور پانی سے دھو لیں۔ بلیک ہیڈز کا مسئلہ بھی حل ہو گا اور گردن کی رنگت بھی نکھر آئے گی۔

علاج کے بعد چہرہ مزید بگڑ گیا

کچھ سال پہلے میں نے اپنی دوست کے مشورے پر ہونٹوں کے اوپر بالوں کو ختم کروانے کے لئے لیزر کے ذریعے علاج کروایا تھا۔ اس کا مجھے خاص فائدہ تو نہیں ہوا بلکہ اس جگہ لائن سی پڑ گئی ہے۔ دھوپ میں جانے سے یہ لائن کالی ہو جاتی ہے۔ میں بہت پریشان ہوں۔ (انعم فاطمہ، کراچی)

مشورہ: آپ پریشان نہ ہوں۔ اس لائن کو ختم کرنے کے لئے آپ متاثرہ جگہ پر وٹامن ای آئل دن میں دو مرتبہ لگائیں۔ باقاعدگی سے یہ آئل لگائیں داغ ختم ہو جائے گا۔

ہائی بلڈ پریشر ختم اور زندگی سکون میں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے ہائی بلڈ پریشر کا بہت مسئلہ تھا۔ سر میں درد رہتا تھا اور چڑچڑا پن گھر والوں پر بات بات پر غصہ ہو جاتا، بے چینی کی کیفیت رہتی تھی۔ ہر وقت ڈر لگا رہتا تھا بلڈ پریشر ہائی نہ ہو جائے، میں نے عبقری دواخانہ کی فشاری استعمال کرنا شروع کی اس سے مجھے بہت افاقہ ہوا ہے، بلڈ پریشر اب نارمل رہتا ہے۔ اکثر کھانے میں مرچ مصالحہ تیز ہو جانے پر بلڈ پریشر ہائی ہو جاتا تھا لیکن اب میں فشاری استعمال کر لیتا ہوں جس سے کوئی پریشانی نہیں ہوتی۔ بلڈ پریشر کے لئے مجھے کسی دوا سے اتنا فائدہ نہیں ہوا جتنا عبقری کی فشاری سے ہوا ہے۔ جب سے فشاری استعمال کر رہا ہوں زندگی میں سکون آ گیا ہے۔ (معیز اقبال، ملتان)

دل کے والو کھولنے کا آسان اور بے ضرر نسخہ

مجھے دل کی تکلیف ہوئی، ہارٹ سپیشلسٹ کو چیک کروایا تو پتہ چلا میرے دل کا ایک والو مکمل اور دوسرا اسی فیصد بند ہو چکا ہے، انہوں نے مجھے بائی پاس کروانے کا مشورہ دیا۔ میری اہلیہ کہنے لگی ایک بار عبقری دواخانہ سے بھی مشورہ لے لیں۔ میں نے عبقری دواخانہ آ کر حضرت حکیم صاحب کے اسسٹنٹ صاحب سے مشورہ کیا انہوں نے مجھے مستقل مزاجی سے عبقری دواخانہ کی دلان سیرپ (پرانا نام: دل شفاء) اور ستر شفائیں استعمال کرنے کا مشورہ دیا اور ساتھ تسلی بھی دی کہ اسی دوا سے ان شاء اللہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔ میں نے دل شفاء اور ستر شفائیں کا استعمال شروع کیا۔ اس دوا کی وجہ سے میں آپریشن سے بھی بچ گیا اور آج میری صحت قابل رشک ہے۔ میں سو فیصد صحت مند ہوں اور مجھے دل کی کوئی تکلیف نہیں ہے۔ میں کہتا ہوں اگر کسی کو ستر بیماریاں ہوں اور ان بیماریوں نے جسم کو نچوڑ دیا ہو یا کسی مریض کو ہر طرف سے لاعلاج قرار دے دیا ہو وہ دل شفاء اور ستر شفائیں استعمال کر لے تو اس کا جسم بیماریوں سے پاک، صاف اور شفاف ہو جائے گا۔ میرے دوست احباب بھی حیران تھے اور جس ڈاکٹر سے علاج کروا رہا تھا وہ بھی شش و پنج میں پڑ گئے تھے۔ اس دوا میں صرف ایک بیماری کا علاج نہیں بلکہ گھٹنوں جوڑوں کا درد اور ہاضمے، معدے جگر کے مسائل کا بھی سو فیصد علاج موجود ہے۔ دل کے والو کھلنے کے ساتھ میری جسمانی صحت بھی بہت اچھی ہو گئی ہے۔ (ریاض، لاہور)

عبقری روغنِ کلونجی
قوت حافظہ | سردرد | درد شقیقہ | وزن میں کمی
روغن کلونجی کے تین قطرے صبح کے وقت پانی یا دودھ میں ملا کر پینے سے سارا دن جسم تر و تازہ رہتا ہے، روغن کلونجی بالوں میں لگانے سے میرے بال چمکدار اور مضبوط ہو گئے ہیں۔ (حریم اصغر)

شکر قندی! صحت کیلئے بے شمار فوائد کا خزانہ

عمیر حسن، راولپنڈی

سردی کی کچھ مخصوص سوغات سمجھی جاتی ہیں، یہی وجہ ہے کہ موسم سرما کی ٹھنڈی ہوائیں چلتے ہی لوگ اپنی من پسند غذائیں نوش فرمانے بازار کا رُخ کرتے ہیں۔ کچھ غذائیں تو ایسی ہیں جو مہنگی ہونے کے باعث عام آدمی کی پہنچ سے دور ہوگئی ہیں جن میں چلغوزہ سرفہرست ہے۔ مچھلی، انواع و اقسام کے حلوے اور خشک میوہ جات کے علاوہ سردی کی ایک سوغات شکر قندی ایسی غذا ہے جو نہ صرف ذائقہ دار اور سستی ہے بلکہ انسانی صحت کے لیے بے شمار فوائد کا خزانہ ہے۔ گرم گرم شکر قندی ٹھنڈ کا مزہ دوبالا کرتی ہے، بچے ہو یا بڑے ہر کوئی اسے شوق سے کھاتا ہے۔ پر کیا آپ کو معلوم ہے کہ یہ سبزی بے پناہ غذائیت سے لبریز ہے؟ شکر قندی کا شمار دنیا کی غذائیت سے بھرپور دس سبزیوں میں کیا جاتا ہے۔ قدرت نے اس سبزی میں دنیا کی ہر نعمت چھپا رکھی ہے، اس میں گلوکوز، وٹامن اے، بی، سی اور ای وافر مقدار میں پائے جاتے ہیں جو ہماری صحت کے لئے بے حد مفید ہیں۔

بچوں اور بڑوں دونوں کے لئے مفید

شکر قندی کے بے پناہ فوائد ہیں یہ دماغی قوت اور بینائی کو تیز کرنے کے لئے بھی بہت زیادہ فائدے مند ہے۔ ایسے افراد جو شکر قندی کھاتے ہیں دوسروں کی نسبت موٹاپے کا کم شکار ہوتے ہیں۔ اس میں کیلشیم اور فائبر بھی موجود ہیں جو کہ بڑھتے ہوئے بچوں کی نشوونما کے لئے بے حد مفید ثابت ہوتے ہیں۔

دل کی صحت کے لئے بہترین

شکر قندی میں موجود پوٹاشیم بلڈ پریشر کو کنٹرول کرنے میں مدد کرتا ہے جس سے دل کی بیماری کا خطرہ کم ہوتا ہے۔ اس میں موجود فائبر کا مواد کولیسٹرول کی سطح کو کم کرنے میں بھی مدد گار ثابت ہوتا ہے۔

پھیپھڑوں کی بیماریوں سے تحفظ

شکر قندی وٹامن اے سے بھرپور ہوتی ہے جو کہ ایک اہم اینٹی آکسیڈنٹ ہے۔ ایک شکر قندی میں انسانی جسم کو ایک دن کیلئے درکار وٹامن اے کی مکمل مقدار پائی جاتی ہے جو کہ انسانی پھیپھڑوں کو کئی بیماریوں سے تحفظ فراہم کرتی ہے۔ شکر قندی کے استعمال سے پھیپھڑوں کی بیماری ایمفیسیما (Emphysema) سے بچا جاسکتا ہے۔ ہارورڈ یونیورسٹی میں ایک لاکھ سے زائد افراد پر ہونے والی ایک تحقیق سے پتہ چلا ہے کہ وہ لوگ جو باقاعدگی سے کیروٹینوائڈ والی غذائیں استعمال کرتے ہیں، جن میں شکر قندی بھی موجود ہے ان میں پھیپھڑوں کے کینسر کا خطرہ 33 فیصد تک کم ہوجاتا ہے۔

خطرناک امراض سے شفاء

شکر قندی اپنے اندر ایسے بہت سے اینٹی آکسیڈنٹس چھپائے ہوئے ہے جو کینسر کے خلاف مزاحمت کا کام سرانجام دیتے ہیں۔ ایتھوسیانن، اینٹی آکسیڈنٹس کا وہ گروپ ہے جو جامنی رنگ کی شکر قندی میں پایا جاتا ہے۔ اس گروپ کو ایک تحقیق کے ذریعے کچھ مخصوص طرح کے کینسر (مثلاً آنتوں کا کینسر، چھاتی کا کینسر اور مثانے کا کینسر) کے خلیوں کی نشوونما کم کرنے کے حوالے سے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ نارنجی رنگ کی شکر قندی جو پاکستان میں عام طور پر دستیاب ہے۔ اس کے گودے اور چھلکوں میں بھی جدید تحقیق میں کینسر کش خصوصیات کو دریافت کیا گیا ہے۔

ذیابیطس کا کنٹرول

متعدد جدید طبی تحقیق کے مطالعہ جات اس بات کا ثبوت پیش کرتے ہیں کہ شکر قندی کا استعمال انسولین کے خلاف مزاحمت کے علاوہ جسم میں شوگر کی سطح کو کم (باقی صفحہ 64)

گالیاں دینے والا شخص اب معافیاں مانگتے نہیں تھکتا!

عمر فاروق لاہور

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں شہر کی ایک اچھی کمپنی میں نوکری کر رہا تھا جو کہ ایک بڑے گروپ آف کمپنیز کا ممبر تھی۔ کمپنی کے مالک کی اپنی دو ذاتی مزید کمپنیاں بھی تھیں۔ ایک دفعہ ہماری کمپنی کا ایک اور معروف کمپنی کے ساتھ معاہدہ ہوا۔ اس معاہدے کے تحت ہماری کمپنی نے دوسری کمپنی کو پیسے دینے تھے۔ ہماری کمپنی کے منیجر نے کہا کہ انہیں فلاں بینک اکاؤنٹ سے چیک بنادو۔ میں نے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے بنادیئے مگر مجھ سے کوتاہی یہ ہوئی کہ یہ نہ دیکھا کہ اس اکاؤنٹ کا بیلنس کیا ہے اور بعد میں معلوم ہوا کہ اس اکاؤنٹ میں مطلوبہ رقم موجود ہی نہیں ہے۔ دوسری کمپنی نے جب وہ چیک رقم نکلوانے کے لئے بینک کو پیش کیا تو وہ باؤنس یعنی مسترد ہوگیا۔ اس کمپنی والوں نے ہماری کمپنی کے مالک کو جلی کٹی سنادیں جس سے ان کی ساکھ بھی کافی مجروح ہوئی۔

مجھے جب اس سارے معاملے کی خبر ہوئی تو بہت پریشان ہوا۔ میرے ساتھ کام کرنے والے دوسرے لوگوں نے بھی بتایا کہ اس مسئلے کی وجہ سے مالک کافی زیادہ غصے میں اور سخت ناراض ہیں۔ اب کمپنی کے مالک نے جس دن کمپنی کا چکر لگانا تھا منیجر جنہوں نے مجھے مطلوبہ اکاؤنٹ کا چیک جاری کرنے کا کہا تھا انہیں پہلے ہی خبر مل چکی تھی لہٰذا اس دن انہوں نے خود کو بچانے کے لئے چھٹی کرلی کیونکہ مالک اپنی مصروفیات کی وجہ سے کافی عرصہ بعد دفتر میں چکر لگاتے تھے۔ جب مالک کمپنی میں آیا تو اس نے مجھے اپنے دفتر میں بلوایا اور خوب ڈانٹا حتیٰ کہ نامناسب الفاظ سے بھی مخاطب کیا۔ میں یہ سب کچھ سن کر دفتر سے باہر آیا اب وہاں کام جاری رکھنا مشکل نظر آرہا تھا کیونکہ اس مالک کی نظروں میں بدنام ہو چکا تھا۔ میں نے اپنی جگہ پر دوسرے ساتھی کو بٹھایا اور خود قرآنی آیات کے یہ الفاظ "وَ الْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَ الْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ" پڑھتا ہوا کمپنی سے باہر نکل آیا اور موٹر سائیکل پر بیٹھ کر گھر کی طرف چل پڑا۔ راستے میں بھی یہ ورد جاری رکھا اور گھر آکر بھی بڑی پریشانی سے وظیفہ پڑھتا رہا کہ اب میرے روزگار کا کیا بنے گا۔ آخر یہ وظیفہ پڑھتے پڑھتے سو گیا۔ اگلے دن صبح آنکھ کھلی تو منیجر کا فون آیا وہ کمپنی کے مالک کی طرف سے معافی مانگ رہا تھا لیکن میں نہ مانا۔ پھر مالک نے خود تین بار فون کرکے مجھے واپس بلوایا اور مجھ سے خود معافی مانگی۔ جب میں ان کے آفس میں پہنچا تو اس نے مجھے اپنے سامنے والی کرسی پر بٹھایا اور کہا "I Am Sorry بیٹا! بڑے کبھی چھوٹوں کو ڈانٹ ہی دیتے ہیں تو ان کی ڈانٹ سے درگزر کرتے ہیں۔ میں آپ کی وجہ سے ساری رات سو نہیں سکا۔ اصل قصور آپ کا نہیں تھا۔" جب میں نے اپنے کولیگز کو فون دکھاتا کہ یہ دیکھو مالک نے خود فون کرکے مجھ سے معافی مانگی ہے تو ان کے منہ کھلے کے کھلے رہ جاتے۔ جبکہ یہ سارا کمال تڑپ سے پڑھے گئے وظیفے کا تھا۔

عبقری؟ فٹنس فولاد ٹانک
خون کی کمی کو پورا کرے
حاملہ خواتین کیلئے لاجواب
بیٹے کی صحت کمزور اور اس کی زرد رنگت دیکھ کر بہت پریشان رہتا تھا۔ عبقری دواخانہ کا فٹنس فولاد ٹانک استعمال کروایا بیٹے کی صحت چند دنوں میں ہی بہتر ہوگئی اور جسم میں خون کی کمی پوری ہوگئی (ذوہیب احمد)

مقدر کے سکندر: اس سال شیخ الوظائف رمضان المبارک میں ایسے طاقتور روحانی اعمال کروا رہے ہیں جن میں شرکت کرنے سے آپ مقدر کے سکندر اور تونگر بن جائیں گے ابھی سے تیاری کیجئے۔

جگر کی تکلیف کا بغیر آپریشن علاج! ڈاکٹر بھی حیران

والدہ علی' ہری پور

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں اور میرا پورا خاندان آپ کے بے حد شکر گزار ہیں۔ ہمارا عبقری سے تعارف 2016ء میں ہوا۔ ہمیں اس رسالے سے اَن گنت فوائد حاصل ہوئے ہیں۔ ہمارے بہت سے مسائل تھے۔ اللہ نے اس رسالہ کو ہمارے لیے وسیلہ بنایا۔ ہم آپ کو اور جس نے ہم تک آپ کا یہ رسالہ پہنچایا ان کو بہت دعائیں دیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کا سایہ ہم پر ہمیشہ سلامت رکھے۔ ہمارے کچھ تجربات ہیں جو قارئین کی نظر کرنا چاہتے ہیں تاکہ انہیں بھی ہماری طرح نفع ہو۔

سکون کی نیند میسر ہوئی

یَا قَھَّارُ سے ہمیں بہت فائدہ ہوا۔ جنات نے جینا حرام کر رکھا تھا' راتوں کی نیندیں اڑ چکی تھی۔ اس وظیفہ کو دن رات کثرت سے پڑھنا شروع کیا' الحمدللہ جنات کا گھر سے صفایا ہو گیا۔ بہت سی بیماریاں ختم ہوئیں ہیں۔ گھر والے سکون کی نیند سونے لگے ہیں۔

بھائی کو نئی زندگی مل گئی

عبقری رسالہ کے صفحہ نمبر 10 پر ہر ماہ شائع ہونے والا سلسلہ ''ماہانہ روحانی محفل'' کا عمل جو اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرتے ہیں' اس عمل سے بہت نفع ملا۔ میرا بھائی بری محفلوں کا ساتھی تھا۔ مختلف نشے کرتا تھا، جو کماتا دوستوں پر لوٹا دیتا تھا۔ ماں کا نافرمان تھا، رات کو گھر پر صرف سونے آتا تھا باقی اس کا گھر سے کوئی واسطہ نہیں تھا۔ بھائی کے جگر کا بھی مسئلہ تھا۔ کام کے دوران جگر میں سخت تکلیف ہوتی تھی۔ ڈاکٹر نے کہا تھا 40 سال کی عمر میں جگر کا آپریشن ہوگا۔ والدہ نے بھائی کے ان مسائل کا تصور کرتے ہوئے ہر ماہ عبقری رسالہ سے دیکھ کر ماہانہ روحانی محفل کا عمل کرنا شروع کیا۔ اس عمل نے بھائی کو نئی زندگی عطا کی۔ جیسے جیسے والدہ بھائی کا دھیان کرتے ہوئے روحانی محفل کرتی رہیں، جگر کا درد کم ہوتا گیا۔ والدہ نے ایک دن روحانی محفل کے ذریعے بھائی کے جگر کا مکمل روحانی آپریشن کیا۔ تصور میں بھائی کے جگر کو صاف ہوتا ہوا دیکھا۔ رحمت کی بارش برستی دیکھی، جب شام کو بھائی لوٹا تو اس نے بتایا کہ آج میرے جگر میں بہت درد ہوتا رہا لیکن اب جسم ہلکا پھلکا ہو گیا۔ جب ہم نے بھائی کے ٹیسٹ کروائے تو معلوم ہوا کہ اب بھائی کو جگر کا کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ ہم سب نے اللہ رب العزت کا شکر ادا کیا۔ آج میرا بھائی بالکل ٹھیک ہے۔ بھائی نے بری محفلیں اور نشہ بھی چھوڑ دیا ہے۔ اللہ' اس کے حبیب ﷺ اور والدین کا فرمانبردار ہو گیا۔ یہ ماہانہ روحانی محفل کی بدولت سے ہی ممکن ہوا ہے۔

بیماریوں سے چھٹکارا

عبقری رسالہ میں پیسوں اور مال کا دم پڑھا تھا۔ اللہ کے فضل سے اس عمل کے ذریعے رزق میں بے بہا برکت ہوئی' بہت باکمال دم ہے۔ سات دفعہ سورۃ الفاتحہ پڑھ کر گول دائرے میں انگلی گھمانی ہوتی ہے۔ جب ایک مرتبہ سورۃ الفاتحہ پڑھیں تو ایک دائرہ مکمل کریں' اس طرح سات دفعہ سورۃ الفاتحہ سے سات دائرے مکمل کریں' جس چیز یعنی نوٹ یا مال پر دم ہو اس کے اردگرد انگلی گھمانی ہوتی ہے۔ پھر آخر میں کراس لگالیں۔ اگر کسی بیماری سے نجات نہ مل رہی ہو تو اس سے نجات کے لیے بھی یہی عمل کریں یعنی بیماری سے جسم کا جو حصہ متاثر ہو اس کے گرد انگلی گھما کر مذکورہ بالا عمل کریں۔ ٹانسلز کے مرض میں گلے پر اسی طرح دم کیا اور شفاء ملی۔

مرادیں پانے کا مجرب عمل

شب جمعہ کی روحانی محفل میں سورۃ المائدہ کی آیت 114 کے کمالات کا سنا تھا۔ ہمیں رزق کی یا کوئی بھی حاجت ہو تو اللہ تعالیٰ کو اول و آخر درود پاک کے ساتھ اس آیت کے ذریعے یعنی گیارہ بار پڑھ کر درخواست بھیجتے ہیں جو فوری منظور ہو جاتی ہے۔ آیت یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ تَکُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَۃً مِّنْکَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ○

آٹھ سال سے مایوس خاتون کو بیٹا نہیں بیٹے ملے

بے اولاد جوڑوں کے لیے ہمارے پاس ایک تجربہ ہے۔ بہت سے لوگوں پر آزما چکے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے کبھی ناامید نہیں کیا۔ طریقہ یہ ہے کہ عورت پاک حالت میں اسلامی ماہ کی پہلی تاریخ سے سات تاریخ تک روزانہ رات کو ایک روٹی پر سورت آل عمران کی آیت نمبر 6 ھُوَ الَّذِیْ یُصَوِّرُکُمْ فِی الْاَرْحَامِ کَیْفَ یَشَآءُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ○ کاغذ پر لکھ کر فجر کی نماز کے بعد نہار منہ کھالے۔ تین، سات یا گیارہ ماہ ہر نئے چاند سے سات دن تک یہ عمل کرے۔ ہمارے ہاں ایک عورت کی 8 سال تک اولاد نہیں تھی اس عمل سے اللہ نے اسے ایک سے زیادہ بیٹے عطا کیے۔

بواسیر کے لئے آزمودہ ٹوٹکہ

بواسیر خونی ہو یا بادی اس کے لیے ہمارے پاس ایک آزمودہ ٹوٹکا ہے۔ جنگلی اجوائن (یعنی تمہ اجوائن) جو ہر جگہ ہوتی ہے۔ خشک ہو یا پھر سبز ہو۔ روزانہ ایک چمچ اس کا سفوف پانی کے ہمراہ کھانے یا سبز اجوائن کو پیس کر اس کا رس نکال کر ایک چمچ لینے سے مکمل آرام مل جاتا ہے' میں نے خود آزمایا ہے۔ جنگلی اجوائن کا یہ نسخہ استعمال کرنے سے اللہ کے فضل سے بواسیر سے مکمل نجات ملی ہے۔ یہ نسخہ قبض میں بھی بے حد مفید ہے۔

ایک چمچ زیرے سے ماؤں کی پریشانی ختم!

اُم فعلیہا

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو دنیا و آخرت میں سرخرو کرے اور عبقری کے ذریعے جو خیر پھیلا رہے ہیں اس کی جزائے خیر عطا فرمائے' آمین!

آج شادی شدہ خواتین کے لئے بہت ہی لاجواب ٹوٹکہ لے کر حاضر ہوئی ہوں جو مجھے میری خالہ نے بتایا تھا۔ اس نسخے کو آزمایا اور کئی خواتین کو استعمال کروایا جنہیں بہت نفع ہوا۔ اکثر کچھ خواتین کو بچے کی ولادت کے بعد دودھ کی کمی کا مسئلہ بن جاتا ہے اور اس وجہ سے بچہ کمزوری کا شکار ہونے لگتا ہے' بھوک کی کمی کی وجہ سے بچہ مسلسل روتا رہتا ہے جس وجہ سے بچے اور ماں کے ساتھ ساتھ سارے گھر والے پریشان رہتے ہیں۔ اس کمی کو پورا کرنے کے لئے ماں کو چاہیے کہ سفید زیرہ حسب ضرورت لے توے پر گرم کرلیں۔ رات کو سونے سے پہلے ایک چمچ اس زیرے کا کھالیں اور اس کے فوری بعد ایک کپ دودھ پی لیں۔ اس کے علاوہ ہفتے میں دو بار چھلکے یا بغیر چھلکے والی ماش کی دال پکا کر بطور سالن کھائیں۔ اس ٹوٹکے سے جلد ہی دودھ کی کمی کا مسئلہ حل ہو جائے گا' ان شاء اللہ۔

ازدواجی زندگی ناکام ہو کر رہ گئی ہو
اٹھتے بیٹھتے جسم دکھتا ہو، حافظہ کمزور
عبقری
اکسیر البدن
مجھے تن سازی کا شوق ہے لیکن میرا جسم دبلا پتلا اور کمزور تھا۔ عبقری کی اکسیر البدن کچھ عرصہ استعمال کی' حیرت انگیز طور پر جسم طاقتور اور وزن میں اضافہ ہوا (علی رضا، ڈیرہ اسماعیل خان)

☆ علت' قلت اور ذلت سے نجات: آپ اگر کسی ایسی علت' قلت اور ذلت میں مبتلا ہیں جس سے چھٹکارا پانا ناممکن نظر آرہا ہے تو مایوس نہ ہوں یہ رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں اور نجات پائیں۔

خشک' پھٹے اور بدنما ہونٹ کھل اٹھے! آزمودہ ٹوٹکہ

مسز فدا حسین' کنڈیارو

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ' آپ کے اہل وعیال اور عبقری کی ساری ٹیم کو برکت اور عافیت والی زندگی عطا فرمائے' ہر بلا اور ہر شر سے محفوظ رکھے' آمین!۔ میں اور میرے تمام گھر والے گزشتہ نو سال سے عبقری رسالہ پڑھ رہے ہیں۔ جب بھی رسالہ پڑھتے ہیں آپ کے لئے ڈھیروں دعائیں دل سے نکلتی ہیں۔ آپ نے فرمایا تھا کہ اپنے مشاہدات عبقری رسالہ کے لئے تحریر کریں تاکہ آپ کی ذات سے لوگوں کو نفع ہو اور صدقہ جاریہ کا ذریعہ بنے' اسی بات کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنے چند آزمودہ نسخے تحریر کر رہی ہوں کیونکہ اگر سارے لکھنے بیٹھوں تو ایک کتاب بن جائے۔

سر سے جوئیں ختم

میری بھتیجی جس کی عمر تقریباً چھ سال تھی' اس کے سر میں بہت زیادہ جوئیں پڑ گئیں۔ اس وجہ سے سارا دن سر میں خارش بھی رہتی تھی۔ وہ سکول میں پڑھتی تھی' اساتذہ اور باقی بچوں کے سامنے کافی شرمندگی کا سامنا ہوتا۔ ہم نے بہت کوشش کی' سر پر بہت کچھ لگایا مگر جوئیں ختم ہونے کا نام نہ لیتی تھیں۔ ایک دن عبقری رسالہ میں جوئیں ختم کرنے کے لئے ٹوٹکہ پڑھا کہ سرسوں کے تیل میں تھوڑا سا ڈیٹول ملا کر سر پر لگائیں اور پھر تقریباً گھنٹے بعد نہا لیں۔ ہم نے بغیر انتظار کیے اسی دن اس ٹوٹکے کو آزمایا جس سے کچھ افاقہ ہوا۔ چند دن مزید یہی ٹوٹکہ استعمال کیا جس کے بعد بھتیجی کے سر سے جوئیں ایسے ختم ہوئیں جیسے کبھی تھی ہی نہیں۔

خشک اور پھٹے ہوئے ہونٹ

جب بھی سردی کا موسم آتا تو میرے شوہر کے ہونٹ خشک ہو کر پھٹنا شروع ہو جاتے اور اس وجہ سے ان کا چہرہ اور ہونٹ بے رونق اور بدنما سے محسوس ہوتے۔ انہوں نے اس مسئلہ سے نجات کے لئے مختلف علاج کروا کے دیکھ لئے مگر کسی سے بھی مستقل فائدہ نہ ہو سکا۔ ان مسائل سے نجات کے لئے عبقری رسالہ میں ایک ٹوٹکہ پڑھا کہ اگر رات کو چند قطرے سرسوں' زیتون یا کسی بھی تیل کے ناف میں لگا کر سو جائیں تو ان بیماریوں کے علاوہ اور بہت سے مسائل سے نجات مل جاتی ہے۔ انہوں نے اس ٹوٹکے کو استعمال کرنا شروع کیا' الحمدللہ چند دنوں میں ہی یہ مسئلہ حل ہو گیا' ان کے ہونٹ بالکل ٹھیک ہو گئے بلکہ پہلے سے بھی زیادہ کھل اٹھے۔ اس بات کو آج چھ سال سے زیادہ کا عرصہ ہو چکا ہے الحمدللہ دوبارہ کبھی انہیں یہ مسئلہ بھی نہیں ہوا۔

پانچ منٹ میں مشکل حل

اگر کوئی چیز نہ مل رہی ہو تو اس کے لئے بہت مجرب وظیفہ ہے جو کئی مرتبہ آزما چکی ہوں۔ میری بھانجی کا ایک نیا سوٹ گم ہو گیا' صبح سے لے کر شام تک سارا گھر چھان مارا' ڈھونڈ ڈھونڈ کر تھک گئی مگر اس کے باوجود بھی نہ ملا۔ پھر مجھے میں عبقری کا ایک وظیفہ یَارَبِّ مُوْسٰی یَا رَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ یاد آیا۔ میں نے اس وظیفہ کو پڑھنا شروع کیا اور الحمدللہ پانچ منٹ میں وہ سوٹ گھر سے ہی مل گیا جبکہ پہلے بھی کئی مرتبہ اس جگہ پر تلاش کر چکی تھی مگر نظر نہ آیا۔

تکلیف دہ بیماری سے نجات

چند سال قبل مجھے نزلہ و زکام کی بیماری کا مسئلہ ہو گیا۔ ادویات وغیرہ استعمال کیں جس سے عارضی طور پر کچھ فرق پڑا مگر چند دن بعد دوبارہ یہی بیماری شروع ہو گئی۔ اس کے ساتھ ساتھ تھائی رائیڈ کی بیماری کا مسئلہ بھی بن گیا۔ میں نے بہت علاج کروائے' ایک سال گزر گیا مگر بیماری ختم نہ ہو سکی۔ میں نے عبقری رسالہ میں بیماریوں سے نجات کے لئے وضو کے تین گھونٹ والا عمل پڑھا اور پھر اس عمل کے مطابق ہر مرتبہ وضو کے بعد تین گھونٹ پانی پینا شروع کر دیا جس کے پہلے گھونٹ پر یا اللہ شافی' دوسرے پر یا اللہ کافی اور تیسرے گھونٹ پر یا اللہ معافی پڑھنا ہے۔ میں نے اس عمل کو مسلسل کچھ عرصہ کیا' الحمدللہ بغیر کسی دوا کے ان مذکورہ تکلیف دہ بیماریوں سے نجات مل گئی اور میں مکمل طور پر صحت یاب ہو گئی۔

آپ بھی اپنے دماغ میں ذہانت کی شمع روشن کریں

دماغ کی صلاحیتوں کو بیدار کرنے اور کمال تک پہنچانے کے لئے روشن دماغ کا استعمال شروع کیا تو ایسے معلوم ہوا جیسے دماغ میں ذہانت کی شمع روشن ہو گئی ہو۔ حافظہ لاجواب ہو گیا۔ جیسے جیسے انسان کی عمر بڑھتی جاتی ہے' حالات اور پریشانیاں انسانی دماغ پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ اس لئے بڑھاپے میں پہنچ کر اکثر یادداشت کمزور ہو جاتی ہے۔ آج کل تو یہ روگ جوانی میں ہی لگنا شروع ہو جاتا ہے۔ میں کوئی چیز رکھتا اور کچھ دیر بعد بھول جاتا تھا کہ کہاں رکھی ہے۔ ضروری کام ہوتا تھا لیکن یاد نہیں رہتا تھا کہ کیا کام ہے۔ دفتر میں ضروری کاغذ رکھ کر بھول جانا یا گھر کے کام بھول جانا اور گھر پہنچ کر بیوی نے یاد کروانا کہ یہ کام کہے تھے آپ نے کیے نہیں' یہ سب روزانہ کا معمول بن چکا تھا۔ یادداشت کے لئے چیزیں لکھ لینا ایک اچھا عمل ہے لیکن بھولنے کی اس قدر عادت ہو جانا کہ انسان قدم قدم پر اپنی یادداشت سے عاجز آ جائے۔ دفتر میں چھوٹی چھوٹی چیزیں بھولنے کی وجہ سے اکثر سٹاف کے سامنے بھی شرمندگی کا سامنا ہوتا تھا۔ یادداشت کو بہتر بنانے کے لئے دماغ کو بھی انرجی اور طاقت کی ضرورت ہوتی ہے' اس کے لئے میں نے عبقری دواخانہ کی روشن دماغ استعمال کی۔ اس دوا سے میرے حافظے کے ساتھ ساتھ نظر بھی تیز ہوئی اعصاب کو طاقت ملی اور دماغ سچ میں روشن ہو گیا۔ عبقری دواخانہ کی تیار کردہ روشن دماغ گولیاں واقعی دماغ میں یادداشت اور ذہانت کی شمعیں جلا کر اسے روشن بنا دیتی ہے۔ اس دوا کے استعمال سے ذہن کی گرہیں کھلتی ہیں۔ روشن دماغ نے میری زندگی بدل دی ہے اور مجھے زبردست دماغی قوتیں دے کو بھولنے کی بیماری سے نجات دلوائی ہے۔ (سرفراز احمد' قصور)

دولت کے ڈھیر پانے کا خاص عمل

رمضان المبارک تسبیح خانہ میں گزارنے والے کو شیخ الوظائف کی طرف سے ایک خاص برکتی نوٹ تحفہ دیا جاتا ہے جس گھر میں بھی ہو دولت کے ڈھیر لگ جاتے ہیں۔

گھر میں مرمت کا کام کرتے ہوئے ہاتھ پر چوٹ لگ گئی' زخم پر عبقری کی سکونی مرہم لگائی' فوراً راحت ملی اور زخم بھی کم وقت میں بھر گیا۔ زخم اور جلے ہوئی جلد کے لئے بہترین مرہم ہے (اعجاز)
خارش' جلن' پھوڑے پھنسی' پرانے زخم
پرانا نام مرہم سکون
عبقری
سکونی مرہم
نیا نام نئی پیکنگ
فارمولا' تاثیر اور شفاء پرانی دی پرانی

غربت کا خاتمہ: تمام کوششیں کر کے دیکھ لیں مگر زندگی سے غربت کا خاتمہ نہ ہوا' 2024ء کا یہ رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں اور ایسے اعمال میں شریک ہوں جس کے بعد مال و دولت کی کمی نہ ہو گی۔

انسانی جسم کی اہم ترین ضرورت کا حل شہد میں پوشیدہ

حکیم محمد شہباز، پشاور

انسانی جسم کو طاقتور بنائے رکھنے کے لئے جن عناصر کا ہونا ضروری ہے وہ تمام شہد میں پائے جاتے ہیں۔ شہد ایک مکمل ٹانک ہے اور ایک مکمل دوا ہے۔ لیکن شہد خالص ہونے پر ہی مفید ہے۔ شہد ہلکا ہوتا ہے، پیٹ میں پہنچتے ہی ہضم ہو کر خون میں مل جاتا ہے اور فوراً ہی جسم میں قوت پیدا کرتا ہے۔ شہد کو جس چیز کے ساتھ بھی لیا جائے اسی طرح اثر دکھاتا ہے یعنی گرم چیز کے ساتھ لیں تو گرم اثر کرے اور ٹھنڈی چیز کے ساتھ لیں تو ٹھنڈے اثرات دکھاتا ہے۔

خشک اور زرد جلد کو نئی زندگی بخشے

خشک اور زرد جلد: اگر جلد خشک، زرد ہے تو اس کی وجہ ہے خون میں آئرن کی کمی، شہد میں آئرن ہوتا ہے۔ اس کے لئے صبح و شام کھانا کھانے کے بعد لیموں کے رس میں شہد ملا کر پئیں یا دودھ میں شہد اور ایک چٹکی ہلدی ملا کر پی سکتے ہیں۔

پھیپھڑوں میں سوزش، نمونیہ، ٹی بی، دمہ وغیرہ میں شہد مفید ہے۔ روس میں پھیپھڑوں کی بیماریوں میں شہد زیادہ استعمال کیا جاتا ہے۔ **پھنسیاں:** گیہوں کے آٹے اور شہد کو ملا کر پیسٹ بنالیں، کپڑے کے ٹکڑے پر لگا کر پھنسیوں پر لگائیں۔ جلد کی کوئی بھی بیماری ہو تو شہد کی پٹی باندھنے سے آرام ملتا ہے۔

داد، خارش، پھوڑے: 40 گرام شہد، 300 گرام پانی میں ملا کر چند ماہ صبح نہار منہ پینے سے خون صاف ہو کر جلدی بیماریوں میں فائدہ ملتا ہے۔

کھانسی کیلئے بے حد مفید

کھانسی: ایک لیموں پانی میں ابالیں پھر پانی سے نکال کر شیشے کے گلاس میں نچوڑیں۔ اس میں ایک اونس گلیسرین اور تین اونس شہد ملا کر ہلائیں۔ اس کا ایک چمچ روزانہ چار بار لینے سے کھانسی آنا بند ہو جاتی ہے۔ اگر بڑی بڑی دوائیوں سے بھی بلغمی کھانسی میں فائدہ نہ ہوتا ہو تو ناگ کیسر 6 گرام، شہد 25 گرام ملا کر مریض کو صبح و شام کھلائیں۔ آزمودہ ہے۔

دمہ: پھیپھڑوں کی بیماریاں شہد استعمال کرنے سے دور ہو جاتی ہیں۔ شہد پھیپھڑوں کو قوت دیتا ہے۔ کھانسی، گلے کی خشکی اور اعصابی تکلیف کو دور کرتا ہے۔ چھاتی کی گرگراہٹ دور کرتا ہے۔ وہ لوگ جن کے پھیپھڑے بلغم سے بھرے رہتے ہیں اور سانس لینا مشکل ہوتا ہے۔ انہیں دو چمچ پیاز کا رس اور شہد ملا کر دینا مفید ہے۔ یہ ایک قدیم نسخہ ہے۔

قے، ہچکی: دو چمچ پیاز کا رس اور اتنا ہی شہد ملا کر چاٹنے سے قے اور ہچکی بند ہو جاتی ہے۔ صرف شہد چاٹنے سے بھی ہچکی بند ہو جاتی ہے۔ **آگ سے جلنا:** آگ سے جلے ہوئے حصے پر شہد کا لیپ کرنے سے جلن کم ہو جاتی ہے۔ زخم ہونے پر بھی جب تک زخم ٹھیک نہ ہو، شہد لگاتے رہیں۔ زخم ٹھیک ہونے پر جلی ہوئی جگہ پر سفید داغ بن جاتے ہیں ان پر شہد کی پٹی باندھنے سے داغ مٹ جائیں گے۔

تھکاوٹ: شہد کے استعمال سے قوت، چستی اور اعصاب کو طاقت ملتی ہے۔ محنت کش افراد اور جنہیں بہت دیر تک پانی میں رہنا پڑتا ہے وہ شہد سے طاقت حاصل کر سکتے ہیں۔ شہد کی سب سے بڑی خوبی تھکاوٹ دور کرنا ہے۔ ذہنی و جسمانی قوت میں اضافہ کرتا ہے۔ روزمرہ کے کام کے بعد رات کو یا جب تھکاوٹ محسوس ہو تو دو چمچ شہد آدھے گلاس گرم پانی میں لیموں کا رس نچوڑ کر پی لیں۔ ساری تھکاوٹ دور ہو گی اور تر و تازگی محسوس کریں گے۔ دنیاوی تفکرات اور تھکاوٹ سے نیند نہیں آتی۔ لیموں کا رس اور دو چمچ شہد رات کو پینے سے نیند آجاتی ہے۔

طویل عمر کا راز

طویل عمر کے لئے: شہد جسم کو طاقتور بنانے اور طویل عمر حاصل کرنے کے لئے مفید ہے۔ بوڑھے افراد کے لئے شہد بہترین غذا ہے۔ **موتیا:** موتیا سے ہمیشہ محفوظ رہنے کے لئے چند دن کے وقفے سے رات سوتے وقت آنکھوں میں سلائی سے شہد ڈال لیا کریں۔ **آدھے سر کا درد:** اگر سر درد سورج طلوع ہونے کے ساتھ ہو اور غروب ہونے کے ساتھ کم ہو تو اس کے دوسری طرف ناک کے نتھنے میں ایک بوند شہد ڈالیں، درد میں آرام آجائے گا۔ کبھی کبھی اچانک آدھے سر میں تیز درد شروع ہو جاتا ہے، درد سے قے بھی آجاتی ہے۔ قے کے بعد درد ٹھیک ہو جاتا ہے۔ یہ درد اکثر رہتا ہے۔ روزانہ کھانا کھانے کے وقت دو چمچ شہد کھانے سے درد نہیں ہوتا۔ کبھی درد ہو بھی جائے تو دو چمچ شہد کھانے سے درد دور ہو جاتا ہے۔

قرآنی دم سیکھئے اور عامل کامل بن جائیے

میں نے عبقری کے یوٹیوب چینل سے ایک کلپ دیکھا تھا جس میں شیخ الوظائف نے ایک روحانی دم بتایا تھا۔ یہ دم ہر بیماری اور ناممکن مسائل کے حل کے لئے بہت طاقتور عمل ہے۔ کئی بار یہ دم کر کے رشتہ داروں کی داد وصول کر چکی ہوں۔ میں نے اس عمل کی بہت برکتیں دیکھی ہیں، خاص طور پر جس بھی بیمار کو یہ دم کریں اس کو فوراً شفاء ملتی ہے اور مسلسل یہ دم کرتے رہنے سے بیماری جسم سے نکل جاتی ہے۔

ایک مرتبہ میں بھائی کے گھر گئی۔ معلوم ہوا کہ بھائی کی طبیعت کچھ دنوں سے خراب ہے، ٹھیک نہیں ہو رہی۔ ان کے پیٹ میں درد تھا، کچھ کھایا نہیں جا رہا تھا۔ بہت کمزوری ہو گئی تھی۔ طبیعت نڈھال تھی۔ ڈاکٹر سے دوائی بھی لے کر آئے لیکن دوا کھانے سے بھی ٹھیک نہیں ہو رہے تھے۔ میں نے بھائی کو یہی دم کرنا شروع کر دیا۔ دم کا طریقہ یہ ہے: اول و آخر درود پاک تین بار سورہ قدر اور تین بار سورہ کوثر پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلا دیں یا ویسے ہی مریض پر دم کر دیں۔ بھائی کو وقفے وقفے سے دم کرنا شروع کر دیا۔ رات کو بھی جب آنکھ کھلتی اس کا تصور کر کے پڑھ کر دم کر دیتی۔ صبح بھائی کا حال پوچھا تو کہنے لگے کافی بہتر ہے اور رات کو سکون سے سو سکا ہوں۔ اب بھوک بھی لگ رہی ہے، میں خود کو بہتر محسوس کر رہا ہوں۔ (ثمینہ کوثر، لاہور)

داڑھی کے روکھے بال مضبوط، گھنے اور چمکدار!

میری داڑھی کے بال بہت کمزور، روکھے اور گھنگریالے تھے۔ اکثر گھر والے بھی کہتے کہ اس کو ٹھیک کرواؤ یا چھوٹی کروا دو لیکن میں انکار کر دیتا۔ مجھے سنت رسول ﷺ رکھنے کا شوق ہے۔ میں نے کئی تیل استعمال کیے لیکن کسی سے بھی داڑھی کے بالوں کو فائدہ نہیں ہوا۔ میں نے عبقری فیس بک پیج پر گڈ ہیئر ڈآئل کا اشتہار دیکھا تو عبقری دواخانہ سے خرید کر استعمال کیا۔ روزانہ رات اچھی طرح داڑھی میں لگا لیتا اور صبح نہا لیتا۔ چند دنوں میں ہی داڑھی کے بال مضبوط، گھنے اور چمکدار ہو گئے اور داڑھی انتہائی خوبصورت لگنے لگی۔ سب دیکھ کر حیران ہوتے ہیں کہ داڑھی اتنی گھنی اور پرکشش ہو گئی ہے۔ (علی، لاہور)

عبقری دواخانہ کی زرغوانی نقرائی استعمال کرتا ہوں اپنے آپ کو ساٹھ سال کی عمر میں بھی جوان محسوس کرتا ہوں، شادی شدہ زندگی کو کامیاب بنانے کا بہترین اور قیمتی نسخہ ہے (غلام حسین، اٹک)

جسمانی اور اعصابی طاقتوں کو بیدار کرے اور صحت کو سدا بہار رکھے

عبقری

زرغوانی نقرائی

☆ زندگی میں خوشیاں اور برکتیں: رمضان المبارک میں سحری و افطاری کے وقت شیخ الوظائف سے ایسے انمول موتی لیں جس سے آپ کی زندگی میں خوشیاں اور برکتیں سدا ساتھ رہیں گے۔ ☆

ماں کی خدمت پر دنیا میں ہی جنت مل گئی! حیرت انگیز واقعہ

افشین، لاہور

بچپن سے ایک بات سنتے آئے جو کہ حدیث نبوی ﷺ ہے کہ ”ماں کے قدموں تلے جنت ہے“۔ اس بات کی حقیقت مجھ پر اللہ تعالیٰ نے کھول دی ہے جو آج قارئین کی خدمت میں پیش کر رہی ہوں۔ یہ ایک ایسا مقدس رشتہ ہے جس کے بارے میں کچھ لکھنا سمندر کو کوزے میں بند کرنے کے مترادف ہے۔ ماں شفقت، خلوص، بے لوث محبت اور قربانی کا دوسرا نام ہے۔ ماں دُنیا کا وہ پیارا لفظ ہے جس کو سوچتے ہی ایک محبت، ٹھنڈک، پیار اور سکون کا احساس ہوتا ہے۔ دکھوں، غموں اور پریشانیوں میں اس کا سایہ ہمارے لئے ٹھنڈی چھاؤں کی مانند ہے۔ میں نے دنیا میں ہی ماں کے قدموں تلے جنت دیکھ لی ہے۔

روحانی و جسمانی بیماریوں کا شکار

میری زندگی بہت سے مسائل اور کشمکش کا شکار تھی۔ شادی کی عمر تھی مگر کہیں بھی رشتہ نہ ہو سکا۔ اس کے علاوہ بہت سی روحانی و جسمانی بیماریوں کا شکار تھی۔ زندگی دکھوں اور تکلیفوں کا گڑھ تھی۔ ان مسائل میں ایک والدہ تھی جو مجھے تسلی کے بول دیتیں اور حوصلہ افزائی کرتیں۔ مگر پھر اچانک والدہ بیمار پڑ گئیں، انہیں شوگر کی بیماری لاحق ہو گئی، اس بیماری نے ان کے جسم کو نچوڑ کر رکھ دیا۔ ان کا کھانا پینا، اٹھنا بیٹھنا اور چلنا پھرنا بھی محدود ہو گیا۔ ہم نے علاج معالجہ کی کوشش کی مگر ان کا مرض بڑھتا چلا گیا۔ اس دوران اللہ تعالیٰ نے والدہ کی خدمت کا بھرپور موقع دیا۔ میں نے اللہ کی رضا کی خاطر ان کی جی بھر کر خدمت کی، انہیں کھلانا پلانا، باتھ روم تک لے جانا سب میرے ذمے تھا۔ اس تمام تر خدمت اور دیکھ بھال کے باوجود بھی والدہ صحت یاب نہ ہو سکیں۔ کچھ عرصہ بعد ان کی ٹانگ پر شوگر کی وجہ سے ایک زخم بن گیا جو بعد میں کینسر کی شکل اختیار کر گیا۔ اس پھوڑے سے بدبودار مواد نکلتا تھا جسے وقفہ وقفہ سے اپنے ہاتھوں سے صاف کرتی۔ اس مسئلہ کی وجہ سے وہ معذوری کا شکار ہو چکی تھیں۔ اب انہیں پاخانہ بھی خود کروانا پڑتا، گھر کے سارے کام کاج بھی میرے ہی ذمہ تھے۔

سردیوں کی لمبی راتیں اور سخت تکلیف

دسمبر اور جنوری کی سرد اور لمبی راتیں والدہ کے سرہانے بیٹھ کر گزارتی کیونکہ تکلیف کی وجہ سے وہ ساری رات کراہتی رہتیں۔ مجھے نہ کھانے کا ہوش تھا نہ کسی اور چیز کا، سارا دن اور رات والدہ کی خدمت میں ہی گزر جاتا۔ اکثر جب کھانا کھانے بیٹھتی تو والدہ کی طبیعت بگڑ جاتی، کھانا وہیں چھوڑ کر ان کے پاس چلی جاتی۔ اس دوران کسی سے کوئی شکوہ نہ کیا بلکہ والدہ کی خدمت کو سعادت سمجھ کر قبول کیا کیونکہ مجھے یقین ہو گیا تھا کہ اس عظیم کام کے لئے اللہ تعالیٰ نے میرا چناؤ کیا ہے۔

زندگی رُل گئی

والدہ کے جسم پر جگہ جگہ شوگر کے زخم بن گئے اور ایک وقت ایسا آیا کہ ان کے جسم پر کوئی ایسا حصہ نہ بچا تھا جہاں میں نے دوا نہ لگائی ہو۔ میری اس خدمت کو دیکھ کر والدہ بھی بے ساختہ مجھے دعائیں دیتیں اور کہتیں کہ یا اللہ میری بیٹی میری وجہ سے رُل گئی ہے اس کو آباد و شاد کر دے۔ جب وہ میرا نام لے کر مجھے بلاتیں تو ایسے محسوس ہوتا جیسے اللہ تعالیٰ نے ماں کی ممتا کا سارا پیار اس ایک لفظ میں ڈال دیا ہو۔ میری والدہ بہت دعائیں دیتیں تو میں ان سے عرض کرتی کہ میرے لئے اللہ سے جنت مانگیں کیونکہ اب زندگی کے غموں سے نکلنے کی کوئی راہ نظر نہ آ رہی تھی۔

موت کی آخری ہچکی اور نئی زندگی

جمعہ کا وہ دن آج بھی یاد ہے، گھر کے پاس مسجد میں امام صاحب خطبہ دے رہے تھے جسے وہ بہت غور سے سن رہی تھیں، جیسے خطبہ مکمل ہوا تو والدہ کے منہ سے یہ الفاظ نکلے کہ یا اللہ میری بیٹی کو جنت دے۔ یہ آخری الفاظ والدہ کی زبان سے نکلے، اس کے بعد وہ بول نہ سکیں کیونکہ زہر ان کی زبان اور دماغ پر اثر کر چکا تھا، آخر خالق حقیقی سے جا ملیں۔ والدہ کی خدمت کے بعد یہ تجربہ ہوا کہ واقعی ماں کے قدموں تلے جنت ہوتی ہے کیونکہ ان کی خدمت کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے میری دکھی زندگی آسودہ کر دی۔ ان کے انتقال کے بعد شیخ الوظائف صاحب سے ملاقات ہوئی، تسبیح خانہ سے تعارف اور برکتیں ملیں۔ اللہ تعالیٰ نے برکتوں کے دروازے کھول دیئے، روحانی و جسمانی بیماریاں ختم ہونا شروع ہو گئیں۔ جادو جنات جیسے مسائل تھے جو کافی حد تک ختم ہو چکے ہیں۔ کافی عرصہ سے شادی کی بات تک نہ چلی مگر اللہ کا شکر ہے اب قریبی رشتہ داروں نے خود شادی کے لئے کہا ہے۔ دکھ ختم ہو رہے ہیں، جو مسائل رہ گئے ہیں وہ بھی ان شاء اللہ جلد حل ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ الحمدللہ دکھوں کی جہنم سے نکل گئی ہوں، اللہ تعالیٰ نے دنیا کو ہی جنت بنا دیا ہے۔ یہ سب ماں کی خدمت کا صلہ مل رہا ہے، اللہ سب کو توفیق دے، آمین۔

ناکارہ گردوں کو پھر سے کارآمد بنائیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! چند سال پہلے کی بات ہے کہ میرے بڑے بھائی کو اچانک گردوں میں تکلیف ہوئی، ڈاکٹر کے پاس لے کر گئے تو انہوں نے کچھ ادویات کھانے کے لئے دیں جس سے انہیں افاقہ ہوا۔ مگر چند ہفتوں بعد دوبارہ تکلیف ہوئی جس کی شدت پہلے سے بھی زیادہ تھی۔ ڈاکٹر کے مشورے پر ٹیسٹ کروائے تو معلوم ہوا کہ ان کے گردے بہت متاثر ہوئے ہیں اور اگر بروقت علاج نہ ہوا تو ناکارہ ہو سکتے ہیں۔ ڈاکٹر کے پوچھنے پر بھائی نے بتایا کہ انہوں نے کچھ غیر معیاری ادویات کا استعمال کیا تھا جن کے مضر اثرات نے ان کے گردے خراب کر دیے تھے۔ ہم نے بھائی کے ڈائیلائسز کروانے شروع کر دیے۔ مجھے کسی نے مشورہ دیا کہ عبقری دواخانہ سے بھائی کا علاج کروائیں ان شاء اللہ انہیں شفاء مل جائے گی۔ ہم بھائی کو عبقری دواخانہ لائے، حضرت حکیم صاحب کے اسسٹنٹ صاحب نے عبقری دواخانہ کی ”گردے فیل شفاء“ تجویز کی۔ ہم نے بھائی کو یہ دوا استعمال کروانی شروع کر دی جس سے انہیں افاقہ ہوا۔ تھوڑے ہی عرصہ کے استعمال سے ڈائیلائسز کے دورانیے میں بھی کمی آ گئی ہے۔ دو ماہ بعد جب دوبارہ ٹیسٹ کروائے تو اس کے بعد ڈاکٹر بھائی کی حالت میں کافی بہتری کا بتا رہے ہیں۔ بھائی کی صحت گرتی جا رہی تھی وہ بھی سنبھل چکی ہے۔ عبقری کی گردے فیل شفاء کا مسلسل استعمال کروا رہے ہیں، یقین ہے ان شاء اللہ اس سے مکمل صحت یابی نصیب ہو گی۔ (منیب احمد، خوشاب)

اگر آپ عینک اتارنا چاہتے ہیں تو عینک توڑ ڈاپس سے دوستی کر لیں

عبقری عینک توڑ ڈراپس

نظر کمزور ہو رہی تھی، میں نے ڈاکٹر کو دکھانے کی بجائے عبقری دواخانہ سے عینک توڑ ڈراپس لے کر استعمال شروع کر دیا، نظر صاف اور تیز ہو گئی۔ اس کو لگانے سے چبھن ہوتی ہے مگر فائدہ بہت ہے (محمد خلیل، لاہور)

☆☆ طلاق کا مسئلہ حل: میاں بیوی کے درمیان جھگڑے اس نہج تک پہنچ چکے ہیں کہ طلاق تک نوبت آ چکی ہے تو اس رمضان تسبیح خانہ کا رخ کیجئے اور اپنے ٹوٹتے ہوئے گھر کو بچا لیجئے۔ ☆☆

سلسلہ وار آپ بیتی

جنات کا پیدائشی دوست

قسط نمبر 170

علامہ ارشد القادری

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اصرار پر سچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور حلم چاہیے

جس نے بھی طاقت آزمائی تباہ و برباد ہوا

ہزاروں لاکھوں سال پرانی مخلوق جنات کے بارے میں بہت سے لوگ کیا رویہ اور نظریہ رکھتے ہیں یہ مخلوق ہے یا نہیں ہے؟ جھوٹ ہے فریب ہے' دھوکہ ہے' یا دکانداری ہے' حقیقت اور سچائی کیا ہے؟ آج بھی لوگ اس کے بارے میں مغالطہ اور غلط فہمی کا شکار ہیں۔ حتیٰ کہ غلط فہمی یہاں تک بڑھی کہ جو شخص چار لفظ' دو کتابیں پڑھ لیتا ہے وہ جنات کے بارے میں موشگافیاں کرتا ہے اور جنات کی موشگافیوں سے نفع تو کیا ہونا ہے وہ نقصان کا شکار ہوتا ہے۔ میرا تجربہ ہے' جس نے بھی آج تک جنات سے مقابلہ کیا ہے' کیونکہ ان کے اندر طاقت قوت اور کمال اللہ کے امر سے آیا ہے' اس لئے وہ تباہ و برباد ہوا ہے۔ تباہی اور بربادی کی شکلیں مختلف ہیں' نفسیاتی بیماریاں' الجھنیں' تناؤ' تھکان' تکالیف' مشکلات اور مسائل اس کا سامنا کرتی ہیں۔ پھر اولاد اور نسلوں کی شکل میں مسائل اور مشکلات اس کا پیچھا کرتے ہیں' پھر یہی جنات سے دشمنی اولاد کے مسائل ان کی نافرمانی یا نسلوں میں بے اولادی' ان میں بغاوت' شرپسندی' گناہوں' برائیوں کی طرف دن رات رغبت اور آخری درجہ کی اولاد کی طرف سے پریشانی شروع ہوتی ہے۔

جنات سے دشمنی کا انجام

پریشانی کا یہ سلسلہ ایسا بڑھتا ہے انسان ہر وقت پریشان رہتا ہے' پھر تمام نفسیاتی اصول' اخلاقی اصول اور طریقے اولاد کو راہ راست پر لانے کیلئے کر لیتا ہے مگر حاصل کچھ نہیں ہوتا۔ حالانکہ اس کی بنیاد اصل میں جنات سے دشمنی' جنات کا انکار اور بعض لوگ انہیں گندی گالیوں اور برے الفاظ میں پکارتے ہیں یا انہیں چیلنج کرتے ہیں۔ جس طرح انسان' فرشتے مخلوق ہیں اسی طرح جنات بھی ایک مخلوق ہیں۔ جس طرح انسان احساسات رکھتے ہیں' جنات بھی سو فیصد احساسات رکھتے ہیں اور ان کے احساسات ہم سے کہیں زیادہ مضبوط ہوتے ہیں۔ میرے پاس سینکڑوں اور اس سے کہیں زیادہ واقعات آتے ہیں کہ جنات کے بارے میں بدزبانی' بدگمانی اختیار کی اور جنات نے ان کی نسلوں کو عبرت کا ایسا نشان بنا دیا کہ عقلیں دنگ رہ گئیں اور انسان پریشان ہو گئے۔

نسلوں کو عبرت کا نشان بنا دیا

جنات کا انتقام بہت خطرناک ہوتا ہے وہ اپنے بارے میں بدزبانی کرنے والے کو نہ کبھی بخشتے ہیں' نہ کبھی معاف کرتے ہیں اور انسان اسی پریشانی میں ساری عمر گزار دیتا ہے کہ سمجھ نہیں آتی جبکہ اس کے پیچھے یہ سب کچھ جنات ہیں جو اس سے انتقام لے رہے ہیں۔ بے شمار لوگوں پر جنات خود حاوی ہو کر بولتے ہیں' خواب میں بتاتے ہیں اور کہتے ہیں تم نے فلاں جگہ ہمیں للکارا تھا' فلاں جگہ زیادتی' فلاں جگہ غلطی کی تھی' تمہاری للکار' زیادتی اور غلطی کا انجام یہی ہے جسے اب تمہیں ساری عمر بھگتنا ہے اور ساری عمر ذلیل ہونا ہے۔ کئی جنات نے یہ شکوہ کیا کہ ہم بالکل بے ضرر ہیں ہم کسی کو تکلیف نہیں دیتے ہم کسی گھر میں رہتے تھے وہ اپنی زندگی گزارتے تھے' ہم اپنی زندگی گزارتے تھے۔ اگر کبھی انہیں ہمارے وجود کا احساس ہوا تو وہ گھر والے تھوڑے سے پڑھے لکھے تھے' ناواقفیت کی بنیاد پر انہوں نے ہمیں آخری درجہ میں برا بھلا کہنا شروع کر دیا' اتنا برا بھلا کہا کہ آخر کار ہمیں غصہ آیا۔ غصہ خود آگ ہے اور ہم آگ سے بنے ہوئے' پھر ہم نے ان سے انتقام لینے کا سوچا اور ان سے خوب انتقام کیا۔ اتنا سخت انتقام لیا کہ ان کی نسلوں کو عبرت بنا دیا۔ حقیقت یہی ہے کہ جنات ہماری زندگی میں بہت خطرناک ہیں۔ ان کے خطرات' ان کا انتقام' ان کا کینہ اور بغض لے کر ہم اپنی زندگیاں برباد کر لیتے ہیں۔ پھر کوئی اس کو بیماری' کوئی جادو' کوئی کسی کا وار' کوئی دشمنی اور پھر خاص طور پر قریبی رشتوں کو اس پر زیادہ گھسیٹا جاتا ہے اور پیشہ ور لوگ قریبی رشتوں کے بارے میں کہہ کر ان کی زندگیوں کو مزید تلخ اور پریشان کر دیتے ہیں۔

دل دہلا دینے والا دردناک واقعہ

میرے پاس ایک صاحب آئے ان کے گھر میں کچھ عرصہ سے ایک انوکھے کام ہونا شروع ہو گئے۔ بوتلیں پڑی پڑی پھٹ جاتی تھیں' ادویات' سیرپ یا پانی کی' کوئی بھی بوتل ہوتی تھی چاہے وہ شیشہ کی ہو یا پلاسٹک کی پھٹ جاتی تھی اور پھٹتی بھی بم کی طرح تھی۔ اس کے ذرے چھت کو چھوتے تھے۔ دوسرا: ان کے گھر میں کہیں کوئی گلدان' گلدستہ' مصنوعی پھول ہیں یا اصلی پھول ہوں وہ جل جاتے تھے اور ان پر نشان ہوتے تھے جب ان کو سونگھا جاتا تھا تو پیشاب کے نشان ہوتے۔ تیسرا: ان کے گھر میں باکس اور صندوقوں میں پڑے کپڑے جل جاتے تھے اور وہ آگ کو بجھا نہیں سکتے تھے۔ حیرت انگیز بات ہے کہ پانی ڈالنے سے آگ مزید بھڑکتی اور پھیلتی تھی اور اس طرح وہ چیزیں زیادہ جل جاتی تھیں۔ چوتھا: برتن خود بخود ٹوٹ جاتے تھے یا تو ٹکڑے ہو جاتے تھے یا ان میں لکیریں پڑ جاتی تھیں یا تھوڑا سا استعمال کرنے سے ٹوٹ جاتے۔ پانچواں: فریج کے اندر پڑی چیزیں غائب ہو جاتی تھیں یا کوئی انوکھی چیزیں پڑی ہوتی تھیں جو ان کے گھر والوں نے نہیں رکھی ہوتی تھیں اور وہ جمی ہوتی تھیں جب ان کو دیکھا جاتا تو وہ انسان یا کتے کا پاخانہ ہوتا تھا۔ چھٹا: ان کے گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا چھوٹی چھوٹی بات پر مار کٹائی حتیٰ کہ بعض جھگڑے ایسے ہوئے کہ سارا گھر لہولہان یا پھر ہڈیاں ٹوٹ گئیں۔ گھر میں ہر وقت ناچاقی' پریشانی' الجھنیں ایک دوسرے پر الزامات حتیٰ کہ ان کی نظریں' بول' الفاظ' اور لہجوں میں زہر بھر گیا تھا اور اتنا سخت زہر تھا کہ کوئی سوچ نہیں سکتا۔ ساتواں: گھر پورا کا پورا ہسپتال بنا ہوا تھا' ادویات کا ڈھیر' گولیاں' کیپسول' مختلف ادویات' کوئی چیز اثر نہ کرتی تھی یا پہلے اثر کرتی تھی پھر وہی چیز ہوتی تھی جو اثر کرنا چھوڑ دیتی تھی۔

شفائی ادویات زہر بن گئیں

ان کے گھر میں ادویات آ کر زہر بن جاتی تھیں وہی ادویات دوسروں کے گھروں میں شفاء یابی کا پیغام لاتی تھیں حتیٰ کہ دوائی پڑی پڑی خود خراب' یا پگل جاتی تھی یا جم جاتی یا خود دوائی میں بدبو ہوتی تھی۔ اس سے حیرت انگیز بات اور کیا ہو کہ انجکشن کے اندر دوا نہ ہوتی تھی نہ انجکشن کسی نے کھولا' نہ توڑا مگر اس کے اندر دوائی نہ ہوتی تھی۔ ہر لحہ ان کے گھر میں پریشانی' لحہ' لحہ' لحظہ لحظہ' قدم قدم مسائل' مصیبتیں گھیرے

عبقری نیو طاقتی
کمر درد | قوت باہ کی کمزوری | پٹھوں کا کھچاؤ | ذہنی دباؤ
جوانی کے جوش میں اپنی طاقتوں کا بے جا استعمال کیا' اب اس کا خمیازہ بے طاقتی کی صورت میں بھگتنا پڑ رہا تھا' عبقری کی نیو طاقتی نے مجھے نئے سرے سے جوانی کی طاقتیں لوٹا دیں (ح، س)

ذاتی گھر پانے کے لئے: اپنا ذاتی گھر پانا چاہتے ہیں تو رمضان المبارک تسبیح خانہ میں گزارنے کا فیصلہ کر لیں جہاں ایسے بابرکت اعمال کروائے جائیں گے کہ ذاتی گھر کی خواہش پوری ہو جائے گی۔

ہوئے تھے۔ آٹھواں: لوگ انہیں چھوڑ گئے تھے حالانکہ وہ لوگوں کے ساتھ اچھا سلوک کرتے تھے جبکہ لوگ اچھے کو برا کہتے تھے چھوٹی سی بات کا بتنگڑ بنا لیتے تھے چھوٹے سے لفظ کو نفرت سے لیتے تھے۔ چھوٹی چھوٹی باتوں کو ایسی بے ہنگم ترتیب اور پریشانی بنا دیتے کہ اچھا خاصا آدمی پریشان ہوتا تھا کہ یہ کیا بول رہے ہیں؟ اور کیا کہہ رہے ہیں۔ لوگ ان سے دور ہو گئے تھے رشتہ دار دور ہو گئے اپنے پرائے ہو گئے دشمن تو پہلے ہی دشمن تھے مگر اب وہ بڑے دشمن بن گئے۔ زندگی میں مشکلات نفرتیں تنہائیوں سے تنہائیاں اور بڑھتی گئیں۔ حالات بہت زیادہ الجھتے گئے۔

بھوت بنگلہ اور ویرانہ

انہوں نے ادھر ادھر سے پیر عامل ڈھونڈے کیونکہ معاشی تنگدستی تو پہلے سے بڑھ چکی تھی برکت اٹھ گئی مال ختم ہو گیا تھا حالات بندشوں اور تکالیف میں جکڑے جا چکے تھے۔ بس بہت کچھ ان کے بس سے دور ہو گیا اور پھر ادھر ادھر بے حد پیسے ضائع کرنے لگے۔ بہت زیادہ مال سرمایہ اور چیزیں ضائع کیں۔ دولت ختم ہو گئی رزق ختم ہو گیا بے اولادی ان کے گھر میں بڑھنے لگی۔ جو اولاد تھی وہ ایک دوسرے کو کاٹ کھانے کو دوڑتی تھی ان میں برائیاں نشہ شراب جوا اور گندی علتیں پڑ گئیں۔ گھر کا ہر فرد پریشان وہ گھر نہیں بلکہ ایک بھوت بنگلہ اور ویرانہ تھا جس کے ہر قدم پر کالی چیزوں کا جکڑاؤ اور کالی چیزوں کا اثر تھا۔ ان کا گھر دن میں بھی رات تھی اور رات میں بہت زیادہ ویرانی حیرانی اور پریشانی تھی۔ یوں حالات خراب سے خراب ہوتے گئے۔ انہیں کسی نے احساس نہ دلایا کہ ان سب کی وجہ دراصل جنات ہیں۔ جنات چاہے شریف ہوں یا شریر انہیں نہ چھیڑا جائے نہ برا بھلا کہا جائے کیونکہ ایک اچھا خاصا انسان بھی اپنے بارے میں برے الفاظ بہت محسوس کرتا ہے معاف نہیں کرتا اور یہی کچھ ان کے ساتھ ہوا اور ان کے ساتھ ہوتے ہوتے حالات یہ ہو گئے جو آپ نے ابھی پڑھے ہیں۔ اب آگے کچھ اور ہونا شروع ہوا کچھ عاملین نے آ کر گھر میں عمل کیے جنات نے انہیں مارا زخمی کیا ذلیل کیا اور وہ ذلیل ہو کر وہاں سے گئے۔

صحابی بابا ؓ کا انکشاف

ذلتیں بڑھتی گئیں حالات الجھتے گئے مشکلات پریشانیاں اور زیادہ ہو گئیں۔ حتیٰ کہ ایک بار وہ میرے پاس آئے میں نے اپنے روحانی علم سے دیکھا اور پھر ان کا معاملہ میں نے صحابی بابا ؓ کو بھیج دیا۔ صحابی بابا ؓ نے دیکھتے ہی مجھے فوراً کہا کہ انہوں نے ہماری جناتی مخلوق کی تذلیل کی ہے انہیں ذلیل کیا ہے انہیں رسوا اور پریشان کیا ہے ان کے ساتھ بہت ذلت آمیز رویہ اختیار کیا ہے اب وہ انتقام میں آ گئے ہیں۔ ان کا انتقام صرف ان تک محدود نہیں بلکہ جنات کا انتقام نسلوں تک چلتا ہے اور نسل در نسل چلتا ہے اتنا چلتا ہے کہ نسلیں ویران اور حیران ہو جاتی ہیں۔ نسلوں میں پریشانی مشکلات اور مسائل ہوتے ہیں اور یہی نسلوں میں مسائل مشکلات اور پریشانیاں آخر کار بڑھتی چلی جاتی ہیں۔ انسان کو کبھی گمان اور خیال ہی نہیں ہوتا کہ میں نے کسی جن کو پریشان کیا تھا کسی جن کو ستایا اور اس کو رسوا کیا تھا۔ انسان نہ کبھی سوچتا ہے نہ کبھی گمان اور خیال آتا ہے یہی اس کی سب سے بڑی ناکامی اور اس کی سب سے بڑی ذلت ہوتی ہے اور پھر وہ طرح طرح کے مسائل اور پریشانیوں میں مبتلا ہو جاتا ہے اور ایسا مبتلا ہوتا ہے کہ موت مانگتا ہے پھر موت نہیں ملتی۔

میں نے صحابی بابا ؓ سے عرض کیا کہ آپ ہی کچھ سوچیں کہ آخر اس کا حل کیا ہے؟ آخر اس کی تدبیر کیا ہے اور آخر اس کا کوئی علاج؟ صحابی بابا ؓ نے فوراً ان جنات کو بلوایا تھوڑی ہی دیر میں وہ سارے جنات آ گئے عورتیں مرد بوڑھے بہت بڑا خاندان تھا۔ ان میں ایک بڑا تھا وہ کہنے لگا دراصل ہم اس جگہ صدیوں سے آباد ہیں مگر ان انسانوں کا تیسرا خاندان ہے جو یہاں رہ رہا ہے۔ اس سے پہلے یہ لوگ یعنی ان کے بڑے ہمارا احترام کرتے تھے۔ اب نئی نسل نے کچھ کتب پڑھ لی ہیں اور اپنے آپ کو پڑھا لکھا کہنا شروع کر دیا ہے۔ اب یہ دن رات ہمارے بارے میں بدزبانی کرتے ہیں اونچا اونچا بول کر پکارتے ہیں کہتے ہیں کہ اگر تم ہو تو ہمیں بتاؤ ہم تمہارا مقابلہ کریں گے کوئی چھری کوئی خنجر کوئی بندوق کوئی کے کوئی تھپڑ اور گالیوں کی بوچھاڑ کرتے ہیں۔

ہم نے بہت عرصہ درگزر کیا لیکن پھر محسوس کیا کہ یہ درگزر کرنے کے قابل نہیں ہے اور پھر آخر کار ہم نے ان کو سبق سکھانے کا فیصلہ کیا اور وہ فیصلہ یہی ہے جو اب ان کے ساتھ ہو رہا ہے۔ یہ اپنی بات سے رجوع کر لیں اس کی بھی ہم نے کئی بار کوشش کی ہے اس کیلئے ہم نے انہیں خوابوں میں جاگتے میں کہا ہے کہ ہمیں برا بھلا کہنا چھوڑ دو گھر کے صرف دو افراد کو نصیحت ہوئی ہے اور دو افراد واقعی یہ کہنا شروع ہو گئے ہیں کہ جو کچھ ہو رہا ہے ہماری وجہ سے ہو رہا ہے لیکن گھر کے باقی افراد اس نصیحت کو قبول کرنے کو تیار نہیں اور نہ یہ کسی چیز کو ماننے کو تیار ہیں۔ (جاری ہے)

علامہ لاہوتی صاحب کا عطا کردہ "لاہوتی نقش نمبر 11" مارچ 2024ء کے شمارہ میں شائع کیا جائے گا۔ نوٹ: یاد رہے پہلا نقش ستمبر 2021ء دوسرا نقش دسمبر 2021ء تیسرا نقش مارچ 2022ء چوتھا نقش جون 2022ء پانچواں ستمبر 2022ء چھٹا دسمبر 2022ء ساتواں مارچ 2023ء آٹھواں جون 2023ء نواں ستمبر 2023ء دسواں دسمبر 2023ء کے شمارہ میں شائع ہو چکا ہے۔ کل 12 نقوش کا طاقتور عمل ہے۔ ہر تین ماہ کے بعد ایک نقش ترتیب سے شائع کیا جاتا ہے۔ اگر آپ نے گزشتہ کسی لاہوتی نقش کا عمل نہیں کیا تو آج ہی ستمبر 2021، دسمبر 2021، مارچ 2022ء، جون 2022ء اور گزشتہ شمارے کسی بھی ایجنسی ہولڈر یا دفتر ماہنامہ عبقری سے طلب فرمائیے اور اس خاص عمل میں شامل ہو کر ہر قسم کی پریشانی سے نجات پائیے تاکہ آپ تمام نقوش کی برکات لے سکیں۔ (نوٹ: نقش کے ساتھ اس کی خاص ہدایات بھی شائع ہوتی ہیں ضرور پڑھیں۔ گھر کے ہر فرد کے لیے الگ سے نقش ہوگا جو وہ خود پُر کرے گا اگر نہیں کر سکتا تو گھر کے کسی دوسرے فرد سے پُر کروالے۔ نقش کی فوٹو کاپی ہرگز نہ کروائیے ورنہ فوائد سے محروم رہیں گے۔)

پتھر کے دور کی باتیں

نوٹ: ناواقفیت کی بنیاد پر بعض لوگ جادو جنات نظر بد پُراسرار دنیا کو اس لیے نہیں مانتے کہ سائنس چاند تک پہنچ چکی ہے اور ہم پتھر کے دور کی باتیں کرتے ہیں۔ وہ لوگ عبقری ویب سائٹ پر موجود جادو کی لائبریری جس کا لنک ذیل میں دیا گیا ہے ضرور پڑھیں۔ انگریزوں کی سینکڑوں کتب جن کے اندر جادو جنات اور نظر بد سے ان کا واسطہ پڑا تباہی و بربادی ہوئی ضرور پڑھیے ہرگز نہ بھولیں۔
https//:ubqari.org/article/ur/details/11361_Scientific-Research-On-Evil-Eye

جنات کا پیدائشی دوست
اس سے بھی زیادہ پراسرار واقعات وظائف اور سابقہ اقساط پڑھنے کیلئے

اس کتاب میں کاروبار کی بندش، الجھے مسائل، رشتوں کے مسائل، جادو جنات اور نفسیاتی مسائل کے حل کیلئے آسان اور مختصر وظائف دیئے گئے ہیں جسے بے شمار لوگوں نے آزمایا اور نفع پایا۔
عبقری
الجھی زندگی کے 700 سلجھے وظائف

☆نسلوں میں خوشحالی: آپ کو جو خوشحالی دولت نعمتیں اور چمکا ہوا مقدر ملا ہے اگر چاہتے ہیں کہ یہ تمام برکتیں آپ کی نسلوں میں چلیں اور کبھی نہ چھنیں تو 2024ء کا رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں۔☆

سونے کے کنگن سے کھیلنے والے بچے کوڑی کوڑی کے محتاج

میرا تعلق عبقری سے تب قائم ہوا جب میرے بچے جونوٹوں کی خوشبو اور سونے کے کنگن سے کھیل کر بڑے ہوئے وہ اچانک غربت کی وجہ سے سکول جانے سے بھی رہ گئے اور رشتے ناتے' دادی' پھوپھی سب بہت دور ہو گئے۔

ہم حالات کی چکی میں پس رہے تھے۔ ایک دوست کے ذریعے مجھے پتہ چلا کہ کراچی میں محترم شیخ الوظائف صاحب کی روحانی محفل کا انعقاد ہو رہا ہے۔ میں اپنے خاوند کے ساتھ اس محفل میں شامل ہوئی۔ اس میں شیخ الوظائف نے غربت' فقر و فاقے اور تنگدستی سے نکلنے کے لئے سورہ نصر کا ایک خاص عمل عنایت فرمایا تھا۔ میں اور میرے شوہر نے یہ عمل شروع کر دیا۔

مختصر سورت سے ملیں بڑی خوشیاں

ہمیں اس کا فائدہ یہ ہوا کہ ہمارے معاشی حالات بہتر ہونے لگے۔ پہلے ہمارے گھریلو خرچے پورے نہیں ہوتے تھے لیکن اس عمل کی برکت سے ہمیں جس چیز کے لئے پیسے چاہیے ہوتے اللہ کہیں سے انتظام کر دیتا۔ معاشی حالات کی وجہ سے میرے بچوں کا سکول بھی چھوٹ گیا تھا۔ ایک دن میں نے رو گڑگڑا کر یہی عمل کیا۔ جب میرے شوہر گھر آئے تو کہنے لگے میں نے سکول دیکھا ہے صبح بچوں کو تیار کر دینا' ان کا ٹیسٹ دلوانا ہے۔ صبح میں نے بچوں کو تیار کر دیا اور جب میرے شوہر واپس آئے تو ان کے ہاتھ میں بچوں کا یونیفارم، بیگ اور کتابیں تھیں۔ یہ دیکھ کر میری آنکھوں میں آنسو آ گئے اور سوچا کہ اللہ سے صدق دل سے جو مانگو ملتا ہے بس ہمارے مانگنے میں ہی کمی ہوتی ہے۔ عمل کا طریقہ: سورہ نصر فجر کے بعد 21 بار، ظہر کے بعد 22 بار، عصر کے بعد 23 بار، مغرب کے بعد 24 بار اور عشاء کے بعد 25 بار پڑھنی ہے۔

نسلوں میں صحت اور دولت

عبقری کے بتائے مستند اعمال نے ہماری زندگی کی کایا پلٹ دی۔ پھر میں نے ہر ماہ عبقری رسالہ پڑھنا شروع کر دیا۔ اس میں سورہ قریش کی فضیلت بیان کی گئی تھی۔ کھانے کے بعد تین بار سورۃ قریش پڑھنے کی انوکھی فضیلت پڑھی، کھانے کے بعد ایک بار سورۃ قریش پڑھنے سے کھانا بیماری نہیں بنتا ہمیشہ صحت بنتا ہے، دو بار پڑھنے سے دسترخوان کبھی تنگ نہیں ہوتا ہمیشہ نعمتیں بھرپور ملتی ہیں اور تین بار پڑھنے سے صحت اور رزق کی وسعت نسلوں میں منتقل ہوتی ہے۔

میں نے جب یہ پڑھا تو پھر پانی یا چائے بھی پیتی تو سورہ قریش تین بار پڑھ لیتی۔ صرف سادہ روٹی بھی کھاتی تو بھی یقین کے ساتھ یہ عمل کر لیتی۔ مشکل اور غربت کے وقت سے نکلنے میں جس طرح سورۃ نصر کے عمل نے ہماری مدد کی اسی طرح سورہ قریش کے اس مختصر عمل نے انوکھی برکت دی۔ چند مہینوں میں ہی پھر سے ہمارا دسترخوان وسیع ہو گیا اور کھانا بہتر سے بہترین ہو گیا۔

ایمرجنسی غیبی مدد پانے کا عمل

ان اعمال کی برکتیں ہمیں فوراً ملنے لگی تھیں لیکن ڈیڑھ سال گزرنے کے بعد ہمیں بہترین کھلا گھر بھی ملا اور معیار زندگی پھر سے بحال ہو گیا۔ آج تین سال ہو چکے ہیں میں یہ عمل کر رہی ہوں اور میرے گھر میں دنیا کی ہر نعمت موجود ہے۔ میرے بچوں کو ہر کھانا اور ہر سہولت میسر ہے۔ اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے اور عبقری کا بھی شکریہ جس کی وجہ سے ہماری زندگی کی سب سے بڑی مشکل دور ہو گئی۔ میں نے سورہ قریش کو اور بھی بہت سی جگہوں پر مؤثر پایا۔ سواری نہ ملتی ہو یا راستے اور سفر کی آسانی کے لئے سورہ قریش کی تلاوت کرنے سے فوراً غیبی مدد ملتی ہے۔ (عصمت رعنا، کراچی)

دن رات فاقوں میں ڈوبا خاندان دولت مند کیسے ہوا؟

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں ''ان کی مشکلات' فاقے' بے روزگاری' بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا' دولت مند ہوا'' شائع کی جائیں گی۔ آپ بھی اپنا یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا واقعہ یا سنا ہوا ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

وظائف کرنے کی ہمت نہیں لیکن کام بھی فوراً بنانا چاہتا ہوں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک کن فیکون کی تاثیر رکھنے والا عمل ہے۔ جب بھی کوئی مشکل' پریشانی یا مصیبت آتی ہے تو اسی عمل سے بڑی سے بڑی مشکل اور پریشانی دور ہو جاتی ہے۔ پہلی بار جب یہ عمل کیا اس وقت میری نوکری کے دوران ایک بڑی پریشانی آ گئی تھی۔ میرے افسران نے میری نوکری میں بہت رکاوٹیں پیدا کر دی تھیں۔ میرے لئے ایسے ماحول میں کام کرنا بہت مشکل ہو گیا تھا۔ اس وقت مجھے ایک مخلص نے یہ عمل بتایا' میرا مسئلہ ایسے حل ہوا کہ میں خود حیران ہو گیا۔ جس افسر نے میرے لئے راستے تنگ کر دیے تھے اور میری زندگی تنگ کر دی تھی اس کی اچانک کہیں دور ٹرانسفر ہو گئی۔ مجھے اس عمل نے مشکلات سے ایسے نکالا جیسے آٹے سے بال نکلتا ہے۔ اس وقت مجھے اس عمل پر یقین آ گیا۔ مجھے بے حد یقین ہے' میں وظائف بھی پڑھتا ہوں لیکن یہ عمل کرنے سے بغیر کسی دیر کے غیبی مدد اتر آتی ہے اور کوئی نہ کوئی حل نکل ہی آتا ہے۔ عمل یہ ہے کہ میں عبقری کا ''آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل'' حسب استطاعت خرید کر لوگوں میں تقسیم کرتا ہوں۔ پھر اس کے بعد میں نے اپنے دوست احباب کو بھی یہ عمل بتایا' جو بھی کسی مصیبت میں مبتلا ہوتا ہے اسے یہی عمل بتاتا ہوں سب کو سو فیصد نفع مل جاتا ہے۔ میرے ایک دوست کی کچھ رقم تھی اس نے کسی کو قرض دی تھی لیکن وہ واپس نہیں دے رہا تھا اور طرح طرح کے بہانوں سے ٹال رہا تھا۔ میں نے اپنے دوست کو بھی یہی عمل بتایا، اس نے حسب استطاعت کتابچے لے کر اس نیت سے تقسیم کیے کہ میرے جو پیسے واپس نہیں مل رہے وہ مل جائیں۔ چند دن بعد ہی اس کو غیر متوقع طور پر اس کی پوری پوری رقم واپس مل گئی اور لوگ بھی حیران تھے کہ جو کسی کے پیسے واپس نہ کرتا اس نے پیسے دے دیے۔ (یوسف شہباز' بہاولپور)

جیلوں' کچہریوں' ہسپتالوں میں پریشان لوگوں تک پہنچا کر ان کے مسائل حل کروائیں اور اپنی نسلوں تک سکون پائیں۔

قیمت فی کتابچہ 30 روپے تقسیم کنندگان خاص رعایت 20 روپے میں حاصل کیجئے

کمر کا درد' سر چکراتا ہو
اعصابی کمزوری
بے اولادی کا مرض

عبقری لیکوریا شفاء

میری کالج کی دوست کو کچھ دنوں سے لیکوریا کا مسئلہ شروع ہوا' ہر وقت پریشان اور بے چین رہتی تھی۔ میں نے اسے عبقری کی لیکوریا شفاء لا کر دی' اسے اس مرض سے چھٹکارا مل گیا۔ (ش، د)

نظر بد کا خاتمہ: نظر بد کی وجہ سے کسی بیماری' یا مصیبت میں مبتلا ہیں تو رمضان المبارک میں تسبیح خانہ کا رخ کیجئے جہاں ایسے نورانی اعمال کروائے جائیں گے کہ نظر بد کے تمام اثرات زائل ہو جائیں گے۔

آپ کی عادتوں کا اثر بچوں کی صحت پر! انوکھی تحقیق

صحت مند ہونے کا یہ ہرگز مطلب نہیں ہے کہ آپ روزانہ جم میں گھنٹوں ورزش کریں تو ہی آپ صحت مند ہیں۔ مختصر سی لیکن باقاعدہ ورزش کرنے کے بہت سے فوائد ہیں' اس سے بڑی بیماریوں کا خدشہ ختم ہوجاتا ہے جیسے کہ دل کی بیماریاں، ہائی بلڈ پریشر، ذیابیطس، کینسر اور ڈیپریشن وغیرہ! اس کے علاوہ ہمارے اندر تازگی و توانائی محسوس ہوتی ہے ہڈیوں کی طاقت بڑھتی ہے اور ہم خود کو زیادہ صحت مند محسوس کرنے لگتے ہیں۔ گھنٹوں ورزش کرنے کی بجائے پورے دن میں دس منٹ کی ورزش پانچ یا چھ بار کرلیں۔ صبح اٹھتے ہی ہلکی پھلکی پھیپھڑوں کی ورزش ضرور کریں۔

ورزش اور پانی کا تعلق

صبح ناشتہ سے قبل یا رات کے کھانے کے بعد اپنی گلی میں چہل قدمی کریں۔ گھریلو کام یا سارے دن کے کاموں کا چھوٹے سے چھوٹا حصہ بھی آپ کے اندر موجود حراروں کو جلانے میں مدد دیتا ہے۔ چہل قدمی کولہوں، ٹانگوں اور کمر کے نچلے حصے کے پٹھوں کو مضبوط کرتی ہے اور جسم میں سارا دن چستی اور توانائی موجود رہتی ہے۔

آپ روزانہ صرف دس منٹ کے لئے رسی کودنا شروع کردیں۔ آپ منٹ سے ایک سو دس حراروں کو جلا سکتے ہیں۔ جسم میں پانی کی کمی بھی آپ کی کارکردگی کو متاثر کرسکتی ہے اس لئے اگر آپ زیادہ سے زیادہ پانی نہیں پی سکتے تو کتنی ہی ورزشیں کرلیں اس کا کچھ فائدہ نہیں ہوگا۔ پانی حراروں کو جلانے اور چکنائی کو ہضم ہونے میں مدد دیتا ہے سب سے اہم یہ کہ پانی آپ کے جسم کے تمام نظام کو درست رکھتا ہے۔

دبلے پتلے اور خوبصورت نظر آئیں

تحقیق سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ پرانی خواتین کے مقابلے آج کی خواتین کا وزن بہت زیادہ ہے اس کی سیدھی سی وجہ یہ ہے کہ ہم گھر کے کام کاج کرنے کے لئے یا تو ملازمہ رکھ لیتے ہیں یا پھر برقی اشیاء پر انحصار کرتے ہیں۔ روزمرہ کے کام کاج سے حراروں کی بہت بڑی تعداد کو جلایا جا سکتا ہے۔ گھر کی صفائی ستھرائی مطلب جھاڑو، پوچا، وغیرہ کر کے ایک گھنٹہ میں 90 حرارے جلائے جاسکتے ہیں۔ باغبانی سے 150 حرارے جلائے جاسکتے ہیں۔

صبح کی سیر

اپنے بیوی بچوں کو بھی اپنے ساتھ صبح کی سیر میں شامل کرنے کی کوشش کریں یا اپنے بچوں کے ساتھ کوئی بھی کھیل کھیلیں۔ کینیڈا میں ہونے والی ریسرچ سے یہ بات ثابت ہوئی ہے کہ اگر آپ چست ہیں تو آپ کے بچے آپ سے چھ گنا زیادہ چست ہوں گے۔ آپ کی عادات کا اثر آپ کی آنے والی نسلوں پر پڑتا ہے آپ کی غذا کا اثر بھی آپ کی نسلوں کی صحت پر پڑتا ہے۔ اس لئے صحت مند عادات' وقت کی پابندی اور فطری غذا کے ذریعے اپنی اور آنے والی نسلوں کی زندگی کو کامیاب اور خوشگوار بنانا آپ کے ہاتھ میں ہے۔

اس کے لئے خود کو سستی اور کاہلی سے نکالیے۔

ورزشیں صرف تن سازی یا موٹاپا کم کرنے کے لئے نہیں بلکہ ہاضمہ درست کرنے میں بھی مددگار ثابت ہوتی ہیں بلکہ بہت سے ایسے فوائد بھی دیتی ہیں جس سے طویل عمر پانے اور خوشگوار زندگی گزارنے میں مدد ملتی ہے۔ اگر ہاضمہ درست رہے، موٹاپا نہ آئے، پٹھے ٹھیک کام کریں اور ذہنی تناؤ وغیرہ نہ ہو تو زندگی ویسے ہی حسین لگتی ہے۔ اس لئے اپنے دوستوں کے پاس صرف گپ شپ لگانے ہی مت جائیں بلکہ ان کے ساتھ ٹینس' بیڈمنٹن یا کشتی کھیلیں۔

دفتری لوگ کونسی ورزش کریں؟

اگر آپ کا کام بہت دیر تک بیٹھ کر کرنے کا ہے تو آپ کو ٹانگوں کی چند ورزشیں ضرور آزمانا چاہئیں۔ اپنے پیروں کی انگلیوں پر ذرا سا زور ڈالیں اور اس دباؤ کو ہولے ہولے بڑھائیں یہاں تک کہ آپ کو ذرا تکلیف محسوس ہو پھر اس حالت میں تیس سیکنڈ تک رہیں اس کے بعد دھیرے دھیرے اصلی حالت پر واپس آجائیں۔ اپنی گردن کو ہر سمت میں بیس مرتبہ گھمائیں اپنے بازو اپنے سر پر رکھ کر ان میں کھچاؤ پیدا کریں۔

کمر اور ران کو مضبوط بنائیں

دائیں ٹانگ کو آگے کی جانب پھیلائیں اور بائیں ٹانگ کو موڑ کر فرش پر ہی رہنے دیں، پھر آگے کی جانب جھکتے ہوئے اپنا سر گھٹنے پر رکھیں اور دونوں ہاتھوں سے اپنا پاؤں تھام لیں۔ اسی طرح دوسری ٹانگ کے ساتھ کریں۔ اس ورزش سے آپ نہ صرف فٹ رہیں گے بلکہ کمر اور ان کے پٹھے بھی مضبوط ہوں گے۔

عبقری کا پرانا شمارہ پڑھا چھ سالہ لگی گھن اُتر گئی

قارئین عبقری کے پرانے شمارے سنبھال کر رکھا کیجیے۔ وقتاً فوقتاً اگر کوئی مسئلہ پیش آئے تو ان رسالوں سے حل مل جاتا ہے۔ میں عبقری رسالے کے تمام پرانے شمارے سنبھال کر رکھ لیتی ہوں۔ اسی طرح عبقری کے ایک پرانے شمارے نے مجھے ضدی بیماری سے نجات دلادی۔

میری شادی کو گیارہ سال ہوگئے ہیں۔ ایک بیٹا ہے ماشاء اللہ دس سال کا ہے۔ شادی کے فوراً بعد حمل ٹھہرا اور اللہ نے صحت مند اولاد سے نوازا۔ دوسرے حمل کے بعد میں بیمار ہوگئی اور مس کیرج ہوگیا۔ ڈاکٹری ادویات کھا کھا کر مجھے حمل تو نہ ٹھہرا بلکہ الٹا لیکوریا جیسی بیماری گلے پڑگئی۔ جب بھی مہینے کے بعد پاک ہوتی تین چار دن کے بعد پھر سے کمر درد کولہوں میں درد' سفید پانی آتا تھا۔ ایسے محسوس ہوتا کہ ابھی ایام آجائیں گے۔ چھ سال بہت دوائی کھائی وقتی فرق پڑتا تھا مگر پھر ویسے ہی۔ جنوری 2017ء کے عبقری شمارہ میں لیکوریا کے مرض کا خاتمہ کے نام سے ایک ٹوٹکہ چھپا تھا۔ میں نے اپنے شوہر کو نسخہ لکھ کر دیا وہ پنساری سے تمام چیزیں خرید لائے۔ الحمدللہ تین دن کھانے سے بہت فرق محسوس ہوا۔ سات دن مسلسل رات کو گرم دودھ کے ساتھ ایک چائے کا چمچہ کھایا' تقریباً سات دن میں لیکوریا غائب ہوگیا۔ ان شاء اللہ مجھے امید ہے اللہ پاک دوبارہ اولاد کی امید بھی لگا دے گا کیونکہ لیکوریا کی وجہ سے ہی حمل نہیں ٹھہرتا تھا۔ نسخہ ھوالشافی: چھوٹی الائچی، طباشیر، چھلکا اسپغول، مصری، ست گلو، ورق چاندی تمام چیزیں ہم وزن لے کر پیس لیں۔ ایک چائے کا چمچ گرم دودھ کے ساتھ کھائیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو آپکی نسلوں کو آپ کی پوری ٹیم کو اور ان کی نسلوں کو اپنے ان بندوں میں شامل کردے جن پر قرآن میں خاص نعمتوں کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ آمین۔ (س۔ک، کراچی)

مسلسل بیٹھ کر کام کرنے کی نوکری ہے' بیٹھ بیٹھ کر پیٹ کی اچھی خاصی توند باہر آگئی تھی' عبقری دواخانہ کی پیٹ ویٹ گولیاں اور ہلکی پھلکی ورزش سے بہت کم دنوں میں توند کم ہوگئی۔ (فیضان اسلم، کراچی)

بڑھا ہوا پیٹ' جسمانی فالتو چربی اور زائد وزن سے مستقل چھٹکارا پائیں

90 گولیاں

عبقری

پیٹ ویٹ گولیاں

ملکی حالات کے لئے فکرمند ہیں: اگر آپ بھی اپنے وطن عزیز کے حالات دیکھ کر پریشان ہیں' تو اس مبارک رات میں تسبیح خانہ آیئے اجتماعی دعاؤں سے برے حالات سنور جائیں گے

ماہ فروری کا صدقہ

کیا آپ بخت' نصیب' مقدر' خوشحالیاں اپنی اور اپنی نسلوں کے لیے پانا چاہتے ہیں!

برج	نحوست' پریشانی کیلئے صدقہ	اس ماہ کی مفید خوراک	معاش' کاروباری ترقی' صحت یابی' دولت کیلئے صدقہ
حمل 21 مارچ تا 19 اپریل	کوؤں کو جلیبیاں یا انڈے' گائے کو پالک کھلائیں' دن جمعہ	گاجر کا مربہ دودھ اور جلیبی	روزانہ 7 مرتبہ سورۂ اخلاص اول وآخر 1 مرتبہ درود شریف پڑھ کر حضرت ابوبکر صدیقؓ کی روح پاک کو ہدیہ کریں
ثور 20 اپریل تا 20 مئی	سفید رنگ کا صدقہ دیں یا خیراتی ادارہ کو کفن دے دیں' دن پیر	کھجور اور دیسی گھی	نیا جھاڑو لیکر مسجد کی صفائی کیجئے اور جھاڑو وہیں چھوڑ آئیں۔ دن بدھ
جوزا 21 مئی تا 21 جون	مچھلیوں کو سمندر' دریا' جھیل یا فارم میں اجناس ڈالیں' دن بدھ	مصری الائچی اور دودھ	روزانہ 7 مرتبہ سورۂ اخلاص اول وآخر 1 مرتبہ درود شریف پڑھ کر حضرت علی المرتضیٰؓ کی روح پاک کو ہدیہ کریں
سرطان 22 جون تا 22 جولائی	کتے یا بلی کو ان کی پسندیدہ خوراک ڈالیں۔ جمعرات	بادام' کشمش اور دودھ	کیڑے مکوڑوں کو شکر یا چینی ڈالیں (دن ہفتہ)۔ گھر میں کبوتر کی پرورش نیک ہے
اسد 23 جولائی تا 22 اگست	سفید رنگ کے مرغے کو دودھ میں گوندھے آٹے کی روٹی ڈالیں' دن جمعہ	دیسی گھی کی چوری دودھ پتی	گائے' بھینس' بلی' کتے کو پسندیدہ خوراک ڈالیں۔ دن منگل۔ سفید کبوتر گھر میں رکھیں
سنبلہ 23 اگست تا 22 ستمبر	چڑیوں کے غولوں کو دانہ ڈالیں۔ دن اتوار	انجیر اور شہد	روزانہ کی آمدن اڑھائی فیصد نکال کر تیس دن کے اکٹھے کر کے مسجد کے مؤذن کو دیجئے
میزان 23 ستمبر تا 22 اکتوبر	کیڑے مکوڑوں کو میوہ (کشمش) ڈالیں' دن بدھ	جو اور گندم کا دلیہ	روزانہ 9 مرتبہ سورۂ اخلاص اول وآخر 1 مرتبہ درود شریف پڑھ کر حضرت عثمان غنیؓ کی روح پاک کو ہدیہ کریں
عقرب 23 اکتوبر تا 21 نومبر	قبرستان میں موجود کالے کیڑوں کو شکر اور چاول مکس ڈالیں۔ دن جمعہ	دودھ اور تلبینہ	کوؤں کو 3 انڈے ڈالیں۔ دن بدھ صبح وشام 11 بار سورۂ لہب پڑھیں۔
قوس 22 نومبر تا 22 دسمبر	سفید رنگ کے کبوتروں کو حسب توفیق دانہ ڈالیں' دن منگل	شکر اور ہریڑ کا مربہ	روزانہ 11 مرتبہ سورۂ اخلاص اول وآخر 1 مرتبہ درود شریف پڑھ کر حضرت عمر فاروقؓ کی روح پاک کو ہدیہ کریں
جدی 23 دسمبر تا 19 جنوری	حسب توفیق گوشت مرغی' گائے یا بکرا ہر اتوار کو صدقہ کریں۔	شہد ملا دودھ سیب اور کیلا	گھر میں سفید مرغ کی پرورش نیک ہے آزاد درندوں کو گوشت ڈالیں۔ دن اتوار
دلو 20 جنوری تا 18 فروری	آزاد کبوتروں کو گندم اور باجرہ مکس ڈالیں۔ دن ہفتہ	زیتون کا تیل آملہ کا مربہ	طوطوں کو سبز مرچ کھلائیں (دن جمعہ) کاروباری مقام پر روزانہ سورۂ رحمٰن کی تلاوت کیجئے!
حوت 19 فروری تا 20 مارچ	گائے' بھینس یا بکری کو سبز چارہ یا پالک ڈالیں۔ دن بدھ	ناریل' منقیٰ اور مونگ کی دال	مسجد کے پانی کا بل اس ماہ کا اپنے ذمے لیجئے۔ روزانہ 33 مرتبہ درود شریف پڑھیے!

حدیث مبارکہ "صدقہ مصیبتوں کو ٹالتا ہے"۔ صدقہ انسان کو بری موت سے بچاتا ہے۔ صدقہ سے روزی میں اضافہ ہوتا ہے۔ قرض ادا ہوجاتا ہے۔ عمر میں اضافہ ہوتا ہے۔ ستر قسم کی بیماریوں سے بچاتا ہے۔ جو شخص صبح کو صدقہ دے گا اس دن وہ آسمانی بلاؤں سے محفوظ رہتا ہے۔ اگر رات کے پہر صدقہ دے تو اس رات وہ آسمانی بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔ درج بالا صدقات علم النجوم کے حساب سے آپ کے برج کو سامنے رکھتے ہوئے رکھے گئے ہیں۔ ہر ماہ اپنے صدقہ کی تفصیل شمارہ عبقری میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیے۔ صدقہ ہمیشہ حسب توفیق دیجئے۔ چاہے پانچ روپے ہو اس دن ضرور دیں۔

عبقری ہر عمل مستند دیتا ہے، غیر شرعی نہیں، حوالہ جاننے کیلئے Akabirparaltmad قسط نمبر 613 ملاحظہ فرمائیں۔

نوٹ: شیخ الوظائف سے بیعت "سلسلہ قادری ہجویری" کا شجرہ طیبہ صبح وشام پڑھنے کا معمول بنالیں' ہر بیماری' پریشانی' تکلیف' جادو جنات سے محفوظ رہیں گے' صدیوں سے آزمودہ عمل ہے

15 شعبان کی شب تسبیح خانہ میں گزاریں!

مشکلات' جادو جنات اور بیماریوں سے یقینی چھٹکارا تیر بہدف' آزمودہ طلسماتی روحانی پیکیجز

15 شعبان (شب برات) کی شب ہر سال تسبیح خانہ لاہور میں طاقتور اور تیر بہدف روحانی پیکیجز کروائے جاتے ہیں جس سے پریشانیوں' دکھوں اور جادو جنات کے ڈسے بے شمار لوگ مستفید ہو چکے ہیں۔ ان روحانی اعمال نے ناممکن کو ممکن کر دکھایا' اجڑے اور ویران گھر آباد ہو گئے۔ خاص ساعتوں میں محفل اور روحانی جانثاروں کے عمل کی الوداعی دعا جس سے مرادیں قبول ہوں گی۔ کملی والے ﷺ کے مہمانوں کے لئے لنگر کا وسیع اور بہترین انتظام ہوگا۔ چند روحانی پیکیجز کی تفصیل درج ذیل ہے۔

حضرت خضرؑ کا عطا کردہ خاص تحفہ

تسبیح خانہ میں سالہا سال سے حضرت خضرؑ کا عطا کردہ خاص عمل کروایا جاتا ہے جس کی برکت سے مرادیں پوری ہوتی ہیں' روحانیت میں اعلیٰ مقام اور دنیاوی زندگی کی ضروریات غیب سے پوری ہوجاتی ہیں' بے شمار لوگ یہ نعمتیں پا چکے ہیں۔

جادو' کینسر' امراض قلب اور لاعلاج امراض کا ختم

یہ عمل ان کے لیے ہے جن کو جادو نے ڈس لیا ہو' جس مرض کی کسی کو بھی سمجھ نہ آرہی ہو' ایک بیماری ختم نہ ہوتی ہو تو دوسری نمودار ہوجائے۔ کاروبار تباہ' معمولات زندگی ختم' رشتوں پر بندش' ہر وقت زندگی سسک سسک کر گھسٹ گھسٹ کر چل رہی ہو۔ بس جس نے یہ عمل کرلیا وہ شفاء یاب ہوگیا۔ اس کی زندگی' کاروبار' جسم سے جادو کا صفایا ہوجائے گا۔

طلسماتی ڈبی سے خطرناک بندشوں کا خاتمہ

جو شخص بھی اس عمل میں شامل ہوگا' ان شاء اللہ جہاں اس گھر میں موجود ہر فرد کی تمام بندشیں ٹوٹیں گی وہیں آپ کے مسائل بھی حل ہوجائیں گے اور مصیبتیں دور ہوجائیں گی۔

طلسماتی چھڑی کا عمل! ہر مقصد میں کامیابی

نسلوں کے نصیب' بخت' مقدر' خوشحالی اور کامیابی کے لئے لاجواب اور بے مثال عمل' ہر مسئلہ حل اور ہر جائز مقصد میں کامیابی۔ کالی چیزیں' سفلی عمل اور جادو جنات سے یقینی نجات۔ ہر الجھن اور مصیبت کا یقینی خاتمہ۔

نیلے رنگ سے کالے امراض اور مشکلات ختم

خواتین نیلے رنگ کی شمیز' مرد حضرات نیلے رنگ کی بنیان ہمراہ لائیں' بیماریوں اور مشکلات کیلئے خاص عمل کروایا جائے گا۔

لنگر کا خصوصی انتظام

مدینے والے ﷺ کے مہمانوں کے لئے لذیذ اور پرتکلف لنگر کا خصوصی' وسیع اور بہترین انتظام ہوگا۔

عبقری
پھلوں میں چھپے صحت کے راز
پھلوں میں ایسے طاقتور اجزا پائے جاتے ہیں جو مریضوں کو شفاء اور کمزوروں میں قوت پیدا کرتے ہیں' اس کتاب میں پھلوں سے خطرناک اور پیچیدہ بیماریوں کا علاج تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔

☆☆ بے اولادی کا خاتمہ: زندگی کی تمام آسائشیں اور سہولتیں ہونے کے باوجود اولاد کی نعمت سے محروم ہیں تو دیر نہ کریں ابھی سے تیاری کریں اور یہ رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں۔ ☆☆

بیمار جسم' کانٹوں بھری زندگی اور شفاء بخش پھول

محمد انصر' گجرات

گل داؤدی (Chrysanthemum) موسم سرما کا اہم پھول ہے۔ اس کے کئی رنگ، نمونے اور قسمیں ہیں۔ یہ پھول انتہائی خوبصورت ہوتے ہیں۔ اس پھول کا نام آتے ہی آنکھوں کے سامنے رنگارنگ گھنی پتیوں پر مشتمل خوشنما اور دیدہ زیب پھول کھل اُٹھتے ہیں۔ گلِ داودی خوبصورت بناوٹ اور نیم دائرہ پتیوں کی بدولت عہد قدیم سے لے کر آج تک لوگوں کا من پسند پھول ہے۔ مشرقی ممالک کے جنگلوں میں یہ پھول خود بخود پیدا ہوتا ہے' اس کے علاوہ گھروں میں پھولوں کی کیاریوں اور گملوں میں بھی لگایا جاتا ہے۔ اسے گلِ سیوتی کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔

جسم وجاں میں تازگی

گلِ داؤدی کی بعض اقسام کی پنکھڑیاں چائے کی پتی کی طرح استعمال ہوتی ہیں۔ یہی پتیاں تکیوں میں روئی کی جگہ بھی استعمال ہوتی ہیں، ایسے تکیے موسم گرما میں اپنی خوشبو کے باعث جسم وجاں کو ٹھنڈک اور فرحت پہنچاتے ہیں۔

گردہ اور مثانہ کی پتھری میں لاجواب

گردے یا مثانہ میں پتھری کا مسئلہ ہو یا خاص ایام یا پیشاب میں رکاوٹ ہو یا پھر جگر کے امراض کی شکایات ہو ان تمام بیماریوں کی صورت میں گل داؤدی کے پھولوں کا جوشاندہ کچھ عرصہ پینے سے ان امراض سے نجات مل جاتی ہے۔ خون کی خرابی ختم ہوتی ہے۔ قہوہ کا طریقہ یہ ہے کہ 25 گرام گل داؤدی کے پھولوں کو 50 گرام پانی میں ملا ڈال کر ابالیں' اس جوشاندے کو چھان کر پینے سے گردے اور مثانے کی پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل جاتی ہے۔ اگر یہ نسخہ نہ استعمال کر سکیں تو ایک سے چھ گرام گل داؤدی کے خشک پھولوں کا سفوف ہم وزن چینی ملا کر پانی کے ساتھ استعمال کروائیں' ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

جلے ہوئے کے لئے ٹھنڈی مرہم

اگر کسی بھی وجہ سے جسم کا کوئی حصہ سوجن کا شکار ہو گیا ہو یا پھر جسم کا کوئی حصہ جل گیا ہو تو ان تمام مسائل سے چھٹکارا پانے کے لئے درج ذیل نسخہ استعمال کریں' ان شاء اللہ جلد آرام ملے گا اور مکمل شفاء نصیب ہوگی۔

ھوالشافی: گل داؤدی کے پھول دس گرام' سونٹھ تین گرام' سفید زیرہ ڈیڑھ گرام' ان تمام اجزاء میں پانی ڈال کر پیس لیں اور مرہم بنالیں۔ اب اس مرہم کو متاثرہ جگہ پر لگالیں۔

سینے میں تکلیف

اگر کوئی شخص دل کی کمزوری میں مبتلا ہو' دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہو یا سینے میں تکلیف رہتی ہو تو ان امراض سے نجات کے لئے گل داؤدی کے پھولوں کا عرق یا گلقند 5 سے 7 گرام روزانہ استعمال کریں' اس سے دل کو تقویت ملے گی اور ان شاء اللہ قلبی امراض سے نجات ملے گی۔

دردِ شقیقہ میں مفید

ایسے افراد جو دردِ شقیقہ یعنی آدھے سر کے درد میں مبتلا رہتے ہوں انہیں چاہیے کہ گلِ داؤدی کے پھول دوران تکلیف کچھ دیر سونگھ لیا کریں' اس سے ان شاء اللہ دردِ شقیقہ کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ یہی نسخہ ہر قسم کے سردرد کے لئے بھی مفید ہے جو دماغ کو سکون بھی بخشتا ہے۔

پانچ منٹ کے عمل سے ہر مشکل حل!

مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دے گا۔

دنیا بھر میں مراقبے کو علاج ذریعہ علاج سمجھنے والوں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے۔ جدید تحقیق نے یہ ثابت کیا ہے کہ مراقبے سے بہت سی ذہنی پریشانیوں' افسردگی' ٹینشن' ڈیپریشن بے خوابی اور بہت سی طبی و روحانی بیماریوں کا علاج ممکن ہے۔ ترقی یافتہ دور میں انسان بہت مصروف ہونے کے ساتھ بہت سی پریشانیوں کا شکار ہو چکا ہے، جہاں اختراعات اور سہولتیں انسان کے لئے فائدہ مند ہیں وہاں ان کے حصول کے ذرائع مشکل نظر آتے ہیں اور انسان اسی تگ ودو میں مصروف نظر آتا ہے کہ وہ زندگی میں آسائشیں لا سکے اور کامیاب بن سکے۔ ترقی کے لئے تگ ودو کرنے میں کوئی حرج نہیں لیکن اپنی ذات کو فراموش کر دینا بھی مناسب نہیں۔ دن میں صرف چند منٹ اپنی ذات کو دے دیے جائیں تو اس سے بہت فائدہ ہوگا۔ مغربی ممالک نے اسی حقیقت کو سمجھتے ہوئے مراقبے کی عادت اپنا لی ہے۔ ایک تحقیق کے مطابق مغربی ممالک میں کروڑوں لوگ روزانہ مراقبہ کر کے شفایاب ہو رہے ہیں۔

Meditation یعنی مراقبہ ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے جس سے روحانی ترقی پانے کے خواہش مند بھی بھرپور استفادہ کر سکتے ہیں۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر اول وآخر بار درود شریف کے ساتھ لاتعداد مسلسل یَا اَللّٰہُ یَا رَبُّ یَا رَحِیْمُ پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ ''آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے پورے جسم میں داخل ہو کر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کر رہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں'' یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپ کو مشکل ہوگی لیکن جب مراقبہ کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دے گا۔

(نوٹ: مراقبے کے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔)

مراقبے سے فیض پانے والے

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں ہر ماہ عبقری رسالہ میں شائع ہونے والا مراقبہ کرتی ہوں جس سے بہت زیادہ نفع مل رہا ہے۔ اکثر نیک خواب آتے ہیں' خود کو خانہ کعبہ کے سامنے پاتی ہوں۔ روزانہ سونے سے پہلے جب مراقبہ کرتی ہوں تو سارے دن کی تھکن' پریشانیاں اور غم ختم ہو جاتے ہیں۔ خود کو مکمل طور پر پُرسکون محسوس کرتی ہوں۔ پہلے میرے دن کے کام اکثر ادھورے رہ جاتے تھے لیکن اب تمام کام وقت سے پہلے سمٹ جاتے ہیں۔ بے کار اور فضول کاموں سے نجات مل گئی ہے' دل اللہ کی طرف مائل ہو گیا ہے۔ ایک مرتبہ سفر میں کوئی شخص پریشان کر رہا تھا' میں نے بس میں بیٹھے مراقبہ شروع کر دیا' الحمدللہ پانچ منٹ میں وہ شخص بس سے اتر گیا اور پریشانی ختم ہو گئی۔ (ص' لاہور)

عبقری
معدہ اور جگر کیلئے بہترین پیکیج
اصلاح معدہ وجگر پیکیج
مجھے کافی عرصے سے معدے کی خرابی کا مسئلہ تھا۔ عبقری کا اصلاح معدہ وجگر پیکیج استعمال کیا۔ معدہ ٹھیک ہوا تو جسم تندرست ہو گیا اور جگر کی کارکردگی بہترین ہو گئی۔ (عزیر شبیر' اسلام آباد)

خوبصورت، سیاہ، چمکدار اور مضبوط بالوں کا آزمودہ حل

طاہرہ کبیر، شیخوپورہ

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! کافی عرصہ سے عبقری رسالہ پڑھ رہی ہوں اس سے بہت سے طبی و روحانی فوائد حاصل ہوئے ہیں۔ اپنے چند تجربات عبقری قارئین کی خدمت میں پیش کر رہی ہوں۔

بالوں کا گرنا بند

سرد موسم میں میرے بال بہت زیادہ ٹوٹنا شروع ہو جاتے تھے اس کے علاوہ بالوں میں سکری بھی بہت زیادہ ہو گئی تھی۔ میں نے بالوں کے ان مسائل کے لئے عبقری دواخانہ کا تیار کردہ طب نبوی ﷺ ہیر آئل استعمال کرنا شروع کر دیا، چند دن میں ہی بہترین نتائج ملے اور مسلسل کچھ عرصہ استعمال کرنے سے بالوں کا گرنا بند ہو گیا، سکری کا مکمل طور پر خاتمہ ہوا، بال لمبے، سیاہ اور چمکدار ہو گئے۔

روحانیت میں ترقی

میں روزانہ چند منٹ مراقبہ کرتی ہوں، الحمدللہ اس سے بہت زیادہ روحانی کیفیات مل رہی ہے اور روحانی طور پر ترقی مل رہی ہے۔

ہاتھوں کی خشکی ختم

جب بھی سردی کے موسم میں کچھ شدت آتی تو میرے ہاتھوں میں بہت زیادہ خشکی آجاتی۔ اسے ختم کرنے کے لئے میں نے مختلف لوشن وغیرہ استعمال کیے مگر فائدہ نہ ہوا۔ آخر ایک ٹوٹکہ ملا جس سے میرا یہ مسئلہ مستقل طور پر حل ہو گیا اور ہاتھوں سے خشکی کا مکمل طور پر خاتمہ ہو گیا۔ ٹوٹکہ یہ ہے۔ گلیسرین اور عرق گلاب کو ہموزن لے کر مکس کر لیں، اسے ہاتھوں اور پاؤں پر لگائیں، ان شاء اللہ خشکی بالکل ختم ہو جائے گی، ہاتھ اور پاؤں خوبصورت نظر آئیں گے۔ عرق گلاب میسر نہ ہو تو صرف گلیسرین لگانے سے بھی فائدہ ہوتا ہے۔

منہ سے ناگوار بدبو آنا بند

اگر کسی کے منہ سے بدبو آتی ہو، ٹوتھ پیسٹ وغیرہ استعمال کرنے کے باوجود بھی یہ مسئلہ حل نہ ہوتا ہو تو ایسے شخص کو چاہیے کہ باقاعدگی کے ساتھ کوئی بھی مسواک کرنا شروع کر دے، ان شاء اللہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔

آٹے کو زیادہ عرصہ تک محفوظ رکھیں

اکثر آٹے میں کیڑا وغیرہ لگ جاتا ہے جس سے آٹا خراب ہونے کا خدشہ ہوتا ہے۔ جس برتن وغیرہ میں آٹا رکھا ہو اگر اسے ململ کے کپڑے سے ڈھانپ کر رکھا جائے تو آٹا ان چیزوں سے محفوظ رہتا ہے۔

جنات و آسیب سے حفاظت

قرآن پاک کی آیت سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ۝ کا ورد کرنے اور نبی کریم ﷺ پر درود پڑھنے کی برکت سے آسیب سے حفاظت رہتی ہے اور جنات بھاگ جاتے ہیں۔

منہ کے چھالے کا علاج

اگر کسی کا پیٹ بڑھ رہا ہو تو اسے چاہیے کہ روزانہ ایک چمچ سفید گلیسرین پینا شروع کر دیں، اس سے پیٹ کا بڑھنا جلد ہی رک جاتا ہے۔ اس کے علاوہ اگر منہ پر چھالے نکلے ہوں تو اس صورت میں چھالوں پر سفید گلیسرین لگانے سے اس تکلیف دہ مرض سے نجات مل جاتی ہے۔

خواتین کے لئے زبردست ٹوٹکہ

بعض اوقات لہسن کا چھلکا بہت سخت ہوتا ہے جسے اتارتے ہوئے کافی دقت ہوتی ہے۔ اگر لہسن کو ہلکا سا کوئی بھی تیل لگا کر اس کی پوتھیوں کو کھول کر کپڑے کے اوپر ڈال کر دھوپ میں رکھ دیں اور آدھے گھنٹے کے بعد تھوڑا سا تیل ہاتھوں کو لگا کر کپڑے کے ساتھ لہسن کو مَل دیں، تو ان کے چھلکے آسانی کے ساتھ اتر جائیں گے۔

ہر مشکل کا حل

کوئی بھی مشکل اور پریشانی ہو تو شیخ الوظائف، ان کے مرشد اور ان کے والدین کو اعمال کا ہدیہ کرتی ہوں جس سے میری مشکل اور پریشانی ختم ہو جاتی ہے۔

بدصورت اولاد کے خواہشمند بالکل نہ پڑھیں!

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! ہم کافی عرصہ سے عبقری کے ساتھ وابستہ ہیں۔ شب جمعہ کو ہونے والی روحانی محفل میں آن لائن شامل ہوتے ہیں۔ عبقری تسبیح خانہ سے ہمیں بہت کچھ سیکھنے کو ملا ہے۔ روحانی دنیا کے حقائق کے ساتھ ساتھ جسمانی طور پر صحت کے لئے قدرتی غذاؤں کی افادیت کی اہمیت معلوم ہوئی ہے۔

ایک بار روحانی محفل میں شیخ الوظائف سے یہ بات سنی کہ جو حاملہ عورت زیادہ سیب کھائے گی اس کا بچہ نہایت خوبصورت، صحت مند اور تندرست ہو گا۔ یہ ٹوٹکہ سو فیصد درست ہے اور ہمارا آزمودہ ہے۔ ہمارا آبائی علاقہ چترال ہے وہاں کے سیب دنیا بھر میں مشہور ہیں۔ میری بیوی کو نہار منہ سیب کھانے کا بہت شوق ہے۔ میرے سب بچے چترال میں ہی پیدا ہوئے ہیں۔ حمل کے دوران اہلیہ نہار منہ سیب کھاتی تھی، اللہ کے فضل و کرم سے میرے دو بیٹے اور دو بیٹیاں ہیں اور ہمارے پورے خاندان میں ماشاء اللہ نہایت خوبصورت اور صحت مند ہیں۔ خاندان میں اور بھی بچے ہیں مگر ان کے رنگ روپ اور صحت میں ہمارے بچوں کی نسبت کافی فرق ہے۔ ایک اور بات قارئین کو بتانا چاہوں گا کہ سیب کھانے کا فائدہ صرف بچے کو ہی نہیں ہوتا بلکہ ماں بھی صحت مند رہتی ہے۔ (محمد سعید، پشاور)

بے ہوشی کے دوروں کا رومال سے علاج

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! چند ماہ قبل عجیب سی بیماری کا شکار ہو گیا تھا۔ چلتے چلتے گر پڑتا تھا اور اکثر بے ہوشی کی حالت میں چلا جاتا تھا۔ کوئی کمزوری بتاتا اور کوئی آسیب کا شکار کہتا۔ میں نے مختلف طبی و روحانی دونوں علاج کروائے جس سے رتی برابر بھی فائدہ نہ ہوا۔ عبقری رسالہ میں لاہور شیخوپورہ روڈ قلعہ ستار شاہ سٹاپ سے چند کلومیٹر کے فاصلے پر واقع آستانہ منت مراد کے بارے میں پڑھا تو اگلے ہی دن وہاں پہنچ گیا۔ وہاں جا کر لاہوتی رومال، اصحاب کہف کے نام، اونٹ کی ہڈی، طلسماتی ٹوٹھی (مٹی کا کوزہ)، اسمائے الحسنیٰ کے جلوؤں والے اعمال کیے۔ ان اعمال سے فارغ ہونے کے بعد دل کو عجیب سی راحت ملی اور اب طبیعت میں کافی بہتری آئی ہے۔ بے ہوشی کے دورے پڑنا ختم ہو گئے ہیں۔ (محمد یٰسین، شیخوپورہ)

خاص ایام کے دوران بہت زیادہ خون آتا اور ان دنوں کے علاوہ بھی اکثر بلیڈنگ ہوتی تھی۔ عبقری دواخانہ کی خون روک شفاء استعمال کرنے سے میرا یہ مسئلہ حل ہو گیا۔ (ق، ب)

عبقری خون روک شفاء

لیکوریا، رحم اور کمر درد کا بہترین علاج ہے

طبی نسخوں کی برسات: اپنی ذات سے دوسروں کو نفع پہنچانے کے خواہشمند ہیں تو رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں جہاں ایسے روحانی و طبی ٹوٹکے بتائے جائیں گے کہ بیٹھے بٹھائے معالج بن جائیں گے۔

ستائیس سال پرانا جادو ایک رات کے عمل سے نیست و نابود!

نسرین، فیصل آباد

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ 27 سالوں سے مختلف بیماریوں اور مشکلات میں پھنسی ہوئی تھی۔ آئے دن کسی نہ کسی پریشانی میں مبتلا رہتی۔ میں نے در در کی خاک چھان ماری مگر فائدہ نہ ہوا۔ ہر عامل یہی بتاتا کہ آپ پر کسی نے سخت کالا جادو کیا ہے' تحقیق کرنے سے معلوم ہوا کہ میرے ایک قریبی رشتہ دار نے مجھ پر کالے جادو کے ذریعے مختلف بیماریوں اور مسائل کو مسلط کیا ہوا ہے۔

یہ جادو اتنا خطرناک تھا کہ کوئی بھی عامل اس کا علاج کرنے سے قاصر تھا۔ رات کو سوتی تو جسم پر ایسے محسوس ہوتا جیسے کوئی چیز رینگ رہی ہو۔ چلتے ہوئے اچانک ایسے محسوس ہوتا جیسے کوئی میرے پیچھے چل رہا ہو۔ ہر وقت پریشانی میں مبتلا رہتی تھی' میرا جینا محال ہو چکا تھا۔ میرے ساتھ ایسے شیطانی مسائل تھے جن کا کسی سے تذکرہ بھی نہیں کر سکتی تھی۔ میرے اپنے پرائے ہوئے چکے تھے' کوئی بھی میرے مسئلے کو سمجھنے کے لئے تیار نہ تھا' کچھ لوگ اسے نفسیاتی مسئلہ کہتے تھے مگر میرے دن اور رات جن مشکلات میں کٹ رہے تھے انہیں میں اور میرا اللہ ہی جانتا ہے۔ اپنی زندگی سے مایوس ہو چکی تھی' حتیٰ کہ خودکشی کے خیالات آنے لگ گئے تھے۔ اللہ سے مانگتی تھی کہ یا اللہ ان حالات میں تو ہی میرے لئے آسانی اور عافیت کے دروازے کھول دے۔ ان دنوں بازار میں خریداری کے لئے گئی تو ایک دکان پر عبقری رسالہ پر نظر پڑی جس میں لکھا تھا" نصیب چمکانے اور مرادیں پانے کے لئے 15 شعبان (شب برات) تسبیح خانہ میں گزاریں" میں رسالہ کو خرید کر گھر لے آئی۔

ضدی بیماریاں اور تسبیح خانہ کے نورانی لقمے

رسالہ کے اندرونی صفحات پر شب برات میں ہونے والے اعمال کی مزید تفصیل پڑھی۔ میں نے سوچا جہاں اتنی کوششیں کر کے دیکھ لیں وہاں ایک رات اللہ کے نام کر دوں شاید اس سے ہی میری پریشانی اور مسائل ختم ہو جائیں۔ اب ہر دن شب برات کا شدت سے انتظار کرتی رہی۔ آخر وہ دن آ ہی گیا' شب برات کی مبارک رات تسبیح خانہ میں گزاری' یہاں لنگر کا بہترین اور کشادہ انتظام تھا' پیٹ بھر کے کھانا کھایا اور دل سے شیخ الوظائف کو دعائیں دیں کیونکہ اس سے پہلے جہاں بھی اپنے مسائل کے حل کے لئے گئی تو وہاں نذرانہ' ہدیہ اور چندے کی شکل میں ضرور پیسے دینے پڑے مگر ایک خطیر رقم خرچ کرنے کے بعد بھی حاصل کچھ نہ ہوا۔ یہاں حیران تھی کہ نہ کوئی چندے کا انتظام ہے نہ کوئی ہدیے یا نذرانے کا کہہ رہا ہے بلکہ یہاں تمام منتظمین لوگوں کے لئے سہولت کا ذریعہ بن رہے ہیں۔ یہ تمام تر ماحول دیکھنے کے بعد مجھے تسلی ہوگئی کہ اللہ تعالیٰ کے کرم سے بالکل صحیح جگہ پہنچی ہوں اور ان شاء اللہ میرے تمام مسائل یہی حل ہوں گے۔ جب محفل کا آغاز ہوا تو اس میں شیخ الوظائف صاحب کے تسلی کے بولوں نے دل ٹھنڈا کر دیا۔ روحانی اعمال کا وقت آیا تو خوب توجہ دھیان کے ساتھ شب برات میں چھری والا عمل' طلسماتی ڈبی' لاعلاج بیماریوں' جادو جنات اور دعائے حضرت خضرؑ والے تمام روحانی پیکیجز کیے۔ اس دوران جسم پر سخت دباؤ بھی محسوس ہوا مگر میں نے اپنی توجہ نہ ہٹائی اور تمام عمل مکمل کیے۔ گھر آ کر جب عملیاتی چھری اور طلسماتی ڈبی والے عمل کرنا شروع کیے تو ٹھیک تین دن بعد جب رات کو سوئی تو جسم پر کسی قسم کا کوئی دباؤ محسوس نہیں ہوا اور صبح اٹھی تو جسم ہلکا پھلکا تھا۔ اس دن سالہا سال کے بعد چین کی نیند سوئی۔ میں نے ان اعمال کو جاری رکھا جس سے شیطانی واروں میں کافی حد تک کمی آ چکی ہے۔ آج بھی یہ اعمال کر رہی ہوں الحمدللہ صحت دن بدن بہتر ہو رہی ہے۔ دن رات عبقری اور شیخ الوظائف صاحب کے لئے دعائیں کرتی ہوں جن کی وجہ سے جینے کی امید جاگی ہے۔ زندگی کے باقی معاملات بھی بہتر ہوتے چلے جا رہے ہیں۔

سفید بالوں اور دائمی نزلہ کا مستقل حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بیٹے کا چند ماہ پہلے یونیورسٹی میں داخلہ ہوا' اسے وہاں جا کر ہوسٹل میں رہنا پڑا۔ جب گھر آیا تو اس کی حالت بہت کمزور ہوگئی تھی' مجھے بہت پریشانی ہوئی' ایک ماہ میں اس کا یہ حال ہو گیا ہے' ابھی چار سال یونیورسٹی میں رہ کر پڑھنا ہے۔ میں بہت پریشان تھی۔ اس کو دائمی نزلے کی شکایت تو بہت پرانی تھی لیکن گھر میں تھا تو میں خود خیال رکھتی تھی کھانا پینا بھی ٹھیک تھا اس لئے زیادہ مسئلہ نہیں ہوا لیکن ہوسٹل میں رہنے سے یہ مسئلہ بڑھ گیا' بیٹے کو سانس لینے میں بھی مسئلہ ہو رہا تھا۔ ڈاکٹر کو دکھایا اس نے بتایا کہ اس کے ناک کی ہڈی بڑھی ہوئی ہے اور ریشہ مسلسل گلے میں گرتا ہے جس کی وجہ سے دماغی کمزوری بھی رہے' اس لئے سر میں سفید بال بھی نکل آئے تھے۔ ڈاکٹر نے جو ادویات لکھ کر دیں' استعمال کروائیں اس سے فرق تو پڑا لیکن بہت عارضی۔ دوا کا اثر دو تین گھنٹوں تک رہتا تھا' تکلیف پھر سے شروع ہو جاتی۔ میرے خاوند کو کسی نے بتایا کہ بیٹے کو عبقری دواخانہ کا الرجی چھینکیں، دائمی نزلہ اور ناک کی ہڈی بڑھنا کورس استعمال کروائیں' ٹھیک ہو جائے گا۔ ہم نے عبقری کی مقامی ایجنسی سے یہ کورس خریدا اور بیٹے کو استعمال کروایا، چند دن استعمال کرنے سے کیرا اور دماغی کمزوری ختم ہوگئی۔ ناک شفاء ڈراپر نیم گرم پانی میں تھوڑی دیر رکھ کر قطرے ناک میں ڈالے' ناک کی ہڈی بھی کم ہونا شروع ہوگئی۔ عبقری کی ادویات بہت زبردست ہیں۔ اس علاج کے بعد بیٹے کی صحت بھی بہتر ہوگئی۔ عبقری دواخانہ کا الرجی کورس استعمال کرنے سے کیرے کا مسئلہ جڑ سے ختم ہو گیا' ناک کی بڑھی ہوئی ہڈی بھی اپنی اصلی حالت میں واپس آ گئی۔ اس کا اثر سر کے بالوں پر بھی ہو رہا تھا' بال سفید اور گرنا شروع ہو گئے تھے اور نظر بھی کمزور ہو رہی تھی' اب آہستہ آہستہ بہتری آ رہی ہے۔ عبقری کے الرجی کورس نے عارضی نہیں دائمی نفع بخشا ہے۔ عبقری کی اس دوا کی افادیت دیکھ کر میں نے عبقری دواخانہ کی کچھ اور بھی ادویات استعمال کیں۔ ان سے بھی بہت فائدہ ہوا۔ ہمیں عبقری رسالے کا پتہ چلا تو ہر ماہ رسالہ لے کر پڑھنا شروع کیا اس سے طبی اور روحانی مسائل کے حل کی بہت قیمتی معلومات ملیں۔ میں بہت خوش ہوں کہ اللہ نے ہمیں عبقری کا مخلص ترین ساتھ عطا کیا۔ اب میرے عزیز و اقارب میں اگر کسی کو کوئی مسئلہ پیش آتا ہے تو میں فوراً عبقری کی طرف متوجہ ہونے کا مشورہ دیتی ہوں۔ جو خیر کا کام عبقری کر رہا ہے وہ ہم کر نہیں سکتے لیکن اس کو دوسروں تک پہنچا تو سکتے ہیں۔ عبقری کی ساری ٹیم کا تہہ دل سے شکریہ۔ (شبانہ عظیم، عارفوالہ)

عبقری شوگر فری سیرپ سکون افزاء
نیند کا نہ آنا' جسمانی ذہنی اور اعصابی تھکن
مجھے ڈیپریشن اور اینگزائٹی کا مسئلہ رہتا تھا۔ میں نے عبقری دواخانہ کا سکون افزاء سیرپ استعمال کرنا شروع کیا' اب ہر وقت پرسکون رہتی ہوں ڈیپریشن سے مکمل نجات مل چکی ہے (حرا شاہد)

عاملین کو چیلنج الٹا پڑ گیا! روحانی چلہ سے بندشیں ختم

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! مجھے سمجھ نہیں آرہا کہ بات کہاں سے شروع کروں اپنے دکھ درد اور بے بسی کا اظہار کیسے کروں۔ کئی بار روتے ہوئے خط لکھنے کی کوشش کی لیکن خط نہیں لکھا گیا۔ ہم تین بہن بھائی ہیں۔ میں تین سال کا تھا جب میری والدہ کا انتقال ہوا۔ والدہ کے انتقال کے بعد ہمیں نانی اماں نے سنبھالا۔ میرے والد نے دوسری شادی کر لی اور میری بہن کی شادی بھی کم عمری میں کر دی۔ اسی وقت ہماری پریشانیاں شروع ہو گئیں۔ میں اس وقت پندرہ سال کا تھا جب عاملوں نے چیلنج کر کے ہم پر بندش لگا دی تھی۔ ہم پر بہت غربت آئی ہم در بدر ہو گئے۔ ہمارے رشتوں پر بندش لگ گئی' معدے پر بندش لگ گئی۔ معدے کی تیزابیت، قبض، گیس اور بیماری نے مجھے عاجز کر دیا۔ تین سال پہلے عاملوں نے ہمیں چیلنج کیا تھا' ہمارا نام و نشان مٹانے کی دھمکی دی تھی۔ میری حالت بہت بری ہو گئی تھی اور سب میرے دشمن بن گئے تھے' بدحالی کی حد ہو گئی۔ پھر اللہ کا کرم ہو گیا عبقری رسالہ ملا' احساس ہوا کہ دکھوں سے نکلنے کا وقت آ گیا ہے۔ ہر ماہ عبقری رسالہ پڑھنا شروع کر دیا۔ گھر سے نکل کر جب عبقری رسالہ لینے جاتا تھا تو تصور میں آپ سے باتیں کرتے ہوئے میری آنکھوں سے آنسو بہنے لگ جاتے۔ پھر چند دن بعد مجھے تسبیح خانہ کے تین دن روحانی چلہ میں شرکت کرنے کا موقع ملا تو وہاں آپ کی مجھ پر نظر پڑی' اس نظر سے میرا جسم ایسے ہو گیا جیسے دودھ سے دھل گیا ہو اور میں ایک دم تر و تازہ ہو گیا میری دماغی حالت جو کہ بہت خراب تھی وہ ٹھیک ہو گئی۔

روحانی چلہ کے بعد ایسا تھا جیسے میرے اندر سے منوں گندگی' جراثیم اور غلاظت نکل گئی ہے۔ جب میں گھر آیا تو عاملوں نے میرے اعمال میں رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کی۔ پھر میں دوبارہ روحانی چلہ میں شرکت کے لئے آیا۔ آخر کار عاملین ہم سے معافیاں مانگنے پر مجبور ہو گئے۔ اب بھی میں اکثر آپ سے تصور میں باتیں کرتا ہوں کیونکہ آپ ہمارے پیر و مرشد ہیں۔ آپ ہمارے ماں باپ کی طرح ہیں اور آپ ہمارے دردوں کی دوا ہیں۔ آپ کی وجہ سے ہمیں خوشیاں نصیب ہوئی ہیں۔ اب بھی کبھی کبھار آنکھیں نم ہو جاتی ہیں لیکن یہ خوشی کے آنسو ہوتے ہیں۔ (ا، کراچی)

مزاج میں سنجیدگی اور گفتگو میں وقار

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میرے اندر بچپن سے ڈر اور خوف بہت زیادہ تھا۔ اندھیرے سے بہت ڈرتی تھی۔ جہاں بھی اکیلی ہوتی ڈر سے میرا برا حال ہو جاتا۔ اس خوف کی وجہ سے میری طبیعت بہت خراب ہو رہی تھی۔ میں اکیلی ایک کمرے سے دوسرے کمرے میں نہیں جا سکتی تھی' والدہ یا بھائی بہن کو ساتھ لے کر جاتی۔ سب گھر والے میری اس حالت سے پریشان تھے۔ ذہنی مریضہ بنتی جا رہی تھی۔ میں خود بھی سوچتی تھی یہ خوف مجھ پر بہت حاوی ہو گیا ہے۔ میری خالہ تسبیح خانہ ہر جمعرات روحانی محفل میں آتی ہیں۔ ایک بار میں ان کے ساتھ آ گئی اور تین دن روحانی چلہ میں شرکت کی۔ ماشاء اللہ مجھے بہت فائدہ ہوا۔ تین دن اعمال کرنے سے میری اندر جو ڈر اور خوف تھا وہ سب ختم ہو گیا اور جب میں اختتامی دعا کے بعد گھر واپس آئی تو میں بالکل بدل چکی تھی میرے گھر والے بھی سب حیران تھے کہ تین دن میں اتنی تبدیلی آ گئی۔ میرے مزاج میں سنجیدگی اور گفتگو میں وقار پیدا ہو گیا۔ روحانی چلہ کے اعمال نے مجھے بہت مطمئن اور بے خوف کر دیا ہے۔ میں اللہ تعالیٰ کے قریب ہو گئی ہوں۔ دل سے ہر قسم کا ڈر اور خوف نکل چکا ہے۔ (منزہ فاروق، لاہور)

مٹھی بھر مٹی سے آسیب' سحر' نظر بد کو مٹی کر دیں

تسبیح خانہ میں ہر ہفتے تین دن کا چلہ جمعرات عصر سے شروع' اتوار ظہر تک اختتامی دعا ہوتی ہے!

چلہ کے معمولات! 7 روحانی پیکیج!

(1) مٹی کے چراغ سے بے اولادی' بندشیں ختم!

مٹی کا چراغ تسبیح خانہ سے ہی ملے گا' اس پر خاص الخاص تین دن عمل کروایا جائے گا' اس چراغ کو گھر لے جائیں اور سات دن صبح و شام اس کو کم از کم ایک سے تین منٹ دیکھتے ہوئے یَافَتَّاحُ پڑھنا ہے۔ ان شاء اللہ بے اولادی' بندشیں' جادو' جنات' آسیب' بیماریاں ختم۔

(2) دھونی کے دھوئیں سے مصائب و بلائیں ختم

عبقری کی ''روحانی دھونی'' دوران چلہ پاس رکھیں' اس پر خاص الخاص عمل کروایا جائے گا' گھر جا کر ہر جمعرات کو اس کی دھونی دیں' اگر بوجہ مجبوری دھونی نہیں دے سکتے تو گھر کے مختلف کونوں میں ہر جمعرات کو پھیلا دیں' بلائیں' مصائب' حشرات الارض اور ناگہانی آفات سے گھر کی حفاظت رہے گی۔

(3) اولاد کی نافرمانی ختم اور ترقی کیلئے!

ایک خاص الخاص نقش دیا جائے گا' جس پر عمل تین دن متواتر کروایا جائے گا' اس نقش کو گھر جا کر یمنی نیشن کروا کر لٹکا دیا جائے تو گھر سے لڑائی جھگڑے' اولاد کی نافرمانی ختم' ناکامیوں کی جگہ ترقیاں لے لیں گی۔

(4) قرض ختم' تونگری کا فارمولہ لے جایئے!

دوران چلہ تین دن ایک ایسا روحانی عمل کروایا جائے گا' جس کے کرنے سے قرض' بیروزگاری' تنگدستی کا خاتمہ ہو جائے گا اور گھر میں رزق کی بارش اور برکت آ جائے گی۔

(5) آیئے! کامیاب استخارہ کیجئے!

استخارے کیلئے ایک عمل کروایا جائے گا! ہر کام کا نفع نقصان آپ کے سامنے کھل جائے گا! جاگتی آنکھوں سے دیکھیں۔

(6) شہد سے زندگی کی تمام کڑواہٹیں ختم' مٹھاس لائیں

چلہ میں آتے ہوئے حسب ضرورت شہد تھوڑا سا لے آیئے! اس پر خاص الخاص عمل ہو گا' بس یہ مٹھاس گھر بھر کی تمام ناچاقیوں' جھگڑوں' حسد' کینہ' بغض کی کڑواہٹ کو دور کر دے گی' گھر میں خوشگوار ماحول لے آئے گی۔ میاں بیوی کی باہمی محبت کیلئے انتہائی آزمودہ۔

(7) مٹھی بھر مٹی لائیں' نظر بد' آسیب سے چھٹکارا

کسی جگہ سے بھی پاک صاف مٹی صرف ایک مٹھی شاپر میں ڈال کر لائیں' تین دن مسلسل اس پر عمل ہو گا' گھر جاتے ہوئے اس کو کسی صاف جگہ پر پارک' گرین بیلٹ' یا قبرستان میں اونچی جگہ ڈال کر پیچھے نہ دیکھیں اور گھر چلے جائیں' گھر پہنچتے ہی گھر سے نظر بد' آسیب' جنات' جادو سے نجات مل جائے گی۔

عبقری چوٹ شفاء

ایکسیڈنٹ کی چوٹ رگڑ لگی ہو یا کسی بھی حادثہ کو چوٹ ہو

بچپن میں لکڑی کا ایک وزنی ٹکڑا لگنے سے میری ایڑھی پر چوٹ آئی تھی' اب سرد موسم میں پھر سے اس جگہ درد ہونے لگتی تھی' عبقری کی چوٹ شفاء کچھ عرصہ استعمال کی' درد ہمیشہ کے لئے ختم ہو گئی۔ (شیراز سلیم)

برکتی نوٹ پائیں: کاروبار عروج پر ہے یا معقول تنخواہ ہونے کے باوجود بھی رزق میں بے برکتی ہے تو رمضان تسبیح خانہ میں گزار کے ایسا برکتی نوٹ پائیں جس کی برکات آپ کی نسلوں میں چلیں گی۔

کہیں بیٹیاں بھی میری طرح برباد نہ ہو جائیں! خدارا بچا لیجئے

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! آج آپ سے اپنے اندر کا درد بیان کر رہی ہوں اس امید کے ساتھ کہ آپ مجھے اس کا کوئی حل دیں گے۔ میری چار پانچ بیٹیاں ہیں' شوہر بیرون ملک نوکری کرتے ہیں۔ گزشتہ سات سال سے وہ واپس نہیں آئے۔ میری ساس کینسر کے مرض میں مبتلا ہیں' ماں کی طرح ان کی خدمت کرتی ہوں مگر اس کے باوجود بھی وہ مجھ سے مطمئن نہیں ہیں' بلاوجہ ڈانٹ دیتی ہیں اور کال کر کے شوہر کو میرے خلاف ورغلاتی ہیں۔ گھر میں اور بھی افراد رہتے ہیں مگر کاموں کی تمام تر ذمہ داری میری ہے لیکن اس کے باوجود بھی گھر میں میری بالکل بھی عزت نہیں ہے۔ تمام سسرال والے مجھے طعنے دیتے ہیں کہ تمہیں کوئی بھی کام ڈھنگ سے کرنا نہیں آتا اور نہ ہی تمہارے اندر عقل ہے۔ کئی مرتبہ میری نند نے مجھ پر ہاتھ بھی اٹھایا مگر میں نے کسی قسم کی کوئی بدتمیزی نہ کی۔ جب یہ بات شوہر کو بتائی تو انہوں نے کہا کہ مجھ سے گھریلو جھگڑوں سے متعلق ہرگز بات نہ کریں۔ جبکہ باقی گھر والے خود ساختہ کئی باتیں بنا کر میرے خلاف شوہر کو بتاتے ہیں جسے وہ تسلی سے سنتے ہیں اور کئی بار مجھے طلاق کی دھمکی بھی دی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ گھر والوں کو ساتھ لے کر چلو تو ٹھیک ورنہ مجھے بھی تمہاری ضرورت نہیں ہے۔ ان حالات میں جینا بہت دشوار ہو چکا ہے' میری بیٹیوں کے ساتھ بھی اچھا سلوک نہیں برتا جاتا۔ بعض اوقات دل کرتا ہے کہ بچوں کو لے کر میکہ چلے جاؤں مگر پھر بوڑھے ماں باپ کا خیال آتا ہے اور ڈر لگتا ہے کہ میری بیٹیوں کا کیا بنے گا۔

چوری کا الزام

گھر کا ماحول ایسا ہے جہاں زیادہ ذکر اور تسبیح کرنے پر مشکوک نگاہوں سے دیکھا جاتا ہے جبکہ سارا دن موبائل کے استعمال پر کسی پر کوئی پابندی نہیں۔ مسلسل پریشانیوں کی وجہ سے دماغی طور پر بھی مفلوج ہوتی جا رہی ہوں۔ جب نماز پڑھتی ہوں تو اس وقت بہت زیادہ وسوسے آتے ہیں۔ مجھے اپنی بیٹیوں کی بہت فکر ہے وہ جوان ہو رہی ہیں' کہیں میری طرح انہیں بھی اپنی زندگی گھٹ گھٹ کر نہ جینی پڑے۔ جب بھی گھر میں جھگڑا ہوتا ہے بیٹیاں بھی پریشان ہو جاتی ہے' بڑی بیٹی اکثر بیمار ہو جاتی ہے۔ گھر میں کبھی بھی کوئی کام غلط ہو جائے تو اس کا سارا الزام مجھ پر ہی ڈال دیا جاتا ہے۔ ابھی چند دن پہلے گھر میں سے کچھ قیمتی سامان چوری ہوا ہے اس کا الزام بھی مجھ پر ڈال دیا گیا ہے۔ ساس صاحبہ بھی دوسروں کی ہاں میں ہاں ملا رہی ہیں اور شوہر بھی میری کوئی بات سننے کو تیار نہیں ہے۔ کچھ وقت جب میسر ہوتا ہے تو موبائل استعمال کرتی ہوں مگر میں چاہتی ہوں کہ یہ وقت بھی اللہ کی راہ میں ہی صرف ہو۔ خدارا مجھے کوئی ایسا وظیفہ بتا دیں جس سے سسرال والے مجھے بھی عزت اور قدر کی نگاہ سے دیکھیں' میرا گھر ٹوٹنے سے بچ جائے اور بیٹیوں کا نصیب مقدر بھی سنور جائے' اللہ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے' آمین!

ایسے دکھی اور مشکل حالات سے نکلنے کا فیصلہ کن عمل

عمل: آپ اپنے تمام گھر والوں کا تصور کرتے ہوئے سارا دن لاتعداد یَا کَثِیْرَ الْخَیْرِ یَا دَائِمَ الْمَعْرُوْفِ پڑھیں' آپ یہ عمل چلتے پھرتے اور دل ہی دل میں بھی اس کا ورد کر سکتی ہیں۔ جب کھانا تیار کر رہی ہوں تو سات بار سانس روک کر یہی کلمات پڑھ کر کھانے پینے کی چیزوں پر دم کر دیں۔ اس عمل کے دوران اپنے شوہر اور بیٹیوں کا بھی تصور رکھیں۔ عمل کا ہدیہ: اس ماہ شب برات کے موقع پر حسب توفیق لنگر تقسیم کر دیں۔ اس تمام عمل کا عشرہ مبشرہ صحابہؓ کو ہدیہ کر دیں۔ نوٹ: یہ عمل ہر حالت میں کر سکتے ہیں۔ جو شخص بھی ان مسائل کا شکار ہو اسے بھی اس عمل کی اجازت ہے۔

کمال محمد' اوکاڑہ

سر درد کے مرض سے شفایابی کا کامیاب نسخہ

آج کے دور میں سر درد ایک عام بیماری بن چکی ہے جس سے تقریباً ہر دوسرا شخص متاثر ہے۔ بعض اوقات یہ مرض عارضی ہوتا ہے جو آرام کرنے سے خود ہی ٹھیک ہو جاتا ہے۔ لیکن بعض اوقات یہ مسئلہ روزمرہ زندگی کا حصہ بن جاتا ہے۔ اس کی کئی وجوہات ہیں جن میں نیند کی کمی' دماغی و جسمانی کمزوری' قبض' بخار' نزلہ و زکام' ناک سے متعلق دوسری بیماریوں' بلڈ پریشر وغیرہ شامل ہیں۔ اس کے علاوہ کچھ افراد جو نشہ یا نشہ آور ادویات کے عادی ہوں' ایسی خواتین جو مخصوص ایام کی بے ترتیبی اور پوشیدہ امراض کا شکار ہوں۔ سر درد سے نجات کے لئے لوگ مختلف ادویات کے عادی بن جاتے ہیں اور پھر ایک وقت ایسا بھی آتا ہے کہ بے دریغ ادویات کے استعمال سے بھی انہیں کسی قسم کا کوئی افاقہ نہیں ہوتا بلکہ سر درد کا علاج کرتے کرتے وہ مزید بیماریوں کا شکار ہو جاتے ہیں۔ ان امراض سے نجات کے لئے میرے پاس دو مجرب نسخے ہیں جس کے کچھ عرصہ استعمال سے سر درد کے مرض سے چھٹکارا حاصل کیا جا سکتا ہے۔

نسخہ نمبر 1: خطمی کے پھول' گلاب کے پھول' بنفشہ' صندل سرخ' صندل سفید تین تین ماشہ' گل بانگونہ' ایک ماشہ' پوست خشخاش ایک ماشہ' املتاس ایک تولہ۔ ان تمام اجزاء کو ہری مکو کے پانی میں پیس کر سر پر لیپ کر دیں۔

نسخہ نمبر 2: اسطخدوس' پوست ریٹھا' گیرو' ان تمام اجزاء کو ہم وزن لے کر پیس لیں۔ اس سفوف کا آدھا چمچ صبح و شام تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔ ان دونوں نسخہ جات میں جو بھی سہولت ہو بنا کر استعمال کریں' ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

شیخ الوظائف کی طرف سے خصوصی تحفہ مبارک ہو!

شیخ الوظائف کو پرانی چیزیں اور ورثہ کو محفوظ کرنے کا سچا جذبہ ہے۔ محبت کرنے والوں کے پاس اگر لکڑی کی ریڑھی جس کے پہیے بھی لکڑی کے ہوتے ہیں' اس کے علاوہ انوکھی پرانی چیزیں کتابیں (سیلیبس اور نصابی نہ ہوں) برتن' نقش و نگار پرانے دروازے' کھڑکیاں' شیڈز' (اسلحہ جو پرانا اور قابل استعمال نہ ہو)' لکڑی' تانبے' کانسی' چمڑے کی بنی ہوئی کوئی بھی پرانی چیز جو آپ کے استعمال میں نہ ہو' الیکٹرانکس کی پرانی چیزیں حتیٰ کہ کسی بھی قسم کی سالوں یا صدیوں پرانے سکے' اینٹیں' ٹائلیں وغیرہ ہوں تو شیخ الوظائف کو ہدیہ کی نیت سے تسبیح خانہ لاہور میں بحفاظت باامان پہنچائیں اور دل کی گہرائیوں سے دعائیں لیں۔ نیز بڑی ہستیوں سے منسوب تبرکات یا آثار قدیمہ کا کوئی تحفہ بھی قبول کیا جائے گا۔ ایسے مخلصین کو قرعہ اندازی کے ذریعے شیخ الوظائف کے آٹوگراف خاص نصیحت کے ساتھ اور دستخط شدہ تین کتب دی جائیں گی۔

نوٹ: ایجنسی ہولڈر کو ہرگز نہ دیں۔ (ادارہ عبقری)

عبقری شفاء حیرت سیرپ
نزلہ و زکام | سانس کی تنگی | بخار دور کرنے کیلئے بہترین ٹانک ہے!
چھینکوں' دائمی نزلہ اور کیرے کا پرانا مسئلہ تھا' میں نے عبقری کا بنفشی قہوہ بنا کر اس میں شفاء حیرت سیرپ ملا کر کچھ عرصہ استعمال کیا' نزلہ چھینکوں اور کیرے کا مسئلہ حل ہو گیا۔ (ولید عاطف، لاہور)

اصحاب بدرینؓ کا مشکل کشاء عمل: صدیوں پرانا اصحاب بدرینؓ کا مشکل کشاء عمل جس سے مشکلیں آسان اور مصیبتیں ختم! اولیاء کا آزمودہ عمل اس رمضان تسبیح خانہ میں کروایا جا رہا ہے ضرور شریک ہوں۔

عبقری مصنوعات

نام شہر اور فون نمبر
احمد پور شرقیہ: 0622272198 ادویات
احمد پور شرقیہ: 0302-7768638 رسالہ
اٹک: 057-2602020
اسلام آباد پی ڈبلیو ڈی: 0335-5605603
اسلام آباد: 051-2624335
ایبٹ آباد: 0344-9381998
ایبٹ آباد: 0992-335847
اوکاڑہ: 0300-6968538
باغ آزاد کشمیر: 0312-5619880
بوریوالہ: 0300-7591190
بھکر: 0331-2344445
بھکر: 0333-8045050
بھلوال: 03027108627
بہاول پور: 03067333283
بہاولنگر: 0333-6320766
بہاولنگر: 03336308000
بورے والا: 0673352712
بورے والا: 03038308891
بنوں: 03139764887
بنوں: 0334-8852912
بالاکوٹ: 0333-5026866
بھاگٹانوالہ: 0300-7060068
بٹ خیلہ/ چکدرہ: 0344-9783610
پبل: 0334-4306823
پتوکی: 0306-6482488
بزاخمر: 0300-2347638
پشاور: 0314-9007293
پشاور: 0333-9161237
پنڈی بھٹیاں: 0308-7800424
پنڈی گھیب: 0334-5800786
پاکپتن شریف: 0314-3650234
پتوکی: 0334-4062698
پنڈ سلطانی: 0331-5100926
پنڈ دادنخان: 03335007975
پھالیہ: 03016221924
پسرور: 0342-2940504
تلہ گنگ: 0346-5771975
ترنول (اسلام آباد): 0300-5512135
تیمر گرہ: 03159119967
تیمر گرہ: 0348-9651523
ٹاہ تک: 0301-8790927
ٹوبہ ٹیک سنگھ: 0321-7531597
ٹوبہ ٹیک سنگھ: 0333-6870706
ٹوبہ ٹیک سنگھ: 0345-7555271
ٹیکسلا: 03361881088
جھنگ صدر: 0477-621733
جھنگ: 03157505652
جہانیاں: 0321-7359861
جوہر آباد: 0301-4654747
جنڈ: 0333-5480393
رسول نگر: 0336-6484471
جتوئی: 0301-6956848
جلال پور پیروالا: 0300 8985689

نام شہر اور فون نمبر
کھلک: 0344-9115511
چنڑانوالہ: 03004829368
جہلم: 03355897706
جہلم: 03235777931
جہلم: 03009518620
چکوال: 0333-5783167
چکوال: 0333-5778810
چکوال: 0306-5785684
چارسدہ: 0300-8581709
چونیاں: 0333-4398877
چیچہ وطنی: 0315-6905313
چشتیاں: 0302-6989035
چوآسیدن شاہ: 054-3580102
چوک اعظم: 0300-6767661
چنیوٹ: 0301-7070779
حسن ابدال: 0306-5601613
حافظ آباد: 0320-5751062
حضرو: 0314-2192166
حیدر آباد: 0333-8775548
حویلیاں ہزارہ: 0346-9520528
حویلی لکھا: 03336943177
حاصل پور: 0305-2064915
حضرو: 0301-5514113
خانیوال: 0303-7372281
خان پور: 0685-572654
خانقاہ ڈوگراں: 03417776811
خوشاب: 0305-5038040
خانقاہ شریف: 0300-6812251
راولپنڈی: 0333-5648351
راولپنڈی: 0321-5352745
راولپنڈی: 03337642532
روات/اسلام آباد: 0335-5490418
رائے ونڈ: 0307-7397658
رحیم یار خان: 0305-5872626
راجن پور: 0332-2566490
رینالہ خورد: 0331-7424506
رجانہ: 03318671720
درگاہ پاکپتن: 0333-6954044
دیپالپور: 0300-4059957
دریالاجانب: 0333-5869273
دندا شاہ بلاول: 0336-5953230
دولتانہ: 0336-5167423
دائرہ دین پناہ: 0343-6051987
ڈیرہ اسماعیل خان: 0345-2567447
ڈسکہ: 0305-6007845
ڈنگہ: 0300-6269086
ڈیرہ غازیخان: 0334-6781558
ڈیرہ غازیخان: 0315-8701970
دینہ: 03129574288
ڈھاراں والا: 0304-5560006
ژوب: 0300-3904464
سرگودھا: 0301-6762480
سیال موڑ: 0341-7510768
سیالکوٹ: 0321-7120318
سکھر: 0336-9312436
سکھر: 03353273133
سمندری: 0300-0310313

نام شہر اور فون نمبر
سرائے نورنگ: 03076655967
سرائے عالمگیر: 0335-8088451
سکھو: 0334 8724786
سکھیکی منڈی: 0342-6565723
سمبڑیال: 0300-7160811
ساہیوال: 0321-6538847
سمندری: 03087034268
بی: 0332-8819650
شیخوپورہ: 0341-6616915
شیخوپورہ: 0300-4500832
شجاع آباد: 0300-2539685
شہداد پور: 0334-3100962
شہداد کوٹ: 03342364637
شورکوٹ کینٹ: 0302-7296211
شورکوٹ شہر: 0300-7505322
شاہکوٹ: 0312-3710911
شکر گڑھ: 0301-6644331
شکیاری: 03018105253
صادق آباد: 0333-7452600
صوابی: 0314-9661622
ظاہر پیر: 0333-6353870
ظفروال: 0333-8749464
عارف والا: 0322-7849580
علی پور: 0333-7674684
غذر: 0344-5419941
فاروق آباد: 03014816233
فیصل آباد: 0301-7118200
فیصل آباد: 0300-6698022
فیصل آباد: 0313-6648000
فیصل آباد: 0320-6719819
فتح جنگ: 0303-8680406
فتح پور: 0333-6843333
کراچی: 0300-3218560
کراچی: 0333-3364127
کراچی: 0300-2680248
کراچی: 0333-3317134
کراچی: 0314-9372964
کراچی: 03343715784
کراچی: 0333-2424615
کوٹ ادو: 0333-6003909
کوٹ ادو: 0331-6007670
کوہاٹ: 0922-511760
کوہاٹ: 03005668240
کبیر والا: 0306-9552336
کامرہ: 0300-5565249
کندیاں: 0344-4253576

نام شہر اور فون نمبر
کچی والا: 0348-7098026
قصور: 0322-7616470
قلعہ دیدار سنگھ: 03448445269
کاموکی: 0323-8240642
کاموکی: 0302-1745546
کاموکی: 0321-6449943
کوئٹہ: 081-2824617
کوئٹہ: 0333-7876540
کلورکوٹ: 0300-7780221
کسووال: 0300-4340914
کوہاٹ: 0313-4874544
کمالیہ: 0334-9630911
کمالیہ: 0334-7670840
کوئٹہ: 0332-3801555
کوٹلہ ارب علی: 0301-6267600
قمر مشانی: 0301-8955413
گجرات: 0302-6292132
گجرات: 0333-6292132
گجرخان: 0332-5878032
گوجرانوالہ: 0300-6453745
گوجرانوالہ: 03216424742
گوجرانوالہ: 03245660900
گوجرانوالہ: 0300-6422516
گوجرہ: 0301-7237531
لیاقت پور: 0345-8709947
لیہ: 0334-6945606
لاہور: 0324-4623340
لاہور: 0300-9431027
لاہور: 0322-4614031
لاہور: 0300-4526786
لاہور: 0320-0449522
لاہور: 0322-4691112
لاڑکانہ: 03353273133
لورا: 0312-1513339
لکی مروت: 0313-9091301
لودھراں: 0300-6348123
لالہ موسیٰ: 0322-5884388
لالہ موسیٰ: 0300-6255837
مریدکے: 0300-8583677
مظفر گڑھ: 0333-6031077
ملکوال: 0346-6565765
میسی: 0321-7982550
میانوالی: 045-9233999
میانوالی: 0313-9831959
مانسہرہ: 0301-8133822
مانسہرہ: 0311-5501680
ملتان: 0300-6301461
ملتان: 0300-8632292
ملتان: 0300-2033826
مری: 0300-5506082

نام شہر اور فون نمبر
مردان: 0300-9175500
مردان: 0317-8367519
میاں چنوں: 0333-8884615
مینگورہ سوات: 0345-4947759
منڈی بہاؤالدین: 0324-6188707
میرپور آزاد کشمیر: 0332-5855356
میرپور خاص سندھ: 0336-3611964
مچن آباد: 0331-7584075
مریدوالا: 0335-3712502
نارووال: 03456689204
نارووال: 03007769787
نارووال: 03456843005
نوشہرہ/خیبر پختونخواہ: 0321-9702005
نوشہرہ ورسا پور: 0316-9027236
نوشکی: 0332-7846812
نور کوٹ: 0301-6195500
وہاڑی: 0306-8281075
وزیر آباد: 0345-6892591
واہ کینٹ: 0301-5497007
وانا: 0301-3232634
ہارون آباد: 0333-4985886
ہارون آباد: 0334-6188787
ہڑالی: 0315-7390079
ہری پور ہزارہ: 0314-9204421
یو ایس اے شکاگو 630-589-6432
یو کے 0044-7880-9842-16
آزاد کشمیر و گردونواح
آگی: 0300-2753463
ڈڈیال آزاد کشمیر: 0302-5898995
لاچی: 0346-9770019
اسلام گڑھ آزاد کشمیر: 0345-8537064
بھمبر آزاد کشمیر: 0345-6783685
سنجاوی: 0313-8078491
منگ آزاد کشمیر: 0323-5432252
مظفر آباد: 0312-4602800
درہ پیشرو: 0300-9097993
کوٹلی آزاد کشمیر: 0314-5602192
راولاکوٹ: 0345-3137740
پی: 03139632918
گاگوچ: 0344-5419941
باغ: 0346-5757746
میرپور آزاد کشمیر: 0345-5742600
سہنسہ: 0346-5159324

ادارہ کی طرف سے دوا نمول خزانہ اور کتب کوئی نہیں چھاپ سکتا، تاثر نوٹ کریں محفوظ ہے۔

ایجنسی سے صرف عبقری کی پیک شدہ دوائی لیں، کھلی اور خود ساختہ دوائیں بہت شکایات آرہی ہیں۔ عبقری ادویات پر بھرپور اعتماد کی آپ کی صحت مندی کی ذمہ دار ہے۔

ایجنسی ہولڈر/بورڈ/اشتہار پینٹ کنندہ/دکان پر عبقری صاحب کے نام کی "زیر پرچی" کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔ قطعی اجازت نہیں۔ ایسا ہرگز نہ کریں۔

تحریریں باری آنے پر ضرور شائع ہوں گی، جلدی نہ کریں ہر تحریر محفوظ رکھی جائیگی۔

قارئین کی موصول شدہ منتخب تحریریں

کرن شہزادی' سیالکوٹ۔ صابر حسین' مانگا منڈی۔ محمد عثمان علی' فیصل آباد۔ قیصر رؤف' گوجرانوالہ۔ بدر آزاد' اسلام آباد۔ حکیم امجد علی' کراچی۔ نوید احمد' سرگودھا۔ عاطف عزیز' گجرات۔ شہناز کوثر۔ تنزیلہ مظفر' جلال پور جٹاں۔ الطاف حسین' اوکاڑہ۔ عفت جابر۔ کنزہ سعد' لاہور۔ میمونہ۔ سائرہ تنویر' لاہور۔ محمد جمال' ملتان۔ فرزانہ یاسمین' پشاور۔ گلاب علی' بہاولنگر۔

بلڈ پریشر کو لیول پر لاتی ہے۔ شوگر فری خون کو صاف کرتی ہے۔

ذرا سی کوئی بات میرے خلاف ہو جاتی تو میں اتنا پریشان ہو جاتی' بلڈ پریشر بہت لو ہو جاتا' بے ہوشی طاری ہونے لگتی' اب عبقری کا بلڈ پریشر شفاء استعمال کرتی ہوں' بہت پرسکون رہتی ہوں (ایشال فاطمہ)

عبقری بلڈ پریشر شفاء

شادی کی تیاری کریں: عمر بڑھتی جارہی مگر اچھے رشتہ سے ابھی تک محروم ہیں یا شادی کے لئے اسباب موجود نہیں ہیں تو رمضان المبارک تسبیح میں ہونے والے چند منٹ کے عمل میں شامل ہوں۔

تمہیں برباد کرنا تھا لیکن اس طلسم نے ہمیں برباد کر دیا

محترم حضرت شیخ الوظائف صاحب السلام! میری ہمشیرہ کو شادی کے بعد سسرال میں مشکلات کا سامنا تھا لیکن یہ مشکلات سسرالی رشتہ داروں کی طرف سے نہیں بلکہ ان کے دشمنوں کی طرف سے تھیں۔ جس گھر میں ہمشیرہ کی شادی ہوئی ہے ان کے گھر میں بہت پرانے جادو جنات اور کالی دنیا کے بہت وار ہیں۔ جب سے ہمشیرہ اس گھر میں گئی ہیں ان کے ساتھ عجیب واقعات پیش آ رہے تھے۔ ان کے گھر میں خون کے چھینٹے اور پرانے گلے سڑے کپڑے اور مٹی کے کوزے آ کر گرتے ہیں۔ ہمشیرہ کے نئے کپڑے الماری میں رکھے ہوئے ہی پھٹ جاتے ہیں۔ میں ان کے گھر کے تمام افراد کو تسبیح خانہ میں گوشہ طلسمات لایا۔ پھر وہ سب ہر ہفتے تسبیح خانہ آ کر گوشہ طلسمات میں کھجور کے تنے پر گیارہ کیل ٹھونکنے کا خاص عمل اور دوسرے طلسماتی عمل کرتے رہے۔ ہمشیرہ بتاتی ہیں ان کے گھر کے حالات بہتر ہونا شروع ہو گئے ہیں اب جادو جنات کے سب وار ختم ہو گئے ہیں۔ خون کے چھینٹے، کپڑے کٹنا اور گندگی سب ختم ہو چکی ہے۔ ایک اہم بات جو اس نے بتائی کہ اس کی نند کو خواب میں بہت سے لوگ آ کر کہتے ہیں ہم تم لوگوں کو برباد کرنے آئے تھے لیکن گوشہ طلسمات نے ہمیں برباد کر دیا۔ وہ سب لوگ بری طرح زخمی اور دردناک حالت میں ہوتے ہیں۔ تین یا چار بار اس طرح کا خواب آیا ہے اس کے بعد خواب آنا بھی بند ہو گئے ہیں۔ اب ان کے گھر میں سکون ہے۔ یہ گوشہ طلسمات کے اعمال سے ہی ممکن ہوا ہے (حمزہ علوی، گوجرانوالہ)

بچہ بولتا نہیں تھا اب چپ نہیں ہوتا

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! آپ نے تسبیح خانہ میں گوشہ طلسمات بنا کر ہم پر بہت بڑا احسان کیا ہے۔ یہاں اتنے طاقتور اور فوری نتائج پانے کے لئے حیرت انگیز اعمال ہیں۔ میرے خیال میں اس وقت دنیا میں اتنا بڑا روحانی نظام کسی کے پاس نہیں ہے جو اللہ تعالیٰ نے تسبیح خانہ کو عطا کر دیا ہے۔ میں اپنے بیٹے کے علاج کے لئے گوشہ طلسمات آیا تھا اور مجھے اس کا سو فیصد فائدہ ملا ہے۔ بیٹے کو دماغی کمزوری تھی اور وہ بولتا نہیں تھا۔ بہت کوشش کے بعد تھوڑا سا بولتا تھا گوشہ طلسمات کے نمک والے عمل سے اس کی زبان کی روانی بہتر ہو گئی پھر چند مرتبہ گوشہ طلسمات کے اعمال کرنے سے بیٹا عام بچوں کی طرح بولنے لگ گیا بلکہ اب اتنا بولتا ہے کہ چپ نہیں ہوتا۔ میں نے اپنے بھائی کو بھی گوشہ طلسمات کے بارے میں بتایا ان کا کاروباری مسئلہ تھا جو ان اعمال کی وجہ سے حل ہو گیا۔ وہ بھی گوشہ طلسمات کی حیرت انگیز تاثیر کے قائل ہو گئے حالانکہ کاروباری بندے جلدی کسی چیز کے قائل نہیں ہوتے۔ گوشہ طلسمات ہمارے لئے بہت بڑی نعمت ہے اس کی قدردانی ہمیں بہت سے مسائل سے نکال سکتی ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اپنی شان کے مطابق جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین (عبدالرحیم، لاہور)

طلسماتی تسخیر سے جادو، جنات، نظر بد اور بیماریوں کا قلع قمع کروائیں

تسبیح خانہ لاہور کے ہال نمبر ایک میں مردوں کیلئے اور تسبیح خانہ لاہور ہال نمبر دو میں خواتین کیلئے "گوشہ طلسمات" بنایا گیا ہے جس میں روحانی ماہرین آزمودہ عمل دیئے گئے ہیں۔ بندش توڑ تالے کا اخوتھا عمل، چابی گھمائیں اور بندش کھلوائیں۔ عملیاتی چرخہ، کھجور کے تنے کا عمل اور حیرت انگیز طلسمات جس سے مشکلیں، بندشیں چند لمحوں میں دور۔ صبح و شام لوگ بغیر کسی اپوائنٹمنٹ کے بالکل مفت اپنے روحانی مسائل کا حل پائیں۔ گوشہ طلسمات روزانہ صبح 8 تا شام 6 بجے تک کھلا رہے گا۔ (اجازت عام ہے۔)

پیشانی پر ہاتھ پھیریں اور نصیب چمکائیں

خسوف و کسوف سورج، چاند گرہن 2024ء

قارئین! عبقری ہر ماہ ایسے طاقتور روحانی اعمال دے رہا جس کی برکت سے آپ سارا سال سورج اور چاند گرہن کے اثرات سے حفاظت میں رہیں گے اور محض اللہ کے نام کی برکت سے سارا سال دعائیں، آفات و بلیات ان شاء اللہ آپ کے قریب نہیں آئیں گی۔ 2024ء کے سورج چاند گرہن کے اثرات بد سے محفوظ رہنے، اپنی نسلوں کو محفوظ رکھنے، گھر کاروبار کو محفوظ رکھنے کیلئے نحس لمحات میں آپ کے لئے یہ عمل ماہ فروری 2024ء کیلئے چنا گیا ہے۔

1۔ ماہ فروری کے ہر اتوار والے دن دوپہر 3 بجکر 13 منٹ سے لے کر 5 بجکر 55 منٹ کے درمیان اپنے مسائل مشکلات اور مرادوں کا سخت تصور کرتے ہوئے دونوں ہاتھوں کو دعائیہ شکل میں سامنے رکھیں اور ہاتھوں کی لکیروں کو دیکھتے ہوئے اول و آخر تین بار درود پاک کا ورد کرتے ہوئے 33 مرتبہ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ○ پڑھیں، پھر ہاتھوں کو پیشانی پر پھیریں۔

ان شاء اللہ ہر قسم کے نحوست بھرے اثرات سے حفاظت رہے گی اور اس ماہ آفات و بلیات سے بھی یقینی حفاظت اور نجات ملے گی۔ یہ روحانی عمل آپ کو اس ماہ کی نحس گھڑیوں سے حفاظت میں رکھے گا جس سے غم اور دکھ درد دور ہوں گے ان شاء اللہ۔ عمل کا ہدیہ اس ماہ تیس روپے ایک سو تیس یا تین سو تیس روپے کسی مستحق کو ہدیہ کر دیں اور اس تمام عمل کا ثواب حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کی روح مبارک کو ہدیہ کر دیں۔ نوٹ: یہ عمل ہر حالت میں کر سکتے ہیں۔

2024ء کا پہلا چاند گرہن

2024ء کا پہلا چاند گرہن 24 تا 25 مارچ ہو گا۔ گرہن کی ابتداء پاکستانی وقت کے مطابق صبح تقریباً 9 بجکر 53 منٹ 16 سیکنڈ جبکہ انتہائی نقطہ عروج 12 بجکر 12 منٹ 51 سیکنڈ اور خاتمہ گرہن دوپہر 2 بجکر 32 منٹ 27 سیکنڈ پر ہو گا۔ گرہن کا کل دورانیہ 4 گھنٹے 39 منٹ کا ہو گا۔

پہلا سورج گرہن!

گرہن کے نحوست بھرے اثرات سے حفاظت قسط 14

رواں سال کا پہلا سورج گرہن 8 اپریل کو ہو گا۔ گرہن کی جزوی ابتداء پاکستانی وقت کے مطابق رات تقریباً 8 بجکر 42 منٹ 15 سیکنڈ سے شروع ہو گا باقاعدہ آغاز 9 بجکر 38 منٹ 52 سیکنڈ جبکہ انتہائی نقطہ عروج 11 بجکر 17 منٹ 21 سیکنڈ اور خاتمہ گرہن رات 1 بجکر 52 منٹ 19 سیکنڈ پر ہو گا۔ گرہن کا کل دورانیہ تقریباً پانچ گھنٹے دس منٹ کا ہو گا۔

قارئین! ہر ماہ بے شمار لوگ سورج اور چاند گرہن کے اعمال سے مستفید ہوتے ہیں آپ بھی اپنے مشاہدات ضرور لکھ کر بھیجیں۔

پتہ میں پتھری ہونے کی وجہ سے بہت بے چینی اور کوفت اور کبھی تکلیف بھی ہونے لگتی تھی۔ عبقری دواخانہ کی پتہ پتھری شفاء خاص ترکیب سے استعمال کی ایک دن میں پتھری نکل گئی (مہرین اعجاز)

یہ دوائی صرف ایک رات میں پتھری ختم کرتی ہے

پتہ پتھری شفاء

عاملین نے لوٹ لیا؟ مایوس نہ ہوں: جادو جنات کے ستائے ہیں، عاملین نے لوٹ لیا ہے تو 2024ء کا رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں طاقتور اعمال میں شامل ہوں اپنے اور دوسروں کے مسائل حل کروائیں۔

تسبیح خانہ کی طرف سے خصوصی دعوت' ایک ماہ میں کامیاب حکیم بنیں! بالکل مفت

بے اولادی کے طعنے ختم

شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میرا یہ تسبیح خانہ میں تیسرا رمضان ہے۔ الحمدللہ یہاں صبح وشام ہونے والی روحانی محافل کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے زندگی میں بہت سی خیریں اور برکتیں عطا فرمائی ہیں۔ اس سے پہلے بھی ماہ رمضان میں مختلف جگہوں پر اعتکاف کر چکا ہوں' مگر وہاں زیادہ تر انفرادی عبادت کا موقع ملتا تھا جو پوری طرح سرانجام نہ دے پاتا مگر تسبیح خانہ کی ترتیب بالکل مختلف ہے یہاں پورا رمضان قیام کرنے اور اعتکاف کرنے والوں کو انفرادی اعمال کے ساتھ ساتھ اجتماعی اعمال کا بھی بھرپور موقع میسر آتا ہے۔ تراویح کے بعد ٹوٹکوں اور روحانی نسخوں کی جو محفل ہوتی ہے وہاں ایک دوسرے کے تجربات سے بھرپور استفادہ ہوتا ہے اور بہت کچھ سیکھنے کو ملتا ہے۔ یہاں سحری و افطاری میں خالص گندم کے آٹے کی روٹی' خالص جڑی بوٹیوں سے تیار شدہ مشروب اور بہترین سالن دیا جاتا ہے۔ حیران کن بات یہ ہے کہ تسبیح خانہ میں اس کا انتظام بالکل ہے' یہاں پیسوں کے چندے کا کوئی نظام نہیں ہے۔ تسبیح خانہ میں ماہ رمضان گزارنے اور خالص غذائیں کھانے کی برکت سے میرا معدہ تندرست اور صحت لاجواب ہو گئی ہے۔ آج اپنا آزمودہ نسخہ تسبیح خانہ میں رمضان گزارنے والے مخلصین کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔

میری شادی کو تین سال گزر گئے مگر اولاد نہ ہوئی۔ ٹیسٹ کروائے تو رپورٹ میں پس سیل ((Pus cell) کا مسئلہ تشخیص ہوا۔ میں نے ادویات استعمال کیں مگر افاقہ نہ ہوا۔ پھر اس مرض سے نجات کیلئے ایک ٹوٹکہ استعمال کیا جس سے میرا مسئلہ حل ہو گیا۔ ٹوٹکہ یہ ہے۔ ھوالشافی: کلونجی' میتھرے اور مرکی ہم وزن لے کر انہیں پیس لیں۔ آدھا چمچ صبح' دوپہر اور شام شہد والے پانی (پانی میں ایک چمچ شہد ڈال کر) کے ہمراہ استعمال کریں۔ اس کے ساتھ عبقری دواخانہ کی ''خون صفاء'' اور ''اینٹی بائیوٹک شفاء'' استعمال کریں۔ بے اولادی کیلئے بے خطا نسخہ ہے' خاص طور پر اگر پس سیل کا مسئلہ ہو۔

سانس کے لیے

السلام علیکم! جنہیں سانس لینے میں تکلیف ہو اور چلتے چلتے سانس پھولتا ہو۔ ادویات کھا کھا کر اکتا گئے ہوں مگر شفاء نہ مل رہی ہو تو ایسے امراض میں مبتلا لوگوں کے لئے بہت مفید ٹوٹکہ لے کر حاضر ہوا ہوں۔ مجھے یقین ہے کہ چند ہفتے یا چند مہینے اس نسخے کو مسلسل استعمال کر لیں تو ان شاء اللہ ان امراض سے نجات مل جائے گی۔ ایک گلاس پانی کا لیں اور اسے چسکی چسکی پئیں۔ لیکن اس دوران سانس نہیں لینا یعنی سانس روک کے چسکی چسکی پیتے جائیں' یہاں تک کے سانس پھول جائے۔ پانی پینے کے بعد سانس لیں' اسی طرح پھر دوبارہ یہی عمل تین مرتبہ دہرائیں اور ایسے چسکی چسکی پانی پینا شروع کریں حتی کہ پورا گلاس ختم ہو جائے۔ شیخ الوظائف سے بھی اس ٹوٹکے کے بارے میں سنا تھا کہ یہی ٹوٹکہ پیٹ کم کرنے اور دل کے امراض میں بھی

ایک گلاس پانی سے لاعلاج بیماریوں کا علاج

رمضان المبارک کا مہینہ اور تسبیح خانہ کے طبی و روحانی تحائف

بہت زیادہ مفید ہے۔

ایک ٹوٹکے نے بچا لیا

شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ کئی سال پاؤں کی تکلیف میں مبتلا تھا' چلنے پھرنے میں کافی تکلیف ہوتی۔ رمضان تسبیح خانہ میں گزارنے آیا تو اپنے مرض سے متعلق سوال پوچھا۔ مقیمین میں سے کسی نے بتایا کہ سونف' ملٹھی' ہلدی اور قسط شیریں ہم وزن پیس کر آدھا چمچ نیم گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ میں نے چند دن یہ نسخہ آزمایا الحمدللہ اس ٹوٹکے سے تکلیف ختم ہو گئی۔

ٹائیفائیڈ کے لیے

السلام علیکم! جن کو ٹائیفائیڈ بخار ہو ان کے لئے بہترین نسخہ پیش کر رہا ہوں۔ ان شاء اللہ چند دن کے استعمال سے ٹائیفائیڈ بخار چاہے جتنا بھی پرانا ہو مکمل طور پر ختم ہو جائے گا۔ ایک مٹھی کے برابر گلو' ایک چمچ خشخاش' چودہ بادام کی گریاں' ایک ٹکڑا خشک ناریل اور چاروں مغز ایک چمچ' اکیس کالی مرچیں اور ایک چمچ دیسی اجوائن لیں۔ انہیں پیس لیں' اس کا ذائقہ کڑوا ہوتا ہے اس لئے اس میں آدھا چمچ شہد بھی ڈال سکتے ہیں۔ ان اجزاء کا گھوٹہ بنا کر پی لیں۔ کچھ عرصہ مستقل مزاجی کے ساتھ روزانہ ضرور استعمال کریں۔ یہ نسخہ ٹائیفائیڈ کے بخار کے علاوہ جگر کے مختلف امراض اور ہیپاٹائیٹس کے لیے بھی بہت اکسیر ہے۔

چوٹ کے لیے شفائی مرہم

السلام علیکم! تسبیح خانہ میں رمضان گزارنے کی برکت سے روحانی ترقی کے ساتھ ساتھ بہت سے طبی تحائف بھی ملتے ہیں' ان سے میرے علاوہ میرے بہت سے عزیز و اقارب بھی مستفید ہوتے ہیں۔ جب بھی کوئی شخص کسی مشکل میں نظر آتا ہے تو اسے تسبیح خانہ سے ملا کوئی وظیفہ بتا دیتا ہوں جو اس کے لئے عافیت اور چین و سکون کا ذریعہ بن جاتا ہے۔ اسی طرح اگر کوئی شخص کسی بیماری میں مبتلا ہو تو رمضان کی روحانی محفل میں لوگوں کے بتائے ہوئے ٹوٹکے جو ایک ڈائری میں نوٹ کیے ہوئے ہیں' اس میں سے دیکھ کر کوئی طبی ٹوٹکہ بتا دیتا ہوں جسے استعمال کرنے سے اللہ تعالیٰ اس مریض کو شفاء دے دیتا ہے۔ اپنا بارہا کا آزمودہ ٹوٹکہ بتا رہا ہوں جو بے شمار لوگوں کو بتایا اور سب کو نفع ہوا۔ اگر بچوں یا بڑوں کو کھیلتے ہوئے یا کسی بھی طرح گرنے سے چوٹ لگ جائے تو میں یہی ٹوٹکہ کرتا ہوں' اس سے بہت جلد آرام آ جاتا ہے۔ جس جگہ چوٹ لگی ہو وہاں سرسوں کا تیل لگا کر اوپر ہلدی لگائیں اور کپڑا باندھ دیں۔ جسم کے کسی حصے پر چوٹ کی وجہ سے دباؤ پڑ گیا ہو' جوڑ ہل گیا ہو' یا کسی بھی قسم کی چوٹ ہو اس ٹوٹکے سے مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔

یرقان کا علاج مالٹے سے کریں

السلام علیکم! یرقان کے مرض سے نجات کے لئے ایک آزمودہ نسخہ پیش کر رہا ہوں۔ ایسے مالٹے جن کا ذائقہ کھٹا ہوتا ہے ان کو رات کے وقت چھیل کر کورے (سخت سردی) میں رکھیں اور صبح نہار منہ کھا لیں۔ دو سے چار دن تک ایسا کرنے سے یرقان' ہیپاٹائٹس سی کا مرض ختم ہو جاتا ہے۔

میری عمر پچاس سال ہے' جوڑوں کے درد اور پٹھوں کے کھچاؤ کا مسئلہ تھا' عبقری کے کراماتی تیل کی مالش کرنے سے ان دردوں سے نجات ملی ہے اور جسم تندرستی کی طرف مائل ہوا ہے (یوسف اقبال)

عبقری کراماتی تیل

جوڑوں' پٹھوں' دردوں اور پیدائشی کمزور بچوں کیلئے لاجواب کرشمہ

☆ مجرمانہ حاضری: کالے جادو نے زندگی کی تمام بہاریں اور رونقیں چھین لی ہیں تو رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں' مجرمانہ حاضری کا ایسا عمل کروایا جائے گا جس سے جادو جنات کا خاتمہ ہو جائے گا۔

اس وظیفہ نے نوکرانی سے رانی بنا دیا!

صائمہ جمیل، ڈیرہ غازی خان

محترم حضرت شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں اپنے والدین کے گھر میں بہت اچھی زندگی گزار رہی تھی۔ جب شادی کی عمر کو پہنچی تو والدین نے ایک اچھے گھرانے میں میری شادی کر دی۔ شوہر بھی نیک اور خیال رکھنے والے تھے۔ لیکن شادی کے چند ماہ بعد پتہ نہیں کس کی نظر لگی۔ میری زندگی ایک دم بدل گئی۔ میرے شوہر بیمار ہو گئے، بیماری کے علاج کے لئے بہت مال و دولت خرچ ہوا' کاروبار ختم ہو گیا، قرض لے کر علاج کروایا۔ ہر چیز بک چکی تھی۔ حالات اتنے خراب ہو گئے کہ نوبت فاقوں تک آ گئی مگر اس کے باوجود بھی شوہر صحت یاب نہ ہو سکے۔ آخر مجبور ہو کر میں نے گھر سے باہر قدم رکھا' لوگوں کے گھروں کے بیت الخلاء صاف کئے، ان کے گھروں کی صفائیاں کیں' برتن دھوئے جس سے اتنے پیسے ملتے کہ بمشکل دو وقت کا کھانا میسر ہوتا۔ زندگی انہی دکھوں کے ساتھ بسر ہو رہی تھی۔ میرے میکہ میں ایک ہمسائی تھی جنہیں میرے حالات کی خبر ہوئی۔ انہوں نے مجھے محمد رسول اللہ کا وظیفہ پڑھنے کے لئے دیا۔ میں نے دن رات اس وظیفے کو پڑھنا شروع کر دیا۔ چند دنوں میں اس وظیفے کے مجھے حیرت انگیز رزلٹ ملنا شروع ہو گئے۔ اس وظیفے کی برکت سے شوہر کی بیماری دور ہونا شروع ہو گئی' وہ تیزی سے صحت یاب ہونے لگے' اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمتوں اور رزق کے دروازے کھول دیئے۔ میرے شوہر کی بند دکان دوبارہ سے آباد ہو گئی' دکان پر گاہک آنا شروع ہو گئے۔ ہمارے حالات چند ہفتوں میں یکسر دوبارہ تبدیل ہو گئے۔ میں نے وظیفہ کو جاری رکھا اور الحمدللہ اس کی برکت سے ہماری تمام آزمائشیں ٹل گئیں۔ رزق میں بے بہا برکت ملی' شوہر مکمل صحت یاب ہو گئے۔ اب میں لوگوں کے گھروں کی صفائیاں نہیں کرتی۔ بن مانگے اب ہر ضرورت پوری ہو رہی ہے۔ اس وظیفے نے مجھے نوکرانی سے گھر کی رانی بنا دیا ہے۔ اسی وظیفہ کی وجہ سے عبقری سے تعارف ہوا جس کی برکتیں الحمدللہ آج بھی مل رہی ہیں۔

وبائی بخار میں زبردست ٹوٹکہ

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ پر کروڑوں خیریں برکتیں اور رحمتیں عطا فرمائیں۔ عبقری کے ٹوٹکوں سے میں نے بہت نفع پایا ہے۔ آج اپنا ایک آزمودہ ٹوٹکہ لے کر حاضر ہوئی ہوں جو وبائی بخار کا زبردست علاج ہے۔ اکثر موسم تبدیل ہوتا ہے تو بہت سے لوگ بخار میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ اگر ادویات کے استعمال کے باوجود شفاء نہ مل رہی ہو تو پہری (نیاز بو) کے چند پتے لیں اور ٹکڑے ٹکڑے کر کے ایک گلاس پانی میں خوب پکائیں اور حسب ضرورت چینی ڈال لیں۔ جب پانی ایک کپ رہ جائے تو اتار لیں اور نیم گرم ہونے پر چسکی چسکی پی لیں ان شاء اللہ بخار اتر جائے گا۔ میرے شوہر کو یہ بخار ہوا تھا بہت برا حال تھا اللہ پاک نے اس ٹوٹکے سے شفاء دی اور بہت سے جاننے والے جنہیں شفاء نہیں مل رہی تھی انہیں بھی بتایا جس سے انہیں فوراً آرام آ گیا۔ چند دن پہلے مجھے بھی بخار ہوا جو ہڈیوں میں تھا' یہی ٹوٹکہ آزمایا جس سے بخار اتر گیا۔ (نورین احمد، بہاولپور)

ہنومان سے نجات چاہتے ہیں تو اس ماہ فیصلہ کن عمل کر لیں

کالے جادو کا ایک طاقتور وار جو ہنومان کے ذریعے ہوتا ہے جو برتن کو ریزہ ریزہ' انسان کو بوٹی بوٹی' ہڈیوں کو چورہ چورہ دکان کی اینٹ سے اینٹ بجا دیتا ہے' گھر کو برباد' ویران اور قبرستان بنا دیتا ہے' نسلیں سسکتی ہیں' روحیں تڑپتی ہیں' وجود منتشر ہو جاتا ہے' کھلی کلیاں بکھر جاتی ہیں' پھول مرجھا جاتے ہیں' قہقہے' سسکیوں میں بدل جاتے ہیں' کامیابیاں ناکامیوں میں بدل کر ہمیشہ کیلئے کالی مہریں لگ جاتی ہیں۔ ہنومان بندر کی شکل کا ایک وجود' جس کے اوپر بڑے بڑے بال لیکن چلتا انسانوں کی طرح ہے باقی تمام جسم بندر کی طرح ہے۔ یہ کالے جادو کا خطرناک ترین وار ہے' کیا آپ نے کبھی سوچا کہ ہم اس خطرناک وار سے کیسے بچیں۔ خاص طور پر یہ خطرناک وار 5 انسانوں پر ہوتا ہے: 1۔ نئی نویلی دلہن یا دولہا پر۔ 2۔ پیدا ہونے والے چھوٹے بچے پر۔ 3۔ ایسی بیٹی یا بیٹا جو ترقی کی راہیں' تعلیمی منازل طے کر رہا ہو' اس میں رکاوٹیں۔ 4۔ چلتی روزی پر تیل ڈال کر جلا دیا جاتا ہے۔ 5۔ گھر میں آگ' جلن' بیماریاں' دکھ' تکالیف' اور طوفان۔ بس یہ ہنومان کا کام ہے۔

طلسماتی دم

ہنومان سے بچنا ہر کسی کے بس کا کام نہیں' بڑے بڑے عاملین اس کے آگے بے بس ہو جاتے ہیں لیکن شیخ الوظائف کی نگرانی میں طاقتور روحانی اعمال کی برکت سے ہم ہنومان کے وار سے سو فیصد بچ سکتے ہیں" بس صرف اس ماہ فروری میں ہر جمعہ والے دن فجر سے لے کر مغرب کی نماز سے پہلے کسی بھی وقت چھوٹے چھوٹے سات کنکر لیں' انہیں دائیں ہاتھ کی مٹھی میں بند کر کے اپنے مسائل کا تصور کرتے ہوئے اول و آخر تین بار درود پاک کے ساتھ صرف اکیس مرتبہ "اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ ۝" پڑھیں۔ پھر تین مرتبہ ایک مرتبہ آمین کہہ کر سب سے چھوٹی انگلی کھولیں' دوسری مرتبہ آمین کہیں ساتھ والی انگلی کھولیں اور اسی طرح آمین کہتے پانچوں ان کنکریوں پر دم کر دیں۔ ان تمام کنکروں کو کسی تالاب' نہر' دریا' سمندر وغیرہ میں پھینک دیں اور تصور کریں کہ تمام کالی شیطانی چیزیں' جادو اور ہنومان کے وار ختم ہو رہے ہیں۔ آپ محسوس کریں گے کہ آپ کے کندھوں کا بوجھ ہلکا' جسم ہلکا' پریشانیاں اور بندشیں ٹوٹ رہی ہیں' ان شاء اللہ' بس عمل مکمل ہوا۔ یہ عمل بظاہر چھوٹا لیکن جو شخص ہنومان کے جادو میں جکڑا ہے یا اس سے بچنا چاہتا ہے وہ آنکھوں سے جلوے دیکھے گا' کمال دیکھے گا' مظاہر اور مناظر دیکھے گا اور اپنی زندگی میں سکھ' سکون دیکھے گا۔ عبقری آپ کو ہنومان سے بچنے کا ایک عمل ہر ماہ بتاتا رہے گا۔

ہنومان کے وار سے مظلوم 14 فروری

عمل کا ہدیہ اس ماہ کے آخری دس دنوں میں کسی بھی وقت حسب توفیق پیسے کسی مستحق غریب کو صدقہ کر دیں اور اس تمام عمل کا ثواب حضرت امیر حمزہؓ اور حضرت اسامہ بن زیدؓ کی ارواح مبارکہ کو ہدیہ کر دیں۔ نوٹ: یہ عمل ہر حالت میں کر سکتے ہیں۔

قارئین! اس عمل سے بے شمار لوگ فائدہ پا رہے اور اپنے مشاہدات لکھ کر بھیج رہے' اگر آپ کو بھی اس عمل سے فائدہ ہوا تو بذریعہ خط ضرور لکھیں اور تفصیل سے لکھیں۔

دل شفاء دلان سیرپ
پرانا نام دیانا آئی ڈراپ نگ
قابل اعتماد یونانی دوا
کھانے کے بعد سینے پر بوجھ محسوس ہوتا تھا۔ میں نے عبقری کا دلان سیرپ استعمال کرنا شروع کیا اس سے تکلیف بھی ختم ہوئی اور میں پہلے سے زیادہ تندرست صحت مند ہو گیا (عارف نواز، اوکاڑہ)

فولادی روٹی کھائیں، کمر مضبوط جسم ہمیشہ جوان اور توانا

نازیہ خان، لاہور

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! آپ نے ایک بار روحانی محفل میں باسی روٹی کے قیمتی فوائد بیان کیے جنہیں سن کر اپنی مرحوم والدہ یاد آگئیں۔ میری والدہ کا انتقال 60 سال کی عمر میں ہوا' وہ شوگر کی مریضہ تھیں مگر اس کے باوجود ہم سے زیادہ صحت منداور چست تھیں۔ وہ ایک مضبوط خاتون تھیں' ان کے اندر اللہ نے ایک طاقت اور ہمت دی ہوئی تھی۔ خواتین میں کمر درد ایک عام شکایت ہے' تھوڑا سا کام کرنے کے بعد یہ مسئلہ شروع ہو جاتا ہے جبکہ میں نے اپنی پوری زندگی میں کبھی والدہ سے اس تکلیف کی شکایت نہیں سنی۔ عمر رسیدہ ہونے کے باوجود وہ گھر کا ہر کام خود کیا کرتی تھیں۔ بھاری بھاری سامان باآسانی اٹھالیتی تھیں۔ کپڑے دھونے، صفائیاں، برتن، کھانا الغرض سارے کام خود کرتی تھیں۔ بھاری بھاری کمبل، پردے، گدے، سب کچھ آسانی سے دھوتی تھیں مگر کبھی ان کی کمر میں درد نہیں ہوتا تھا۔ ہم جیسوں کو بٹھا کر کھلاتی تھیں ہر کام منٹوں میں کرتی تھیں اس کے علاوہ باہر کے کام بھی آنا جانا سب جوان لوگوں کی طرح کرتی تھیں۔ اپنی صحت کو برقرار رکھنے کے لئے وہ کسی قسم کی کوئی دوا یا ٹونکہ استعمال نہیں کرتی تھیں' وہ وہی کھانا کھاتیں تھی جو ہم کھاتے ہیں۔ مگر میں سمجھتی ہوں ان کے اندر ہمت اور طاقت باسی روٹی کی وجہ سے تھی۔ وہ صبح روزانہ رات کی باسی روٹی کھاتی تھیں۔ یہ ان کی زندگی کا معمول تھا۔ ہمیں بھی اس کی تلقین کرتی تھیں اور بتاتی تھیں کہ اس میں صحت کا خزانہ ہے۔ وہ رات کی باسی روٹی کو ہلکا سا پانی لگا کے گرم کر کے سالن یا لکھن کے ساتھ کھاتی تھیں۔ گھر میں جو سالن بھی پکا ہوتا تھا اسی کے ساتھ ناشتہ کرتی تھیں مگر میری امی کے ناشتہ میں باسی روٹی لازمی ہوتی تھی وہ اکثر کہتی تھیں کہ باسی روٹی کھانا ثواب بھی ہے اور کامل صحت کا راز بھی۔ رات بھر فرشتے ان پر درود پڑھتے ہیں۔

مرتے دم تک عادت نہ بدلی

اللہ تعالیٰ نے ان کی زندگی میں ہمیں یہ سعادت بخشی کہ ہم گھر والے اکھٹے عمرہ کرنے کے لئے گئے۔ مجھے یاد ہے اس دوران بھی انہوں نے اپنی عادت کو ترک نہیں کیا' انہوں نے پہلے سے اس کی ترتیب بنائی ہوئی تھی۔ وہ رات کا کھانا کھا کر اس میں سے روٹی بچا کر صبح ناشتہ کے لیے رکھ لیتی تھیں اور پھر اگلے دن حسب معمول اس روٹی کو گرم کر کے ناشتہ کرتی تھیں۔ جبکہ میرے ابو کہتے تھے کہ روٹی باسی ہو جائے گی' یہاں پر تازہ روٹی کھالیا کرو مگر میری امی نے اپنی عادت کو ترک نہ کیا۔ انہوں نے مرتے دم تک اپنی ترتیب پر عمل کیا جس وجہ سے صحت مند زندگی گزاری' اگر کبھی بیمار ہو بھی جاتیں تو وہ عام لوگوں کی طرح ہمت نہ ہارتیں اور جلد ہی صحت یاب ہو جاتی تھیں۔ یہی ان کی طاقت اور کامل صحت کا راز تھا۔

ایڈیٹر کا اعتراف

ایڈیٹر نے ہمیشہ اعتراف کیا ہے کہ میں ہر پل اصلاح کا محتاج ہوں' کسی کتاب میں حوالہ رہ گیا ہو' کوئی کمی ہو' ایڈیٹر نے اپنی کتاب کے لیے کسی کتاب کا حوالہ لیا ہو' وہ نہ لکھ سکے ہوں' کیونکہ اب سے پہلے کتب ادارے چھاپتے تھے اب عبقری خود چھاپتا ہے جہاں کوئی کمی' غلطی' آپ کی نظر سے گزرے آپ ادارہ کو ضرور اطلاع دیں' کیونکہ بندہ ہر پل اصلاح کا محتاج ہے۔

معذوری اور کمزوری کا طب نبوی ﷺ سے علاج

السلام علیکم! صحیح بخاری کی حدیث پاک ہے کہ حضور پاک ﷺ نے فرمایا: ''تلبینہ مریض کے دل کو تسکین دیتا ہے اور اس کا غم دور کرتا ہے۔'' ہمارے گھر میں جب بھی کوئی بیمار ہوتا ہے تو اس کو تلبینہ بنا کر کھلاتے ہیں' دوا کے ساتھ یہ نبوی ﷺ غذا مریض کو استعمال کروانے سے وہ جلد صحت یاب ہو جاتا ہے۔ گزشتہ ماہ موسمی تبدیلی کی وجہ سے امی جان کو بخار ہو گیا۔ جب تک بخار نہیں اترا ہم نے والدہ کو عبقری تلبینہ ہی تیار کر کے کھانے کو دیا' اللہ کے فضل سے وہ صحت یاب بھی ہوئیں اور بخار کے بعد انھیں کوئی کمزوری بھی محسوس نہیں ہوئی۔ پچھلے سال چھوٹے بھائی کو ڈینگی بخار نے آن پکڑا تھا' وہ اتنا کمزور ہو گیا تھا کہ چلنے پھرنے سے قاصر ہو گیا۔ کچھ کھانے کو دل نہیں کرتا تھا۔ علاج بھی چل رہا تھا' اچھا خاص پھرتیلا بھائی ڈینگی بخار کی وجہ سے بستر سے لگ گیا۔ دن میں 3 سے 4 مرتبہ بھائی کو عبقری تلبینہ تیار کر کے کھلاتے۔ 3 دن بعد ہی وہ اپنے پاؤں پر نارمل چلنے پھیرنے کے قابل ہو گیا۔ کہا جاتا ہے کہ ڈینگی بخار کے بعد جسم جو کمزوری ہوتی ہے، وہ آہستہ آہستہ جاتی ہے۔ لیکن میرے بھائی کی یہ کمزوری 2 ہفتوں میں ہی ختم ہو گئی کیوں کہ ہم مسلسل اس کو عبقری تلبینہ کھلاتے رہے۔ تلبینہ میں واقعی ہی اللہ جل شانہ نے انوکھی شفاء رکھی ہے، بیماری میں ہمت اور حوصلہ دیتا ہے۔ قارئین کو میرا مشورہ ہے تلبینہ کو اپنی زندگی کا لازمی حصہ بنائیں۔ (سلطان' ایبٹ آباد)

موت کے قریب تھی بچی کا رونا کام آگیا!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے کئی سال سے الرجی تھی' میرے لیے سانس لینا مشکل ہو جاتا تھا' سال کے 3 مہینہ یعنی سردی کے تو میرے لیے انتہائی تنگ گزرتے۔ بہت علاج کروایا لیکن وقتی فرق پڑتا' دوائی چل رہی تو سانسیں چل رہیں' ادویات چھوڑ دوں تو پھر ویسے حالات ہو جاتے۔ ایک مرتبہ سانس کی اتنی تکلیف ہوئی کہ سب گھر والے پریشان ہو گئے کہ آج اس نے نہیں بچنا' چھوٹی بیٹی سرہانے بیٹھ کر مسلسل رو رہی تھی۔ آخر ایمبولینس پر ہسپتال پہنچی' اس دن اللہ نے مجھ پر کرم کیا اور شفاء دی۔ ہسپتال سے واپس آئی تو ایک عزیز نے مجھے عبقری کا شفائے حیرت اور بنفشی قہوہ استعمال کرنے کو دیئے۔ ان ادویات کے ساتھ بروشر بھی موجود تھے جن میں استعمال کی ترکیب لکھی ہوئی تھی۔ میں نے شفائے حیرت اور بنفشی قہوہ کو ایک ماہ مسلسل استعمال کیا جس سے مجھے واضح فرق محسوس ہوا۔ چند ماہ مزید مسلسل ان دواؤں کے استعمال سے اللہ تعالیٰ نے الرجی کی پرانی بیماری سے نجات دے دی۔ اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کرتی ہوں کہ عبقری کے ذریعے مجھے شفاء ملی۔ ایک سال گزر چکا ہے میں نے کسی انگریزی دوا کا استعمال نہیں کیا۔ بالکل ٹھیک ہوں' ایسا محسوس ہوتا ہے کہ مجھے یہ بیماری تھی ہی نہیں۔ عبقری کی ادویات کے واقعی حیرا کن نتائج ہیں۔ اللہ عبقری کو اور حکیم صاحب کو ہمیشہ شاد و آباد رکھے۔ آمین (تہمینہ اکرم' لاہور)

جسم سوکھ کر کانٹا بن چکا تھا' قبض کی وجہ سے کوئی چیز ٹھیک سے ہضم نہیں ہوتی تھی' کئی دن اجابت نہیں ہوتی تھی' عبقری کی قبض کشاء گولیاں استعمال کیں' قبض کا مسئلہ ختم ہو گیا (وقاص، سرگودھا)

دائمی قبض' پیٹ میں ڈھیٹی ڈکاریں' مقعد میں جلن کیلئے بالکمال

عبقری نیا نام نیا پیکنگ وہی پرانی

مصلحین گولیاں

پرانا نام قبض کشاء

صلہ رحمی کرنے والی خاتون کی قابل دید زندگی اور موت

بنت کشور/لاہور

محترم شیخ الوظائف صاحب اسلام علیکم! ہمارے دلوں سے آپ کے لیے بے شمار دعائیں نکلتی ہیں۔ اللہ پاک آپ کی اور آپ کی نسلوں کی دنیا و آخرت کی ضروریات کو غیب سے پورا فرمائے اور بہترین ایمان والے خاتمہ کے بعد آپ کو بغیر حساب کے جنت میں اعلیٰ محل اس جگہ عطا فرمائے جہاں آپ ﷺ اہل بیت و صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کے محلات ہوں اور آپ کا کھانا، پینا، اٹھنا، بیٹھنا ان ہستیوں کے ساتھ ہو۔ آمین ثم آمین۔

رشتہ داروں کے ساتھ مثالی سلوک

عبقری رسالہ میں اپنے تجربات لکھ کر بھیجتی رہتی ہوں، آج اپنی ایک قریبی رشتہ دار کی زندگی اور موت کا انوکھا واقعہ تحریر کر رہی ہوں۔ ہمارے رشتہ داروں میں ایک خاتون انتہائی نیک اور پرہیز گار تھیں، پانچ وقت کی نماز ادا کرنا، تہجد پڑھنا اور تسبیحات پڑھنا ان کی زندگی کا معمول تھا۔ زیادہ ذکر کرنے کی وجہ سے وہ پورے خاندان میں ''ملوانی'' کے نام سے مشہور تھیں۔ سارے ان کو ملوانی کہتے تھے۔ تمام رشتہ داروں کے ساتھ ان کا سلوک مثالی تھا۔ اگر کوئی رشتہ دار ان کے ساتھ کچھ غلط کرتا تو وہ صبر و تحمل کا مظاہرہ کرتیں اور پیار محبت کے ساتھ معاملے کو سلجھا دیتیں۔ وہ صلہ رحمی کی اعلیٰ مثال تھیں۔ اس لئے ہم سب ان سے بہت محبت کرتے تھے۔ وہ بھی بچوں کے ساتھ بہت زیادہ شفقت کرتی تھیں۔ سب کے نیک اعمال اور حسن سلوک کی تلقین کرتی تھیں۔

سب نے ان کا مذاق اڑایا

انہوں نے اپنی زندگی رب کو راضی کرنے والے اعمال میں گزاری، رب نے بھی انہیں اس کا دنیا میں بہترین صلہ دیا اور موت کے وقت بھی ان کے ساتھ بہت زیادہ عافیت والا معاملہ فرمایا۔ جس دن ان کی موت ہوئی، اس دن انہوں نے معمول کے مطابق تہجد اور پھر فجر کی نماز ادا کی، قرآن پاک کی تلاوت کی اور تسبیحات پڑھیں۔ اس کے بعد ناشتہ کیا اور اپنی بیٹی کو بولیں ''بیٹی مدھانی چلا کر لسی بنا لینا، دوسری بیٹی کو کہا کہ گھر کے کام کاج جلدی سے نمٹا لو۔ بیٹوں کو کہنے لگیں کہ آج کہیں نہ جانا میں نے آج اس دنیا فانی سے نکل کر اپنے رب کے پاس چلے جانا ہے۔

باقی قریبی رشتہ داروں کو بھی پیغام بھجوایا کہ ''آج کہیں نہ جانا میں نے مر جانا ہے۔'' رشتہ داروں نے ان کی اس بات کا مذاق اڑایا کہ یہ کیسا مذاق کر رہی ہیں۔ کیونکہ وہ خاتون بالکل صحت مند تھیں اور چلتی پھرتی کام کرتی تھیں اور اس دن بھی بالکل صحیح چل پھر رہی تھیں۔ کچھ رشتہ دار گھر آئے اور جب ان کو باتیں کرتے اور چلتے پھرتے دیکھا تو مذاق سمجھ کر اپنے اپنے کاموں کو چل دیئے۔ تھوڑی ہی دیر گزری تھی کہ وہ نیک خاتون اللہ کا ذکر کرتے ہوئے چارپائی پر لیٹ گئیں اور اپنے منہ پر کپڑا ڈال لیا۔ بیٹیوں نے سمجھا شاید اماں تہجد کی اٹھی ہوئی ہیں نیند آئی ہوگی اس لئے سو گئی ہیں۔ لیکن تھوڑی دیر بعد جب کسی کام کی وجہ سے انہیں آوازیں دیں تو کوئی جواب نہ آیا، انہیں قریب جا کر ہلا کر دیکھا تو معلوم ہوا کہ وہ واقعی اپنے خالق حقیقی سے جا ملی ہیں۔ دراصل اللہ تعالیٰ نے نیک اعمال اور حسن سلوک کی وجہ سے ان کا خاتمہ بالخیر فرمایا اور انہیں پہلے ہی کسی اشارہ کے ذریعے آگاہ کر دیا تھا۔

سبحان اللہ! خوش قسمت ہیں وہ لوگ ہیں جن کا خاتمہ ایمان پر ہوتا ہے۔ اللہ کریم ہم سب کا، آقا ﷺ کی ساری امت کا خاتمہ ایمان پر کر دے، آمین ثم آمین۔

ایک مٹھی چاول سے اُلجھی ہوئی زندگی سلجھ گئی

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اپنے کچھ تجربات عبقری رسالہ کے لئے تحریر کر رہی ہوں۔

خوشیاں بانٹنے سے دکھ مٹ گئے

تین سال قبل ایک جگہ رشتہ کی بات چلی مگر اس کے بعد کچھ ایسی رکاوٹیں آئیں کہ بات ختم ہوگئی۔ پھر ایسی بندش لگی کہ کہیں بھی رشتہ طے نہ ہو سکا، ہر مرتبہ کوئی نہ کوئی مشکل پیش آتی اور معاملہ طول اختیار کر جاتا۔ میں نے آپ کا بتایا ہوا چاولوں کے صدقہ والا عمل کیا۔ اپنے وزن کے مطابق ٹوٹا چاول لیے، اس میں سے ایک مٹھی اٹھا کر چاول کے ہر دانے پر اپنے مقصد کا تصور کرتے ہوئے ''اَللّٰهُ الصَّمَدُ'' پڑھ کر ان چاولوں کو باقی تمام چاولوں میں مکس کر کے دریا میں ڈال دیئے۔ اس کے علاوہ ایک اور عمل کے بارے میں آپ نے فرمایا تھا کہ جو شخص کسی کو اچانک خوش کرے گا، اللہ تعالیٰ بھی کسی غیبی مدد کے ذریعے اسے بڑی خوشی عطا فرمائے گا، لہٰذا میں نے اپنے رشتہ اور تمام انسانیت کی نیت سے جو لوگ پرندوں اور جانوروں کے لئے سڑک پر سارا دن گوشت بیچ کر اپنا پیٹ پالتے ہیں ان سے اچانک سارا گوشت خرید کر پرندوں کو ڈال دیتی جس سے بیچنے والے خوش ہو جاتے ہیں۔ صرف چند بار یہ عمل کیا، الحمدللہ ان اعمال کی برکت سے تھوڑا ہی عرصہ گزرا تھا کہ تین سال پہلے جس جگہ میرے رشتہ کی بات چلی تھی وہیں پر دوبارہ بات چلی، اللہ نے کرم کیا، رشتہ پکا ہو گیا اور شادی کے اسباب بھی غیبی مدد کے ذریعے بن گئے، دوسروں کو خوشی دینے اور اللہ کی مخلوق کا پیٹ بھرنے کی وجہ سے زندگی خوشیوں سے بھر گئی، تمام الجھنیں سلجھ گئیں۔ اس کے علاوہ میرا معمول ہے کہ کوئی پریشانی یا مصیبت آجائے تو حسب استطاعت پرندے خرید کر انہیں آزاد کر دیتی ہوں، کسی کو قرض دیا ہو تو اس کو مہلت دیتی ہوں، ضرورت مندوں کی ضرورت پوری کرنے کی ہر ممکن کوشش کرتی ہوں جس سے میری ضرورتیں بھی غیب سے پوری ہو جاتی ہیں۔

دبلا پتلا جسم

فاسٹ کھانے کھانے اور غذائی بے احتیاطی کی وجہ سے بہت سے لوگ موٹاپے کا شکار ہو جاتے ہیں۔ جب احساس ہوتا ہے تو پیٹ کم کرنے کے لئے مختلف طریقے آزماتے ہیں مگر اکثر ناکام رہتے ہیں۔ موٹاپا ختم کرنے کے لئے ایک آزمودہ ٹوٹکہ ہے، میں نے یہ نسخہ استعمال کیا، دو سے تین ماہ استعمال کرنے سے حیران کن طور پر موٹاپا ختم ہو گیا۔ اجزاء: ایک عدد لیموں، ایک ٹکڑا ادرک، ایک انچ دار چینی کا ٹکڑا، ایک چمچ شہد۔ ترتیب: لیموں کاٹ لیں۔ پھر ادرک کا ٹکڑا اور دار چینی دو گلاس پانی میں ڈال کر آدھے گھنٹے تک ابالیں۔ پھر شہد ڈال کر دن میں دو مرتبہ پی لیں۔ اس دوران برائلر مرغی، میدہ والی غذائیں، سوفٹ ڈرنکس، چاول اور چینی سے پرہیز کریں، موٹاپا ایسے ختم ہوگا کہ آپ خود حیران ہو جائیں گے، ان شاءاللہ۔

گردوں کی مخصوص دوائی عبقری فارمیسی سے دستیاب
گردوں میں سوزش کی وجہ سے تکلیف رہتی تھی اور پیشاب میں خون بھی نکلتا تھا۔ میں نے عبقری دواخانہ کی گردی کچھ عرصہ استعمال کی الحمدللہ گردوں کی سوزش ختم ہوگئی۔ (محمد اسامہ، گوجرانوالہ)
گردی
کمزور گردے | گردے کی پتھری | یورپا | یورک ایسڈ

☆☆ عرشی شفاء چند منٹ کا عمل: ٹی بی، شوگر جیسی لاعلاج بیماریوں سے شفاء پانے کے لئے رمضان المبارک کی خاص ساعتوں میں عرشی شفاء کے چند منٹ کے عمل میں شامل ہوں۔ ☆☆

سفید لباس | کپڑوں کی کٹائی | قبرستان کی مٹی | گھنا جنگل اور خوفناک درندے | خواب اور شیخ الوظائف کی روشن تعبیر

سفید لباس

خواب: میری امی جب عمرے پر تھیں' میں نے ان کے بارے میں خواب دیکھا کہ امی جان عمرے سے واپس آئی ہیں۔انہوں نے سفید رنگ کا سوٹ پہنا ہوا ہے اور بہت سنجیدہ ہیں۔ رات کا وقت ہے۔ میں امی جان سے اپنے بڑے بھائی کی شکایت کرتی ہوں کہ انہوں نے آپ کی غیر موجودگی میں میری کوئی خبر نہیں لی۔ امی جان میری بات دلچسپی سے نہیں لیتیں' خاموشی سے بیٹھ جاتی ہیں اور کہتی ہیں میرے پیٹ میں کوئی مسئلہ ہوگیا ہے اور میری زندگی کم ہے میں پریشان ہو کر ان کے قدموں میں بیٹھ جاتی ہوں اور کہتی ہوں امی مجھے چھوڑ کر مت جائیں۔ (آبرہ فہیم، لاہور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ ماشاءاللہ آپ کی والدہ کی عمرے کی عبادات قبولیت کا درجہ پا گئی ہیں اور اللہ سے ان کا تعلق بڑھ گیا ہے۔

کپڑوں کی کٹائی

خواب: خواب دیکھا کہ رات کا وقت ہے میں اور میری بہن کمرے میں بیٹھ کر سلائی کی غرض سے کپڑوں کی کٹائی کر رہی ہیں۔ اتنے میں روشن دان سے ہماری پالتو مرغی شور مچاتی ہوئی گر جاتی ہے۔ میں مرغی کو دیکھتی ہوں تو وہ بالکل گنجی ہوتی ہے اور گردن کے پاس زخم بھی ہوتا ہے۔ میں بہن سے کہتی ہوں اسے بعد میں دیکھ لیں گے پہلے اپنا کام کر لیں اور دوبارہ اپنے کام میں لگ جاتے ہیں۔ (قرۃ العین، چشتیاں)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اندیشہ ہے کہ کوئی مالی نقصان یا کوئی حادثہ پیش آ سکتا ہے' جس سے معاشی حالت کمزور ہو سکتی ہے تاہم آپ اپنے اور گھر والوں کی طرف سے حسب توفیق صدقہ دیں۔ درود ابراہیمی 41 مرتبہ اور یا اَرحَمَ الرّاحِمِین ایک تسبیح پڑھ کر حفاظت کی دعا کر لیا کریں۔ یہ عمل 90 دن تک کریں۔ اگر گھر کے سب افراد کر لیا کریں تو زیادہ بہتر ہے۔

قبرستان کی مٹی

خواب: میں نے دیکھا کہ میں اپنی مرحومہ نانی اماں کے ساتھ ہوں اور میری کزن بھی نظر آ رہی ہے۔ میں نانی کو دیکھ کر پوچھتی ہوں کہ اماں مجھے بتاؤ کہ میں کیا پڑھوں کہ میرے شوہر میری مٹھی میں آ جائیں کیونکہ وہ مجھ پر بہت غصہ کرتے ہیں۔ میں رونے لگ جاتی ہوں تو اماں بتاتی ہیں کہ آیت کریمہ پڑھ کر قبرستان کی مٹی پر دم کرو۔ (عافیہ، سکھر)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے شوہر پر کسی نے سفلی عمل کروا کر آپ کے خلاف کر دیا ہے۔ تاہم آپ ان کی طرف سے کچھ صدقہ دیں۔ یَاقَهَّارُ یَا جَبَّارُ کی گیارہ تسبیح صبح اور گیارہ تسبیح شام کے وقت پڑھیں اور ان کے لئے دعا کریں۔ ان شاء اللہ چند ہفتوں میں سفلی عمل کا اثر ختم ہو جائے گا۔

گھنا جنگل اور خوفناک درندے

خواب: گزشتہ پانچ برس سے ایک ہی خواب دیکھ رہی ہوں کہ گھر کے باہر نالا بہہ رہا ہے اس میں میرے جوتے بہہ رہے ہوتے ہیں' میں پکڑنے کی کوشش کرتی ہوں لیکن پکڑ نہیں پاتی۔ برتن دھوتی ہوں لیکن برتن ختم ہونے کا نام ہی نہیں لیتے۔ پھر دیکھا کہ گھنا جنگل اور سیاہ رات ہے خوفناک درندے میرے پیچھے لگ گئے ہیں' بھاگتی ہوں مگر جنگل ختم نہیں ہوتا' بہت سارے جوتے ہیں مگر جوتے گم جاتے ہیں۔ اس طرح میری چیزیں گم ہوتی رہتی ہیں اور تلاش کرنے پر بھی نہیں ملتیں۔ (بسمہ، کراچی)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے ساتھ کسی حاسد بد خواہ نے کالا عمل کروا کر آپ کے تمام کاموں میں بندش لگا دی ہے۔ تاہم آپ سب سے پہلے اپنے اور گھر والوں کی طرف سے حسب توفیق صدقہ دیں اور گھر میں نماز اور تلاوت کلام پاک کا اہتمام کریں اور ہر گھنٹے بعد سورہ مومنون کی آخری چار آیات اور اذان کے کلمات سات بار پڑھ کر اپنے دونوں کندھوں پر دم کریں۔

پانی پائپ 11'12 ربیع الاول کی مبارک گھڑیاں تسبیح خانہ میں گزاریں! دنیا کے 8 انتہائی طاقتور شفائیہ جس سے بیماریاں' جادو جنات' نظر بد اور مشکلات دور۔ پرتکلف لنگر کا خصوصی انتظام

حادثے میں جلا بچہ چند دن میں ٹھیک

کچھ عرصہ پہلے تک گھروں میں نانی اور دادی آسان گھریلو ٹوٹکوں' چٹکلوں سے مختلف بیماریوں کا علاج کر لیا کرتی تھیں۔ نئی نسل ان کامیاب ٹوٹکوں اور نسخوں کو نظر انداز کر کے آج پچھتا رہی ہے۔ عبقری رسالہ کے صفحات نے بڑوں بوڑھوں کے آزمودہ اور سینے کے راز ٹوٹکے اور علاج اپنے اندر محفوظ کر کے بہت بڑا خزانہ ضائع ہونے سے بچا لیا ہے۔ اس لئے ہم ہر ماہ کا عبقری رسالہ اپنے پاس محفوظ رکھتے ہیں۔ کبھی کسی بیماری یا مسئلے میں راہنمائی چاہیے ہو تو عبقری کی ورق گردانی کرتے ہیں۔ میرے پاس بھی کچھ آسان ٹوٹکے ہیں میں خود ان پر عمل کرتا ہوں اور دوسروں کو بھی بتاتا ہوں جس سے فائدہ ہوتا ہے۔ عبقری قارئین کے لئے بھی لکھ رہا ہوں تاکہ افادۂ عام ہو جائے۔

جلے ہوئے کے لئے

گرم گھی، چائے یا دودھ وغیرہ سے ہاتھ جل جائے تو کچھ اور لگانے کی بجائے صرف نمک ہی لگانا کافی ہے۔ اس سے جلے ہوئی جگہ پر نہ چھالے بنتے ہیں نہ نشان پڑتے ہیں۔ کئی بار کا آزمودہ ہے۔ ہمارے ایک جاننے والے ہیں ان کے بچے پر ابلتا ہوا دودھ گر گیا تھا۔ بچے کا کافی حصہ جل گیا تھا۔ ان کو نمک کا ٹوٹکہ پتہ تھا۔ انہوں نے جلے پر نمک لگا دیا۔ بچہ کچھ دن میں ٹھیک ہو گیا۔

ہچکی کے لئے مفت ٹوٹکہ

جب آپ کو ہچکی لگ جائے تو ایک گلاس پانی لیں اور گنتی کے سات گھونٹ پی لیں' گن کر صرف سات گھونٹ پینے ہیں۔ آپ کی ہچکی بند ہو جائے گی۔ یہ میرا آزمودہ ٹوٹکہ ہے۔

دانتوں کی حفاظت اور خوبصورتی کے لئے ایک عمل ہے۔ جب بھی مسواک یا برش سے دانت صاف کریں تو ساتھ یَاشَهِیْدُ پڑھتے رہیں۔ اگر بیت الخلاء میں ہیں تو دل ہی دل میں یہ لفظ پڑھتے رہیں۔ ان شاء اللہ دانت ہمیشہ سلامت رہیں گے' دانتوں میں کبھی درد نہیں ہوگا اور اگر دانتوں کے مسائل میں مبتلا ہیں تو وہ ختم ہو جائیں گے۔ (عالیہ' لاہور)

عبقری بے بی ٹانک | ناک بند ہونا یا بہنا بچوں کی چھاتی کا جکڑنا نمونیہ میں یکساں مفید | عبقری دواخانہ کے بے بی ٹانک نے میری زندگی آسان بنا دی ہے' میرے چھوٹے بچے ہیں انہیں ہاضمے کی شکایت ہو یا موسمی بخار' اس کا بہترین علاج بے بی ٹانک ہے (عاصمہ رضوان، بالاکوٹ)

☆ حفاظتی حصار: اپنی اور اہل وعیال کے لئے حفاظتی روحانی ڈھال حاصل کرنا چاہتے ہیں تو رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں اور اپنے خاندان کے لئے ناگہانی آفات و بلیات سے بچائیں۔ ☆

زندگی اور موت کی کشمکش میں تڑپتی بیوی کو اس عمل سے نئی زندگی ملی

نام امیرالمؤمنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے فوائد و کمالات صدیوں سے آزمودہ آج بھی اتنے ہی مؤثر، ہر ماہ انوکھے سچے واقعات ضرور پڑھیں!

بیٹی کا سویا نصیب جاگ اٹھا

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں نے دھوم دھام کے ساتھ بیٹی کی شادی کی۔ ہنسی خوشی زندگی بسر ہو رہی تھی مگر شادی کے تقریباً پانچ ماہ بعد اچانک اس کا شوہر بیمار ہوا اور چند ہفتوں بعد انتقال ہو گیا۔ پھر اسے میں گھر لے آیا۔ کافی عرصہ بعد بڑی مشکل سے وہ شادی کے لئے راضی ہوئی مگر بیوہ ہونے کی وجہ سے کوئی اچھا رشتہ نہ ملا۔ عبقری جولائی 2023ء کے شمارہ میں شائع ہونے والے نقش حضرت عمرؓ کا عمل شروع کیا۔ الحمدللہ ٹھیک ایک ماہ بعد خاندان میں ہی اس کا رشتہ ہو گیا۔ (محمد آفتاب، خانیوال)

کنگال سے مالا مال ہونے کا فارمولا

میری مارکیٹ میں ہول سیل کی دکان ہے گزشتہ چار ماہ سے کاروبار زوال کا شکار تھا۔ لاکھوں کا مال ادھار دیا ہوا تھا مگر وصولی نہیں ہو رہی تھی۔ کچھ گاہکوں نے میرے پیسے روک لیے تھے جس وجہ سے مزید سامان خریدنے کے پیسے نہیں تھے دکان تقریباً خالی ہو چکی تھی۔ میں کنگال ہو چکا تھا گزر بسر کے لئے بھی پیسے ختم ہو رہے تھے قرض پر قرض لے رہا تھا۔ عبقری نومبر 2023ء کے شمارہ میں نقش دریائے نیل شائع ہوا۔ اس نقش کے عمل نے میری زندگی بدل دی۔ جو لوگ پیسے نہیں دے رہے تھے ان کی طرف سے تمام رقم مل گئی دکان دوبارہ چلنا شروع ہو گئی۔ اب ہر ماہ عبقری رسالہ میں شائع ہونے والا نقش دریائے نیل کا عمل کر رہا ہوں اور عبقری رسالہ بھی حسب توفیق تقسیم کر رہا ہوں الحمدللہ مالا مال ہو گیا ہوں۔ پہلے جو گاہک پیسے روک لیتے تھے اب ایڈوانس میں رقم دے دیتے ہیں۔ (شیخ رزاق، ملتان)

بیمار اہلیہ اور عبقری کا کمال

گزشتہ سال جب ڈینگی کی وبا چلی تو میری اہلیہ بھی اس سے بری طرح متاثر ہوئی۔ ان دنوں وہ حاملہ تھی اور دو ماہ بعد بچے کی ڈلیوری متوقع تھی۔ ڈاکٹر نے بتایا کہ ان کی جان کو سخت خطرہ ہے۔ ان دنوں عبقری اگست 2023ء کے شمارہ میں نقش حضرت عمرؓ شائع ہوا۔ بیوی کی نیت سے عمل شروع کیا اور اسی شمارہ کے 100 رسالے ہسپتال میں موجود لوگوں میں تقسیم کیے الحمدللہ بیوی صحت یاب ہو گئی اور دو ماہ بعد اللہ نے بیٹے کی نعمت سے نوازا۔ (محمد حسیب، ہری پور)

نشے نے برباد کر دیا

میرے بھائی کو کالج میں نشے کی لت لگ گئی تھی۔ وہ زندہ لاش بن چکا تھا کسی صورت نشہ چھوڑنے کو تیار نہ تھا۔ عبقری جولائی 2022ء کے شمارہ سے دیکھ کر ستر حاجات والے نقش کا عمل کیا دو ماہ میں بھائی کو نشہ سے نجات مل گئی۔ (فائزہ، کراچی)

نوٹ: قارئین! عبقری کے گزشتہ شماروں جولائی 2022ء، جولائی 2023ء، اگست 2023ء، ستمبر 2023ء کے شماروں میں نقش حضرت عمرؓ اور نومبر 2023ء میں دریائے نیل کا نقش شائع ہو چکا ہے۔ ابھی عبقری دواخانہ یا قریبی ایجنسی ہولڈر سے طلب فرمائیں۔

ایک غلطی نے سارے خاندان کو مریض بنا دیا

سیرت اشرف، شرقپور

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! چند سال پہلے کی بات ہے جب ہمارے علاقے میں خارش کی ایک وبا چلی تھی۔ ہمارے خاندان کے بیشتر افراد اس کی زد میں آئے۔ ہر کسی نے اس بیماری سے نجات کے لئے مختلف علاج آزمائے کسی نے ایلوپیتھک ادویات لیں کسی نے دیسی ٹوٹکے کوئی گندھک لگا رہا کوئی ویزلین اور کوئی کچھ لگا رہا تھا۔ یہ خارش خشک اور تر دونوں قسم کی تھی۔ جس علاقے میں یہ وبا پھیلی ہمارا گھر وہاں سے کافی دور تھا جس وجہ سے ہم اس بیماری سے محفوظ تھے۔ مگر ان دنوں اس علاقہ میں رہنے والے اپنے قریبی رشتہ داروں کے گھر فیملی سمیت گئی جہاں سے مجھے یہ بیماری شروع ہو گئی۔ پھر اس گھرانے میں رہنے والے کچھ افراد ہمارے گھر رہنے کے لئے آئے جس سے ہمارا تمام گھرانہ اس بیماری کی زد میں آ گیا۔ کیونکہ انہوں نے کپڑے دھونے کے لئے ہماری واشنگ مشین استعمال کی اور پھر اسی واشنگ مشین میں ہم نے کپڑے دھوئے جس کے بعد اس مسئلہ کی زد میں تمام گھر والے آ گئے۔ تقریباً ایک سال تک یہ بیماری سارے علاقے اور بالخصوص ہمارے خاندان کے گرد گھومتی رہی۔ تھوڑے ہی عرصہ بعد اس خارش کی وجہ سے جسم پر بڑے بڑے پھوڑے بن گئے۔

تکلیف دہ ناقابل برداشت حالت

یہاں ایک بات بتاتی چلوں جو کہ تجربے سے ملی ہے کہ جب بھی خارش سے کوئی دانہ نکل آئے تو وہاں پانی نہ لگنے دیں کیونکہ اس سے مزید نقصان ہوتا ہے۔ اس وبائی خارش نے جلد ہی کنگرین کی شکل اختیار کر لی۔ خاندان کے تمام افراد اس سے بری طرح متاثر ہوئے۔ ہاتھوں اور پاؤں پر خارش کی وجہ سے پہلے دانہ بنتا اور پھر وہ بڑا ہو کر گول دائرے کی شکل اختیار کر لیتا یعنی اس کے آس پاس مزید دانے نکل آتے۔ دن رات جسم پر خارش کرنے سے برا حال ہو جاتا جس وجہ سے نیند میں بھی کافی خلل پیدا ہوتا اور اکثر رات جاگ کر گزارنا پڑتی۔ سرد موسم میں جب بستر لیتے تو تب بھی فوراً خارش شروع ہو جاتی۔ گھر کے اکثر افراد رات کو نیند سے جاگ کر کنگی سے خارش کر رہے ہوتے یا چھری کی الٹی طرف سے جب تک کسی سخت چیز سے خارش نہ کرتے تو سکون نہ ملتا۔

ان دنوں عبقری میں ٹوٹکہ پڑھا جسے آزمایا اور چند ہی دن میں اس بیماری میں کافی افاقہ ہوا۔ پھر یہ نسخہ باقی گھر والوں کو بھی استعمال کروایا الحمدللہ تمام گھر والے صحت یاب ہونا شروع ہو گئے۔ اس ٹوٹکہ نے ہم سب کو حیران کر دیا کیونکہ اس بیماری سے نجات کے لئے بہت سی ادویات اور نسخے ناکام ہو چکے تھے مگر اس ٹوٹکے نے فوری اپنا اثر دکھایا۔ کچھ عرصہ مسلسل یہ ٹوٹکہ استعمال کرنے سے خارش سے شفاء مل گئی۔ ٹوٹکہ یہ تھا کہ نہانے کے بعد جسم پر کسی بھی تیل سے مالش کر لیں۔ میں نے سرسوں کا تیل استعمال کیا۔

اس کے علاوہ صبح و شام یا ایک وقت سات ناموں کو فہرست کی طرح کاغذ پر لکھ کر جسم پر بھی پھیرا۔ وہ نام یہ ہیں۔ فرعون۔ ہامان۔ شداد۔ نمرود۔ ابوجہل۔ ابلیس۔ ابولہب۔

الرجی کورس

مجھے سانس کی الرجی تھی تھوڑی سی دھول سے چھینکیں آنے لگتیں اور ناک بہنے لگتا اور سانس گھٹنے لگتا تھا عبقری کا الرجی، چھینکیں اور دائمی نزلہ کورس استعمال کرنے سے الرجی ختم ہو گئی۔ (عبیداللہ، حیدرآباد)

دائمی نزلہ، الرجی، ناک کی ہڈی کا بڑھنا، ناک کا بند رہنا، جلدی مسائل کیلئے انتہائی آزمودہ اور مؤثر ہے

☆ روحانی رازوں کا انکشاف: شیخ الوظائف کی زیر نگرانی روحانی دنیا کو پانے اس میں ترقی حاصل کرنے اور روحانیت کے شہسوار بننے کے خواہش مند رمضان تسبیح خانہ میں قیام کا فیصلہ کر لیں۔

خوبصورت جلد اور شاندار جسامت کیلئے خاندانی حلوہ

